باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

160

ماہنامہ عبقری ® لاہور

اکتوبر 2019ء صفر المظفر 1441 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

ذکر اللہ

نفسیاتی امراض کا بہترین علاج

- غلیظ خیالات سے نجات! بس یہ اسم پڑھیے!
- پرانے برتنوں سے پرانی بیماریوں کا علاج
- بچوں کے پیچش، الٹی اور بخار میں کمال کی دوا
- پانچ ہزار کا نوٹ جلایا! طبیعت ٹھیک ہوگئی
- جو خواہش لکھیں! ایک سال کے اندر پوری
- ایک جن نے یہ عمل دیا! پڑھیں پھر بس

انار کھانے والے کو یہ امراض کبھی نہ ہونگے!

چند باتیں کبھی بیٹی کے نوٹ کرلیجئے

نکاح میں دیر نہ ہوگی!

ساس اور بہو کی لڑائی میں گھاس کی کھرپے کا شاندار کردار



سات جمعہ کا عمل! اپنے گھر کا خواب اب خواب نہ رہے گا!

موسم ماکا فیشن اور ہماری ثقافت! خواتین یہ گر سیکھ لیں!

ماہنامہ عبقری ★ گھریلو الجھنیں میگزین ★ روزنامہ اینٹی کرپشن ★ عبقری ریڈیو ★ اخبار عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ عبقری سوشل میڈیا

عبقری گروپ آف میڈیا

YouTube Youtube.com/UbqariTasbeehKhana /ubqari

facebook.com/ubqari www.ubqari.org

موبائل پر Follow Ubqari لکھ کر 40404 پر میسج کریں

روغن زیتون



عبقری روغن زیتون مقوی مسکن اور قبض کشاء ہے۔ مالش کرنے سے جسم میں جذب ہوکر کمزور حصوں کو درست کرکے طاقتور بناتا ہے۔ اس کے علاوہ معدہ اور آنتوں کے زخموں میں فائدہ پہنچاتا ہے۔

قیمت: صرف 80 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری عرق گلاب

چہرے کو شگفتہ، تروتازہ نے کیلئے روزانہ استعمال کریں

قبض کشاء ہے

نومولود بچوں کے پیٹ کو صاف کرنے کیلئے استعمال کروائیں۔ مفرح اور مقوی قلب خصوصیات کا حامل ہے۔

قیمت: صرف 70 روپے علاوہ ڈاک خرچ

جادو بندش اور گھر کی حفاظت کیلئے روحانی دھونی



گھروں میں اگر مصائب، تکالیف، جادو، بداثرات، بندشیں، حشرات الارض، کھٹمل، پسو، جوئیں، بچھو، سانپ، کیڑے مکوڑے ختم کرنے ہیں تو گھر میں دھونی ضرور دیں۔

قیمت: صرف 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

روغن کلونجی



قدرت کا انمول تحفہ

ہر بیماری میں شفاء

اعصابی تناؤ، سر درد، تیزابیت، بلڈ پریشر، عام جسمانی کمزوری اور قبض میں فوری شفاء کا خزانہ۔ بالوں میں لگانے سے بال لمبے، گھنے، ملائم اور چمکدار کرے مضر اثرات سے قطعی پاک۔

قیمت: صرف 160 روپے علاوہ ڈاک خرچ

تریاق

پیٹ کے کیڑوں کی کامیاب دوا

تریاق پیٹ کے کیڑوں کا آزمودہ شافی علاج ہے۔ تریاق معدہ کو طاقت دیتی ہے۔ قبض کو دور کرتی ہے۔ موٹاپے کیلئے پیام شفاء ہے۔ ہاضمہ درست کرتی ہے، ریحی دردوں میں مفید ہے۔ معدہ تندرست کرتی اور پیٹ کے کیڑے پیشاب کے راستے نکال دیتی ہے۔ مریض دن بدن صحت مند اور چہرے پر شادابی لوٹ آتی ہے۔

قیمت: 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

اہل بیتؓ سے جینا سیکھیں

تحقیق و ترتیب

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی دہلوی

آئیے! کائنات کی عظیم ترین ہستیوں سے دنیا و آخرت سنوارنے کے گر سیکھیں

پراسرار عملیات، وظائف اور تعویذات

کے راز اور کمال شیخ الوظائف سے سیکھنے کیلئے

عبقری روحانی کلاس فری

22 دسمبر 2019ء بروز اتوار تسبیح خانہ لاہور میں ہوگی صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک

اجازت عام

وظائف محمدؐ و آل محمدؐ

تحقیق و ترتیب

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی دہلوی

اہل بیت اطہارؓ کے آزمودہ وظائف سے مشکلات کا یقینی حل

صرف درس حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد صرف درس

سکھر: 28 فروری 2020 بروز جمعہ بعد نماز عشاء

مزید تفصیلات کیلئے 0322-4688313

عبقری کتب ادویات گھر بیٹھے منگوائیے: عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

خاندانی حالات (میرا خاندانی پس منظر): اگر آپ شیخ الوظائف حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خاندان کا شجرہ بیان کی خدمات، مقامات، کمالات، کرامات کامل مضبوط حوالہ جات کیساتھ پڑھنا چاہتے ہیں تو اس کتاب کو پڑھنا ہرگز نہ بھولیں۔ (قیمت 150 علاوہ ڈاک خرچ)

اپنی نسلوں کے تحفظ، مشکلات سے بچنے گھریلو الجھنوں سے نمٹنے، روحانی اور طبی فوری امداد کیلئے عبقری کی پرانی فائلیں پڑھیں اور گفٹ کریں۔

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

زیر سرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 4 | جلد نمبر 14 | اکتوبر 2019 صفر المظفر 1441 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصّبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور

اکتوبر 2019ء

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، امتیاز حیدر اعوان، محمد راشد شمسی، میاں عرفان علی

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبرشپ 1260 روپے (رجسٹرڈ ڈاک) بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اسلام اور اس کی بلند نظری نے جمہوریت سکھائی ہے۔ اسلام نے مساوات سکھائی ہے۔ ہر شخص سے انصاف اور رواداری کا حکم دیا ہے۔ کسی بھی شخص کے پاس کیا جواز ہے کہ وہ عوام الناس کیلئے انصاف، رواداری اور دیانتداری کے اعلیٰ معیار پر مبنی جمہوریت، مساوات اور آزادی سے گھبرائے۔ (کراچی بار ایسوسی ایشن 25 جنوری 1948ء)

جگنو کی روشنی ہے کاشانۂ چمن میں	یا شمع جل رہی ہے پھولوں کی انجمن میں؟
آیا ہے آسماں سے اُڑ کر کوئی ستارہ	یا جان پڑ گئی ہے مہتاب کی کرن میں؟

علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے، وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے، یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں۔ شکریہ! رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی، سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں، کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں، سامان ونقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

نقشہ: مزنگ چونگی قرطبہ مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔

فہرست مضامین

صفحہ نمبر	عنوان	صفحہ نمبر	عنوان
3	حج کی لفٹ میں انوکھا کھیل	37	جوڑوں کا درد، بلڈ پریشر، معدہ کا بھاری پن، اس چٹنی سے ختم
4	ویران زندگیاں شاداب! یہ کیسے ہو رہا؟	38	آپ کے بیٹے نے کیا کھایا؟ اب اسے ایڈز نہیں ہے!
5	نوکری میں ترقی اور بیماری سے نجات کیلئے درود تاج پڑھیے!	39	جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار)
6	دودھ سے بالائی، لسی، مکھن اور پھر دیسی گھی تک کا سفر	41	سات جمعہ کا عمل! اپنے گھر کا خواب اب خواب نہ رہے گا!
7	آیۃ الکرسی کے حصار نے اوباش سے عزت بچائے رکھی!	44	ساس اور بیوی کی لڑائی میں گھاس کی طرح پستے شوہر
8	لفظ "اللہ" کا ذکر نفسیاتی امراض کیلئے بہترین علاج	45	قارئین کے آزمودہ ٹوٹکے
9	دلیہ اور دہی کا ناشتہ! اتنے فوائد کہ ماہرین تک حیران!	49	عبقری ادویات آزمانے کے بعد
10	جان، مال کی حفاظت کیلئے یہ دم شدہ پانی پئیں!	50	ڈیپریشن کے مریضوں کیلئے لاجواب شفائی پیکیج
11	حضرت شیخ ابوالحسن خرقانیؒ کے روحانی وظائف	51	روحانی منزل سے زندگی کا چین پانے والے
13	جسمانی بیماریاں اور ان کا علاج	52	بقیہ جات
14	روحانی امراض اور ان کا علاج	53	جب میں مرجاؤں تو یہ ساری دولت تمہاری
15	ذلت کی وجہ سے روزانہ خودکشی کا سوچتی!	54	دبلے پن کے شوق میں سرزرد ہونے والی سنگین غلطیاں
16	6 ماہ سے لاعلاج بیوی! بس چلتے پھرتے صحت یاب ہوگئی!	55	گھٹنوں کے درد میں مبتلا 30 روپے میں شفاء پالیں!
17	زچگی کے بعد کیا غذا کھائیں اور کیا احتیاط کریں!	57	پچکے ہوئے گال ابھارنے کیلئے شاندار ٹوٹکہ
18	موسم سرما کا فیشن اور ہماری ثقافت!	58	آپ کا خواب اور روشن تعبیر
20	کبھی بیٹی کے نکاح میں دیر نہ ہوگی!	59	عبقری ادویات اور کتب
23	ڈھیٹ ترین الرجی سے نجات پانے کا آزمودہ فارمولہ	60	اسم اعظم کی دم شدہ برکت والی تھیلی سے پانے والے
24	پرانے برتنوں سے پرانی بیماریوں کا علاج	61	سال کی مبارک گھڑیاں تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے
26	ایک جن نے یہ عمل دیا! پڑھیں پھر بس	62	فہرست ادویات بمعہ نرخنامہ
29	قارئین یہ بہت بڑا راز ہے! میری ماں ایک چور ہے!	63	عبقری روحانی چلہ اور دعا کے اعمال
34	پالک کے اندر چھپے فولادی خزانے! آئیے ہم بتاتے ہیں!		
35	قارئین کے آزمودہ تحریریں		

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

ایجنسی ہولڈر اپنی مہر لگائیں

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل وکتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط وکتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت وامن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور

عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے

فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 || E mail:contact@ubqari.org

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

اس حالت میں دعا مانگو قبول ہوگی!

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بندہ نماز کے دوران سجدہ کی حالت میں اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے لہٰذا (اس حالت میں) خوب دعائیں کیا کرو۔ (مسلم) نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جب تم گھر میں داخل ہو تو دو رکعت نماز پڑھ لیا کرو یہ دو رکعتیں تمہیں گھر میں داخل ہونے کے بعد کی برائی سے بچالیں گی۔ اسی طرح گھر سے نکلنے سے پہلے دو رکعت پڑھ لیا کرو یہ دو رکعتیں تمہیں گھر سے باہر نکلنے کے بعد کی برائی سے بچالیں گی۔ (بزار/الزوائد)

ایڈیٹر کے قلم سے

حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

حج کی لفٹ میں انوکھا کھیل

حج کے سفر میں یہ بات کثرت سے دیکھی

سفر میں جانا ہوتا ہے تو بلڈنگ کی لفٹ کا استعمال' سفر کا حصہ ہے۔ باقی ملکوں کی بات تو نہیں کرتا وہاں تو یہ معاملات کبھی کبھار ہی ہوتے ہیں لیکن حج کے سفر میں ایک بات میں نے اکثر دیکھی ہے کہ ہر فلور پر چند افراد لفٹ کے انتظار میں ہوتے ہیں۔ جب لفٹ کا دروازہ کھلتا ہے تو بہت تیزی سے اندر داخل ہوتے ہیں اور بعض اوقات یہ بھی احساس نہیں ہوتا کہ کسی کے پاؤں پر پاؤں آئے' کسی کو گھٹنا' کندھا لگے اگر وہ کسی وہیل چیئر سامان یا بیگ کو لا رہے تو پھر کوئی زخمی ہو جائے' بس کسی طرح لفٹ میں داخل ہو جائیں اور وہی لوگ لفٹ میں داخل ہونے کے بعد شکر ادا کرتے ہیں کیونکہ رش کے دنوں میں لفٹ بہت مصروف ہوتی ہیں' ہر لفٹ کے اندر لکھا ہوتا ہے گیارہ افراد' انیس افراد یا بڑی لفٹ پر چالیس افراد کی گنجائش بھی لکھی ہوتی ہے۔ اب وہی لفٹ جب اگلے فلور پر رکتی ہے' یہی بندہ (جو پہلے فلور پر بھاگ کر اندر گھسا تھا) کہتا ہے کہ جگہ نہیں ہے حالانکہ ابھی آدھے افراد بھی اس میں سوار نہیں ہوتے۔ لفٹ میں ابھی بہت زیادہ گنجائش باقی ہوتی ہے اور آوازیں لگنا شروع ہوتی ہیں کہ جگہ نہیں جگہ نہیں! (لوگ باہر کھڑے پریشان ہوتے ہیں)۔

ہمارا مزاج' حال اور کیفیت

یہی حال ہمارا ٹرین کا ہے' اسٹیشن پر بھی ہماری کیفیت یہی ہوتی ہے کہ ٹرین رکتے ہی دروازہ کھلے' ہمیں برتھ یا کم از کم سیٹ تو ضرور ہی مل جائے پھر وہی شخص ہوتا ہے جو ڈبہ کا دروازہ بند کر دیتا ہے اور آرام سے سیٹ پر بیٹھ جاتا ہے اور باہر سے لوگ دروازہ توڑ رہے ہوتے ہیں' سخت سردی یا سخت گرمی' چند منٹ کا اسٹاپ اور اندر سے آواز آرہی ہے کہ اگلی بوگی میں جا۔ حالانکہ تھوڑی دیر پہلے یہ وہی شخص تھا جو ٹرین کا دروازہ کھلنے کو سعادت سمجھ رہا تھا اور اپنی سیٹ اور برتھ کا حق دار تھا اور اس کے ملنے پر بہت مسرور اور مطمئن ہوا' ٹیک لگا کر بیٹھا اور کھڑکی سے باہر کی منظر کشی کی اور اب جب خود جگہ اندر مل گئی اب باہر سے آنے والوں کو کہتا ہے کہ اگلی بوگی میں جائیں' جگہ نہیں ہے۔ بالکل یہی حال میں نے دوران حج لفٹ میں محسوس کیا ہے۔

سب کے درد کو اپنا درد سمجھنا! نجانے ہم کب سمجھیں گے؟

سالہا سال کے تجربات میں ہماری طبیعت اور مزاج میں (سوائے چند لوگوں کے) یہ ڈال دیا ہے کہ ہم دراصل وہ لوگ ہیں جو صرف اکیلے اپنی ذات کو لے کر چل رہے' انسانیت اور سب کے درد کو اپنا دکھ درد سمجھنا' نا معلوم ہماری طبیعتوں میں کب آئے گا؟ میں خود اس بات میں شامل ہوں اور ہر پل اپنی اصلاح کا محتاج ہوں۔ کئی بار تو کچھ لوگ میرے ساتھ جھگڑنے پر آگئے کہ جگہ نہیں ہے تم ہر فلور پر آنے والوں کو کہتے ہو ہاں ہاں جگہ ہے' جگہ بناؤ' میں انہیں بار بار درخواست کرتا ہوں کہ دیکھیں لفٹ میں افراد کی گنجائش لکھی ہوئی ہے ابھی تو آدھے بھی نہیں ہوئے اور جتنے افراد کی گنجائش لفٹ پر لکھی ہے۔ لفٹ اس سے زیادہ وزن اٹھانے کی گنجائش پہلے سے موجود رکھتی ہے۔ چلو اس سے زیادہ نہ ہوں' جتنے لکھے اتنے تو آجائیں لیکن انہیں یہ بات سمجھ اس لیے نہیں آتی کہ اب وہ خود لفٹ پر سوار ہو گئے ہیں۔

لفٹ اور ٹرین ہمارا ہمیشہ امتحان لیتی ہے!

ایک مزیدار بات: ایک مزیدار بات اس سال سفر حج میں مجھے ملی' دبئی کے ایک صاحب حج پر تشریف لائے' کہنے لگے میں پہلے بھی آیا' میں نے ہمیشہ لفٹ پر سوار ہونے کے بعد یہ کہا کہ لفٹ میں جگہ نہیں' جگہ نہیں اب کی بار بھی یہی کچھ میں نے کہا؟ لیکن ایک صاحب زبردستی اندر گھس آئے حالانکہ جگہ بہت تھی قدرت کا نظام کہ لفٹ اچانک خراب ہوئی اور نیچے بیسمنٹ میں جا کر ٹھہر گئی اب ہم موبائل فون پر ہیلپ لائن کو کال ملائیں مگر نیچے سگنل ہی نہیں' ہماری آواز بھی کوئی سننے کو تیار نہیں' لفٹ کا انٹر کام وہ بھی خراب' دروازہ زور زور سے کھٹکھٹا رہے مگر کوئی نہ سنتا' تہہ خانہ میں کون آئے؟ جو سب سے آخر میں زبردستی ہمارے منع کرنے کے باوجود لفٹ میں گھسا وہی شخص دراصل ایک مصری تھا اور لفٹ کا کام جانتا تھا۔ اس نے چابی نکالی اور لفٹ کے درمیان میں گھمانا شروع کر دی ایک چھوٹی سی روزن اور چھری نظر آئی پھر اس نے زور زور سے آوازیں دیں تو ایک صفائی کرنے والا آیا تو وہاں سے اس نے کوئی چھری منگوائی' کسی طرح وہ چھری اندر آئی اس نے اپنے ہی انداز میں وہ چھری گھمائی اور آہستہ آہستہ دروازہ کھلنا شروع ہو گیا اور ہم باہر نکل آئے۔ ہمارے ساتھ دو نوجوان تھے جو کہ لفٹ میں کھڑے مسلسل شور شرابا کر رہے تھے' بائے مر گئے کا سب سے زیادہ شور کرنے والے وہی تھے۔ وہی تھے جو لفٹ میں آنے والوں کے بارے میں کہہ رہے تھے کہ جگہ نہیں ہے' لوگ ایسے ہی گھسے جا رہے ہیں۔ جب مصری آیا تب بھی انہوں نے سب سے زیادہ شور مچایا تھا۔ اب وہی مصری کا شکریہ بھی ادا کر رہے تھے' مصری دراصل انجینئر تھا۔ قارئین! زندگی میں انسانیت کیلئے سکون کا ذریعہ بن جائیں اور چین کا ذریعہ بن جائیں کیا خیال ہے؟ لفٹ اور ٹرین ہمارا ہمیشہ امتحان لیتی ہے۔

خاص الخاص عمل کے بعد کالا جادو' جنات' نظر بد' سفلی عمل' بدروحوں کے برے اثرات' لاعلاج بیماریاں گھریلو جھگڑے' اولاد کی نافرمانی' مسلسل ناکامیاں' دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کر دیا ایسے حالات میں "جادو شکن پانی" کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے اس اور امید کو دلاتا ہے۔

جادو شکن پانی

قیمت صرف 60 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN - PESHAWAR

حضور والا درس سے اقتباس

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

دل روحانیت اور امن

ویران زندگیاں شاداب! یہ کیسے ہو رہا؟

اہل اللہ کی مجالس میں مسلسل حاضری: جب ہم اللہ تعالیٰ کی محبت کے لیے اپنے آپ کو اللہ والے ماحول میں لاتے ہیں تو اس میں ہمیں روحانی خوراک ملتی ہے' اللہ والی محافل میں ہمیں کوئی سبق ملتا ہے۔ درس پر آنے والے لوگ مجھے بتاتے ہیں کہ ہمارے گھر جو اجڑے ہوئے تھے وہ آباد ہو رہے ہیں اور ویران زندگیاں شاداب ہو رہی ہیں۔ یہ کیسے ہو رہا؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ والی محفل میں اللہ پاک کی محبت کا، کملی والے ﷺ کے عشق کا رخ مل جاتا ہے۔ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اہل بیتؓ کی محبت کا رخ مل جاتا ہے۔

اپنے آپ کو، اپنی اولاد کو اور اپنی نسلوں کو دنیا کے سارے علوم دیں۔ میں نے کبھی علوم سیکھنے کے حوالے سے شکایت نہیں کی لیکن اپنی اولاد کو اخلاق کا زیور ضرور دیں، ایمان کا زیور ضرور دیں۔ اپنی اولاد کیلئے غائبانہ دعا کریں، روزانہ ان کے لیے صدقہ کر کے دُعا کریں، روزانہ ان کے لیے اپنی نمازوں کے بعد دعا کریں جس طرح روزی روٹی کے لیے دعا کرتے ہیں، وظائف پڑھ کر جس طرح دکان، کاروبار کی برکت کے لیے دعا کرتے ہیں، اس طرح میرے دوستو! اپنی نسلوں کے لیے اپنی اولاد کیلئے دعا کرنا پڑے گی اور اپنے آپ کے لیے دعا کرنا پڑے گی۔

دعائی اصل ترتیب: اکثر دعا کے لیے میں ایک ترتیب عرض کرتا ہوں۔ اللہ والو! دعا کے لیے ہاتھ ایسے اٹھاؤ! دونوں ہاتھ ملا کر تصور کرو کہ یہ ''برتن'' ہے اور اس برتن میں اپنے دل کو رکھ لو اور اللہ تعالیٰ سے عرض کرو کہ الٰہی! یہ دل سیاہ ہے، یا اللہ اس دل کو اپنی ذات عالی کی معرفت کے لیے قبول کر لے۔ ایسے ہاتھ اُٹھا کر گھنٹوں دعا مانگیں۔ چند منٹوں کے لیے تصور یہ ہو کہ اب میرا دل سینے میں نہیں ہے' میرے دونوں ہاتھوں کے برتن میں ہے اور دعا کے لیے ہاتھ اٹھائیں اور تصور کریں کہ میں دل کے برتن کو اللہ کی ذات کے سامنے پیش کر رہا ہوں اور میرے اللہ' میرے دل پر توجہ فرما رہے ہیں اور شفقت فرما رہے ہیں۔ اللہ کریم میرا دل بدبودار ہے' اس قابل نہیں ہے لیکن تو بڑا کریم ہے تو بڑا رحیم ہے اور پھر اللہ پاک سے عرض کریں کہ یا اللہ تیرے کریم بندے ایسے ہوتے ہیں کہ تیرے بندوں پر شفقت کرتے ہیں۔ لاشیں بدبودار ہوتی ہیں، ان کو غسل دیتے ہیں اور ان کو غسل دینے کے بعد پھر ان کو دفن کر دیتے ہیں، ان کا پردہ رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس بدبودار دل کو تو غسل دیدے، اپنی محبت کا، اپنے پیار کا، اپنی شفقت کا اور یا اللہ غسل دینے کے بعد میرے دل کے اوپر اپنی رحمت کا پردہ ڈال دے۔ سدا تیری رحمت اس پر برستی رہے۔ سدا تیری شفقت اس پر برستی رہے، سدا تیری عطا اس پر برستی رہے۔

کریم کی نعمت کریم کو لوٹائیں: میرے دوستو! اپنے دل پر محنت کریں۔ دل پر محنت کرنے والے لوگ کچھ مل جاتے ہیں لیکن اپنے دماغ پر بھی محنت کریں۔ اپنے دل پر اپنے دماغ پر محنت کریں اور ان سوچوں کو اپنی سوچیں بنائیں اور ان سمجھوں کو اپنی سمجھیں بنائیں، اپنے دل پر، اپنے دماغ پر محنت کریں' جب تک دل اور دماغ پر محنت نہیں کریں گے' اللہ جل شانہٗ کا سچا تعلق، اللہ پاک کی سچّی محبت اور اپنی زندگی میں سچّی برکت کو نہیں دیکھ سکیں گے۔ میں آپ کو سچّی برکت دلانا چاہتا ہوں اور سچّی برکت وہ ہوتی ہے جو مل کر کبھی چھنتی نہیں، یہ اس وقت ہوگا جب یہ حساس، قیمتی برتن جو کریم نے عطا کیے ہیں یہ کریم کو لوٹا دیں گے۔ باپ مٹھائی کا ڈبہ لایا تھا' بچے کیلئے مگر پہلے اس کو ایک لڈو دیا اور باقی ڈبہ چھپا دیا، اب بیٹے سے مانگا کہ مجھے ایک لڈو دے دو بیٹا؟ اب بیٹا کہتا ہے میں نہیں دوں گا، حالانکہ باپ تو سارا ڈبہ اس کے لیے ہی لایا تھا۔ اگر بیٹا اس کو دے دیتا، باپ خوش ہو جاتا اور اس لڈو کے ساتھ ساتھ باقی ڈبہ سارا کا سارا بھی اس کو لوٹا دیتا۔

اب آپ میری بات پر غور فرمائیں: اگر اللہ جل شانہٗ نے یہ دل دیا ہے' یہ دماغ دیا ہے اور اتنی بڑی اس کے اندر صلاحیتیں اور نعمتیں عطا فرمائی ہیں۔ مجھے ایک چیز بتائیں اگر ہمارا دماغ بھی اللہ جانوروں والا بنا دیتا تو جانوروں کا دماغ بھی تو ہے ناں؟ بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں ان کا دماغ ایسا ہو جاتا ہے جیسے جانوروں کا دماغ ہوتا ہے۔ انہیں اس دنیا کے بارے میں کوئی خبر نہیں ہوتی اور ہر چیز وہ میگو سوچتے ہیں ہمیں دکھانے کے لیے اللہ تعالیٰ ایسے کر دیتا ہے۔ اللہ پاک اگر ایسے کر دے آپ کیا کر سکتے ہیں؟

آج کے بعد وہ کروں گا جو تیری چاہت ہے: اُس کریم کو اپنا دل لوٹا دیں کہ اے اللہ اس دل میں شوق، اس دل میں جذبے، اس دل میں سوچیں، اس دل میں عروج و زوال، اس دل کا مدوجزر، اس دل کی سوچیں، اس کے احساسات اب تک وہ تھے جو زمانے والے تھے، مگر میرے اللہ! آج کے بعد وہ ہوں گے جو تیرے کملی والے ﷺ کے ہیں۔ آج کے بعد سرورِ کونین ﷺ کی چاہت اپنے دل کی چاہت بنالی ہے' یا اللہ اب میں اپنی سوچوں کو بدل رہا ہوں، میرے کریم اللہ! جو تو چاہے گا میں وہی سوچوں گا! اور اگر میری سوچیں بھٹک بھی جائیں گی، میں پھر لوٹ کے تیری طرف آؤں گا کہ میرا ملجا اور ماویٰ تو ہے میرا معالج تو ہے، میں سدا مریض ہوں تو سدا کریم ہے، میرا وارث تو ہے میں تیری طرف لوٹ کے آؤں گا۔ (جاری ہے)

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے
خطبات عبقری کا مطالعہ کریں

21 جمعراتیں' سورۂ اخلاص کا عمل اور کاروباری بندش ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر کاروبار کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان تھے' ہمیں کسی نے تسبیح خانہ کا بتایا' میں اور میرے شوہر صاحب عصر کے وقت تسبیح خانہ کی گلی میں پہنچے تو وہاں رونق ہی اور تھی' چہل پہل' خواتین کیلئے علیحدہ باپردہ بلڈنگ' پرسکون ماحول' میرے شوہر صاحب نے مجھے خواتین کی بلڈنگ (تسبیح خانہ قدیم) میں چھوڑا اور خود مردوں کے تسبیح خانہ میں چلے گئے۔ مغرب کی نماز کے بعد درس شروع ہوا۔ تو مجھے وہاں موجود خواتین نے بتایا کہ ان دنوں سورۂ اخلاص کا چلہ چل رہا ہے' (جو کہ 21 جمعراتوں تک چلے گا) میں نے اس کی وضاحت چاہی تو ایک اللہ والی نے مجھے تفصیل سے سمجھایا۔ ہم نے درس سنا' سورۂ اخلاص کے عمل میں شامل ہوئے اور درس کے بعد ذکر خاص اور اسم اعظم سے (باقی صفحہ نمبر 14 پر)

سورۂ اخلاص کا آئندہ عمل: 14 نومبر 2019 سے 23 جنوری 2020ء تک سورۂ اخلاص کا یہ عمل تسبیح خانہ میں ہر جمعرات کو ہوگا۔

فٹنس فولاد ٹانک
مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک
چہرے کو گلنار بنائے
فٹنس فولاد ٹانک بچوں کیلئے انمول تحفہ
کاروباری' ملازم پیشہ مردوں' عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک
لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔ حاملہ عورت کا بہترین ساتھی
خون بڑھانے کیلئے توانائی بخش ٹانک
قیمت 120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KIANI PESHAWAR

نوکری میں ترقی اور بیماری سے نجات کیلئے درود تاج پڑھیے!

ابولبیب شاذلی لاہور

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کے رزق میں اضافہ ہو، نوکری میں ترقی ہو جائے، کاروبار میں خوب وسعت ہو، گھر کے راشن میں برکت ہو، جیب خرچ میں ایسی برکت ہو کہ جس سے پورا مہینہ باآسانی گزرے اور بعد میں بھی پیسے بچ جائیں تو اُسے چاہیے کہ نماز فجر کے بعد 7 مرتبہ اس درود پاک کو پڑھنے کا اہتمام کرے۔

طریقہ عمل: اگر کوئی شخص اپنے کسی بھی بچھڑے ہوئے گمشدہ یا فوت ہو جانے والے عزیز و تعلق والے کو خواب میں دیکھنا چاہتا ہو تو اُسے چاہیے کہ بعد نماز عشاء نہایت یکسوئی سے باوضو بیٹھے اور کوئی خوشبو لگا لے اور اسکے بعد 11 مرتبہ اس درود تاج کی تلاوت کریں اور باوضو ہی سو جائیں 11، 21 اور آخری حد 41 دن ہے اللہ کے فضل و کرم سے ضرور ملاقات ہو جائے گی۔ نہایت مجرب ہے۔

(عامل کامل مولانا عبدالغفار صاحب، فاضل جامعہ حنفیہ کراچی و فاضل وفاق المدارس العربیہ)

مولانا خلیل احمد صاحب کے نقل کردہ وظائف نوکری میں ترقی اور پاکٹ منی میں برکت کیلئے

ایک صاحب میرے پاس آ کر کہنے لگے میری کپڑے کی دکان تھی جس سے گھر کے اخراجات بمشکل پورے ہوتے دکان اور مکان کا کرایہ نکالنا مشکل تھا تو ایسی صورت میں بچوں کی تعلیم اور گھر کے دیگر اخراجات کیسے پورے کرتا۔۔۔؟ ہمارے محلے کے ایک مولوی صاحب نے مجھے فجر کی نماز کے بعد 7 مرتبہ درود تاج پڑھنے کا بتایا میں نے اہتمام سے پڑھنا شروع کر دیا اللہ کے فضل و کرم سے دیکھتے ہی دیکھتے چند ہی دنوں میں میری دکان پر لوگوں کی آمد و رفت شروع ہو گئی اور آج میری حالت یہ ہے کہ میں نے اس کے ساتھ والی دکان بھی لے لی ہے اور مکان بھی اپنی جگہ لے کر بنانا شروع کر دیا ہے۔ (عبداللہ، فیصل آباد)

طریقہ عمل: جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کے رزق میں اضافہ ہو، نوکری میں ترقی ہو جائے، کاروبار میں خوب وسعت ہو، گھر کے راشن میں برکت ہو، پاکٹ منی میں ایسی برکت ہو کہ جس سے پورا مہینہ باآسانی گزرے اور بعد میں بھی پیسے بچ جائیں تو اُسے چاہیے کہ نماز فجر کے بعد 7 مرتبہ اس درود پاک کو پڑھنے کا اہتمام کرے۔

ہر بیماری سے نجات کیلئے

ایک خاتون بتانے لگیں کہ میرے پاؤں کے انگوٹھے پر ایک معمولی سا پھوڑا نکلا محلے کے ڈاکٹر سے دوائی لی لیکن افاقہ نہ ہوا، اس کے بعد جنرل ہسپتال کے اسپیشلسٹ کو دکھایا تو اس نے کہا کہ اندر میں زخم تو بہت زیادہ بڑھ چکا ہے اور کچھ عرصے کیلئے اینٹی بائیوٹک گولیاں لکھ کر دیں جو کہ میں کھاتی رہی، لیکن مجھے کسی طرح آرام نہ آیا اور میں تکلیف سے بے چین رہتی، آخر کار ڈاکٹر کہنے لگے کہ پاؤں کاٹنا ہی پڑے گا۔ اب میں سوچ سوچ کر اور نفسیاتی ہونے لگی کہ میں ساری زندگی کیلئے معذور ہو جاؤں گی میں نے اوراد و وظائف کی ایک کتاب میں سے بیماریوں کیلئے درود تاج 11 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیتی رہی! ابھی کچھ ہی دن کیا تھا کہ میرا زخم سوکھنے لگا میں اور توجہ دھیان سے کرنے لگی اور کچھ ہی دنوں کے اندر مجھے بے حد فائدہ ہوا اور آج اللہ کے فضل و کرم سے میرا پاؤں بالکل ٹھیک ہے اور میرا پاؤں کٹنے سے بچ گیا۔ میں اپنے مالک کا بہت بہت شکر ادا کرتی ہوں کہ اس مالک نے میرے لیے درود تاج کو وسیلہ بنا دیا۔ (ش۔م گوجرانوالہ)

طریقہ عمل: جو شخص بیماری میں مبتلا ہو، بیماری کسی بھی قسم کی ہو، نزلے سے لے کر خدانخواستہ موذی جان لیوا امراض تک، مریض یا اس کے گھر والوں میں سے کوئی فرد اس درود پاک کو روزانہ 11 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی مریض پورا دن استعمال کرتا رہے۔ 11 دن یہ عمل جاری رکھے انشاء اللہ بہت ہی زیادہ بہتر نتائج برآمد ہوں گے جس پر عقل حیران اور ڈاکٹر حضرات پریشان ہو جائیں گے۔ چیچک وغیرہ جیسی بیماریوں کے داغ اور نشانات بھی بالکل ختم ہو جاتے ہیں۔

سانپ بچھو اور موذی جانور کے کاٹے کا علاج

فصل کی کٹائی کے دوران میرے کزن کو ایک بچھو نے کاٹ لیا لوگ بڑے پریشان مریض کو لئے ہوئے قریب کی مسجد میں گئے تو وہاں کچھ لوگ بیٹھے ہوئے ذکر میں مشغول تھے ان میں سے ایک سفید ریش بزرگ اٹھ کر آئے دیہاتی لہجے میں کچھ پڑھنا شروع کر دیا اس وقت تو مجھے نہیں پتا تھا کہ وہ کیا پڑھ رہے تھے لیکن لوگوں سے پوچھنے پر انہوں نے بتایا کہ یہ درود تاج کو بہت ہی زیادہ پڑھتے (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

درود تاج

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ، صَاحِبِ التَّاجِ وَ الْمِعْرَاجِ وَ الْبُرَاقِ وَ الْعَلَمِ، دَافِعِ الْبَلَاءِ وَ الْوَبَاءِ وَ الْقَحْطِ وَ الْمَرَضِ وَ الْاَلَمِ، اِسْمُهٗ مَکْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَ الْقَلَمِ، سَیِّدِ الْعَرَبِ وَ الْعَجَمِ، جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَ الْحَرَمِ، شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْھُدٰی، کَھْفِ الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ، جَمِیْلِ الشِّیَمِ شَفِیْعِ الْاُمَمِ، صَاحِبِ الْجُوْدِ وَ الْکَرَمِ، وَ اللّٰهُ عَاصِمُهٗ، وَ جِبْرِیْلُ خَادِمُهٗ، وَ الْبُرَاقُ مَرْکَبُهٗ، وَ الْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰی مَقَامُهٗ، وَ قَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُهٗ، وَ الْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ وَ الْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ، سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ، خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ، اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَ، رَاحَةِ الْعَاشِقِیْنَ، مُرَادِ الْمُشْتَاقِیْنَ، شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ، سِرَاجِ السَّالِکِیْنَ، مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِیْنَ، مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَ الْغُرَبَآءِ وَ الْمَسَاکِیْنِ، سَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ، نَبِیِّ الْحَرَمَیْنِ، اِمَامِ الْقِبْلَتَیْنِ، وَ سِیْلَتِنَا فِی الدَّارَیْنِ، صَاحِبِ قَابَ قَوْسَیْنِ، مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَیْنِ وَ الْمَغْرِبَیْنِ جَدِّ الْحَسَنِ وَ الْحُسَیْنِ، مَوْلٰنَا وَ مَوْلَی الثَّقَلَیْنِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، صَاحِبِ نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ، یَا اَیُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِجَمَالِهٖ، صَلُّوْا عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ وَ اَصْحٰبِهٖ، وَ سَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔ (حوالہ جات: حجۃ الاسلام حضرت مولانا قاسم۔ حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ۔ مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ۔ مفتی اعظم مولانا مفتی محمد فریدؒ۔ مولانا ابوعون محمد جہلمی۔ علامہ ارشد حسن ثاقب صاحب۔ شیخ التفسیر حضرت مولانا عبداللہ بہلویؒ۔ مولانا عطاء اللہ صاحب۔ مولانا عبدالغفار صاحب۔ مولانا خلیل احمد صاحب)

برکات درود تاج: مشکلات پریشانیوں دکھوں تکالیف سے نجات حالات میں سلجھاؤ اور زیارت رسول ﷺ کیلئے اکابرین و اسلاف اور اہل علم حضرات کے لاجواب وظائف کا مجموعہ۔ آج ہی عبقری پبلیکیشنز سے طلب فرمائیں۔ قیمت صرف 20 روپے۔ (تقسیم کرنے کے خواہش مند حضرات کیلئے خاص رعایت صرف دس روپے میں دستیاب)

معجون شفایابی

گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا

بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے

لولے لنگڑے، اپاہج، معذور، سر میں پانی بھر جانا، مسلسل بے ہوش یا غنودگی میں رہنا، اس مرض میں مبتلا بچے ہوں یا بڑے سب کیلئے یکساں مفید

پولیو کے شکار، مہروں کا درد اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفاء یابی بڑھاپے کا سہارا ہے

قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

کچے دودھ سے بالائی، لسی، مکھن اور پھر دیسی گھی تک کا سفر

پروفیسر فرحانہ اقبال
سندھ یونیورسٹی

جب آپ کو خالص دودھ میسر آجائے تو اسے ابالتے وقت اس میں تھوڑا پانی بھی شامل کردیں مثلاً ایک کلو دودھ میں ایک پاؤ پانی شامل کیا جاسکتا ہے اور ملانا بھی چاہیے کیونکہ یہ سنت رسول ﷺ ہے۔ بعض کتب میں لکھا ہے حضور اکرم ﷺ نے بالکل خالص دودھ پینے کو منع فرمایا ہے۔

آقائے دو جہاں ﷺ کی پسندیدہ غذا

دودھ ایک بہترین اور مکمل غذا ہے یہ کیلشیم اور دیگر غذائی اجزاء سے بھرپور ہوتا ہے۔ دودھ کا پینا سنت رسول ﷺ بھی ہے کیونکہ یہ رسول اکرم ﷺ کی مرغوب غذا تھی۔ روایت ہے کہ جب آقائے دو جہاں ﷺ معراج پر تشریف لے گئے اور اللہ تعالیٰ سے بالمشافہ ملاقات کی تو رب کی طرف سے اپنے محبوب کی تواضع کے لیے تین پیالے پیش کیے گئے ایک دودھ کا دوسرا شہد کا اور تیسرا پانی کا اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو اختیار دیا کہ آپ تینوں میں سے جو چاہیں نوش کریں تب حضور اکرم ﷺ نے دودھ کا پیالہ پسند فرمایا اور اسے نوش جان کیا تب اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کے انتخاب کو بیحد سراہا۔

خالص کچے دودھ کو کیسے ابالا جائے؟

قارئین! آج کل اکثر گھروں میں لیکوڈ دودھ کے ڈبے کا استعمال کیا جاتا ہے جس کی کوئی گارنٹی نہیں کہ آیا خالص ہے یا نہیں۔ دوسرے اس کا استعمال تو آسان ہے مگر یہ اتنا فائدہ مند نہیں جتنا ڈیری کا خالص دودھ ہوتا ہے۔ اگر آپ ڈیری کا خالص دودھ اپنی عقل اور سمجھ بوجھ سے استعمال کرینگے تو اس کا استعمال کافی فائدہ مند ہوسکتا ہے اور اس کے ذریعے آپ گھر پر ہی بالائی، دہی، مکھن اور دیسی گھی حاصل کرسکتے ہیں۔

بالائی اور اس کے فوائد

دودھ استعمال کرتے وقت اس بالائی کی تہہ کو اتار کر الگ پیالے میں رکھیں۔ یہ نہایت لذیذ اور کیلشیم سے بھرپور غذا ہے۔ بچوں کے لیے نہایت مفید مگر بڑی عمر اور موٹے افراد کے لیے مضر ہے کیونکہ یہ غذائیت اور چکنائی سے بھرپور ہوتی ہے کیونکہ خالص دودھ سے بنی ہوتی ہے اس لیے بڑوں کو اس کی کم مقدار ہی استعمال کرنا چاہیے۔ ڈبل روٹی پر لگا کر بھی کھایا جاتا ہے۔ روٹی اگر بالائی سے کھائی جائے تو نہایت لذیذ لگتی ہے بعض لوگ بالائی میں چٹنی یا صرف لال مرچ اور نمک ملا کر روٹی سے کھاتے ہیں اور بچوں کو چینی ملا کر بالائی کھلاتے ہیں۔ چینی ملی ہوئی بالائی کو ڈبل روٹی پر لگا کر بچوں کے لیے میٹھے سینڈوچ بنائے جاتے ہیں۔ اگر آٹا گوندھتے وقت اس میں آدھ پیالی بالائی شامل کردی جائے تو کلو ڈیڑھ کلو آٹا نرم گوندھا جاتا ہے اور اس آٹے کی روٹیاں نہایت ملائم لذیذ اور شاندار بنتی ہیں۔

مکھن سے شیر خوار بچوں کی مالش بھی کی جاتی ہے۔ اگر مکھن پرانا ہونے لگے اور استعمال نہ ہوتو اسے بالکل ہلکی آنچ پر رکھ کر پگھلانے سے خالص دیسی گھی حاصل ہوتا ہے۔

بالائی، لسی، مکھن اور پھر دیسی گھی تک کا سفر

اگر گھر میں بالائی کا استعمال زیادہ نہ ہوتا ہوتو آپ بچی ہوئی بالائی کو ایک برتن میں جمع کرتے جائیں اور برتن کو فریج یا فریزر میں رکھیں تاکہ یہ جمع شدہ بالائی خراب نہ ہو جب برتن بھر جائے تو اس کو نیم گرم کرکے اس میں چند قطرے دہی یا لیموں کا رس ڈال کر ڈھک دیں تین چار گھنٹوں میں یہ دہی بن چکا ہوگا۔ اب آپ اس کو فریج میں رکھ دیں۔ اگلے دن اس میں گرم پانی ملا کر خوب پھینٹیں، برتن کی اوپری سطح پر مکھن کی موٹی تہہ بن چکی ہوگی۔ اب پھینٹنا بند کردیں اور اس میں مزید ٹھنڈا پانی ملائیں اور دوبارہ فریج میں رکھ دیں۔ دس پندرہ منٹ بعد ہی مکھن کی موٹی تہہ اوپری سطح پر جم جائے گی آپ اس کو نکال کر الگ برتن میں رکھیں اور نیچے کی لسی استعمال میں لائیں۔ اس کو پی لیں یا اس کی کڑھی بنائیں۔ اس لسی یا چھاچ کی تہہ میں جو موٹا برادہ رہ جاتا ہے اسے چاٹی کہا جاتا ہے۔ یہ ''چاٹی'' اگر سالن بھوننے میں استعمال کی جائے تو شوربہ نہایت شاندار بنتا ہے۔ اگر قورمہ میں ڈالی جائے تو وہ بھی نہایت شاندار اور دانے دار بنتا ہے۔ مکھن کے تو بڑے فوائد ہیں اس کو ڈبل روٹی یا پاپوں پر لگا کر ناشتہ میں چائے کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔ اگر مکھن کو گرم روٹی پر لگا کر چائے کے ساتھ یا دال سبزی کے ساتھ کھائیں تو کھانے کا مزہ دوبالا ہوجاتا ہے۔ مکھن سے شیر خوار بچوں کی مالش بھی کی جاتی ہے۔ اگر مکھن پرانا ہونے لگے اور استعمال نہ ہوتو اسے بالکل ہلکی آنچ پر رکھ کر پگھلانے سے خالص دیسی گھی حاصل ہوتا ہے۔ جو صحت کے لیے بہت ہی مفید ہے۔

کھلا دودھ، دہی اور خواتین کی پریشانی

مکھن سے گھی نکالنے کے بعد جو کھرچن بچتی ہے اسے گوشت کا سالن بھونتے وقت شامل کردیا جائے تو گوشت بہت ذائقہ دار بنتا ہے۔ اس کے علاوہ دودھ اگر ہر وقت گھر میں موجود ہو تو یہ ہمیں گرمی اور لُو سے بھی محفوظ رکھتا ہے اگر آپ کو شدید گرمی محسوس ہو یا آپ باہر سے گرم ہوا اور دھوپ کا سامنا کرتے ہوئے گھر میں داخل ہوں تو فوراً آدھے گلاس دودھ میں آدھا گلاس ٹھنڈا پانی شامل کرکے پی لیجئے گرمی کا خاتمہ ہوجائے گا۔ نبی اکرم ﷺ ہمیشہ دودھ میں پانی ملا کر ہی پیا کرتے تھے۔ دراصل اس دودھ اور پانی کے آمیزے کو ہی کچی لسی کہا جاتا ہے اور یہ پیشاب کی جلن، معدے کی گرمی اور مثانہ کی کمزوری کا فوری علاج ہے۔ اگر ایک دفعہ میں گرمی کی حدت کم نہ ہوتو دو تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔

کھلے دودھ سے دہی بنانا انتہائی آسان

اکثر خواتین شکایت کرتی ہیں کہ کھلے دودھ سے دہی جمانا مشکل کام ہے پانی کی ملاوٹ کی وجہ سے دہی بھی صرف اوپر اوپر ہی جمتا ہے نیچے پانی پانی ہوتا ہے۔ اگر ایسا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کو خالص دودھ میسر نہیں۔ فی زمانہ یہ بھی بہت غنیمت ہے کیونکہ یہ ڈبہ کے دودھ کے مقابلے میں کئی گنا بہتر ہے۔ آپ صرف یہ کریں کہ دہی جماتے وقت اس میں یعنی ایک بڑی پیالی دودھ (نیم گرم) میں ایک چمچ کارن فلور ملا دیا کریں دہی بالکل ٹھوس جمے گا کیونکہ کارن فلور اس کا تمام پانی جذب کرلے گا۔ اگر گھر میں کارن فلور موجود نہ ہوتو میدہ ملا دیں اور اگر یہ بھی نہ ہوتو روٹی پکانے کا آٹا ہی شامل کردیں لیکن آٹا چونکہ موٹا ہوتا ہے لہٰذا دہی کھاتے وقت تھوڑا محسوس ہوتا ہے بہتر ہے کہ اس دہی کا سالن وغیرہ بنانے میں یا رائتہ بنانے میں استعمال کریں۔ اس طرح بازار سے دہی خریدنے کے بجائے اپنی دہی جما کے کافی پیسے بچائے جاسکتے ہیں۔ اگر دہی بچ بھی جائے تو اسے باآسانی فریز کرکے بوقت ضرورت استعمال کیا جاسکتا ہے۔ قارئین میرے اس مضمون کو لکھنے کا مقصد یہی ہے کہ اگر خواتین کو کھلے دودھ کا استعمال صحیح طریقے سے آجائے تو یہ گھر میں ہی مکھن، گھی اور کریم بنا کر کافی پیسے بچا سکتی ہیں اور اپنے کنبے کو صحت مند و توانا رکھ سکتی ہیں۔

آنکھ شفاء موسمی و بائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے
آشوب چشم، موتیا بند، دھندلا پن، سوزش چشم، ضعف چشم، آنکھیں درد کرتی ہوں، صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑجاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں، آنکھوں کے سامنے تنکے سے اڑتے ہوں، آنکھوں میں دھندلا، غبار یا جالا ہو، آنکھوں میں خارش ہو، نظر دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہو، آنکھوں کی جلن، ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ قیمت 70 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-DESHAWAR

آیۃ الکرسی کے حصار نے اوباش سے عزت بچائے رکھی!

پوشیدہ راولپنڈی

اس آدمی نے اس دروازے پر جس کی کنڈی ٹوٹی ہوئی تھی دھکا مارا۔ ہم نے اس دروازے میں لکڑی کا لمبا بالا انکار کھا تھا' یہ بندہ پوری رات اس دروازے پر دھکے مارتا رہا اور ہم عورتیں پوری رات ڈرتی اور روتی اور آیۃ الکرسی کا ورد کرتی رہیں

صرف ایک آیت میں اتنی طاقت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے علاقہ میں آپ کا رسالہ عبقری دن بدن ہر گھر کی زینت بن رہا ہے' الحمدللہ! جب کبھی محلہ دار اکٹھے ہوتے ہیں تو صرف عبقری میں چھپنے والے وظائف اور ٹوٹکوں کی ہی باتیں ہوتی ہیں۔ عبقری قارئین کے بے شمار تجربات ومشاہدات پڑھ کر آج میں نے بھی قلم اٹھانے کی سعادت حاصل کی ہے۔ میری زندگی میں بہت زیادہ نشیب وفراز آئے' آج میں اپنی زندگی کا سب سے یادگار واقعہ قارئین عبقری کی نذر کرتی ہوں کہ قرآن کریم کی ایک آیت میں اتنی طاقت ہے تو پورے قرآن پڑھنے سے کیسے دنیا وآخرت سنورتی ہوگی ضرور سوچیے گا' بات صرف یقین کی ہے' اللہ ہمیں یقین والا بنائے۔ آمین!

ہر کوئی بے عزت اور ذلیل کرتا

یہ میری شادی کا واقعہ ہے میری شادی کو چند مہینے ہوئے تھے کہ میری نندوں نے مجھے ذلیل کرنا شروع کردیا اور مجھ پر جھوٹے الزام لگائے اور میری ساس اور سسر کو میرے خلاف وہ باتیں بتائیں جو میں نے نہیں کہی تھیں۔ میری سوتیلی ماں تھی اور باپ بھی بالکل سوتیلا بن چکا تھا۔ لہٰذا میری ساس اور نندوں نے میرے شوہر کو بھی میرے خلاف کردیا اور ان سب نے مل کر مجھے گھر سے نکال دیا۔ سوتیلی ماں اور باپ نے گھر میں رکھنے سے انکار کردیا۔ جس رشتے دار کے گھر بھی جاتی تھی ہر کوئی بے عزت کرتا' سارے گھر کا کام کرواتا اور ذلیل بھی الگ سے کرتا۔ پھر میری بوڑھی دادی نے مجھے اپنے ساتھ لیا اور ہم دونوں دوسرے گاؤں میں موجود ایک رشتہ دار کے گھر جس میں کوئی نہ رہتا تھا آگئیں' میری دادی کو گھر کے مالکان نے کچھ عرصہ رہنے کی اجازت دے دی تھی' گھر ذرا گاؤں سے باہر تھا' تھوڑے تھوڑے فاصلے پر چند گھر تھے' شام ہوتے ہی سناٹا چھا جاتا تھا' اس گھر کا ایک ہی کمرہ تھا' اور اس کی بھی کنڈی ٹوٹی ہوئی تھی۔ میں اور میری دادی اماں دونوں اکیلے ہی ڈرے سہمے اس گھر میں رہنا شروع کردیا' مگر پھر بھی لوگوں کے طعنوں اور گندی نظروں سے محفوظ تھے جس پر خدا کا شکر ادا کررہے تھے۔

مایوسی' بے بسی اور ذلت

ایک رات ہم نے بہت مشکل سے لکڑیاں اکٹھی کیں اور آگ جلائی اور پھر اپنا پیٹ بھرا۔ آج نجانے کیوں ہمیں ہر طرف مایوسی، بے بسی اور ذلت نظر آرہی تھی ہم رات کو سونے کے لیے لیٹے تو خواب میں آیا کہ کسی آدمی نے میرے کاندھے پر ہاتھ رکھا ہوا ہے جیسے ہی آنکھ کھلی ڈر کے مارے برا حال تھا۔ میں نے آیت الکرسی پڑھنا شروع کردی اور کوئی تقریباً 50 مرتبہ پڑھی' اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ اللہ! ہماری عزت کی حفاظت فرما' اسی دوران چھت سے کسی آدمی کے کودنے کی آواز آئی اور اس آدمی نے اس دروازے پر جس کی کنڈی ٹوٹی ہوئی تھی دھکا مارا۔ ہم نے اس دروازے میں لکڑی کا لمبا بالا انکار کھا تھا' یہ بندہ پوری رات اس دروازے پر دھکے مارتا رہا اور ہم عورتیں پوری رات ڈرتی' روتی اور آیۃ الکرسی کا ورد کرتی رہیں لیکن اللہ کا فضل ہوا اور اللہ کریم نے اس کے ناپاک ارادے کو ناکام کیا۔

اللہ کریم نے عزت کی حفاظت فرمائی

وہ آدمی جب پوری رات دھکے مار مار کر تھک گیا تو صبح فجر کے بعد خود ہی چلا گیا۔ دوسرے دن وہ مغرب کے بعد گھر کی چھت سے دوبارہ نیچے کودا اور ساری رات کوشش کرتا رہا کہ کسی طرح کمرے کے اندر آجائے' محسوس ہوتا تھا کہ اس کے پاس اسلحہ بھی ہے۔ مگر آیۃ الکرسی کے مسلسل ورد سے وہ ناکام واپس جاتا رہا۔ چند دن بعد اللہ کریم نے ایسا معاملہ کیا کہ میں باعزت واپس اپنے گھر آگئی' دادی اماں نے میری وجہ سے اپنا گھر چھوڑا تھا' انہیں بھی میرے والد گھر لے گئے۔ یہ آیت الکرسی کی فضیلت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے میری عزت کی حفاظت فرمائی۔ مجھے وہ دو راتیں کبھی نہیں بھولتیں جب بھی مجھے وہ دن یاد آتے ہیں میں اللہ کریم کی رحمت کا شکر ادا کرتی ہوں۔

اسلام اور رواداری

ابن زیب بھکاری

قسط نمبر 138

پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

گستاخ اعرابی کیساتھ حضور نبی کریم ﷺ کا حسن سلوک

ایک اعرابی رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور خون بہا ادا کرنے کیلئے آپ ﷺ سے امداد طلب کی۔ آپ ﷺ نے اسے بہت کچھ نواز دیا۔ جب وہ جانے لگا تو آپ ﷺ نے پوچھا: کیوں صاحب! میں نے تم سے کیسا سلوک کیا؟ اس نے انتہائی ناشکری اور بدتمیزی سے کہا "کچھ بھی نہیں' اس سے کیا ہوگا؟" صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین جلال میں آگئے' قریب تھا کہ اسے پکڑلیں کہ اتنا لینے پر ناشکری کرتا ہے اور حضور نبی کریم ﷺ کے سوال کا ایسا غلط اور گستاخانہ جواب دیتا ہے لیکن آپ ﷺ نے انہیں روک دیا اور مزید کریمی فرماتے ہوئے اس گستاخ اعرابی کو اپنے گھر لے گئے اور اسے کہا کہ تم ہمارے پاس مانگنے آئے تھے ہم نے تمہیں دے دیا لیکن تم نے ایسی ایسی بات کی۔ (کچھ بھی نہیں' اس سے کیا ہوگا؟) پھر رسول کریم ﷺ نے اسے مزید بہت کچھ عطا فرمایا اور اس سے پھر پوچھا: کہو اب تو خوش ہو؟ اس نے کہا: ہاں! اب دل سے راضی ہوں' اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو اور آپ ﷺ کے اہل وعیال میں ہم سب کی طرف سے نیک بدلہ دے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: سنو! تم آئے' تم نے مجھ سے مانگا' میں نے دیا' پھر میں نے تجھ سے پوچھا کہ خوش ہو! تم نے الٹا پلٹا جواب دیا جس سے میرے صحابی تم سے نالاں (ناراض) ہیں۔ اب میں نے مزید دے کر تم کو راضی کرلیا ہے اب تم ان کے سامنے بھی اسی طرح اپنی رضامندی ظاہر کرنا جیسے اب تم نے میرے سامنے کی ہے تاکہ ان کا رنج بھی دور ہوجائے۔ اس نے کہا بہت اچھا۔ چنانچہ وہ صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کے مجمع میں آپ ﷺ کے پاس آیا۔ آپ ﷺ نے (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

"پیغمبر اسلام" کا غیر مسلموں سے حسن سلوک' اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں' گفٹ کریں اور "غیر مسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں" "امن اور عبقری" "انسانیت اور رواداری" کتب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

خون افزا ٹانک
خون بنانے والی گولیاں
☆ کی خون کی ہر وجہ کا حل۔ ☆ صالح خون پیدا کرے' جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ وجگر کو تازگی دے۔ ☆ سالہا سال کی تھکاوٹ' اسٹریس' ڈیپریشن کا چند ڈبیوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔ قیمت :-/120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN RESHAWAR

عبقری 160 دردمعدہ کیلئے: دردمعدہ، قبض اور ریاح کیلئے مفید ہے۔ ھوالشافی: انار دانہ سناء کی ہر ایک ایک تولہ سونف سونٹھ پوست ہلیلہ زرد نمک سیاہ ہر ایک چھ ماشہ کوٹ کر سفوف بنالیں 9 ماشہ ہمراہ پانی۔ دن میں تین مرتبہ

لفظ ''اللہ'' کا ذکر نفسیاتی امراض کیلئے بہترین علاج

طالب حسین طلحہ، ملتان

ایک سعودی اخبار نے یہ بھی لکھا ہے کہ مسلمان جو کہ عربی پڑھ سکتے ہیں اور قرآن مجید کی تلاوت بلاناغہ کرتے ہیں وہ خود کو نفسیاتی بیماریوں سے محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ ماہر نفسیات کے مطابق ''اللہ'' کا ہر حرف نفسیاتی امراض کے سدباب میں موثر ہے۔

ہالینڈ کے ماہرین نے انکشاف کیا ہے کہ لفظ ''اللہ'' کا ذکر افسردگی اور ذہنی تناؤ کے شکار مریضوں کیلئے بہترین علاج ہے بلکہ انہیں دیگر نفسیاتی بیماریوں سے بھی محفوظ رکھتا ہے۔

ڈچ ماہر نفسیات وینڈ ہاون نے اپنی نئی دریافت میں اعلان کیا ہے کہ قرآن مجید کا مطالعہ اور لفظ ''اللہ'' کا بار بار دہرایا جانا مریض یا عام شخص ہر دو پر اثر کرتا ہے۔ ڈچ پروفیسر اپنے مطالعہ اور تحقیق سے گزشتہ تین برسوں سے مریضوں پر تجربے کر رہے ہیں۔ ان میں سے بیشتر مریض غیر مسلم تھے جو عربی نہیں بول سکتے تھے انہیں لفظ ''اللہ'' صاف طور پر بولنے کی تربیت دی گئی اس کا غیر معمولی نتیجہ برآمد ہوا خاص طور پر ان مریضوں پر جو افسردگی اور تناؤ کا شکار تھے۔ ایک سعودی اخبار نے یہ بھی لکھا ہے کہ مسلمان جو کہ عربی پڑھ سکتے ہیں اور قرآن مجید کی تلاوت بلاناغہ کرتے ہیں وہ خود کو نفسیاتی بیماریوں سے محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ ماہر نفسیات کے مطابق ''اللہ'' کا ہر حرف نفسیاتی امراض کے سدباب میں موثر ہے۔

اپنی تحقیق کی مزید وضاحت کرتے ہوئے وینڈر ہاون نے بتایا کہ لفظ ''اللہ'' کا پہلا حرف ''الف'' نظام تنفس سے خارج ہوتا ہے اور سانس کو کنٹرول میں رکھتا ہے۔ حرف ''ل'' کی ادائیگی کیلئے زبان کو معمولی سا تالو سے لگا کر تھوڑا توقف کرنے کے بعد اس عمل کو صحیح ادائیگی سے دہرانے اور سانس لینے کا عمل توقف سے جاری رکھنے سے تناؤ کو عافیت حاصل ہوں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ لفظ ''اللہ'' کا آخری حرف ''ہ'' کی ادائیگی سے پھیپھڑے اور دل کا رابطہ ہوتا ہے اور بدلے میں یہ رابطہ دل کی دھڑکن کو کنٹرول کرتا ہے۔ (بحوالہ سکون قلب)

کھائیں پئیں! ڈیپریشن افسردگی بھگائیں!

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو انسانیت کے لیے شجر سایہ دار بنائے رکھے آمین۔

پاکستانی ذائقوں کا مقابلہ

ہمارے ہاں رواج ہے کہ ہر نئی غذا کھا کر اپنے آپ کو روشن خیال اور ترقی یافتہ سمجھنے لگتے ہیں جبکہ پاکستانی کھانوں میں اتنی اقسام اور ذائقے ہیں کہ دنیا کا کوئی ملک مقابلہ نہیں کرسکتا۔ یہاں تو صرف مسور کی دال ہی ایسی بنتی ہے کہ محاورے وجود میں آجاتے ہیں جیسا کہ یہ منہ اور مسور کی دال یہ محاورہ اس وقت بنا جب مغلیہ سلطنت کا خاتمہ ہوگیا اور ایک شاہی باورچی تلاش معاش میں ایک ہندو راجے کے دربار سے منسلک ہوگیا۔ راجہ نے مسور کی دال کھانے کی فرمائش کی۔ باورچی نے تمام شاہی مصالحہ جات منگوا کر دال پکائی طعام خانے کے انچارج نے حسد کی وجہ سے اس پر اٹھنے والے اخراجات کی ایک لسٹ بنائی اور فوراً راجہ کو پیش کردی راجہ نے جب لسٹ دیکھی تو باورچی کو ریاست بدر کرنے کا حکم جاری کردیا لیکن جب راجہ صاحب نے دسترخوان پر مسور کی دال کھائی تو انگلیاں چاٹتے رہ گئے فوراً باورچی کو طلب کیا مگر باورچی جاچکا تھا۔ اس نے باورچی کی تلاش میں ہرکارے دوڑائے آخر ایک شخص نے باورچی کو جالیا اور راجہ کے فرمان کے بارے میں بتایا لیکن اس کا دل اس قدر ٹوٹ چکا تھا کہ اس نے کہا کہ یہ مسور کی دال صرف مسلمان فرمانروا ہی کھا سکتے ہیں تم لوگوں کا راجہ نہیں کھا سکتا۔ جا کر راجہ سے کہنا یہ منہ اور مسور کی دال۔ اور مسور کی دال تو ہم لوگ بھول ہی چکے ہیں اب ہم برگر، پیزا اور سینڈوچ کھانے والے لوگ ہیں۔ چائنیز سالٹ ہمارے ہاں بیس پچیس برس قبل متعارف ہوا تھا اور اب ہمارے باورچی خانے کا لازمی حصہ بن چکا ہے۔ جبکہ ہم لوگوں نے کبھی جاننے کی کوشش نہیں کی کہ یہ کیا ہے۔ یہ گلے سڑے گوشت، فروٹ اور سبزیوں سے جن میں سنڈیاں پڑ چکی ہوں، کشید کر کے بنایا جاتا ہے جو کہ نا صرف حرام ہے بلکہ غذائی ماہرین کی رائے کے مطابق ڈیپریشن، بدخوابی، افسردگی، کینسر، ہیپاٹائٹس، ہائی بلڈ پریشر اور معدے کے السر کا باعث ہے۔ اس سے نا صرف فالج ہونے کا خدشہ رہتا ہے بلکہ ہارٹ اٹیک ہونے کے امکانات بھی بڑھ جاتے ہیں۔ اس کا اصل نام سوڈیم گلوکومیٹ ہے۔

پڑھی لکھی ماؤں کی کوتاہی

ہماری پڑھی لکھی ماؤں نے گھر میں مایونیز اور چکن سپریڈ کے پیکٹ رکھے ہوئے ہیں۔ بچوں کو لنچ میں برگر یا سینڈوچ بنا کر دے کر سمجھتی ہیں کہ ہم نے بازاری کھانوں سے بچوں کو بچالیا ہے۔ چکن سپریڈ اور مایونیز میں سوڈیم گلوکومیٹ شامل ہے لہٰذا جب بھی بازار سے ایسی چیزیں خریدیں تو ان کے اجزاء ضرور پڑھ لیں جن چیزوں میں سوڈیم گلوکومیٹ شامل ہو ان چیزوں سے خود بھی بچیں اور اپنے بچوں کو بھی بچائیں۔ چکن سپریڈ اور مایونیز کی بجائے برگر یا سینڈوچ پر مکھن لگائیں۔ دیسی گھی لگا دیں یا پھر دودھ کی بالائی بہترین چیز ہے بلکہ ایسے کھانے پیٹ بڑھنے سے بچنے کیلئے اور پڑھنے والے بچوں کے لیے ضروری ہے۔

تندوری روٹی کے ساتھ چٹنی کا کمال

بہتر یہ ہے کہ گندم کے آٹے میں تھوڑا سا بیسن ملائیں نمک، مرچ، میتھی، زیرہ اور تھوڑا سا پسا ہوا مصالحہ ڈال کر بچے کو لنچ کے لیے آلو یا مولی والا پراٹھا بنا کر دیں۔ یہ تمام چیزیں بچے کو صحت بھی دیں گی اور توانائی بھی میری تمام بہنوں سے درخواست ہے کہ خدارا اپنے سادہ اور روایتی کھانوں کی طرف واپس آجائیں۔ گاؤں کے غریب بچے باسی روٹی لسی کے ساتھ کھا کر بھی سرخ و سپید اور خوشحال اور مطمئن ہیں۔ ان کے لنچ میں ایک تندوری روٹی کے ساتھ سرخ مرچ کی چٹنی رکھی ہوتی ہے اور وہ ماشاء اللہ صحت مند ہیں جبکہ شہر کی پڑھی لکھی ماں کے بچے پھولے ہوئے جسموں والے ہیں یہی لگتا ہے کہ کوئی برگر ہے کوئی پیزا اور کوئی شوارما ہے۔

ستر شفائیں
ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء
دل کے دانو کھولنے ہیں اتنی لاجواب کہ سر جن حیران
جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید
لاعلاج مریض صرف چند ڈبیوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا بارہا کا آزمودہ علاج
(قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

دلیہ اور دہی کا ناشتہ! اتنے فوائد کہ ماہرین تک حیران!

عائمہ جنید لاہور

اللہ تعالیٰ نے ہم انسانوں کے لئے اس دنیا میں جو بھی رزق پیدا کیا ہے ان میں سے اکثر میں جسم کی ضرورت پوری کرنے کے لیے شکر کی مقدار بھی موجود ہوتی ہے۔ گندم، نشاستہ، میدہ، سوجی، پھل وغیرہ یہ سب قدرتی شکر سے مالا مال ہوتے ہیں۔

کیا ہم بغیر ناشتہ کے صحت مند زندگی گزار سکتے ہیں؟

زندگی روزمرہ کے معمولات کا ایک ایسا چکر ہے جس میں صبح آنکھ کھلنے سے لے کر رات کو بستر پر لیٹنے تک ہم اس میں دوڑتے رہتے ہیں کیا کبھی ہم نے اس بات پر بھی غور کیا ہے کہ اس بھاگ دوڑ میں ہماری جو توانائی صرف ہوتی ہے اگر اس پر ہم نے زیادہ توجہ نہ دی تو ایک نہ ایک دن، وقت سے بہت پہلے ہی، ہم اس چکر میں دوڑتے ہوئے چکرا کر گر سکتے ہیں۔ اکثر لوگ جسمانی توانائی اور روزمرہ کے دنیاوی معمولات میں موجود ربط کو سمجھنے اور اپنی توانائی میں اضافے کے بجائے صرف اور صرف اپنے معمولات پر ہی زیادہ توجہ دیتے ہیں۔ ایسی صورت میں پھر نتیجہ بھی ایسا ہی نکلتا ہے۔ جسم نڈھال رہنے لگتا ہے۔ کام میں جی نہیں لگتا کوئی بات کرے تو اسے کاٹ کھانے کے لیے دوڑنے لگتے ہیں۔ کام زندگی کا حصہ ہیں اور ان کا نمٹایا جانا بھی ضروری ہے، کیونکہ یہی زندگی کا چلن ہے لیکن اگر جسمانی توانائیاں ساتھ چھوڑنے لگیں تو کیا ہم زندہ رہ کر بھی صحت مند زندگی گزار سکتے ہیں؟ یقیناً نہیں۔

دن کا آغاز اچھے ناشتہ سے کیجئے!

یہ بات نہایت عام ہوچکی ہے کہ اکثر مرد و خواتین یا تو ناشتہ سرے سے ہی نہیں کرتے یا پھر ناشتے کے نام پر صرف ایک یا دو کپ چائے، کافی یا پھر ایک آدھ توس کھا کر سمجھتے ہیں کہ ناشتہ کرلیا۔ بس پھر وہ ہوتے ہیں اور زندگی کی ذمہ داریاں، گھریلو خواتین میں تو یہاں تک دیکھا گیا ہے کہ وہ عموماً سرے سے ہی ناشتہ پر توجہ نہیں دیتی ہیں۔ یہ ایک غلط رجحان ہے۔ معالجین کی نظر میں ایک انسان کی صحت کو برقرار رکھنے میں ناشتے کی بہت زیادہ اہمیت ہے۔ پُر غذائیت ناشتہ انسان کے لیے بہت اہم ہے۔ آدمی کو سب سے اچھی اور متناسب غذا کی ضرورت صبح کو ناشتے کے وقت ہوتی ہے، لہٰذا دن کا آغاز اچھے ناشتے سے کیا جانا چاہیے۔

ہم صبح جب نیند سے بیدار ہوتے ہیں تو ہمارا معدہ 12 گھنٹے سے خالی ہوتا ہے۔ رات کے کھانے اور صبح کے ناشتے کے درمیانی عرصے کے دوران ہمارے جسم کو غذائیت نہیں ملتی ہے، لہٰذا صبح سویرے جسمانی خلیوں کو بھی اپنی توانائی کی ازسرنو بحالی کے لیے خوراک درکار ہوتی ہے۔ رات بھر کے فاقے سے خون میں شکر کی مقدار بھی خاصی کم ہوجاتی ہے۔ جسم کی ساخت جن خلیوں کی وجہ سے ہوتی ہے وہ اپنا رزق شکر سے حاصل کرتے ہیں۔ چنانچہ صبح سویرے جسم کے ان خلیوں کو شکر کی مقدار درکار ہوتی ہے۔ جسم میں مناسب توانائی، قوت عمل کے اظہار اور سوچنے سمجھنے کی صلاحیت کے لئے جسم میں، مناسب مقدار میں شکر کا ہونا بھی ضروری ہے۔ شکر کی یہ ضرورت صرف چائے، کافی سے ہی پوری نہیں ہوتی ہے بلکہ اللہ تعالیٰ نے ہم انسانوں کے لئے اس دنیا میں جو بھی رزق پیدا کیا ہے ان میں سے اکثر میں جسم کی ضرورت پوری کرنے کے لیے شکر کی مقدار بھی موجود ہوتی ہے۔ گندم، نشاستہ، میدہ، سوجی، پھل وغیرہ یہ سب قدرتی شکر سے مالا مال ہوتے ہیں۔ معالجین کہتے ہیں کہ اگر ناشتہ بھی بھرپور اور پُر غذائیت نہ ہو تو جسم میں شکر کی مقدار کم ہونے لگتی ہے۔ یوں ناشتہ نہ کرنے یا صحیح طرح سے نہ کرنے والوں کا پورا دن نہایت بیزاری اور تھکن کے عالم میں گزرتا ہے۔ حتیٰ کہ دوپہر کو لنچ کرنے کے باوجود شام تک سستی ان کے وجود کو گھیرے رکھتی ہے۔

ناشتہ ایسا کیا جائے جس میں۔۔۔!!!

ناشتہ ایک آئیڈیل غذا ہے جو کہ آپ اپنے جسم کو دن بھر کے کاموں میں صرف ہونے والی توانائیوں کو برقرار رکھنے کے لیے فراہم کرتے ہیں۔ ماہرین غذائیت کا کہنا ہے کہ دن کا آغاز ایسے ناشتے سے کیا جائے جس میں کاربوہائیڈریٹس کی زیادہ مقدار شامل ہو۔ اگر ناشتے میں کاربوہائیڈریٹس کے اجزاء کی زیادہ مقدار شامل ہوگی تو یہ دن بھر آہستہ آہستہ جسم کو توانائی فراہم کرتے رہیں گے۔ ماہرین غذائیت کا مشورہ ہے کہ ناشتے میں ایک پیالہ دلیہ لینا بہت ہی مفید ہے۔ ان کے مطابق اکثر دلیہ جئی (Oats) سے تیار کیا جاتا ہے۔ جئی میں ریشہ (فائبر) ہوتا ہے اور وٹامنز اور قدرتی معدنیات سے بھرپور ہوتا ہے۔ اس میں کولیسٹرول کو مقررہ مقدار تک برقرار رکھنے اور بڑھے ہوئے کولیسٹرول کو کم کرنے کی قدرتی صلاحیت بھی موجود ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ گیہوں سے تیار شدہ دلیہ بھی عمدہ ناشتہ ہے۔ اس میں ریشے کی مقدار زیادہ ہوتی ہے جو کہ انسان کو قبض کا شکار ہونے سے بچاتی ہے۔ اطباء کہتے ہیں کہ قبض امراض کی جڑ ہے لہٰذا گیہوں کے دانوں سے تیار شدہ دلیہ نہ صرف آپ کو قبض سے بچاتا ہے بلکہ اس میں امراض قلت اور دل کے دورے کے خطرات سے محفوظ رکھنے کی بھی صلاحیت پائی جاتی ہے۔ علاوہ ازیں اپنی غذائیت کی وجہ سے یہ آپ کو لنچ سے قبل بھوک لگنے سے بھی بچاتا ہے اور آپ کی توانائی بھی بحال رکھتا ہے۔ یوں جب آپ لنچ لیتے ہیں تو جسم میں اتنی توانائی موجود ہوتی ہے کہ آپ کھانے کو بے صبری سے کھانے کے بجائے آرام و اطمینان اور نوالوں کو چبا چبا کر کھاتے ہیں۔ اس طرح اول تو کھانا بھی درست طریقے سے کھالیا جاتا ہے اور کھانے کے بعد شام تک آپ پر سستی و کاہلی بھی بہت زیادہ دیر تک طاری نہیں رہتی ہے۔ ان فوائد کے اعتبار سے آپ کے مصروف دن کے آغاز پر دلیہ سے بہترین کوئی اور چیز نہیں ہے جو کہ پورے دن کے لئے آپ کی توانائی کو برقرار رکھتی ہے۔

ناشتہ میں دلیہ کے ساتھ دہی کا استعمال

ناشتے میں دلیہ کے ساتھ دہی کا استعمال بھی مفید اور مناسب ہے۔ دہی سے جسم کو کیلشیم ملتا ہے۔ کیلشیم ہڈیوں کی مضبوطی کے لئے نہایت اہم ہے۔ دلیے کے ساتھ دہی کو استعمال کرنے سے جسم کو دن بھر کی ضرورت کے لئے درکار کیلشیم کی مقدار بھی مل جاتی ہے جبکہ ناشتے کا لطف بھی دوبالا ہوجاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ جسم کو درکار شکر کی مناسب مقدار کے حصول کے لئے پھلوں یا ان کے رس کو بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اگر آپ ناشتے میں توس لے رہے ہیں تو پھر اس پر ہلکا سا مکھن بھی لگالیں۔ مکھن میں قدرتی طور پر وٹامن اے موجود ہوتا ہے اور یہ توانائی کے لئے جسم کو درکار بنیادی ضرورتوں میں شامل ہے۔ اگر آپ توس پر مکھن نہ لگانا چاہیں تو پھر اس پر شہد لگالیں یہ آپ کی بھوک بھی مٹائے گا اور جسم میں شکر کی مقدار کو بھی پورا کردے گا۔ توس پر شہد کا استعمال بازار میں دستیاب مختلف اقسام کے مربوں سے زیادہ بہتر ہے کیونکہ ان کے مقابلے میں شہد با آسانی اور جلد ہضم ہوکر جزوبدن ہوجاتا ہے۔ بھرپور ناشتے کے بعد چائے یا کافی کی ایک پیالی بھی لی جاسکتی ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟
آزمودہ طبی فارمولہ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں قیمت 150 روپے
دانے، کیل مہاسے، جھائیاں، داغ، گڑھے، پیپ دار الرجی، رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہوجانا اعتماد سے استعمال کریں۔
چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

جان ومال کی حفاظت کیلئے یہ دم شدہ پانی پئیں!

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد غیر شرعی اعمال کے بجائے مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

صفر کا چاند دیکھیں تو یہ درود پڑھیں اور کمال دیکھیں

جب صفر کا چاند دیکھے تو نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ایک ہزار مرتبہ نہایت توجہ و یکسوئی سے یہ درود پاک پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ بفضل باری تعالیٰ اس عمل کے کرنے سے گناہوں کی معافی عطا ہوگی' اللہ تعالیٰ اس کو اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔ ماہ صفر کی پہلی شب:۔ کتاب ''راحۃ القلوب'' میں ہے کہ جو کوئی نمازِ عشاء کے وتر اور نفل نماز سے پہلے چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ کافرون پڑھے' دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے' تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ فلق پڑھے اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ الناس پڑھے۔ نماز ادا کرنے کے بعد ایک سو مرتبہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پڑھے۔ پھر ستر مرتبہ درود پاک پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر بلا و مصیبت سے محفوظ رہے گا۔

یہ پانی جو بھی پیے گا' پریشانی سے بچا رہے گا

آخری عشرہ:۔ ماہ صفر کے آخری عشرہ میں نفل نمازیں پڑھنے سے اللہ تعالیٰ بندے پر خصوصی فضل وکرم فرماتا ہے۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ آخری عشرہ کے شروع کے دن نماز اشراق کے بعد غسل کر کے پاکیزہ لباس پہنے اور بغیر کسی سے کوئی کلام کئے چار رکعت نفل نماز اس طرح سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ستر مرتبہ سورۂ کوثر' پانچ مرتبہ سورۂ اخلاص اور ایک ایک مرتبہ معوذتین پڑھے۔ پھر سلام پھیرنے کے بعد اپنا سر سجدے میں رکھے اور ایک سو مرتبہ یَاوَھَّابُ اور اَلْحَیُّ اَلْحَقُّ کہے۔ اس کے بعد اٹھ کر بیٹھ جائے اور اکسٹھ مرتبہ سورۂ الم نشرح' اکسٹھ مرتبہ سورۂ والتین' اکسٹھ بار سورۂ النصر' اکسٹھ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ پھر ایک ہزار چودہ مرتبہ یَاوَھَّابُ کا ورد کرے۔ اس کے بعد سو مرتبہ اَلْحَیُّ اَلْحَقُّ پڑھے اور تین مرتبہ یہ درود پاک پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

جان ومال کی حفاظت کیلئے:۔ جو کوئی اس ماہ مبارک میں کسی بھی دن پانچوں فرض نمازوں کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ قبلہ رخ بیٹھ کر ایک مرتبہ ذیل میں دی ہوئی آیاتِ مبارکہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ پانی خود بھی پیے اور اپنے گھر والوں کو بھی پلائے تو بفضل باری تعالیٰ وہ ہر طرح کی مصیبت و پریشانی سے محفوظ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ یہ دم کیا ہوا پانی پینے والے کی جان ومال کی حفاظت فرمائے گا۔ اس کی عمر میں برکت عطا فرمائے گا۔ آیات مبارکہ یہ ہیں:۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (یٰسین)۔ سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ○ سَلٰمٌ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ ○ سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ ○ سَلٰمٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ ○ (الصفت)۔ سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خٰلِدِیْنَ (الزمر) سَلٰمٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ (القدر)

صفر کی 27 تاریخ کو یہ عمل کیجئے

جو کوئی یہ چاہے کہ اسے بہت زیادہ ثواب حاصل ہو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف کرے اور اسے نیکی کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے تو وہ اس ماہ کی 27 تاریخ کو چاشت کی نماز کے بعد چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ الم نشرح پڑھ کر ستر مرتبہ سورۂ والتین پڑھے' ستر مرتبہ سورۂ نصر پڑھے اور ستر مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔

یہ پڑھیں! دیکھیں مسائل کیسے حل ہوتے ہیں؟

اَلْمُعْطِیْ ھُوَ اللہ عشاء کے بعد 12 تسبیح پڑھنی ہے۔ اوّل آخر درود شریف ایک تسبیح اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلٰوۃٍ ہر مقصد اور ہر مشکل کے حل کیلئے میں نے لوگوں کو دیا ہے۔ ایک بندے کو ٹیوشن نہیں مل رہی تھی اسکو پڑھنے کے بعد ٹیوشن ملنا شروع ہوگئی بہت ہی مشکل میں پھنسے ہوئے انسانوں کے مسئلے حل ہوتے ہوئے دیکھے ہیں۔ (و۔ا۔ش، فیصل آباد)

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 11 اکتوبر بروز جمعہ عصر تا مغرب۔21 اکتوبر بروز پیر رات 9 بجے سے لیکر 10 بجکر 21 منٹ تک۔30 اکتوبر بروز بدھ صبح 10 بجے سے لیکر 11 بج کر 27 منٹ تک اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، دردِ دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:)1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کر لیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

جسم پر جمی میل اور میرا آزمودہ چٹکلہ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا نیا قاری ہوں عبقری پڑھ کر بہت خوش ہوا ہوں' اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے۔ آپ کی اولاد کو آپ جیسا بننے کی توفیق دے تاکہ وہ آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ بن سکیں۔ جسم پر جمی میل کیلئے چٹکلہ: جسم پر جمی میل کو ختم کرنے کے لیے ٹھنڈے یا گرم پانی میں کم سے کم تین لیموں کا رس نچوڑ دیں اور ہلا کر صابن سے نہائیں۔ جسم پر چاہے جتنی بھی میل جمی ہوگی اتر جائے گی۔ (پوشیدہ)

اصلاح معدہ وجگر پیکیج
ایلوپیتھی سائنس میں مفید
معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کر کے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔
معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج
معدہ کے کینسر کو ختم کرتی ہے معدے کے زخم کی خاص دوا
قیمت صرف 440/- روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOORKHAN - PESHAWAR

حضرت شیخ ابوالحسن خرقانیؒ کے مسند روحانی وظائف

جو بچہ شرارتی ہو یا برائیوں میں مبتلا ہو یا جو نوجوان گمراہی اور گناہوں میں مبتلا ہو، یا کسی کی بہن، بیٹی یا بیوی اس کی بات نہ مانتی ہو یا کسی کا باپ گناہوں کی دلدل میں دھنسا ہو بس یہ عمل کریں اور کمال دیکھیں۔

دل کو زندہ رکھنے کا عجیب ونافع نسخہ!

ایک مسلمان کو سب سے زیادہ فکر اپنے دل کو زندہ رکھنے کی کرنی چاہیے۔ زندہ دل اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے، اس میں رقت ہوتی ہے، وہ آخرت کے کاموں کو ترجیح دیتا ہے اور جسم کے تمام اعضاء کو اللہ تعالیٰ کی عبادت یعنی اس کی رضا والے کاموں میں لگائے رکھتا ہے۔ اور اگر خدانخواستہ دل مردہ ہوجائے تو اس پر شیطان کا قبضہ ہوجاتا ہے اور شیطان اپنی زہریلی سونڈ اس میں گھسا کر نافرمانی اور گناہ کے گندے اثرات اس میں ڈال دیتا ہے۔ یہ مردہ دل فانی دنیا کے چکر میں پڑا رہتا ہے اور غیر اللہ سے عشق کی ذلت میں مبتلا ہوجاتا ہے۔ خلاصہ یہ کہ جس کا دل زندہ اس کی آخرت زندہ، تابندہ اور سدا بہار اور جس کا دل مردہ اس کی آخرت مردہ، ویران اور عذاب زدہ دل کی زندگی کا مجرب نسخہ یہ ہے کہ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان توجہ کے ساتھ چالیس مرتبہ یہ دعا پڑھی جائے:۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ اوّل آخر درود شریف پڑھیں۔ تمام اہل محبت سے گزارش ہے کہ اس عمل کو پابندی کے ساتھ کریں۔

پھوڑے پھنسی کا تیر بہدف علاج

شہادت کی انگلی پر لعاب لگائیں پھر تین بار بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اور ایک بار اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ (زخرف، ۷۹) پڑھ کر دم کریں اور وہ لعاب پھوڑے پھنسی یا زخم پر لگائیں۔ سبحان اللہ عجیب وغریب تاثیر رکھتا ہے۔ خصوصاً وضو کے فوراً بعد اعضاء کو خشک کرنے سے پہلے اگر یہ عمل کیا جائے تو اس کی تاثیر بڑھ جاتی ہے۔ عورتوں کیلئے یہی دم تیل پر کرکے دیں یعنی لعاب پر دم کرکے اسے تیل میں شامل کرکے دیں۔ اس دم کی برکت سے کوڑھ جیسی بیماری کے مریض بھی الحمدللہ ٹھیک ہوگئے۔ وہ افراد جن کی انگلیوں کے پورگل کر گر رہے تھے اس دم والے تیل لگانے سے بھلے چنگے ہوگئے۔ والحمد اللہ الذی بنعمتہ تتم الصالحات

سر درد کا ایک عجیب علاج

لکڑی کی ایک تختی پر ''ابجد'' لکھیں پھر مریض کو سامنے بٹھا کر چاقو کی نوک ''ابجد'' کے ''الف'' پر رکھ کر دبائیں اور سورۂ فاتحہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ دم کے بعد اس سے پوچھیں کہ درد ختم ہوا یا نہیں؟ اگر ختم ہوگیا ہو تو بہت بہتر وگرنہ چاقو کی نوک ''ب'' پر دبائیں اور سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کریں اور درد ختم نہ ہونے کی صورت میں ''ج'' اور پھر ''د'' پر چاقو رکھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ ''د'' پر ہر حال میں درد ختم ہو جائے گا۔ بارہا کا آزمودہ اور کامیاب عمل ہے۔ دم کے دوران مریض اپنا دایاں ہاتھ درد کی جگہ پر رکھے تو زیادہ بہتر ہے۔

بیٹے، بیٹی، شوہر، بیوی اور باپ کو راہ راست پر لانے والا مجرب عمل

جو بچہ شرارتی ہو یا برائیوں میں مبتلا ہو یا جو نوجوان گمراہی اور گناہوں میں مبتلا ہو، یا کسی کی بہن، بیٹی یا بیوی اس کی بات نہ مانتی ہو یا کسی کا باپ گناہوں کی دلدل میں دھنسا ہو بس یہ عمل کریں اور کمال دیکھیں۔ جو گمراہ ہو رہا ہو اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر توجہ سے سات مرتبہ یہ آیت شریفہ پڑھیں، ان شاء اللہ عجیب تاثیر دیکھیں گے۔ اگر پیشانی کے بال نہ پکڑ سکیں تو تصور میں ہی دن میں چند بار یہ عمل کرکے دم کردیں:۔ ''اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ. فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ'' (المومنون، ۱۱۶، ۱۱۵)

دانت یا ڈاڑھ کے درد کا مختصر ومؤثر تعویذ

جس کسی کے دانت یا ڈاڑھ میں درد ہو اسے ایک چھوٹے سے کاغذ پر یہ آیت لکھ کر دیں: ''لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ'' (الانعام ۶۷)
اس کاغذ کو لپیٹ کر درد والے دانت کے نیچے رکھ لے، ان شاء اللہ بہت جلد اثر ہوگا۔

نیند سے وقت مقررہ پر بیداری کا خاص عمل

سورۂ کہف کی آخری آیات اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا سے بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا تک پڑھیں۔
اوّل آخر سات سات بار درود شریف اس کا ایصال ثواب جناب حضرت رسول اکرم محمد ﷺ کیلئے کریں اور دعا کریں کہ یا اللہ! مجھے اتنے بجے جگا دیجئے۔ انشاء اللہ اسی وقت آنکھ کھلے گی۔

قید سے رہائی اور غم سے نجات دلانے والا ایک عمل

جو کوئی درست اعتقاد کے ساتھ اس آیت کا ورد کرے، اللہ تعالیٰ اسے قید سے رہائی عطا فرماتے ہیں اور جو کوئی اسے یاد کرے اور ہر رات پڑھے اللہ تعالیٰ اسے تمام غموں سے خوشی عطا فرماتے ہیں: ''قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً لَئِنْ اَنْجٰنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ. قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ'' (الانعام۔ ۶۳، ۶۴)

بارش کا پانی تو واقعی ہی لاجواب ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی امان میں رکھے آمین۔ میں چار سال سے عبقری پڑھ رہی ہوں اور میں نے عبقری سے بہت کچھ سیکھا ہے۔ اب اپنا مشاہدہ لے کر حاضر ہوئی ہوں:۔
قارئین! جب بارش ہو تو بارش کا پانی جمع کرلیں اور پکن میں بوتل رکھ دیں، جب بھی گھی وغیرہ سے ہاتھ وغیرہ جل جائے تو فوری اس جگہ پر بارش کا پانی لگالیں تو چھالے وغیرہ نہیں بنیں گے ان شاء اللہ جلن بھی ختم ہوجائے گی۔ اس کے علاوہ جب بھی کھانا بنائیں چند قطرے بارش کا پانی مکس کرلیں۔ کھانا بیماری نہیں بنتا اور ذائقہ لاجواب ہوتا ہے۔ (خالدہ سعید خان، اٹک)

قوتی گولیاں خود کو شادی کے قابل نہ سمجھنے والوں کیلئے عبقری کا خاص تحفہ شوگر کے مریض استعمال کریں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔
بے طاقتی، بے رغبتی کیلئے قوت اور طاقت کا موجیں مارتا ہوا انوکھا سمندر
قوتی قوت وشباب کا بے بہا خزانہ خواتین ہوں یا مرد ان سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔ ایک مرتبہ کا استعمال زندگی بھر کا فائدہ۔
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

انار کھانے والے کو یہ امراض کبھی نہ ہونگے! آزمودہ ہے!

حکیم فاروق، مظفر گڑھ

کالی کھانسی کے لیے: انار دانہ ایک تولہ، کالی مرچ 3 گرام، پیپل کا پھل 6 گرام، گڑ دو تولہ، تمام ادویات کو باریک پیس کر گڑ میں ملالیں اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں اور روزانہ 2 گولی منہ میں رکھ کر چوسیں صبح و شام

انار کا شمار جنت کے پھلوں میں ہوتا ہے یہ ایک بہت لذیذ اور رسیلا پھل ہے۔ اب آتے ہیں اس کے فوائد کی طرف کہ اللہ تعالیٰ نے کتنی بڑی نعمت دی ہے اور ہمیں اس کی قدر ہی نہیں ہے۔ میٹھا (شیریں) انار حلق، سینے کی سوزش اور پھیپھڑوں کیلئے اکسیر ہے، پرانی کھانسی میں شیریں انار بڑا کارآمد ہے۔ انار کا رس پیٹ کو درست اور آنتوں کو نرم کرتا ہے۔ جسم کو مفید غذائیت اور توانائی مہیا کرتا ہے۔ معدے میں جلن ہو تو انار کھانے سے جلن ختم ہو جاتی ہے۔ یہ پیشاب آور بھی ہے۔ صفرا کو تسکین دیتا ہے۔ اچھا خون بننے کی وجہ سے یہ جسم کے تمام اعضاء کو قوت دیتا ہے۔ دل کے پرانے امراض کو آرام دیتا ہے۔ جن لوگوں کی طبیعت پر مردنی چھائی رہتی ہو انہیں انار کا رس استعمال کرنا چاہیے۔ اس سے طبیعت فرحت بخش ہو جاتی ہے۔ یرقان کیلئے مفید ہے۔ (نوٹ: اسے کثرت سے کھانے سے قبض ہوتی ہے اور معدہ بھی ڈھیلا ہو جاتا ہے لہٰذا اسے توازن سے کھانا چاہیے)

انار کے چند مجرب نسخے درج ذیل ہیں

جسم کو خوبصورت بنانے کیلئے انار کا شربت استعمال کریں۔

اشیاء: انار کا جوس ایک کلو، عرق گلاب ایک کلو، چینی ایک کلو

بنانے کی ترکیب: چینی کو باریک پیس لیں اور پھر عرق گلاب کیساتھ اس چینی کو ملا کر کسی دیگچی یا قلعی کیے ہوئے برتن میں ڈال کر پندرہ منٹ تک ہلکی آنچ پر پکائیں۔ پھر اس میں انار کا جوس ملالیں۔ جوس پہلے ہی سے نکال کر اور چھان کر تیار رکھنا چاہیے۔ پھر پندرہ منٹ تک آگ پر پکائیں۔ جب یہ گاڑھے شربت کی طرح ہو جائے تو اتار لیں اور ٹھنڈا ہو جانے پر بوتلوں میں بھر لیں۔ یہ شربت گرمیوں کا تحفہ ہے۔ جسم کو خوبصورت اور سرخ بناتا ہے۔ گرمیوں کے موسم میں جسم کو ٹھنڈا رکھتا ہے۔ ایک یا دو چمچ شربت ایک گلاس پانی میں گھول کر صبح و شام استعمال کریں۔ اگر اس شربت کو نہار منہ استعمال کیا جائے تو یرقان کیلئے انتہائی مفید ہے۔ یرقان کا جڑ سے خاتمہ کرتا ہے۔

ہاضمہ کیلئے مجرب نسخے: (1) انار دانہ 5 تولہ، سونٹھ، زیرہ، نمک سفید، نمک سیاہ ہر ایک ایک تولہ، تمام اشیاء کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ غذا کو ہضم کرنے اور بھوک لگانے کیلئے بہترین چورن ہے۔ اسے شام اور دوپہر کو کھانا کھانے کے بعد چھ چھ ماشہ پانی کیساتھ استعمال کریں۔ (2) انار دانہ ایک پاؤ، سونٹھ ایک پاؤ، پودینہ ایک پاؤ تمام اشیاء کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ ایک چمچ صبح و شام پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ یہ نسخہ بلڈ پریشر، شوگر، یرقان وغیرہ کیلئے بھی مفید ہے۔ (3) انار دانہ 50 گرام، سونٹھ 7 گرام، زیرہ سفید 7 گرام، تربد سفید 20 گرام، زیرہ سیاہ 20 گرام، سماق 20 گرام، پوست ہلیلہ زرد 20 گرام، پوست ہلیلہ 20 گرام، نمک لاہوری 50 گرام۔ تمام اشیاء کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ اگر قبض دُور کرنا ہو تو موٹا سفوف بنائیں۔ اگر دست لگے ہوئے ہوں تو باریک سفوف بنائیں۔ (خوراک) 2 سے 3 گرام صبح و شام پانی کے ہمراہ کھانا کھانے سے پہلے یا بعد میں استعمال کریں۔ (فوائد) یہ چورن معدہ اور انتڑیوں کو طاقت دیتا ہے اور بھوک لگاتا ہے اور کھانا ہضم کرتا ہے۔ اگر قبض ہو تو دست لاتا ہے اگر دست آتے ہوں تو بند کرتا ہے۔ **پیٹ درد کے لیے:** پیٹ درد میں انار کے دانوں پر نمک اور سیاہ مرچ چھڑک کر استعمال کریں۔ اس کے استعمال سے پیٹ درد ختم ہو جاتا ہے۔ **پیٹ کے کیڑوں کے لیے:** انار کی چھال کو سایہ میں خشک کر کے سفوف بنالیں اور آدھا چمچ صبح و شام پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ آنتوں کے کیڑے مر جائیں گے۔ **دست کے لیے:** انار کی جڑ کی چھال 4 تولہ لے کر ایک پاؤ پانی میں ڈال کر اتنا جوش دیں کہ پانی آدھا رہ جائے تو پانی کو چھان کر اس کی تین خوراکیں بنالیں۔ پہلی خوراک صبح نہار منہ دیں۔ دو خوراکیں ایک، ایک گھنٹے کے وقفے سے دیں۔ اس سے دست رک جائیں گے اور کمزوری بھی نہیں ہوگی۔

مثانہ اور گردے کی پتھری کے لیے

انار دانے کا ایک بڑا چمچ ایک کپ چنے کے سوپ میں ملا کر پینے سے مثانے اور گردے کی پتھری باہر نکل جاتی ہے۔

قروح معدہ کے لیے: حکیم جالینوس کے نزدیک انار دانے کو پکا کر شہد کے ہمراہ بطور طلا درد کان اور درد معدہ میں مفید ہے۔ **زخموں کے لیے:** انار کے دانے، بیج سمیت پیس کر اس میں شہد ملا کر ٹھیک نہ ہونے والے گندے زخموں پر لگانے سے زخم ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ مجرب نسخہ ہے۔

نسخہ نمبر 2: انار کے پتے ایک تولہ پانی میں رگڑ کر جلی ہوئی جگہ پر لگانے سے جلن ختم ہو جاتی ہے اور آبلے وغیرہ نہیں پڑتے۔

کھانسی اور سینے کے امراض کے لیے

شیریں انار کا جوس 10 تولے اور چینی یا کوزہ مصری ایک پاؤ، دونوں کا قوام تیار کریں۔ جو کہ کھانسی اور سینے کے امراض میں مفید ہے۔ ایک ایک تولہ صبح و شام چاٹیں۔ **اگر بلغم میں خون آتا ہو:** انار کے چھلکے کو پیس کر سینے پر لیپ کرنے سے بلغم میں خون آنا بند ہو جاتا ہے۔ **یرقان کے لیے:** انار کے دانوں کا رس ایک چھٹانک رات کو لوہے کے ایک صاف برتن میں رکھ دیں صبح تھوڑی مصری یا شہد ملا کر پی لیا کریں۔ تھوڑے دنوں میں یرقان دور ہو کر خون صالح پیدا ہونے لگتا ہے۔

ٹی بی، ملیریا بخار کے لیے

انار کی جڑ کی چھال کو پانی میں ابال کر چھان کر پلانے سے ٹی بی اور پرانا بخار بالکل ختم ہو جاتا ہے۔ اور یہ ملیریا بخار کے بعد کی کمزوری کو بھی دور کرتا ہے۔

صفراوی بخار کے لیے: انار دانہ 5 تولہ کو مٹی کے کورے برتن میں ایک کلو پانی ڈال کر بھگو رکھیں اور تھوڑا تھوڑا نتھار کر مصری یا شہد ملا کر مریض کو بار بار پلائیں۔ پیاس کی شدت، قے اور بخار کیلئے مفید نسخہ ہے۔ **متلی، قے کے لیے:** انار دانہ، پوست ترنج، سماق، دانہ ہیل، زرشک شیریں ہم وزن لے کر چٹنی بنالیں اور ایک بڑا چمچ صبح و شام کھائیں مفید چیز ہے۔ نیز شدت پیاس میں بھی مفید ہے۔ **کالی کھانسی کے لیے:** انار دانہ ایک تولہ، کالی مرچ 3 گرام، پیپل کا پھل 6 گرام، گڑ دو تولہ، تمام ادویات کو باریک پیس کر گڑ میں ملالیں اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں اور روزانہ 2 گولی منہ میں رکھ کر چوسیں صبح و شام۔ **بھڑ کے کاٹے کیلئے:** بھڑ کاٹنے کی صورت میں انار کے پتے رگڑ کر لگانے سے فوری آرام آجاتا ہے۔ **دانتوں کے امراض کیلئے:** انار کے پھول یا چھلکا کو خشک کر کے باریک پیس لیں یعنی پاؤڈر بنالیں، صبح و شام بطور منجن استعمال کریں۔ ہلتے دانت مضبوط اور چمکدار ہو جائیں گے۔ مسوڑھوں اور دانتوں کی تمام بیماریاں ختم ہو جائیں گی۔

خاص الخاص عمل کے بعد
جادو شکن تیل
کالا جادو، جنات، نظر بد، سفلی عمل، بدروحوں کے برے اثرات، لاعلاج بیماریاں، گھریلو جھگڑے، اولاد کی نافرمانی، مسلسل ناکامیاں، دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کر دیا ایسے حالات میں **جادو شکن تیل** کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے آس اور امید دلاتا ہے۔ (قیمت **60** روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

کالے جادو سے ڈسی دکھ بھری کہانیاں | روحانی بیماریوں کا روحانی علاج | کالے جادو سے تڑپتے سسکتے انوکھے خط اور شافی علاج

قارئین! جب دینی زندگی پر خزاں آتی ہے تو بے دینی اور کالی دنیا کا عروج ہوتا ہے۔ اگر آپ کسی کالی دنیا، کالی دیوی یا کالے جادو سے ڈسے ہوئے ہیں تو لکھیں ہم قرآن وسنت کی روشنی میں اس کا حل کریں گے۔ جسکا معاوضہ دعا ہے۔ براہِ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا، جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خطوط لکھتے ہوئے اضافی کوئی ٹیپ نہ لگائیں۔ خط کھولتے وقت پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ فرد کا نام، موبائل نمبر اور کسی شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور لکھیں۔ جسمانی مسئلے کے لئے خط علیحدہ ڈالیں

شادی اسی گھر میں کرنا چاہتی ہوں!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! ہمارے دور کے رشتہ دار ہیں، ان کے گھر ہمارا آنا جانا بھی ہے مگر صرف شادی غمی کے موقع پر۔ ابھی چند ہفتے ہوئے ہیں وہ لوگ شہر چھوڑ کر پیچھے گاؤں چلے گئے ہیں۔ مجھے یہ گھر اور لوگ بہت پسند ہیں، میں چاہتی ہوں کہ ان کی بھابی اور والدہ مجھے اپنے بیٹے کیلئے مانگ لیں، میری نظر میں ہمارے تمام رشتہ داروں اور خاندان میں یہی سب سے پڑھے لکھے اور اچھے لوگ ہیں، محترم شیخ الوظائف! مجھے کوئی ایسا وظیفہ بتایئے جس کے پڑھنے سے ان کی بھابی اور والدہ میری طرف متوجہ ہوجائیں اور مجھے میرے گھر والوں سے اپنے بیٹے کیلئے مانگ لیں، میری شادی اُسی انسان سے ہوجائے، میں اسی لڑکے سے شادی کرنا چاہتی ہوں لیکن ان کے گھر والوں اور اس لڑکے کی نظر میں، میں نہیں ہوں، بلکہ اسے تو شاید میرا نام بھی نہ معلوم ہو، کوئی ایسا وظیفہ بتایئے جو میرے حق میں بہتر ہو، میں بہت پریشان ہوں۔ جزاک اللہ۔ (پوشیدہ، جہلم)

جواب: یہ وظیفہ لکھی گئی ترکیب کے مطابق کریں۔ ان شاء اللہ جو آپ کے حق میں بہتر ہوگا بہت جلد ہوجائے گا۔ عمل یہ ہے: سورۂ والضحیٰ بمع بسم اللہ ایک بار، اول وآخر تین بار درود شریف اور سورۂ کے ہر "ک" پر 9 بار یَا کَرِیْمُ پڑھنا ہے۔ یہ عمل ہر نماز کے بعد ایک بار یا صبح وشام ایک ایک بار کریں۔ اگر فجر سے پہلے کرلیں تو زیادہ فائدہ ورنہ جس وقت کریں، جتنا زیادہ کریں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ سارا گھر کرے ورنہ جتنے زیادہ افراد کرسکیں کرسکتے ہیں۔ عمل کرتے ہوئے مقصد کا تصور کریں۔ عمل 9 دن کرنا ہے اگر کام نہ ہو تو پھر دوبارہ سے 9 دن کا عمل شروع کرنا ہے۔

بیٹے نے غیر مسلم لڑکی سے شادی کرلی اور گھر چھوڑ کر چلا گیا! (تڑپتی ماں کا خط)

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے گھر کے حالات دن بدن خراب ہورہے ہیں، بچیوں کے اچھے رشتے باوجود کوشش کے نہیں مل رہے۔ اس کے علاوہ سب سے بڑی پریشانی یہ آن پڑی ہے کہ بیٹے نے اپنی پسند سے غیر مسلم لڑکی سے شادی کرلی ہے، گھر بالکل نہیں آتا اور نہ ہی فون کرتا ہے۔ براہ مہربانی مجھے کوئی وظیفہ بتائیں کہ میرا بچہ گھر لوٹ آئے۔ مجھے پتہ چلا ہے کہ اس لڑکی نے اسلام بھی قبول نہیں کیا، ڈر ہے کہ کہیں میرا بچے کا ایمان بھی نہ چھین لے۔ (ا۔ب، پشاور)

جواب: آپ اپنے بیٹے کا تصور کرتے ہوئے ہر نماز کے بعد ایک تسبیح اس آیت کی پڑھیں۔ اول وآخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ۔ ان شاء اللہ بہت جلد آپ کا بیٹا آپ کے پاس لوٹ آئے گا۔ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿الانعام ۴۵﴾

بیٹا انجینئرنگ کررہا تھا کہ اچانک!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! دل کی گہرائیوں سے آپ کیلئے دعا گو ہیں، اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین! عرصہ دراز سے پریشانیوں میں مبتلا ہوں، بڑے بیٹے نے انجینئرنگ کی ہوئی ہے۔ پڑھائی کے آخری سال اچانک پڑھائی چھوڑ دی، وہ ہر وقت پریشان رہتا ہے۔ بیروزگار ہے، خدارا مجھے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ میں اس کی وجہ سے بہت پریشان ہیں۔ وہ زندگی میں آگے جا کر کیا کرے گا؟ نہ پڑھائی نہ کاروبار نہ نوکری۔ میں چاہتی ہوں وہ کامیاب ہو۔ (پریشان ماں، پشاور)

جواب: اَحَدٌ سَمَطَعَ كَلْمُوْهُ صبح و شام 313 مرتبہ اول وآخر درود شریف 7 مرتبہ پڑھیں۔ وضو بے وضو سارا گھر پڑھے۔ جتنے زیادہ افراد پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ اگر مسئلہ بہت مشکل ہو تو ہزاروں، لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ ایک سوا لاکھ سے کئی سوا لاکھ کی تعداد بڑھائیں۔ عمل مستقل مزاجی سے کریں چند دن کرکے گھبرا نہ جائیں۔

شوہر مستقل مزاج نہیں!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میرے کچھ مسائل ہیں جو عرصہ دراز سے چلے آرہے ہیں، وہ مندرجہ ذیل ہیں:۔ شادی کو نو سال کا عرصہ ہوگیا ہے، اب تک اولاد سے محروم ہوں۔ بظاہر ہر رپورٹ ٹھیک آتی ہے مگر دل کی دھڑکن اور ہڈیوں کی تکلیف زیادہ ہے۔ ہائی بلڈ پریشر اور وزن 99 کلو ہے۔ شوہر مستقل مزاج نہیں، اس لیے کوئی روزگار نہیں ہے، محنت بہت کرتے ہیں لیکن ہر کام رک جاتا ہے، نماز کے بھی پابند نہیں ہیں، بے اختیار ضدی طبیعت کے مالک ہیں۔ دل بہت کمزور ہوگیا ہے، ہر وقت وساوس آتے ہیں۔ خدارا مجھے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں تاکہ مجھے ان مسائل سے چھٹکارا مل سکے۔ (ص، اسکھر)

جواب: لَمْ يُنْصَرُوْنَ کو گیارہ دن، اکیس دن، اکتالیس یا اکانوے دن میں سوا لاکھ مکمل کریں۔ جب تک مسئلہ حل نہیں ہوتا اسی طرح ایک، تین، پانچ، سات، سوا لاکھ جتنے زیادہ کرسکتے مکمل کریں۔ دن زیادہ ہوجائیں تو گھبرائیں نہیں عمل جاری رکھیں۔ وضو بے وضو، پاک ناپاک ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں۔ جتنی عمل میں توجہ زیادہ ہوگی اتنا زیادہ نفع ہوگا۔ اتنی بیماریاں، بندشیں، گھریلو الجھنیں، پریشانیاں، سفلی عمل اور مشکلات زیادہ جلدی ختم ہوں گی۔ درج بالا مسائل میں مبتلا تمام قارئین کو اس کے پڑھنے کی اجازت ہے۔ اس عمل کے ساتھ عبقری دواخانہ کا "سکون افزا" سیرپ چند ہفتے مستقل مزاجی سے لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔

سیاسی شخصیت سے شادی کرنا چاہتی ہوں؟

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں ایک سیاسی شخصیت کو بہت پسند کرتی ہوں، اس کی تقاریر بہت غور اور شوق سے سنتی ہوں، اس کے اٹھنے بیٹھنے کا انداز، چلنے کا انداز مجھے بہت پسند ہے، اس کو فیس بک، ٹیوٹر پر فالو کرتی ہوں۔ میں چاہتی ہوں کہ میری اس شخصیت سے بس ایک مرتبہ ملاقات ہوجائے اور میری شادی بھی کسی طرح اسی سے ہوجائے۔ بس مجھے کوئی اسم الٰہی ایسا عطا فرمائیں کہ جس کے پڑھنے سے کوئی ایسے اسباب پیدا ہوجائیں جس سے میری شادی اس شخصیت سے ہوجائے۔ بس میرا کام بن جائے۔ میں عمر بھر آپ کیلئے دعائیں کرتی رہوں گی۔ (ن، گاؤں ن)

جواب: آپ سارا دن کھلا صرف یَا هَادِيُ يَا رَحِيْمُ پڑھیں۔ اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح درود ابراہیمی کی پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے جو بہتر ہے اس کی دعا کریں۔ ان شاء اللہ، بہتر ہوگا۔

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHANDESHAWAR

عبقری 160 پیشاب کی زیادتی: اگر پیشاب بار بار آتا ہو تو اس کیلئے ذیل کا نسخہ مفید ہوگا۔ ھوالشافی: ایک پاؤ پانی میں تین ماشہ انار کی جڑ کا چھلکا ڈالیں' جوش دیں' جب آدھا پانی خشک ہو جائے تو چھان کر پلایا کریں۔

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج — طبی مشورے

پہلے ان ہدایات کو غور سے پڑھیں: ان صفحات میں امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا تو جہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ راز داری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام' موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

مہنگی کریموں اور فیس واش کا کمال

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میری دوست کی عمر 26 سال ہے' آج سے دس سال پہلے چہرے پر دانے نکلتے تھے اور ابھی تک نکلتے ہیں پہلے بہت زیادہ نکلتے تھے مگر اب کچھ کم ہیں' میری دوست نے ہر ڈاکٹر سے علاج کروایا' ہر ڈاکٹر نے اپنا کورس کروایا کسی نے چھ مہینے' کسی نے تین سال تک کورس کروایا' مہنگے سے مہنگا فیس واش' بیرون ممالک کی مہنگی کریمیں' سن بلاک اور نجانے کیسی کیسی گولیاں' کیپسول کھائے مگر صرف وقتی طور پر اثر کیا' ڈاکٹروں کے کورس پورا کرنے کے بعد پھر وہی دانے دوبارہ نمودار ہو جاتے' چہرے کیلئے ملتانی مٹی' بیسن' دہی سب ٹوٹکے کر چکی ہے مگر کوئی فرق نہیں پڑتا' چہرے پر جو کریمیں لگائیں تھیں ان کی کریموں نے چہرے پر ایسا اثر چھوڑا جہاں کریمیں لگائی تھیں وہ جگہ سرخ رہتی ہے' یعنی گال کا حصہ' ناک' پیشانی اور ٹھوڑی کا حصہ سرخ سا رہتا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ ماسک لگایا ہوا ہے اور دھوپ میں تو بہت ہی بدنما لگتا ہے۔ محترم حکیم صاحب مہربانی فرما کر ایسا نسخہ یا دوائی بتائیے کہ چہرے کا سرخ پن جو ماسک کی طرح لگتا ہے اور دانوں کے سرخ نشانات سے ہمیشہ کیلئے جان چھوٹ جائے۔ شکریہ! (پوشیدہ)

مشورہ: چہرے کے مسائل سے مکمل نجات کے لیے کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے عبقری دواخانہ کا ''پپیا ٹائٹس نجات سیرپ'' اور ''چہرہ شفاء'' استعمال کریں۔ یہ دونوں ادویات آپ نے چند ماہ لازماً استعمال کرنی ہیں۔ چند دن یا ہفتے کر کے چھوڑ نہیں دینی۔ ان کے سائیڈ ایفیکٹ بالکل بھی نہیں ہیں۔ یہ چہرے کے ہر الجھے مسئلہ کا آخری حل ہیں۔ بے شمار ان کے استعمال سے چہرے کے مسائل سے چھٹکارا پا چکے ہیں۔ اس کے ساتھ تلی ہوئی' مرچ مصالحہ اور گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔ موسمی پھل زیادہ کھائیں اور پنج وقتہ نماز ضرور پڑھیں۔

قبض ختم کرنے کیلئے کوئی نسخہ بتائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! قبض ختم کرنے کیلئے کوئی آزمودہ نسخہ یا ٹوٹکہ ضرور بتائیے جس کے استعمال سے قبض ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائے۔ (ج، سکھر)

مشورہ: قبض کیلئے یہ نسخہ جولائی 2012ء کے عبقری میگزین میں ایک قاری نے لکھا تھا' بے شمار قارئین نے آزمایا' قبض دور کرنے کیلئے لاجواب نسخہ ہے۔ آپ بھی یہی نسخہ بنائیں اور قبض سے چھٹکارا پائیں۔ ھوالشافی: مصبر 24 گرام' تخم خطل چھ گرام' سقمونیا 12 گرام' اجوائن خراسانی 24 گرام' غاریقون 24 گرام' تمام ادویہ کو کوٹ کر کپڑ چھان کر کے رکھ لیں۔ کالی مرچ کے برابر دوا درج ذیل قہوہ سے لے لیں۔ دودھ ایک پاؤ' گل گلاب ایک تولہ' چھوٹی الائچی ایک عدد' میٹھا حسب ذائقہ' تینوں چیزوں کو ایک دیگچی میں ڈال کر آگ پر پکائیں اور ایک یا دو جوش آنے پر اتار لیں اور اس قہوہ سے یہ کالی مرچ کے برابر دوا دن میں ایک مرتبہ کھالیں۔ ان شاء اللہ قبض سے نجات مل جائے گی۔

شوگر' بلڈ پریشر' ہارٹ اٹیک اور معدہ کا مسئلہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شوگر 350 سے 400 تک رہتی ہے۔ پنڈلیاں درد کرتی ہیں' پاؤں سے ٹیسیں اٹھتی ہیں۔ اس کے علاوہ بلڈ پریشر ہر وقت ہائی رہتا ہے' سانس چڑھتا ہے' اعصابی اور جسمانی کمزوری بہت زیادہ ہے۔ معدہ میں ہر وقت گیس رہتی ہے' تھوڑا سا بھی چلوں تو سانس پھول جاتا ہے' ڈکار آتے ہیں۔ (ام اسامہ)

مشورہ: آپ درج ذیل قہوہ بنا کر مستقل مزاجی سے پئیں' اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کا ''عرق شوگر شفاء'' استعمال کریں۔ ھوالشافی: گیارہ دانے عناب، کیڑا لگا ہوا نہ ہو۔ گیارہ دانے سپستان اور ایک بڑا چمچ بہی دانہ، ہلکا سا کوٹ کر ایک کلو یا ایک لیٹر ابلتے گرم پانی میں رات کو بھگو کر رکھ لیں' صبح اچھی طرح مل چھان کر شہد یا شکر جو بھی میٹھا مناسب ہو اگر میٹھا نہ بھی ملائیں تو کوئی حرج نہیں۔ سردی ہو تو نیم گرم ایک ایک کپ سارے دن میں ایک کلو پانی ختم کریں اس طرح روزانہ نئی دوائی اور نیا پانی۔ اگر بیماری زیادہ ہو تو آپ زیادہ گیارہ کی بجائے اکیس اور چالیس دانے بھی ایک دن میں استعمال کر سکتے ہیں اور اسی کے حساب سے بہی دانہ کی مقدار بھی بڑھا لیجئے۔ چند دن' چند ہفتے استعمال کیجئے۔

بے چینی' بے سکونی اور کپکپی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے کہ ہر وقت بے چینی' بے سکونی' کپکپی' گھٹنے کی سوجن' نیند کی کمی۔ ان تمام چیزوں نے میرا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ (رابعہ یاسمین' کراچی)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''سکون افزاء'' اور ''معجون شفاء یابی'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق چند ہفتے استعمال کریں۔ ان شاء اللہ درج بالا مسائل سے چھٹکارا مل جائے گا۔

میری اماں کی ڈاڑھی اور مونچھیں نکل آئیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری اماں کے چہرے' ٹھوڑی اور مونچھوں کی جگہ پر بال نکل آئے ہیں' وہ ذہنی طور پر بہت زیادہ پریشان ہیں' ان کے پوشیدہ مسائل بھی ہیں۔ ان کی عمر 45 سے 50 سال کے درمیان ہے۔ چہرے پر جو بال ہیں وہ موٹے ہیں' ٹھوڑی پر زیادہ ہیں۔ ہم عبقری پر سو فیصد اعتماد کرتے ہیں' میری زندگی ہی عبقری کی وجہ سے بدلی ہے۔ دین کی طرف رغبت اور روحانیت مجھے عبقری کے درس سے ہی ملی ہے۔ (ش، ا، ہارون آباد)

مشورہ: آپ اپنی والدہ کو عبقری دواخانہ کی تیار کردہ دوا ''ہارمونز شفاء'' اور ''خاتون شفاء'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کروائیں۔ اس کے ساتھ اپنی والدہ سے کہیں کہ ہر نماز کے بعد 11 مرتبہ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ مُنافٌ کے اوپر انگلی رکھ کر پڑھیں۔ ان شاء اللہ صحت یاب ہوں گی۔

(بقیہ: درس روحانیت وامن سے فیض پانے والے)

مزین دعا' رو رو کر اللہ کریم سے دعا مانگی۔ جب تسبیح خانہ سے نکلی تو میں بالکل بدل چکی تھی' میں بالکل پرسکون تھی' لگتا تھا کہ اب میں صحیح جگہ پہنچی ہوں۔ شوہر باہر ملے تو وہ بہت خوش' ان کے چہرے پر سکون تھا' اطمینان تھا۔ ہم نے تہہ کر لیا کہ ہم 21 جمعرات سورۂ اخلاص کے عمل میں ضرور شامل ہوں گے اور کوئی بھی ناغہ نہ کریں۔ ہماری ابھی گیارہ جمعراتیں بھی نہ ہوئیں تھی کہ میرے شوہر کا کاروبار سنبھلنا شروع ہو گیا' پرانے گاہک واپس آنا شروع ہو گئے' آرڈر ملنا شروع ہو گئے' مگر ہم نے جمعرات کو درس پر آنا نہ چھوڑا۔ آج ہم مطمئن خوش ہیں۔ کاروبار بہترین چل رہا ہے' رزق میں برکت ہے' سکون ہے' خوشی ہے۔ آج اس بات کو ایک سال گزر چکا ہے مگر درس سے آج تک ناغہ نہیں ہوا۔ (اہلیہ محمد ندیم' لاہور)

چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو' داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے نہ جاتے ہوں بس خون صفاء

جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب مرکب ہے جو نہایت بے ضرر اور بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں نے آزمایا اور مفید پایا۔

خون صفاء (بڑوں' بچوں کیلئے یکساں مفید) — نکھری بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج

ہر جلد کی خرابی پرانی خارش اس کی وجہ خون کی خرابی ہو کسی قسم کا انفیکشن ہو الرجی ہو یا شوگر کی وجہ سے ہو بس خون صفاء کے استعمال سے ہر جلدی امراض سے چھٹکارا۔

قیمت -/120 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-ISLAMABAD

عبقری 160 سب کام درست ہوجائینگے: جو اسم اَلْعَزِیْزُ کو ۴۱۱ دن تک 200 بار اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھے گا اس کے سب کام درست ہوجائیں گے۔

میری زندگی کیسے بدلی

ذلت کی وجہ سے روزانہ خودکشی کا سوچتی! درس اور عبقری نے بچالیا

قارئین! حضرت جی کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں روز سنیں آپ کے گھر گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو سدا خوش رکھے آپ کی نسلوں کو تا قیامت سلامت رکھے۔ تسبیح خانہ لوگوں کی مدد کا ذریعہ قیامت تک بنا رہے۔ میں نے ایک ایسے گھرانے میں آنکھ کھولی جہاں دنیا کی ہر چیز ملی لیکن سکون نہیں ہم چھ بہن بھائی ہیں تین مجھ سے بڑے اور دو چھوٹے ہیں پاپا وغیرہ دو بھائی ہیں 12 مربع زمین ہے دادا ابو سرکاری ٹیچر تھے جو اب ریٹائر ہوگئے اچھی خاصی پنشن بھی ہے ہم جس قصبے میں رہتے ہیں دادا جی کو اچھی خاصی عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ میری ماں تین بہنیں اور تین بھائی ہیں نانا ابو کی 17 مربع زمین ہے بڑی بہن ہونے کی وجہ سے سارے ماموں میری ماں کی عزت کرتے ہیں میرے سارے بہن بھائی اچھے عہدوں پر ہیں۔ ساری فیملی پڑھی لکھی ہے گھر میں کسی قسم کی مالی تنگی نہیں میرا رشتہ بچپن سے اپنی پھوپھی کے بیٹے سے طے تھا دوسرے بہن بھائیوں کے رشتے بھی خاندان میں کزنوں سے طے تھے وقت چلتا رہا۔ میں نے مڈل پاس کرلیا اور ایڈمیشن دوسرے سکول میں ہوگیا جہاں کو ایجوکیشن تھی۔

سارا دن موبائل پر باتیں اور لڑکوں سے دوستی

کلاس میں ذہین اور حسین دونوں کام تھے میرے کپڑے جوتے دیکھ کر لڑکیاں حیران ہوتیں۔ میں صفائی ستھرائی کا خیال رکھتی اساتذہ بھی تعریف کرتے اسی دوران ایک کلاس کے لڑکے سے دوستی ہوگئی وہ بہت غریب اور بہن بھائی بھی بہت زیادہ تھے دوستی بڑھتی گئی اور دو سال تک رہی۔ میں میٹرک میں پاس اور وہ فیل ہوگیا اب جدا ہونے کا وقت آگیا اور میرا ایڈمیشن ایک اکیڈمی میں ہوگیا جو اس لڑکے کے گھر کے قریب تھی وہاں جاتی تو اس لڑکے کے گھر پر ملتے یونہی روز ملنے لگے کافی دیر بیٹھتی باتیں کرتے۔ اکیڈمی کے دوستوں کو دیکھتے ہوئے موبائل خرید لیا۔ سارا دن موبائل پر باتیں کرتی اس لڑکے کے علاوہ آہستہ آہستہ موبائل فون کی وجہ سے مزید لڑکوں سے بھی دوستی ہوگئی اور ان سے بھی باتیں کرتی۔ وہ لڑکا غریب تو تھا ہی مگر انتہائی غلیظ سوچ کا مالک بھی تھا مگر میں بھی اس کے بچھائے جال میں پوری طرح پھنس چکی تھی نجانے اس نے مجھ پر کیا جادو کیا ہوا تھا کہ میں اس کی ہر بات مانتی اس کی ہر طرح سے مدد کرتی گھر سے پیسے چرا کر اسے دے آتی۔ میرے سامنے انتہائی معصوم شریف بنا رہتا میں اس پر اندھا اعتماد کرتی۔ بس اسی اندھے اعتماد نے میرا کچھ نہ چھوڑا۔ دو سال اتنے گناہ کیے کہ بتا نہیں سکتی۔ میری راتیں گھر میں اور دن اس لڑکے کے ساتھ گزرتے۔ میں نے اس دوران اپنا سب کچھ کھو دیا۔

روزانہ خودکشی کا سوچتی

ماں کو میرے کارناموں کا پتہ چلا تو اس نے بہت سمجھایا کہ وہ لڑکا تیرے قابل نہیں وہ خود کو نہیں سنبھال سکتا تجھے کیا سنبھالے گا۔ مگر میں نہ مانی۔ ساری دنیا ایک طرف اور میں ایک طرف تھی آخر تنگ آکر ماں نے بھائی کو بتا دیا جس نے میرا موبائل چھین لیا۔ مگر میں نے پھر بھی اسی غریب لڑکے سے شادی کی ضد کی۔ اس لڑکے نے غریبی کی آڑ میں مجھے خوب لوٹا مجھے خوب برباد کیا اور جب اس کا دل بھر گیا اور بات شادی کی طرف گئی تو بھاگ گیا۔ میں بہت روئی اسی دوران پیپرز ختم ہوگئے میرا اکیڈمی جانا بند کردیا گیا گھر پر میرا دل نہ لگتا۔ ہر وقت خودکشی کا سوچتی پھر کچھ عرصہ بعد بہن کے موبائل سے نئی آئی ڈی بنا کر لڑکوں سے باتیں کرکے اپنا دل بہلاتی۔ ایک دن صبح کمرے سے باہر نکلی تو ماں نے درس چلایا پہلی مرتبہ سنا میں نہ چاہتے ہوئے بھی صوفے پر بیٹھ گئی اور سننا شروع کردیا۔

بربادی اور گناہوں کی اتنی بڑی داستان!

اسی دوران والدہ بھی میرے پاس آگئیں اور میرا سر اپنی گود میں رکھ لیا اور بالوں میں پیار سے ہاتھ پھیرنے لگیں میں درس سن رہی تھی ایک ایک بات دل کو چھو رہی تھی آنکھوں سے آنسو جاری تھے اور میں سوچ رہی تھی کہ چھوٹی سی عمر میں ہی میں نے بربادی اور گناہوں کی اتنی بڑی داستان رقم کرڈالی اب میرا کیا بنے گا؟ میرے گرم گرم آنسو ماں کی گود میں گر رہے تھے مگر میری ماں نے مجھ سے کچھ نہ پوچھا بس وہ سر پیچھے صوفے کو لگائے میرے بالوں میں اپنی شفقت بھری انگلیاں پھیر رہی تھی اور میں سکون کی وادی میں کھوئے جارہی تھی۔ پھر میں اٹھی اور والدہ کے کمرے جاکر ان کی الماری کھولی جس میں بہت سارے عبقری رسالہ جات رکھے ہوئے تھے میں نے تمام اٹھائے اور اپنے کمرے میں چلی گئی۔ میں نے ایک ایک کرکے پڑھنا شروع کردیئے اسی دوران میں نے نماز پڑھنا شروع کی موبائل استعمال کرنے سے توبہ کرلی۔ دل بہت چاہتا کہ موبائل پکڑوں دوبارہ گندی دنیا میں کود جاؤں مگر نفس کو روکے رکھا آہستہ آہستہ ایک وقت آیا کہ مجھے اس گندی دنیا سے نفرت ہوگئی۔ پھر عبقری نے میری زندگی بدل ڈالی۔ اعمال کرنے شروع کیے۔

اللہ تعالیٰ نے کھوئی عزت لوٹادی

آہستہ آہستہ طبیعت نیکی کی طرف آنے لگی اگر عبقری نا ملتا میں شاید خودکشی کرچکی ہوتی عبقری اور درس کی وجہ سے میرے قدم جو صرف گناہ کے لیے گھر سے باہر جاتے تھے رک گئے ہیں۔ مکمل طور پر گھر پر ہی رہتی ہوں۔ الحمدللہ! بھائیوں نے بھی اپنا لیا ہے گزشتہ دنوں بڑے بھائی میرے لیے بہت ہی قیمتی موبائل تحفہ لائے مگر میں نے کہا مجھے ان چیزوں کی ضرورت نہیں مگر انہوں نے انتہائی پیار سے میرے سر پر تھپکی دیتے ہوئے کہا کہ تمہارے لیے لایا ہوں تم ہی استعمال کرو اس میں شیخ الوظائف کے درس سنا کرو۔ عبقری فیس بک کی پوسٹیں دیکھا کرو شیئر کیا کرو۔ میں نے صرف اسی نیت سے اب موبائل فون لیا اور استعمال کررہی ہوں۔ (پوشیدہ ساہیوال)

حلق میں کانٹا پھنس گیا تو کیا کروں؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک مرتبہ میرے حلق میں کانٹا پھنس گیا تو میری شدید تکلیف اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑا میری والدہ نے فوراً لیموں لے کر اس کا رس میرے حلق میں ٹپکانا شروع کردیا تھوڑی ہی دیر میں کانٹا باہر آگیا۔ یہ میرا آزمودہ ٹوٹکہ عبقری قارئین کے نام کردیجئے۔ شکریہ! (اسماء کوثر حافظ آباد)

تندرستی ٹانک
جسم وجان کیلئے شاہی ٹانک
تمام اعضاء کیلئے آب حیات
گھر بھر کی ضرورت
چند دنوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں
چند روز کا استعمال اور برسوں کی بھولی باتیں یاد آجائیں
ذہنی اور جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ
(قیمت 440 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

6 ماہ سے لاعلاج بیوی! بس چلتے پھرتے صحت یاب ہوگئی!

فیضان طارق کراچی

انہوں نے خود ہی بتایا وہ بھی بڑی خوشی سے کہ میری بیوی کے معدے میں جو درد تھا وہ درد کافی بہتر ہے اور کافی سکون ہے۔ رات کو بھی سوئے رہتی ہے اور جو آپ نے پانی دیا تھا وہ پانی بھی پیتی ہے دوائی کوئی بھی نہیں کھا رہی' آپ کے دیئے ہوئے پانی سے درد بہت کم ہوگیا ہے۔

بھائی جان! کیا آپ کسی پریشانی میں مبتلا ہیں؟

مجھے بینک میں کوئی کام تھا' میں اپنی ویل چیئر پر بینک گیا تو بینک کے باہر چوکیدار کھڑا تھا میں نے اس کو سلام کیا اور بینک کے اندر چلا گیا' بینک کے سسٹم میں کوئی پرابلم تھی خیر میں انتظار کرنے لگا اور شیشے سے باہر کھڑے چوکیدار کو دیکھنے لگا اس کے چہرے پر ایک عجیب سی کیفیت تھی' وہ بہت پریشان تھا اور مایوس تھا' کسی بڑی پریشانی میں مبتلا تھا یہ سب باتیں میرے اندر سے آرہی تھیں اور مجھے محسوس ہو رہا تھا اس نے میرے سلام کا جواب بھی نہیں دیا تھا۔ میں اس کے پاس دوبارہ گیا وہ عمر میں مجھ سے بڑے تھے میں نے ہمت کر کے ان سے کہا کہ بھائی جان آپ کسی پریشانی میں مبتلا ہیں اور وہ بھی گھریلو' میرا اتنے کہنے کی دیر تھی کہ وہ رونے لگا اور پھر اپنے گھر کے سارے مسائل بتانے لگا:۔

6 ماہ سے لاعلاج بیوی

اس نے بتایا کہ میری بیوی چھ مہینے سے بیمار ہے' معدہ میں درد ہے' ڈاکٹروں سے چیک اپ کروایا ہے' انہوں نے کہا کچھ بھی نہیں ہے۔ اسلام آباد، لاہور کے بڑے بڑے ہسپتالوں سے چیک کروایا ہے' پانچ پانچ' دس دس ہزار کی دوائی بھی کھائی ہے مگر کوئی فرق نہیں۔ بڑے بڑے عاملوں کو چیک کروایا ہے کوئی کہتا ہے جادو ہے' کوئی کہتا ہے سایہ ہے اور کوئی کچھ اور ہی بتاتا ہے۔ میں ان عاملوں کو بھی کافی رقم دے چکا ہوں مگر کوئی فرق نہیں ہے جس نے بھی کسی پیر یا بزرگ کا بتایا ہے ان کے پاس گیا ہوں کچھ بھی نہیں ملا بس ذلیل ہوا ہوں اور تھک گیا ہوں' کیا کروں؟ یہ باتیں کرتے کرتے تقریباً ایک گھنٹہ ہوگیا اور مجھے اکیڈمی سے بھی دیر ہو رہی تھی۔ میں نے سوچا آج میں اللہ تعالیٰ کے اس دکھی بندے کی بات سنتا ہوں' اکیڈمی نہیں جاتا وہ آدمی مجھ سے باتیں کرتا رہا۔

تمہیں کیسے پتہ چلا میں پریشان ہوں؟

آخر اس نے مجھے حیرانگی سے پوچھا تمہیں کیسے پتہ چلا کہ میں بہت پریشان ہوں؟ میں نے کہا: آپ کے چہرے کے تاثرات' بے چینی اور پریشانی سے اندازہ ہوا مزید یہ اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں ڈال دیا میں تو ناچیز ہوں' نہ کوئی بڑا عامل یا بزرگ نہیں ہوں۔ میں نے انہیں کہا کہ میں آپ سے کوئی فیس نہیں لوں گا بس آپ نے ایک کام کرنا ہے' وہ یہ کہ اپنا یقین مضبوط کرنا ہے میں جو بتاؤں گا وہ پڑھنا ہے۔ انہوں نے کہا ٹھیک ہے۔ میں نے انہیں درود پڑھنے کا کہا صَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٌ روزانہ کثرت سے چلتے پھرتے، کام کرتے، کھاتے پیتے ہر جگہ یہ درود پڑھنا ہے اور آپ کی بیوی بھی اور آپ کے بچے بھی بس یہی درود پڑھیں' اللہ تعالیٰ سے دعا کریں' میں کل پھر آؤں گا۔ میں گھر آیا دو انمول خزانہ نمبر 1 پڑھ کر 21 دفعہ پانی پر دم کر کے رکھا ہوا تھا وہ پانی ایک بوتل میں ڈال کر اگلی صبح لے گیا اور ان کو دے دیا۔ دینے سے پہلے میں نے پھر ان کو تسلی اور یقین کیلئے انمول خزانہ پڑھ کر پھر دم کر دیا اور کہا کہ مجھے سات دن بعد فون کر کے بتایئے گا۔

اس کی پریشانی دور ہو چکی

میں نے اپنا نمبر دے دیا اچانک انہوں نے مجھے چار دن بعد فون کیا اور کہا کہ میری بیوی کے گلے میں جو تعویذ ہے کیا اتار دیا جائے۔ میں نے کہا جی اتار دیں' میں نے کہا آپ درود پڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا ہاں جی پڑھ رہے ہیں اور انہوں نے خود ہی بتایا وہ بھی بڑی خوشی سے کہ میری بیوی کے معدے میں جو درد تھا وہ درد کافی بہتر ہے اور کافی سکون ہے۔ رات کو بھی سوئے رہتی ہے اور جو آپ نے پانی دیا تھا وہ پانی بھی پیتی ہے دوائی کوئی بھی نہیں کھا رہی' آپ کے دیئے ہوئے پانی سے درد بہت کم ہوگیا ہے۔ میں نے کہا بس آپ سب درود شریف پڑھتے رہیں اور پانی استعمال کرتے رہے۔ اس آدمی نے کہا آپ میرے گھر آئیں اور گھر پر بھی نظر کریں۔ میں نے کہا آپ پریشان نہ ہوں بس آپ کو جو پڑھنے کیلئے دیا ہے وہ ہر وقت پڑھتے رہے اور پانی استعمال کرتے رہے سب گھر والے بھی یہ پانی پی سکتے ہیں۔ آج وہ آدمی خوش ہے' اس کی پریشانی دور ہو چکی اور بیوی صحت یاب ہے۔

پتھر کا سبق

مولانا وحید الدین خان

راجستھان کا ایک طالب علم ہائی سکول میں فیل ہوگیا' دوسرے سال اس نے پھر امتحان دیا مگر وہ دوبارہ فیل ہوگیا۔ اس کے بعد جب اس کا تیسرے سال کا نتیجہ آیا اور اس نے دیکھا کہ وہ اب بھی فیل ہے تو اس کو سخت دھچکا لگا وہ اتنا بیزار ہوا کہ گھر سے بھاگ نکلا۔ چلتے چلتے وہ ایک گاؤں کے کنارے پہنچا اس کو پیاس لگ رہی تھی۔ اس نے دیکھا کہ ایک کنواں ہے جس پر کچھ عورتیں اور بچے پانی بھر رہے ہیں۔ وہ کنویں کے پاس پہنچا تاکہ اپنی پیاس بجھا سکے۔ مگر وہاں اس نے ایک منظر دیکھا' منظر بظاہر چھوٹا سا تھا مگر وہ اس سے اتنا متاثر ہوا کہ اپنی پیاس بھول گیا۔ اس کو اچانک محسوس ہوا کہ اس نے پانی سے زیادہ بڑی ایک چیز پالی ہے۔ اس نے دیکھا کہ گاؤں کے جو لوگ پانی بھرنے کیلئے کنویں پر آتے ہیں عام طور پر ان کے ساتھ دو عدد مٹی کے گھڑے ہوتے ہیں۔ ایک گھڑے کو وہ کنویں کے قریب ایک پتھر پر رکھ دیتے ہیں اور دوسرے گھڑے کو کنویں میں ڈال کر پانی نکالتے ہیں۔ اس نے دیکھا کہ جس پتھر پر گھڑا رکھا جاتا ہے وہ گھڑے رکھتے رکھتے پتھر گھس گیا ہے۔

''گھڑا مٹی کی چیز ہے' اس نے سوچا' مگر جب وہ بار بار بہت دنوں تک ایک جگہ رکھا گیا تو اس کی رگڑ سے پتھر گھس گیا۔ استقلال کے ذریعہ مٹی نے پتھر کے اوپر فتح حاصل کر لی۔ مسلسل عمل نے کمزور کو طاقت ور کے اوپر غالب کر دیا۔ پھر اگر میں برابر محنت کروں تو کیا میں امتحان میں کامیاب نہیں ہوسکتا۔ کیا کوشش کے اضافہ سے میں اپنی کمی پر قابو نہیں پاسکتا۔'' یہ سوچ کر بھاگے ہوئے طالب علم کے قدم رک گئے' وہ لوٹ کر اپنے گاؤں واپس آگیا اور دوبارہ تعلیم میں اپنی محنت شروع کر دی۔ اگلے سال وہ چوتھی بار ہائی اسکول کے امتحان میں بیٹھا۔ اس بار نتیجہ حیرت انگیز طور پر مختلف تھا۔ اس کے پرچے اتنے اچھے ہوئے کہ وہ اول درجہ میں پاس ہوگیا۔ تین بار ناکام ہونے والے نے چوتھی کوشش میں نمایاں کامیابی حاصل کی۔ پتھر کا یہ سبق نوجوان کی زندگی کیلئے اتنا اہم ثابت ہوا کہ اس کی زندگی کا رخ بدل گیا جو طالب علم ہائی سکول میں مسلسل ناکام ہو کر بھاگا تھا۔ وہ اس کے بعد مسلسل فرسٹ آنے لگا۔ یہاں تک کہ ایم اے میں اس نے ٹاپ کیا۔ (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟؟
کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔1۔ بک سٹال جہاں رسالہ نہ ہو تو سٹال کا فون یا موبائل نمبر ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔
042-37552384-042-37425801-3 یا اس پتہ پر خط لکھیں: دفتر ماہنامہ عبقری' عالمی مرکز روحانیت و امن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

زچگی کے بعد، کیا غذائیں کھائیں اور کیا احتیاط کریں! سب جان لیجئے

پروفیسر تہمینہ اصغر کراچی

لڑکی کے ماں بنتے ہی اس کی اور خاندان کی زندگی یکسر بدل جاتی ہے۔ بچے کے دنیا میں آتے ہی خوشیوں کی بارات اتر آتی ہے تو اس کی صحت اور حفاظت کی فکر بھی لاحق رہتی ہے۔ خود ماں کی صحت اور سلامتی پر توجہ کرنا بہت ضروری ہوتا ہے خاص طور پر پہلوٹی کے لیے یہ احتیاطیں زیادہ ضروری ہوتی ہیں۔ برصغیر میں پہلا ہفتہ جسے عام طور پر ''چھٹی'' کہتے ہیں، احتیاط کا زیادہ متقاضی ہوتا ہے۔ علاج معالجے کی جدید سہولتوں کے باوجود پاکستان میں بچوں کی مجموعی اموات میں سے پچاس فیصد ولادت کے پہلے ہفتے اور پچاس فیصد پہلے مہینے میں واقع ہوتی ہیں۔ اس لیے ماؤں کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ خود بھی احتیاط سے کام لیں اور بچے کا بھی بہت خیال رکھیں۔

زچگی کے بعد گھر کے کام

ضروری ہے کہ اگر زچگی نارمل ہوئی ہے تو وہ پہلے روز مکمل آرام کرے۔ اس کے بعد وہ احتیاط سے چل پھر سکتی ہے۔ اس سے اس کی ٹانگوں میں دوران خون بہتر ہو جائے گا اور وہ رگوں کے پھولنے کی شکایت سے محفوظ رہے گی۔ آٹھ دس دن بعد ماں گھر کا ہلکا کام کاج کر سکتی ہے، مگر زچگی آپریشن سے ہوئی ہو تو ایسی صورت میں معالج کے مشورہ پر عمل ضروری ہے۔

زچگی کے پہلے ہفتے صرف کمرے میں ٹہلیے

زچگی کے پہلے ہفتے میں ورزش سے بچنا چاہیے، صرف کمرے میں ٹہلنا کافی ہوتا ہے۔ حمل کے دوران وزن میں اضافے سے فکرمند نہیں ہونا چاہیے۔ رفتہ رفتہ اضافہ کم ہو جائے گا۔

نومولود اور اس کی غذا کا خیال رکھیں!

یہ بہت ضروری ہے کہ ماں اپنے بچے کو اپنا دودھ پلائے اور یہ عمل پیدائش کے پہلے گھنٹے ہی سے شروع ہو جانا چاہیے۔ اس عمل سے پہلے ضروری ہے کہ ماں اپنے ہاتھ اور سینہ دھو لیا کرے اور بچے کو باری باری دونوں طرف سے دودھ پلائے۔ بچہ رفتہ رفتہ دودھ پینے کا اپنا معمول مقرر کرے گا جو عام طور سے تین چار گھنٹے ہوتا ہے اور جب بھی بھوک اسے ستانے لگے گی وہ رو کر اس کا اظہار کرے گا۔ نومولود بچے کو خاص طور پر دودھ کی بڑی ضرورت ہوتی ہے۔ ماں کو اپنے دودھ کے علاوہ بچے کو کوئی اور چیز نہیں کھلانی چاہیے، یہاں تک کہ سخت گرمی کے باوجود پانی بھی نہیں پلانا چاہیے۔ ماں کے دودھ میں بچے کے لیے درکار پانی کافی مقدار میں ہوتا ہے۔

زچگی کے بعد ماں کی غذا کیسی ہونی چاہیے؟

ماں کے لیے گھر میں تیار ہونے والا عام کھانا کافی ہوتا ہے بشرطیکہ کھانا متوازن ہو۔ ہاں ماں کو اپنی غذا کی مقدار میں تھوڑا اضافہ کر لینا چاہیے یعنی 550 حرارے زائد کھانے کے علاوہ 25 گرام پروٹین زیادہ استعمال کرنی چاہیے۔ ہمارے ہاں ماؤں کو اصلی گھی اور خشک مغزیات بکثرت کھلائے جاتے ہیں۔ یہ انداز درست نہیں ہے۔ ماں کو روٹی، چاول، دالوں، سبزیوں، پھل، دودھ، انڈوں اور گوشت پر مشتمل متوازن غذا کا ملنا ضروری ہے۔ اصلی گھی دن بھر میں زیادہ سے زیادہ تین چائے کے چمچوں کے برابر کھلانا کافی ہوتا ہے۔ اسی طرح دس، گیارہ بادام اور پستے وغیرہ کافی ہوتے ہیں۔ اس عرصے میں زیادہ گھی، مغزیات اور ضرورت سے زیادہ غذا ہی کے نتیجے میں ہماری خواتین موٹی ہو جاتی ہیں۔ اس کے بعد ان کا دبلا ہونا بہت مشکل ہوتا ہے۔

فولاد کی ضرورت: حمل کے دوران فولاد کی زائد مقدار کا استعمال زچگی کے بعد بھی جاری رہنا چاہیے بلکہ اس وقت اس کی مقدار میں مزید اضافہ ضروری ہو جاتا ہے تاکہ زچگی کے دوران ہونے والے جریان خون سے ہونے والی فولاد کی کمی دور ہو جائے۔ اس کے علاوہ بچے کو اپنا دودھ پلانے کی وجہ سے بھی فولاد کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔

ماں بننے کے بعد صفائی بہت ضروری ہے

ماں کے لیے بہت ضروری ہے کہ وہ صاف ستھری رہے۔ نارمل زچگی کی صورت میں وہ غسل کر سکتی ہے۔ اسے صاف ستھرا، لیکن ڈھیلا ڈھالا اور آرام دہ لباس پہننا چاہیے اور اچھی کوالٹی کے سینیٹری نیپکن یا صاف کپڑا استعمال کرنا چاہیے تاکہ مقامی چھوت سے محفوظ رہے۔

بچے کا رکھ رکھاؤ: سب سے پہلا کام بچے کا وزن کرنا ہوتا ہے۔ پیدائش کے وقت اس کا وزن کر کے درج کر لینا چاہیے۔ اس کے مطابق اس کی صحت کا خیال رکھنے میں آسانی ہوتی ہے۔ بچے کا وزن کم از کم 2.8 کلوگرام ہونا چاہیے۔ ☆ کسی بھی اچھے زچگی خانے سے بچے کی بڑھوتری کا فارم مل جاتا ہے۔ اس میں درج معلومات کے مطابق عمل کرنے سے اس کی اچھی صحت کے لیے جتن اور تدابیر آسان ہو جاتی ہیں۔ ☆ بچے کو اپنے دودھ کے علاوہ کسی قسم کے وٹامن یعنی حیاتین وغیرہ نہیں دینے چاہئیں۔ ان سے فائدے کے بجائے نقصان ہو سکتا ہے۔ ☆ بچے کو روزانہ نہلا کر صاف ستھرے آرام دہ کپڑے پہنائے جائیں۔ کپڑوں کے سلسلے میں موسم کا خیال رکھنا بھی بہت ضروری ہوتا ہے۔ جاڑوں میں گرم کپڑے اسے ٹھنڈ اور نزلہ زکام سے محفوظ رکھتے ہیں۔ ہمارے ہاں ڈیزرٹ کولر کا استعمال بھی عام ہو گیا ہے۔ نومولود بچے کو اس کی ہوا کی زد میں نہیں رکھنا چاہیے۔ ☆ مچھر ہر جگہ ہیں، بچے کو ان سے محفوظ رکھنا بے حد ضروری ہے۔ اس کے لیے مچھر جالی کا استعمال ضرور کرنا چاہیے۔ ☆ بچے کو اس کے پنگھوڑے میں لٹائے رکھنا بہتر ہے۔ بہت زیادہ لوگوں کا اسے گود میں لینا مناسب نہیں ہوتا خاص طور پر نزلے، زکام اور کھانسی میں مبتلا افراد کو اسے گود میں لینے سے احتیاط کرنی چاہیے۔ ☆ بچے کو خشک رکھنا بھی ضروری ہے یعنی وہ جب بھی فارغ ہو اس کے کپڑے بدل دینے چاہئیں۔ اس طرح اس کی جلد خراش اور جلن سے محفوظ رہے گی۔ پوتڑے بدلنے کے بعد نیم گرم پانی سے صاف کر کے جگہ خشک کرنے کے بعد پاؤڈر لگا دینا بہتر رہتا ہے۔ اسی طرح اس کی بغل میں بھی پاؤڈر چھڑک دینا چاہیے۔ ☆ نال کو کبھی چھیڑنا نہیں چاہیے۔ یہ سوکھ کر خود جھڑ جاتی ہے۔ اس پر گرم کر کے ٹھنڈا کیا ہوا کھوپرے کا تیل کبھی کبھی لگاتے رہنا مناسب ہوتا ہے اس پر کبھی مٹی، پانی اور گوبر وغیرہ نہیں لگانا چاہیے۔ یہ انتہائی خطرناک کام ہے۔ اس سے بچہ کزاز یعنی ٹیٹنس میں مبتلا ہو سکتا ہے۔

بچے میں خطرناک علامات

☆ دودھ چوسنے میں دقت ☆ رونے کی آواز میں تبدیلی، کم زور آواز میں رونا ☆ تیز تیز سانس لینا (فی منٹ 60 سانس) ☆ نیلے ہونٹ، ناخن یا چہرہ ☆ جلد اور آنکھوں کی پیلی رنگت یعنی یرقان ☆ آنول کی سوجن، سرخی یا رطوبت کا اخراج ☆ دورے اور اینٹھن، کسی عضو کا ٹیڑھا ہونا یا کھنچنا ☆ پیدائش کے چوبیس گھنٹوں بعد پیشاب نہ کرنا ☆ غنودگی ☆ آنکھوں سے پانی کا مسلسل بہنا ☆ دودھ پینے کے بعد بچہ نرم اجابت کرتا ہے۔ یہ معمول کے مطابق (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد دو بال کیوں؟
معاشرے میں پائے جانے والے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ
اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ ''کمر درد جوڑوں کا درد کورس'' آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی، طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت 800 روپے ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

موسم سرما کا فیشن اور ہماری ثقافت! خواتین یہ گر سیکھ لیں!

عالیہ امتیاز، اسلام آباد

جن خواتین کی فگر متناسب ہے وہ تو سردیوں کا انتظار شاید اسی لیے کرتی ہوں گی کہ انہیں دیدہ زیب سویٹر پہن کر مزید خوبصورت ہونے کا موقع مل جائے گا۔ کہتے ہیں کہ سردیوں کا موسم تیز رنگوں کا موسم ہوتا ہے اور یہ رنگ سب سے زیادہ سویٹرز ہی میں نظر آتے ہیں

موزوں لباس کے انتخاب کا گر

عورت خواہ کسی بھی دیس یا مذہب سے تعلق کیوں نہ رکھتی ہو، دیدہ زیب ملبوسات میں اس کی جان اٹکی رہتی ہے یہی وجہ ہے کہ جیسے جیسے موسم بدلتے ہیں، ویسے ویسے ان کے لباس میں تبدیلی بھی ناگزیر ہوتی جاتی ہے۔ خصوصاً موسم سرما کی آمد آمد ہو تو موسم کی وجہ سے انہیں کھلی چھوٹ مل جاتی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ کپڑے اور اسٹائل ایک ہی وقت میں اپنے اوپر لاد لیں۔ اس طرح ایک تو سردی سے بچاؤ ممکن ہو جاتا ہے دوسرا زیادہ سے زیادہ فیشن ایبل لگنے کی کسک بھی مٹ جاتی ہے۔ اگر آپ بھی فیشن ایبل انداز اپنانا چاہتی ہیں تو ڈھیر سارے کپڑوں کو لادنے کی بجائے وقت اور ضرورت کے مطابق موزوں لباس کے انتخاب کا گر سیکھنے کی کوشش کریں۔ اس طرح آپ کی تیاری فیشن اور ضرورت کے عین مطابق ڈھل جائے گی۔

موسم سرما کے تقاضے

پاکستان کے کچھ حصوں میں سرد موسم خشک ٹھنڈک سے بھرپور ہوتا ہے اور یہاں تند و تیز ہوائیں بھی نہیں چلتیں جبکہ دیگر کچھ شہروں میں موسم صبح اور شام کے اوقات میں ہی کچھ سرد ہوتا ہے جبکہ یہاں کے دن معتدل موسم لیے ہوتے ہیں تاہم تیز ہوائیں یہاں بھی پیچھا نہیں چھوڑتیں۔ بہرحال آپ سردیاں کسی بھی علاقے میں گزاریں لیکن مناسب انتظام کے بغیر آپ اس موسم سے لطف اندوز نہیں ہو سکتے۔ اب اس موسم میں کس طرح کے لباس اپنائے جائیں۔ آیئے ہم آپ کو بتاتے ہیں۔

شلوار قمیص

سردیوں میں موٹے کپڑے کے شلوار قمیص بنائے جاتے ہیں یہ تو سب ہی کو معلوم ہے۔ بازار میں مختلف اقسام کے بھاری ملبوسات دستیاب ہیں جنہیں اپنی پسند کے مطابق خریدا اور پہنا جا سکتا ہے۔ عام پہننے کے ملبوسات سے لے کر موٹے ریشمی کپڑے بھی مل جاتے ہیں جنہیں موسم کے تقاضوں کو مدنظر رکھ کر زیب تن کیا جا سکتا ہے۔ رہی بات ان ملبوسات پر ڈیزائننگ کی تو فیشن کی بات دراصل شروع ہی یہاں سے ہوتی ہے۔ ان ملبوسات کو فٹ نہیں سلوانا چاہیے کیونکہ بعض دفعہ سردی بڑھ جائے تو سکن ٹائٹ کپڑے ان ملبوسات کے نیچے استعمال کئے جاتے ہیں جو سردی سے بچاتے ہیں۔ اندر سے پہننے والی ٹی شرٹس چست ناپ کی استعمال کریں اور ان کے گلے اور بازو قمیص سے بڑے ہوں تاکہ نظر نہ آئیں۔ سردیوں کے شلوار قمیص کے بازو اور گلے ڈیزائننگ فائدہ نہیں دیتی کیونکہ اکثر یہ ڈیزائننگ سویٹر یا شال کے نیچے چھپ جاتی ہے لہٰذا قمیص کے دامن پر یا شلوار پر ہی ڈیزائننگ کروائیں۔

موسم سرما! سویٹر اور جیکٹس

جن خواتین کی جسمانی ساخت متناسب ہے وہ تو سردیوں کا انتظار شاید اسی لیے کرتی ہوں گی کہ انہیں دیدہ زیب سویٹر پہن کر مزید خوبصورت ہونے کا موقع مل جائے گا۔ کہتے ہیں کہ سردیوں کا موسم تیز رنگوں کا موسم ہوتا ہے اور یہ رنگ سب سے زیادہ سویٹرز ہی میں نظر آتے ہیں تاہم فیشن کی تبدیلی سے اب سویٹرز کے رنگوں میں بھی دھیما پن آ گیا ہے اور زیادہ تر ڈیزائنرز پیسٹل رنگوں کو ہی بہتر سمجھنے لگے ہیں۔

ہاتھ سے بنے سویٹرز کی روایت دم توڑ چکی

پہلے پہل ہاتھ سے سویٹر بننے کی روایت عام تھی اور تقریباً ہر گھر میں ہاتھ سے ہی سویٹر بُنے جاتے تھے، اس وقت نہ تو اتنے انداز تھے اور نہ ہی اتنے رنگ موجود تھے۔ آج یہ کام مشینوں کے ذریعے ہونے لگا ہے یہی وجہ ہے کہ اب بہت ہی اچھے معیاری اور مختلف رنگوں اور ڈیزائنوں سے سجے سویٹرز اور جیکٹس مل جاتی ہیں۔ کوٹ، جرسی، واسکٹ، اوورکوٹ، جیکٹ، قمیص، ٹی شرٹ نما سویٹرز بنانا اور خریدنا اب عام سی بات ہے۔ یہ اتنے رنگوں میں دستیاب ہیں کہ آپ انہیں آسانی سے میچنگ کر کے بھی منتخب کر سکتی ہیں۔ سادہ سویٹرز کے علاوہ اب سویٹرز اور جیکٹس پر کڑھائی بھی کی جانے لگی ہے اور وہ بھی اتنی خوبصورت کہ پھر آپ سادہ سے سوٹ کے ساتھ ان سویٹرز کو پہن کر کسی بھی تقریب میں بھی شرکت کر سکتی ہیں۔ جیکٹ میں بھی خواتین کے لیے بہت اچھی ورائٹی دستیاب ہے۔ خصوصاً کراچی جیسے شہروں میں جہاں موسم کبھی سرد ہوتا ہے اور کبھی گرم ایسے میں آگے سے کھلنے والے سویٹرز اور جیکٹس ہی موزوں رہتی ہیں۔

سردیوں کے ٹراؤزر اور آج کا فیشن

سردیوں کے موسم میں جینز کے اور موٹے کپڑے کے ٹراؤزر ہمیشہ ان ہو جاتے ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ سردیوں سے بچاتے ہیں اور سویٹرز کے ساتھ لمبی قمیصیں اور شلوار سنبھالنا کسی جھنجھٹ سے کم نہیں لگتا۔ ایسے میں خواتین کا اولین انتخاب کھلے اور موٹے ٹراؤزر ہی ہوتے ہیں، آج کل بازار ایسے ٹراؤزر سے بھرے پڑے ہیں جن کے پہننے میں کوئی قباحت بھی نہیں، بالکل کھلے اور موٹے ہیں۔ عام پہننے والے لباس سے لے کر تقاریب کے لیے فینسی ٹراؤزر بھی موجود ہیں جو کہ فیشن کا حصہ بھی ہیں۔

شال! ہماری ثقافتی اقدار کی علمبردار

شال کا فیشن تو پاکستان میں ایسا رچ بس گیا ہے کہ تقریباً ہر عورت شال کا استعمال کرنے لگی ہے اور ایسا کیوں نہ ہو کہ یہ شالیں ہماری ثقافتی اقدار سے مماثلت رکھتی ہیں۔ سادی شالوں کے ساتھ ساتھ فینسی شالیں بھی دستیاب ہیں اور آج بھی فیشن کا حصہ ہیں تاہم ان کے ڈیزائنوں اور لمبائی چوڑائی میں فرق آتا رہتا ہے۔ اب ہاتھ سے بنی ہوئی شالوں کے ساتھ ساتھ مشین سے بنی ایسی شالیں فیشن کا حصہ ہیں جن میں نقش ونگاری کم سے کم ہوتی ہے اور رنگوں کے استعمال میں بھی احتیاط برتی جا رہی ہے۔

مفلر، اسکارف، ٹوپی وغیرہ

پہلے پہل ٹوپیاں اور ہیٹ صرف بچوں کیلئے ہی آتے تھے تاہم اب ٹین ایج خواتین کے ساتھ ساتھ نوجوان خواتین بھی ٹوپیاں سر پر رکھنے لگی ہیں۔ خصوصاً تعلیمی اداروں میں ان کا استعمال زیادہ دیکھا جا رہا ہے۔ اونی ٹوپیوں کے ساتھ ساتھ مفلر اور اسکارف بھی استعمال کیے جا رہے ہیں۔ خصوصاً ایسے علاقے جہاں مسلسل ہوائیں چلتی ہیں وہاں مفلر اور اسکارف ایک اہم ضرورت بن جاتے ہیں اگر آپ کی جیکٹ یا سویٹر رنگ برنگا ہے تو ایک رنگ کا مفلر استعمال کریں اور اگر مفلر رنگ برنگ ہے تو ملٹی کلر یا کنٹراسٹ کر کے سویٹر پہنیں کیونکہ آج کل فیشن کا یہی تقاضا ہے۔

چمڑے کے جوتے اور سردیاں

چمڑے کے جوتے سردیوں کے (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

کیا آپ موبائل پر فری ٹوٹکے پانا چاہتے ہیں؟ مشکلات جتنی بھی ہوں، الجھنیں حد سے زیادہ ہو گئی ہوں، فری بالکل فری، بس اپنے موبائل پر Follow لکھ کر سپیس دے کر ubqari لکھیں اور 40404 پر میسج کریں اور روزانہ دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے انوکھے، حیرت انگیز وظیفے اور ٹوٹکے بالکل فری پائیں۔ نوٹ: 40404 ٹویٹر کی ایک فری SMS سروس ہے، کوئی بھی ادارہ اس سروس کو اپنی سہولت کیلئے اپنے نام سے شروع کر سکتا ہے۔ 40404 سے عبقری کے نام کے بغیر آنے والے میسج عبقری کی طرف سے نہیں ہیں۔ صرف وہی میسج عبقری کے ہیں جن کے شروع میں عبقری لکھا ہوگا۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

چند باتیں نوٹ کرلیجئے کبھی بیٹی کے نکاح میں دیر نہ ہوگی!

مجیب الرحمن، راجن پور

ایک امریکہ پلٹ لاکھ پتی کی بیٹی کا رشتہ اس کے لاکھوں کے جہیز کے لالچ میں لے لیا گیا مگر دو سال بھی نہ ہوئے کہ کروڑوں کی حرص نے لاکھوں کا جہیز لانے والی کا سہاگ اجاڑ دیا اور وہ حسرتوں و عبرت کی گٹھڑی اٹھائے میکے آگئی۔ یہ کوئی افسانے نہیں حقیقی واقعات ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے اللہ آپ کا سایہ ہم پر ہمیشہ رکھے۔ آمین۔ ہم تمام گھر کیا خاندان والے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ ہر ماہ کے آخر میں ہی نئے عبقری رسالہ کا شدت سے انتظار رہتا ہے۔ میں بھی آج اپنے پیارے ماہنامہ کیلئے ایک تحریر لیکر حاضر ہوا ہوں۔ میں نئی نسل کی بے راہ روی کو دیکھتا ہوں تو انتہائی دکھی ہوتا ہوں اور اس میں سب سے بڑا قصوروار آج کے والدین کو ٹھہراتا ہوں۔ میری تحریر آج کی نوجوان نسل کے ان والدین کے نام ہے جو بیٹیوں سے بغض رکھتے ہیں اور نوجوان نسل کی شادی سٹیٹس کے چکر میں دیر سے کرتے ہیں۔ آیئے پڑھیں اور غور کریں!

زیادہ احترام اور محبت کی حقدار صرف بیٹی

بیٹی اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے جو زندگی بھر اپنے والدین اور پھر خاوند کی خدمت و تابعداری میں مصروف عمل رہتی ہے' اولاد کا بروقت نکاح کرنا شریعت کا وہ اہم مسئلہ ہے جس میں کسی کو اختلاف کی گنجائش نہیں اور اس کی اہمیت موجودہ دور میں مزید دوچند ہوجاتی ہے۔ بیٹی کا بروقت نکاح اسے کئی قسم کے امراض سے بچاتا ہے اور اس کی زندگی اصول فطرت کے مطابق گزرتی ہے اور یہی چیزیں والدین اور بیٹی کے لیے سکون کا باعث ہوتی ہے۔ بیٹی ایک بہت ہی نازک و حساس اور مقدس و عزیز رشتہ کا نام ہے قرابت داری کے رشتوں، والدین کو چھوڑ کر کسی بھی انسان کے لیے جس دل میں سب سے زیادہ احترام اور محبت کا جذبہ ہوتا ہے وہ بیٹی ہی ہے۔ اسلام نے بیٹی کے اس رشتہ کے تقدس و احترام کو تحفظ فراہم کیا، بیٹیوں کی فضیلت بتائی اور ان کے حقوق متعین کیے، وراثت میں ان کا حصہ رکھا اور ان کی تعلیم و تربیت کی تمام ذمہ داریوں کو واضح کرکے ہر مسلمان کو انہیں پورا کرنے کا حکم دیا اور ساتھ ہی اس پر اجر و ثواب کا بھی وعدہ کیا چنانچہ حضور ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ جو آدمی بیٹیوں کی صحیح پرورش و تربیت کرے پھر ان کا نکاح کردے تو وہ قیامت کے دن میرے ایسے قریب ہوگا جیسے دو انگلیاں ایک دوسرے کے قریب ہیں۔

بیٹیاں بروقت نکاح کے حق سے محروم کیوں؟

لیکن آج کل کچھ ایسی چیزیں نکاح کے معاملہ کے ساتھ ہم نے وابستہ کر رکھی ہیں جن کی وجہ سے نہ صرف یہ کہ بیٹیاں بروقت نکاح کے حق سے محروم ہیں بلکہ ان کی زندگیاں شعلوں کا ایندھن بن رہی ہیں لڑکی والے بہت ہی اونچے معیار کے رشتہ کی تلاش میں اور لڑکے والے بھی اونچے معیار اور اونچے جہیز کی حرص میں ایسے نابینا ہوتے ہیں کہ بچوں کی جلتی ہوئی جوانیاں انہیں دکھائی نہیں دیتیں' مال و دولت کا لالچ، ناک وغیرت کے مسائل، کاروبار' نوکری کے مفادات وغیرہ ایسی چیزیں جمع ہوکر ایسی آڑے آتی ہیں کہ بیٹیاں معاشرے میں جلتی اس آگ میں ستی ہوکر رہ جاتی ہیں۔

اعلیٰ معیار کی تلاش' بچیوں کے سر میں چاندی

ایک بزرگ نے بجا فرمایا کہ ہندو کسی زمانے میں اپنی لڑکیوں کو بیوہ ہونے کے بعد ستی کرتے (آگ میں جلاتے) تھے اور آج مسلمان اپنی بیٹیوں کی جوانی کو ان کی شادی سے پہلے دولت و مال اور عہدہ و معیار کی آگ میں ستی کر رہے ہیں۔ بیسوں واقعات ہیں کہ اعلیٰ معیار کی تلاش نے بچیوں کے سر میں چاندی اتار دی اور پھر وہ ہمیشہ کے لیے حسرتوں و ارمانوں کی راکھ میں دب گئیں یا پھر کسی ایسی جگہ رشتہ ہوا جہاں اخلاقی قدروں اور رشتوں کی چاہت نہیں تھی۔ دولت کی حرص و ہوس تھی تو وہ رشتہ ناکام ہوگیا اور زندگی بھر کا دکھ بیٹی کا مقدر بن گیا۔ ایک صاحب نے اپنی بیٹی کو کروڑوں مالیت کا جہیز دیا مگر چونکہ وہاں نہ ختم ہونے والی حرص کا سامنا تھا تو ایک سال سے پہلے بیٹی کو طلاق ہوگئی۔

لاکھوں کے جہیز کے باوجود طلاق! آخر کیوں؟

ایک امریکہ پلٹ لاکھ پتی کی بیٹی کا رشتہ اس کے لاکھوں کے جہیز کے لالچ میں لے لیا گیا مگر دو سال بھی نہ ہوئے کہ کروڑوں کی حرص نے لاکھوں کا جہیز لانے والی کا سہاگ اجاڑ دیا اور وہ حسرتوں و عبرت کی گٹھڑی اٹھائے میکے آگئی۔ یہ کوئی افسانے نہیں حقیقی واقعات ہیں جو ہمارے معاشرے میں ہوئے' ہماری اہل معاشرہ سے درخواست ہے کہ خدارا بچیوں کو اس ظلم سے بچاؤ، سادگی و قناعت اپناؤ' جونہی مناسب رشتہ تو اب مزید کسی لالچ و مفاد کو راہ نہ دو اور اس ضروری فرض کو ادا کرکے اپنے کندھوں کا بوجھ ہلکا کرو اور اگلی نسل کا مستقبل بھی خوشگوار بناؤ نہ خود اپنی زندگی کو صدمات کا نشانہ بنائے رکھو اور نہ اگلی نسل کو محرومیوں اور ناچاقیوں کی سوغاتیں بانٹو۔

امیر شریعت نے بیٹیوں کے متعلق کیا فرمایا

امیر شریعت حضرت عطاء اللہ شاہ بخاریؒ سے کسی نے بیٹیوں کے حقوق کے بارے میں عام معاشرے کی شکایت کی تو انہوں نے فرمایا ''ہائے وہ بیٹیاں تم جس کے ہاتھ میں ان کا ہاتھ دیدو وہ اُف کیے بغیر تمہاری پگڑیوں اور ڈاڑھیوں کی لاج رکھنے کے لیے ان کے ساتھ ہولیتی ہیں' سسرال میں جب میکے کی یاد آتی ہے چھپ چھپ کر رولیتی ہیں کبھی دھوئیں کے بہانے آنسو بہا کر جی ہلکا کرلیا آٹا گوندھتے ہوئے جو آنسو بہتے ہیں وہ آٹے میں جذب ہوکر رہ جاتے ہیں کوئی نہیں جانتا کہ اس روٹی میں اس بیٹی کے آنسو شامل ہیں۔

یہ تیل صرف سردیوں میں بنائیں' بالوں میں لگائیں اور بے فکر ہوجائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں' اپنے مسائل کے حل کیلئے دیئے گئے وظائف پورے یقین کے ساتھ کرتے ہیں اور فائدہ بھی پاتے ہیں۔ میرے پاس میرے آزمودہ تین تجربات ہیں جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتی ہوں۔ یقیناً قارئین مستفید ہوں گے۔ **1۔ خونی بواسیر کیلئے:** سورۃ اعلیٰ ہر نماز کے بعد ایک بار پڑھنے سے بواسیر کچھ عرصہ میں ختم ہوجاتی ہے۔ **2۔ سردیوں میں بالوں کیلئے لاجواب تیل:** درج ذیل چار تیل ہم وزن لیکر مکس کرلیں اور روزانہ نہانے سے گھنٹہ دو گھنٹہ پہلے' یا رات کو اچھی طرح لگا کر سوجائیں اور صبح اٹھ کر نہالیں۔ بالوں کے تمام مسائل کا حل' لگانے سے بال گھنے' لمبے اور چمکدار ہوجاتے ہیں۔ تیل یہ ہیں:۔ زیتون' نیم' بادام اور گری۔ **3۔ پیلے یرقان کیلئے:** سورۃ البینہ اکتالیس دن پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کرکے پانی پی لیں۔ (عائشہ ستار' فیصل آباد)

شفائے حیرت سیرپ
ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ
گلے کی سوزش، ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے
نزلہ و زکام، تپ دق اور بخار کو دور کرنے کیلئے بہترین تریاق ہے
پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے
"شفائے حیرت" چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے
دورے والا دمہ ختم
بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید
قیمت 120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

غلیظ خیالات سے نجات! بس یہ اسم پڑھیے!

شاہد رسول' ملتان

اگر کسی شخص کو شیطانی وساوس بہت آتے ہوں تو اسے چاہیے کہ اسم یَامُقْسِطُ کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھے اور چالیس دن تک یہ عمل جاری رکھے۔ ان شاء اللہ شیطانی وساوس بالکل ختم ہوجائیں گے کیونکہ اللہ تعالیٰ انصاف کے تقاضے کو پورا کرتے ہوئے شیطانی قوت پر غلبہ پیدا کردے گا۔

یَامُقْسِطُ: یہ اسم جلالی ہے' اس کے اعداد 209 ہیں' لہٰذا اسے روزانہ 209 مرتبہ پڑھنے سے اس کے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ مقسط کا مطلب عدل و انصاف قائم کرنے والا ہے اور صحیح عادل بھی اللہ تعالیٰ ہی کی ذات ہے۔ اگر کسی کو صحیح عدل کی ضرورت ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کو اس اسم سے پکارے' ان شاء اللہ اسے صحیح انصاف ملے گا۔ اس کے علاوہ اگر کسی کے ساتھ ظلم ہو اور اس کے معاملے میں اسے صحیح انصاف نہ ملنے کی امید ہو تو اس صورت میں اس اسم کو پڑھنے سے اللہ تعالیٰ مظلوم کی مدد فرمائے گا اور اسے صحیح انصاف مل کے رہے گا۔ اس کے چند خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

عادل جج بننے کا عمل

ایسے جج جو یہ چاہتے ہوں کہ کرسی انصاف پر بیٹھ کر ان سے عدل و انصاف ہو اور کسی کے ساتھ انصاف کرتے وقت زیادتی نہ ہو۔ ہر ایک کو اپنے کیے کا حق ملے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ صحیح عادل اور منصف بننے کیلئے اللہ تعالیٰ سے توفیق طلب کی جائے اس لیے جو شخص جج بن کر صحیح انصاف کرنے کا طالب ہو تو اسے چاہیے کہ اسم یَامُقْسِطُ کو روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ ان شاء اللہ اللہ تعالیٰ کی توفیق اور نظر عنایت اس کے شامل حال رہے گی اور اس سے انصاف ہوگا جب تک وہ اس اسم کو پڑھتا رہے گا وہ کسی سے غیر منصفانہ سلوک نہیں کرے گا۔

شیطانی وسوسوں کا علاج

اگر کسی شخص کو شیطانی وساوس بہت آتے ہوں تو اسے چاہیے کہ اسم یَامُقْسِطُ کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھے اور چالیس دن تک یہ عمل جاری رکھے۔ ان شاء اللہ شیطانی وساوس بالکل ختم ہوجائیں گے کیونکہ اللہ تعالیٰ انصاف کے تقاضے کو پورا کرتے ہوئے شیطانی قوت پر غلبہ پیدا کردے گا۔

رنج وغم کا علاج

ایک عامل کا قول ہے کہ اگر کوئی شخص رنج وغم میں مبتلا ہو تو اسم یَامُقْسِطُ کو تین ہزار مرتبہ روزانہ 21 دن تک پڑھے ان شاء اللہ اس کا رنج وغم ختم ہوجائے گا اور اسے خوشی اور خوشحالی نصیب ہوگی۔

غیر منصف خاوند کو درست کرنا

اگر کسی شخص کی چند بیویاں ہوں اور وہ بیویوں میں انصاف کے تقاضے کو پورا نہ کرتا ہو اور ایسی بیوی جس کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک ہوتا ہو اور وہ اس کے ظلم کا شکار ہو تو ایسی عورت کو چاہیے کہ اپنے خاوند کو انصاف کے راستے پر لانے کیلئے اسم یَامُقْسِطُ کو سات سو مرتبہ روزانہ سات دن تک پڑھ کر پانی پر دم کرکے اپنے خاوند کو پلائے۔ ان شاء اللہ اس کی طبیعت نرم ہوجائے گی اور وہ اس عورت سے منصفانہ انداز میں بہتر سلوک سے پیش آنے لگے گا۔

قارئین! ایک ٹوٹکہ لایا ہوں شوگر کیلئے!

قارئین السلام علیکم! میں آپ کیلئے اپنے تجربات و مشاہدات لیکر حاضر ہوا ہوں۔ یقیناً لاکھوں کا بھلا اور میرے لیے صدقہ جاریہ۔ شوگر کیلئے ٹوٹکہ: ایک پاؤ انار دانہ' ایک پاؤ سبز پودینہ' ایک پاؤ ادرک' ایک چھٹانک لہسن۔ ان چاروں کو پیسنے سے چٹنی بن جائے گی۔ اب اس چٹنی کو روزانہ ایک چمچ صبح نہار منہ کھانا ہے۔ اسے کھانے کے ایک گھنٹہ بعد ناشتہ کرنا ہے۔ اسی طرح شام کو نماز عصر کے بعد کھانی ہے۔ ان شاء اللہ اگر اللہ نے چاہا تو شوگر بالکل کنٹرول ہوجائے گی۔ آزمودہ ہے۔

لائیں میں ڈیلیوری کا کارڈ بنوا دیتی ہوں: ایک مرتبہ میری اہلیہ کا بھائی بہت پریشان تھا' ہسپتال والے ڈیلیوری کا کارڈ نہیں بنا کردے رہے تھے' مجھے فون کیا تو میں نے کہا مسلسل یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھو' اس نے پڑھنا شروع کیا تو چند منٹ کے اندر ہی ایک آیا آئی اور کہا کہ لگتا ہے کہ آپ کا کارڈ نہیں بن رہا لائیے میں بنوا دیتی ہوں' وہ خود ہی گئی اور پانچ منٹ کے اندر ہی کارڈ بنوا کر آگئی اور ان سے کسی قسم کی رشوت بھی نہ لی۔ یہ وظیفہ تو میرا بے شمار کا آزمودہ ہے۔ ہر موقع پر کام آتا ہے۔ (شکور حسین' اسلام آباد)

ایصال ثواب کا فائدہ

بنت جشتی، قصور

فرمایا: میت کیلئے زندہ مومنوں کی دعا قبول کی جاتی ہے اور تھال میں ریشمی رومال سے ڈھک کر میت کو دی جاتی ہے

میت کیلئے زندہ مومنوں کی دعا: بشار بن غالب البجرائی کہتے ہیں، میں نے حضرت رابعہ بصریہ رضی اللہ عنہا کو خواب میں دیکھا، میں ان کے لیے بڑی دعائیں کیا کرتا تھا تو انہوں نے فرمایا ''تیرے تحفے ہمارے پاس تھال میں رکھے ہوئے آتے ہیں جن پر ریشم کے رومال ہوتے ہیں۔ میں نے پوچھا کس بنا پر؟ فرمایا: میت کیلئے زندہ مومنوں کی دعا قبول کی جاتی ہے اور تھال میں ریشمی رومال سے ڈھک کر میت کو دی جاتی ہے پھر میت سے کہا جاتا ہے کہ تجھے یہ تحفہ فلاں کی طرف سے آیا ہے۔

بشیر بن منصور نے کہا: ایک آدمی زمانہ طاعون میں کبھی کبھی قبرستان کی طرف جاتا اور جنازہ میں شریک ہوتا، جب رات ہوجاتی تو قبرستان کے دروازے پر کھڑا ہوجاتا اور دعا کرتا کہ ''اللہ اس وحشت میں تمہارے دل کو چین دے، تمہاری غربت (تنہائی) پر رحم کرے، تمہارے گناہوں سے درگزر فرمائے اور تمہاری نیکیاں قبول فرمائے'' بس یہی کچھ کہا کرتا، اس سے زیادہ نہ کہتا۔ اس آدمی نے کہا: ''ایک دن میں واپس گھر آگیا اور قبروں پر نہ جاسکا اور میں نے گھر آکر اگلے لیے دعا کی چنانچہ میں سو رہا تھا اچانک دیکھا کہ میرے پاس بہت سی مخلوق آگئی میں نے کہا تمہیں کون لایا؟

ہم اہل قبور ہیں؟: انہوں نے کہا ''ہم اہل قبور ہیں'' میں نے کہا ''ارادہ کیا ہے؟'' کہا ''تم قبروں سے واپسی کے وقت ہمیں تحفے دیا کرتے تھے''۔ میں نے کہا کونسا؟ انہوں نے کہا ''وہی دعائیں جو تم ہمارے لیے کیا کرتے تھے'' میں نے دل میں کہا ''اب مزید دعائیں کرتا رہوں گا'' چنانچہ بعد ازاں اس نے وہ عمل جاری رکھا۔ ایک شخص نے بتایا کہ ایک آدمی نے اپنے باپ کو دیکھا اس نے کہا ''بیٹے تم نے ہم سے اپنا ہدیہ کیوں روکا ہوا ہے؟ اس نے کہا ''اے باپ! میتیں زندہ لوگوں کی طرف سے پہنچنے والے ہدیہ کو پہچانتی ہیں؟'' کہا ''اے بیٹے! اگر زندہ لوگ نہ ہوتے تو میتیں تباہ ہوجاتیں'' اللہ پناہ دے (کیونکہ وہ اموات کیلئے دعائیں کرتے رہتے ہیں تو ان کو فائدہ ہوجاتا ہے''۔)

خالص جڑی بوٹیوں کا کمال دیسی کریم
نام دیسی اور کام ولائتی کریموں سے کہیں زیادہ
ہر گھر میں ہر وقت اور ہر تکلیف کیلئے
کیل، مہاسے، چھائیاں، داغ دھبے دور کرنے کا آزمودہ قدرتی علاج
جلد کی تمام بیماریوں کیلئے دیسی کریم پر بھروسہ کریں
قیمت:-/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PE SHAWAR

آپ کا سوال۔۔۔حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔**2**۔وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔**3**۔جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔**4**۔مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔**5**۔تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔**6**۔بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔**7**۔عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔**8**۔اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

محمد عمار خورشید انور' کراچی۔ میر فاطمہ خورشید' کراچی۔ صغیر ثوبان' جہلم۔شازیہ شمیم' سیالکوٹ۔ ریحانہ بانو' ماڈل ٹاؤن اسلام آباد۔ حافظ محمد عارف چشتی' سیالکوٹ۔عشرت فاطمہ' چشتیاں۔محمد قیصر سلطان' لاہور۔ز۔ن' بھمبر۔مہناز افضال' کراچی۔صبا اکرم' کراچی۔محمد شفیق' لاہور۔وحیدہ وسیم' ملتان۔سعید اختر' سوات۔گل محمد ٹنڈو آدم۔ رضوانہ بیگم' ایئرپورٹ روڈ سکھر۔سرفراز احمد' پشاور۔انیلہ بی بی' بھکر۔ اختر زمان' بھکر۔ عائشہ' کلر سیداں۔محمد سلیم' اٹک۔عمر خیام' مردان۔یاسر نومی' مردان۔نبیلہ مہ جبیں' مڈھ رانجھا۔محمد ارشد' حاصل پور۔عشرت عثمان' کراچی۔ ریحانہ بی بی' فتح جنگ۔ سید محمد کامران' کراچی۔خوش بخت' جہلم۔انا کنول' کراچی۔ روبینہ کوثر' جہلم۔عزیزہ خانم' کراچی۔ مہر کامل حیدر کلاسن' ٹورانٹو۔ نیلم' خانیوال۔ نسرین اختر' کراچی۔ محمد سلیم' کراچی۔ثابشہ سلیم' کراچی۔بشریٰ نسیم' ڈیرہ اسماعیل خان۔ صابرہ پروین' جوہر آباد۔ ام صفوان' لکی مروت۔ رابعہ پروین' پشاور۔ پیر طاہر شاہ' کراچی۔خلیق الرحمان' لاہور۔ بشیر احمد' خانیوال۔رفعت رشید' لاہور۔غلام صابر' ساہیوال۔ مہر کامل حیدر کلاسن' 25 کپر۔محمد علی' ملتان۔شہنیلا صفدر' بورے والا۔نورین کنول' بورے والا۔سجاد رضا' واہ کینٹ۔ رضیہ بی بی' مانسہرہ۔طاہرہ بی بی' اٹک۔زاہدہ پروین' سبی۔ ندیم شہزاد' رحیم یار خان۔سجاد حسین' پنڈ دادنخان۔نصرت شاہین' ہری پور۔نسرین بیگم' اسلام آباد۔ پروین کراچی۔ ساجدہ لیاقت' بورے والا۔سجیلا خالد' قلعہ دیدار سنگھ۔دانیال' بہاولپور۔رخسانہ معشوق' کنری۔فریدہ بانو' کراچی۔نسرین اختر' راولپنڈی۔ذکیہ' فیصل آباد۔حسن ہمایوں' اسلام آباد۔ نیلم زہرہ' کوٹ مومن۔غلام محی الدین' لاہور۔عروشہ زاہد' رحیم یار خان۔بلال احمد' ڈنڈوت۔فوزیہ مدثر' ملتان۔حشام خالد' جھنگ صدر۔حمیرا رحمان' بھمبر آزاد کشمیر۔ رمل محمود' اسلام آباد۔نذیراں بی بی' لاہور۔غزالہ افضل' فیصل آباد۔ شمشاد اختر' کراچی۔ شفقت بیگم' لاہور۔ عادل یاسمین' لاہور۔نوید احمد اور رضوانہ زبیر' دنداشاہ بلاول۔سید ضیاء الحسن' سرائے سدھو۔محمد نوید احمد' عیسیٰ خیل میانوالی۔مملکت جہاں' بنوں۔خوشتاب خان' ٹانک۔عنا نوشین' گجرات۔کنیز فاطمہ' تونسہ شریف۔آمنہ اشرف' چشتیاں۔زعفرانہ بی بی' مانسہرہ۔ ثریا یاسمین' کراچی۔نزہت بتول' لاہور۔نوشین بانو' لاہور۔ زرینہ بی بی' حویلی لکھا۔فرزانہ گوہر' حیدرآباد۔ اقبال احمد' فیصل آباد۔عبدالرزاق' کراچی۔شائلہ اقبال' نوشہرہ۔سراج حسین' مردان۔عروج ظفیر' راولپنڈی۔محمد احسن الرحمان' کراچی۔ عائلہ شبیر' ننکانہ صاحب۔ ارشاد بیگم' راولپنڈی۔ نرگس جبیں' راولپنڈی۔عبدالوہاب' راولپنڈی۔محمد سفیان' کسووال۔شمیم اختر' کراچی۔سیدہ علی حسن' شیراکوٹ۔مریم بشیر' اسلام آباد۔سلمیٰ بی بی' اسلام آباد۔ رقیہ مبشر رحمان' لاہور۔ریحانہ جاوید' گوجرانوالہ۔عائشہ خالد محمود' لاہور۔

آپ تمام درج ذیل عمل کریں۔

ایک وقت مقرر کرلیں چاہے آپ پہلے تھوڑا تھوڑا وقت دینا شروع کردیں تو پھر بیٹھ کر اس کو بغیر تسبیح اٹھائے وجدان کے ساتھ دل ہی دل میں یَالَطِیْفُ' یَاعَلِیْمُ' یَاخَبِیْرُ اس کو پڑھنا شروع کردیں۔روزانہ پڑھتے رہیں' باوضو بیٹھیں قبلہ رخ بیٹھیں اس کو پڑھنا شروع کردیں۔اگر کبھی وقت جو مقرر ہے اور جو جگہ مقرر ہے اس میں کمی بیشی ہوجائے تو بھی کوئی حرج نہیں وقت بدل بھی سکتا ہے جگہ بدل بھی سکتی ہے لیکن اس کو پڑھنا نہ چھوڑیں اور پڑھتے رہیں پڑھتے رہیں۔چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

بشریٰ سید' بنوں۔زرینہ بی بی' باغ۔محمد ارشاد' ملتان۔سعدیہ برکت' لاہور۔فوزیہ نذیر احمد' لاہور۔محمد عثمان' ملتان۔محمد حنیف' سمندری۔نجمی بی بی' ساہیوال۔محمد بلال عارف' میاں چنوں۔اللہ وسایو' سانگھڑ۔ریحان یاسین' دائرہ دین پناہ۔ حافظ محمود لالہ موسیٰ۔محمد اقبال خان' اسلام آباد۔قاسم مظہر عباسی' مری۔ یاسمین' جھنگ۔ محمد عثمان صدیقی' گوجرانوالہ۔نسرین بانو' میرپور خاص۔رملہ زاہد' جوہرآباد۔ نجمی عزیز' راولپنڈی۔ صائمہ بورے والا۔ شائستہ ممتاز' راولپنڈی محمد اشرف' راولپنڈی۔ طاہرہ پروین' کمالیہ۔محمد انس' کراچی۔راہبر حسین' تراڑکھل۔شعبان علی' راولپنڈی۔ سائرہ ارم' دولتانہ۔ عائشہ بی بی' ہری پور۔عبدالجبار' کوٹ ادو۔طلعت محمود' دنیاپور۔محمد اختیار' اٹک۔شیخ محمد طارق امین' سرگودھا۔ زارا' خان پور۔ مصباح اسحاق' شیخوپورہ۔محمد عرفان ندیم' ملتان۔ عائشہ' نزد حبیب مسجد۔ طارق محمود' چنیوٹ۔ سیدہ ثناء انصار' اسلام آباد۔حکیم محمد حسن جوئیہ' راولپنڈی۔قمر النساء' لاہور۔راشد محمود خان' حویلیاں۔فریحہ' کراچی۔ الف' لاہور۔ فائزہ انجم' کوئٹہ۔ عاصمہ انجم' تلنبہ۔ رافعہ اختر' کراچی۔ شیدا کوٹ' گلیانہ۔عاصم میاں' کراچی۔محمد بشیر' اسلام آباد۔ ج۔ط' اٹک۔شکیل خان' ٹیکسلا۔ حافظ محمد زاہد حسین' جہلم۔ بشیر احمد' کوئٹہ۔ وسیم احمد' کراچی۔ ثریا یاسمین' لاہور۔ سمیرا جہانگیر' لاہور۔ رجاسب علی' چکوال۔محمد صادق ڈار' سرگودھا۔روبینہ شاہین' ساہیوال۔محمد شکور' ملتان۔غلام مرتضیٰ' شہر بدین۔ عائشہ اسلم' لاہور۔مسرت جبیں' کوئٹہ شعیب اسلام' فیصل آباد۔ نازیہ نواز' اسلام آباد۔ ربعہ' گجرات۔تسمیہ پروین' جہلم۔ یاسمین کاظمی' کراچی۔ثمرین' کراچی۔(پوشیدہ) سیال' مظفرگڑھ۔ محمد عرفان امین' رحیم یار خان۔عفت صدیق' آزاد کشمیر۔ حافظ شاہد رحمان' کچا کھوہ۔شانزے قیصر' لاہور۔عدیلہ منور' لاہور۔سمیع اللہ' فیصل آباد۔شکیل احمد' ایبٹ آباد۔ممتاز علی' نواب شاہ۔حاجی محمد اکرم مرزا' منڈی بہاؤالدین۔حافظ علی اکبر' سرائے عالمگیر۔جواد حسین' پنڈی بھٹیاں۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

اِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ o وَ اِذَا النُّجُوْمُ انْکَدَرَتْ o وَ اِذَا الْجِبَالُ سُیِّرَتْ o وَ اِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ o (التکویر 1 تا 4) یہ آیات طاق اعداد میں پڑھ سکتے ہیں تین دفعہ' سات دفعہ' گیارہ دفعہ' جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔

انوکھی شفاء
مغلیہ دور کے شاہی پہلوانوں کا خفیہ راز
1۔ہڈی کا ٹوٹ جانا اور اس کا نہ جڑنا۔2۔ایسے لوگ جن کی ہڈیاں اور جوڑ بغیر کسی تکلیف اور چوٹ کے نکل جاتی ہیں اور جوڑ پھسل جاتے ہیں۔3۔کسی ایکسیڈنٹ اور چوٹ کے بعد درد اور ورم کا نہ جانا۔4۔دوران کھیل کود چوٹ' موچ' ورم یا جسم کے کسی حصے کا مڑ جانا' اس کا چند دن استعمال ہمیشہ کیلئے اس جوڑ کو محفوظ کر دیتا ہے۔
بڑی بات کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں کوئی کیمیکل نہیں خالص جڑی بوٹیوں کا حیرت انگیز جوڑ اور امتزاج ہے (قیمت 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

آسمانی عرق! جلے ہوئے افراد کے لیے اکسیر

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جھنگ سے اپنے کچھ ٹوٹکے لے کر حاضر ہوا ہوں۔ میرے یہ ٹوٹکے ''کسان دوست عبقری'' کے کالم میں ضرور شائع کیجئے گا۔ کیونکہ گاؤں میں اکثر لوگوں کو جانوروں کے کاٹنے کا سامنا کرنا پڑتا ہے خاص طور پر کتے کے کاٹنے کے واقعات بہت زیادہ سامنے آتے ہیں۔ یقیناً عبقری قارئین بھرپور استفادہ فرمائیں گے۔

دیوانے کتے کاٹے کی پہچان اور علاج

شہری لیبارٹری میں دیوانے کتے کے کاٹے کی پہچان فوراً ہو جاتی ہے۔ دیہات میں یہ ایک مسئلہ ہے کہ دیوانے کتے کے کاٹے کی فوری پہچان نہیں ہوتی۔ متاثرہ آدمی کا تھوڑا سا خون سرنج کے ذریعے نکالیں اور روٹی پر پھیلا کر کسی کتے کے سامنے ڈال دیں۔ کتا روٹی کھالے تو کاٹنے والا کتا دیوانہ نہیں۔ کتا روٹی سونگھ کر ہٹ جائے یا نہ کھائے تو سمجھ لو کہ متاثرہ آدمی کو کسی دیوانے کتے نے کاٹا ہے۔

دیوانہ کتے کے کاٹے کا علاج: (1) جب باجرے کا سٹہ نکلتا ہے تو کثرت سے بور لگتا ہے اسے جمع کرلیں ایک ماشہ یومیہ کے حساب سے برابر وزن گڑ ملا کر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی روزانہ پانی سے دیں۔ سات یوم روزانہ کھلانے سے مرض کے حملہ کا اندیشہ نہیں رہے گا۔ آزمودہ ہے۔ (2) کیکر کے پتوں کا رس تین تولے پلائیں۔ تین روز متواتر پلانے سے عمر بھر کے لیے سگ گزیدہ کے خطرے سے محفوظ ہو جائے گا اگر قے آنے لگے تو دہی بغیر نمک کے پلائیں۔

بلی کے کاٹے کا تریاق

بعض اوقات بلی کو ڈانٹا یا گھر سے بھگایا جائے تو اکثر بلی غراتے ہوئے حملہ کر دیتی ہے بلی کے دانتوں میں اچھا خاصا زہریلا مادہ پایا جاتا ہے اگر کسی کو بلی کاٹ لے تو خشک پودینہ باریک کریں۔ تازہ پودینہ کے رس میں لیپ تیار کریں اور بلی کے کاٹے لگائیں انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

آسمانی عرق! جلے ہوئے افراد کے لیے اکسیر

جب کبھی اولے پڑیں آپ انہیں اٹھا کر بوتل میں جمع کرتے جائیں چند منٹ بعد وہ پانی کی شکل اختیار کرلیں گے یہی آسمانی عرق ہے جو جلے ہوئے کے لیے اکسیر کا درجہ رکھتا ہے روئی کی پھریری تر کر کے جلی ہوئی جگہ پر لگائیں بفضلہٖ تعالیٰ آرام آجائے گا۔ (پروفیسر (ر) غلام قادر ہراج' جھنگ)

جانور کے زخم میں کیڑے پڑ جائیں تو یہ مرہم بنا لیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم ایک گاؤں میں رہتے ہیں اور عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ ''عبقری کسان دوست'' سلسلہ ہمیں بہت پسند ہے۔ اپنے کسان بھائی جنہوں نے جانور رکھے ہوئے ہیں ان کیلئے بڑے کام کی بات لایا ہوں۔ یقیناً انہیں فائدہ ہوگا۔

ہمارا گدھا بیمار ہوگیا تھا اسے کانچ لگنے کی وجہ سے بہت گہرا زخم آگیا تھا۔ وقتی طور پر توجہ نہ کرنے کی وجہ سے زخم میں کیڑے پڑ گئے تھے۔ علاج کروانے کے باوجود کوئی فرق نہیں پڑ رہا تھا۔ ہمارے گھر ہمارے تایا ابو آئے' انہوں نے گدھے کو دیکھا تو کہا کہ زخم میں کافور کی گولیاں پیس کر ڈالیں اور اوپر پٹی باندھ دیں ان شاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا۔ ہم نے مسلسل تین دن یہ عمل کیا گدھے کا زخم بالکل ٹھیک ہوگیا۔

ٹوتھ پیسٹ سے زخم ٹھیک: ٹوتھ پیسٹ کے میں نے اکثر نقصانات پڑھے ہیں لیکن اس کا ایک فائدہ بھی ہے جو میں نے آزمایا ہے انسان ہو یا جانور ہو اگر زخم آجائے یا کٹ لگ جائے تو ٹوتھ پیسٹ کی تھوڑی سے مقدار صبح شام لگانے سے دو دن کے اندر زخم ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ (عبدالخالق، پنڈی گھیب)

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

جانور شفاء: سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند' سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت -/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری حویلی تین دن گزارئیے من پسند روزگار پائیے

قسط نمبر 9

گزشتہ چند ماہ سے عبقری رسالہ میں عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں ایام بیض کے تین روزے رکھنے کے فوائد پڑھ رہا تھا۔ میں رحیم یار خان کا رہائشی ہوں' معاشی حالات سے انتہائی پریشان تھا جس کی وجہ سے گھر میں بھی روزانہ جھگڑے رہتے' میں انتہائی پریشانی کے عالم میں سارا دن گھر سے باہر ہی گزارتا' ایک دن اپنے دوست کی دکان پر بیٹھا تھا کہ اچانک ہاکر آیا اور میرے دوست کو عبقری رسالہ دے کر چلا گیا۔ میں نے اس سے پوچھا: یہ کیا ہے؟ اس نے کہا کہ ''عبقری رسالہ'' ہے۔ میں نے اگلا سوال پوچھنے کے بجائے رسالہ پکڑ کر پڑھنا شروع کر دیا' جیسے جیسے پڑھتا گیا' مجھے امید کی کرن نظر آنا شروع ہوگئی' ورق گردانی کے دوران میری نظر عبقری حویلی میں ہونے والے عمل پر پڑھی' میں نے پڑھا اور اپنے دوست سے ''عبقری حویلی'' کے متعلق تفصیلات طلب کیں تو مجھے بتایا گیا کہ عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں ہے' جہاں کی بہت زیادہ برکات ہیں' وہاں ایام بیض کے روزے (ہر چاند کی 13، 14، 15 کے روزے) رکھنے سے ہر مشکل دور ہو جاتی ہے۔ عبقری حویلی میں تین دن کا قیام کیا جاتا ہے' دن کو روزہ اور ساری رات سورۂ فاتحہ چلتے پھرتے پڑھنا ہوتی ہے۔ دن کے وقت آرام یا قرآن پاک کی تلاوت کی جاتی ہے۔ صرف تین دنوں میں بے شمار کے اجڑے گھرانے' کاروبار آباد ہو چکے ہیں' جادو ٹوٹ چکے ہیں' بندشیں ختم ہو چکی ہیں۔ دوست نے میرے کندھے پر ہاتھ مارتے ہوئے مزید کہا کہ یار تم بھی ہر وقت معاشی طور پر پریشان رہتے ہو' تمہیں نوکری نہیں ملتی' احمد پور شرقیہ تو رحیم یار خان کے قریب ہی ہے' اتفاق سے دو دن بعد ایام بیض کے روزے شروع ہو جائیں گے تم بھی جاؤ اور مقدر کے دھنی بن جاؤ۔ میرے دوست نے (باقی صفحہ نمبر 28)

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد' عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کر کے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج 0343-8710009 نمبر پر صرف میسج کر کے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

ڈھیٹ ترین الرجی سے نجات پانے کا آزمودہ فارمولہ

دس برس گزر گئے ہیں مجھے کبھی الرجی نہ ہوئی دس برس بعد کمر کی تکلیف کے لیے ڈاکٹر سے دوا لی تو مجھے پین کلر پونسٹان سے دوبارہ الرجی کا شدید اٹیک ہوا کہ میں مرتے مرتے بچی اب میں پونسٹان اور ڈیکلوران کا استعمال نہیں کرتی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے اور آپ یونہی دکھی دلوں کی دعائیں لیتے رہیں۔ مجھے کافی عرصہ سے الرجی کا مسئلہ تھا۔ دھوپ، ڈسٹ اور بعض دفعہ گرم خشک اور مرغن غذاؤں سے الرجی شروع ہوجاتی اور اکثر تو بغیر کسی وجہ کے جسم پر ایک دم شدید خارش شروع ہوجاتی اور بڑے بڑے سرخ دھبے اور دھپڑ بن جاتے۔ مجھے اس قدر تکلیف ہوتی جیسے جسم پر مرچیں مل دی گئی ہیں حتیٰ کہ یہ تکلیف منہ کے اندر بھی ہوتی اور سانس کی نالی بند ہونے لگتی۔

ایلوپیتھک میں الرجی کا کوئی علاج نہیں!

میں نے طبی، ایلوپیتھک اور ہومیو پیتھک علاج کروائے۔ ان سے وقتی فائدہ ہوتا آخر ایک دن میں نے ڈاکٹر سے پوچھا کہ علاج کا کیا فائدہ اگر بار بار یہ تکلیف ہوتی رہے اور اس کا کوئی ٹائم بھی مقرر نہیں ہے۔ کب ہوجائے اور کہاں ہو جائے۔ ڈاکٹر صاحب اچھے آدمی تھے انہوں نے مجھے بتایا کہ ایلوپیتھک طریقہ علاج میں الرجی کا کوئی مستقل علاج نہیں ہے۔ یہ دوائیں وقتی طور پر اسے دبا دیتی ہیں۔ بہتر یہ ہے کہ اس کی وجہ تلاش کی جائے کہ یہ کن چیزوں سے ہوتی ہے ان چیزوں سے بچا جائے۔ دوائیں پاس رکھیں تاکہ کہیں سفر میں مسئلہ ہوجائے تو پریشانی نہ ہو۔ اب مجھ تو زیادہ تر دھوپ اور ڈسٹ سے الرجی تھی اور ہمارے ہاں دھول مٹی اور دھوپ بکثرت پائی جاتی ہے۔ میں ٹھہری ایک معلمہ سفر میری زندگی کا حصہ ہے۔

ڈاکٹروں سے مایوس! اللہ والے سے رابطہ

ڈاکٹروں سے مایوس ہوکر میں نے مسئلہ اپنے جاننے والے ایک بزرگ سے بذریعہ خط شیئر کیا۔ حضرت نے فرمایا کہ ہر پینے والی چیز پر کم از کم سات مرتبہ سورۂ فاتحہ دم کرکے پئیں۔ تیز مرچ مصالحے اور مرغن غذاؤں سے پرہیز، انڈہ اور بڑا گوشت نیز دیگر گوشت کا استعمال کم سے کم کریں۔ سوتی لباس پہنیں۔ میں تو بڑی تکلیف میں تھی میں صبح کچن کے کام سرانجام دیتے ہوئے پانی کا ایک بڑا جگ اپنے پاس رکھ لیتی اور مسلسل سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرتی جاتی۔ جب کسی سے بات کرنی ہوتی تو پانی پر پھونک مار کر بات کرلیتی اور دوبارہ پھر پڑھنا شروع کردیتی۔

پانی پیتی ہوں شفایاب ہوجاتی ہوں!

سارا دن یہی پانی استعمال کرتی میں نے یہ عمل چھ ماہ کیا اور مجھے الرجی سے نجات مل گئی۔ میں نے اللہ کا شکر ادا کیا۔ دس برس گزر گئے ہیں مجھے کبھی الرجی نہ ہوئی دس برس بعد کمر کی تکلیف کے لیے ڈاکٹر سے دوا لی تو مجھے پین کلر پونسٹان سے دوبارہ الرجی کا شدید اٹیک ہوا کہ میں مرتے مرتے بچی اب میں پونسٹان اور ڈیکلوران کا استعمال نہیں کرتی اور جب بھی مجھے الرجی کا مسئلہ محسوس ہونے لگے تو دو تین دن سورۂ فاتحہ ہر مائع چیز پر دم کرکے پی لیتی ہوں اور شفایاب ہوجاتی ہوں۔ (شمشاد عائشہ عظمیٰ)

بچوں کے لیے جادو اثر آزمودہ چٹکی

زیادہ دست یا قے کی صورت میں دن میں تین سے چار مرتبہ دیں' عام استعمال میں صبح وشام ایک ایک چٹکی استعمال کروائیں۔ جب بچہ دانت نکال رہا ہو تو دن میں تین سے چار مرتبہ استعمال سے بچے کو تکلیف نہیں ہوتی۔ بچہ صحت مند رہتا ہے اور دانت آرام سے نکالتا ہے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی عمر میں رزق اور نیک اعمال میں بے حساب برکت دے۔ آمین! میں عبقری رسالہ بہت ذوق وشوق سے پڑھتی ہوں۔ اس کا ایک ایک لفظ سنہری ہے۔ آپ کا ایک پیغام جو ہر ماہ عبقری رسالہ میں پڑھتی ہوں ''قارئین آپ کے لیے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں' چھپاتا نہیں'' آپ کے ان الفاظ نے مجھے بھی لکھنے پر مجبور کردیا۔

بچوں کے لیے جادو اثر آزمودہ چٹکی

قارئین یہ جو دوائی میں لکھ رہی ہوں اس کا نام ''چٹکی'' ہے کیونکہ یہ چٹکی بھر استعمال سے ہی جادو کا سا اثر کرتی ہے۔ یہ نہ صرف اپنے بچوں پر بلکہ جس کسی کو بھی دی سب کا کہنا ہے کہ واقعی یہ جادو اثر ہے۔ فائدہ: اس کے بے شمار فوائد ہیں' سب سے بڑا فائدہ اس کے استعمال سے بچے صحت مند' تندرست اور گورے چٹے ہوجاتے ہیں' یہ نسخہ میری ساس صاحبہ نے بتایا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین!

تم تو ٹوٹکوں پر یقین نہ کرتی تھی اب کیا ہوا؟

اکثر جب ٹھنڈا پانی پینے یا کوئی کھٹی چیز کھانے سے بچوں کو گلے پڑ جاتے ہیں' دست لگ جاتے ہیں یا قے کی شکایت ہوتی ہے تو یہ بہت فائدہ مند ثابت ہوتی ہے۔ بعض اوقات مہنگے سے مہنگے چائلڈ اسپیشلسٹ کی دوا اثر نہیں کرتی مگر یہ چٹکی اثر کرجاتی ہے۔ اب تو میری بہنیں حیران ہوکر کہتی ہیں کہ تم تو کبھی بھی ایسے ٹوٹکوں پر یقین نہ کرتی تھی' کبھی بچوں کو کچھ ہوا تو مہنگے سے مہنگے چائلڈ اسپیشلسٹ کے پاس فخر سے جاتی تھی مگر اب تمہیں کیا ہوا؟ میں کہتی ہوں کہ عبقری پڑھ کر ٹوٹکے آزمائے تو سو فیصد فوری فائدہ ہوا ہے اور خاص طور پر یہ ٹوٹکہ جب سے میری ساس مرحومہ نے بتایا' آزمایا تو ٹوٹکوں پر یقین آگیا۔ **ھوالشافی:** گلاب کے خشک پھول' سرد چینی' کول ڈوڈے' طباشیر' مصری' نسپال دی کنڈی' سبز الائچی۔ تمام اجزاء ہم وزن لے لیں' یہ کسی بھی عام پنساری کی دکان سے آرام سے مل جائیں گی۔ ترکیب: یہ تمام چیزیں اچھی طرح صاف کرلیں' یعنی کنکر پتھر چن لیں۔ کول ڈوڈے توڑ کر ان کے اندر سے گری نکال لیں' گری کے اندر سبز رنگ کا تنکا سا ہوگا اس کو نکال دیں' اب ان تمام اشیاء کو باریک پیس لیں۔ اس کے بعد ململ کے کپڑے سے چھان لیں اور کسی صاف ڈبیہ میں محفوظ کرلیں۔ آپ کی چٹکی تیار ہے۔

ترکیب استعمال: زیادہ دست یا قے کی صورت میں دن میں تین سے چار مرتبہ دیں' عام استعمال میں صبح وشام ایک ایک چٹکی استعمال کروائیں۔ جب بچہ دانت نکال رہا ہو تو دن میں تین سے چار مرتبہ استعمال سے بچے کو تکلیف نہیں ہوتی۔ بچہ صحت مند رہتا ہے اور دانت آرام سے نکالتا ہے۔ یہ چٹکی سارا سال موثر ہے۔ (والدہ حافظ محمد عبدالقادر' لاہور)

جوہر شفاء مدینہ
موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج
شفاء کا ایسا بیش بہا خزانہ جس کا انتخاب پیشہ نبوی بڑی بوٹیوں سے کیا گیا
سالہا سال کے تجربات نے اسے خود گارنٹی اور کسوٹی بنا دیا ہے
بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہوجاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔
معدہ کا مسئلہ' بلڈ پریشر' جگر' گردے یا دل کے امراض
صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں
قیمت 150 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

پرانے برتنوں سے پرانی بیماریوں کا علاج

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

یاد نہیں تو ذرا بڑوں سے پوچھ لیں!

آپ کو اگر یاد نہیں تو ذرا بڑوں سے پوچھ لیں تو پھر بھی اگر یاد نہ آئے تو کسی ایسے بڑے ہوٹل اور فوڈ سٹریٹ کی طرف رخ کرلیں جہاں ایک روپیہ کی چیز سو روپے میں ملتی ہے اس کا مہنگا ہونے کی وجہ وہ پرانے تانبے پیتل اور کانسی کے برتن ہیں جن کو ہم چھوڑ چکے ہیں اور وہ انہی میں کھانا دیتے ہیں۔ کراچی میں بھی ایسا ایک ہوٹل ہے جس میں میں نے وہ برتن دیکھے ہیں اب تو آہستہ آہستہ شادیوں میں ان برتنوں کا رواج واپس آرہا ہے جن برتنوں میں کھانا کھا کر کوئی بے اولاد نہیں ہوتا تھا' دیکھا آپ میری بات سے چونک گئے' آپ کہتے ہیں اس کا بے اولادی سے کیا تعلق ہے؟ کیونکہ جن دھاتوں میں ہم کھانا کھاتے ہیں وہ دھاتیں دراصل ذرا ذرا ہمارے اندر بھی تو جاتی ہیں' آخر ساری سائنس چیخ چیخ کر کیوں کہہ رہی ہے کہ پلاسٹک کے برتن کینسر کا سبب بن رہے ہیں' کیا ہم پلاسٹک کے برتن کھاتے ہیں؟ چباتے ہیں کیا ہم انہیں گھول کر پیتے ہیں ہرگز نہیں؟ ایک سفر میں ایک صاحب مجھ سے کہنے لگے کہ میں کچھ نہیں سمجھتا تھا کہ پلاسٹک کے برتن سے واقعی کینسر اور لاعلاج بیماریاں ہوتی ہیں۔ مجھے ایک سفر میں ایک انگریز سے ملنے کا موقع ملا۔ یہ اٹلی کا تھا اور انگریز میرے سامنے ایک ہوٹل میں بیٹھا۔ اس نے ایک سفید رنگ کے جار میں ایک گدلا سا پانی رکھا ہوا تھا' وہ بار بار اس کو دیکھتا اور پھر پلاسٹک کے برتنوں میں جو کہ بہت نفیس اور خوبصورت اور رنگ برنگے تھے' ان میں کھانا کھاتا پھر پلاسٹک کے برتن سے نکلا ہوا نوالہ بہت غور سے تمام پہلوؤں سے بار بار دیکھتا میں یہ چیز مسلسل دیکھے جارہا تھا آخر مجھ سے نہ رہا گیا میں اپنی میز سے اٹھا میں جا کر اس کے ساتھ کی کرسی پر اس کی اجازت لیے بغیر بیٹھ گیا اور بغیر سوچے سمجھے اس سے سوال کیا یہ سب کچھ کیا ہے آپ کیا دیکھ رہے ہیں۔

کیا آپ جراثیم دیکھ رہے ہیں؟

اس جار میں کیا ہے؟ اور اس نوالے میں کون سی ایسی چیز ہے کیا آپ جراثیم دیکھ رہے ہیں کیونکہ انگریز اور جراثیم بہت زیادہ سنے بے ساختہ میرے منہ سے بے شمار سوالات نکلتے چلے گئے اور میں ان سوالات کا جواب سننے کو بے تاب تھا انگریز نے چند لمحے مجھے غور سے دیکھا پھر کہنے لگا مجھے برا تو لگا کہ آپ اچانک آکر میری تمام ریسرچ میں حائل ہوئے ہیں لیکن آپ کی نظروں میں تجسس اور آپ کے چہرے پر حیرت میں اسے دیکھ کر بہت حیران ہوا۔ اس نے اپنی دونوں کہنیاں ٹیبل پر ٹکائیں اور اپنی آنکھوں سے عینک اتار کر میز پر بہت سلیقہ سے رکھی اور لقمہ نگلتے ہوئے اس نے ساتھ پڑی چائے کی پیالی کی چسکی لی اور میری طرف متوجہ ہوا۔

> قارئین! دیسی برتن ان میں کھانا پینا ہماری نسلوں کے لیے صحت وتندرستی کی واضح دلیل ہے۔ آج بھی ہماری نسلیں ترس رہی ہیں انہیں وہ دیسی برتن تانبے اور پیتل کے جن کو قلعی کیا ہوا ہو۔

میں نے برتنوں پر پی ایچ ڈی کی ہے

دراصل میں غذائی سائنسدان ہوں اور میں نے برتنوں پر پی ایچ ڈی کی ہے' سائنس کہتی ہے کہ پلاسٹک کے برتن استعمال کرنے سے لاعلاج بیماریاں جسم میں داخل ہوتی ہیں' یہ وہ محلول ہے اس نے شیشے کے مرتبان کو اٹھا کر ہلاتے ہوئے دکھایا کہ جو میں نے پانی اور پلاسٹک کے برتن سے حاصل کیا یعنی میں نے پلاسٹک کے برتن میں سادہ سا پانی ڈال کر رکھا اور اس کے بعد ریسرچ کی اور اسے چھوٹے چھوٹے ذرات جو انسانی آنکھ عام طور پر نہیں دیکھ سکتی اس میں شامل ہوئی اور ان ذرات میں لاعلاج بیماریوں کے خطرناک ذرات اور مالیکولز تھے اب میں نے پلاسٹک کے برتنوں میں کھانا کھانے کیلئے اسپیشل اسی ہوٹل کا انتخاب کیا ہے اور میں دراصل جان بوجھ کر اپنے اندر خطرناک بیماریاں ڈال رہا ہوں لیکن اس نے کندھے اچکاتے ہوئے میری طرف ترچھی نظروں سے دیکھا اور پھر کہا کہ کوئی حرج نہیں میری ایک جان چلی جائے گی لیکن انسانیت بچ جائے گی اور لاکھوں جانیں ضائع نہیں ہوں گی پھر خود ہی کہنے لگا کہ لگتا ہے کہ آپ انڈین ہیں؟ میں نے کہا نہیں میں پاکستانی ہوں۔ تو کہا ٹھیک ہے! میں نے تمام دنیا کے برتنوں پر ریسرچ کی ہے جب تک ہمارے برتنوں میں پیتل، تانبا اور کانسی کے برتن تھے ہم بے اولاد نہیں تھے' ہماری نسلوں میں اولادیں تھیں' بیٹے تھے' ہم بے طاقت نہیں تھے اور وقت سے پہلے بڑھاپا ہمارے قریب نہیں آتا تھا' ہم گورے ہیں' ہمارے ہاں برف باری بہت زیادہ ہوتی ہے ہم جب منہ دھوتے اور نہاتے تھے تو ہمارے برتن پانی گرم کرنے کیلئے بھی انہی دھاتوں کے ہوتے تھے اور ان کے ذرات لگ لگ کر ہمارے جسم کے اندر مسامات سے داخل ہوتے تھے اور صحت وتندرستی بڑھتی چلی جاتی تھی جب سے ہم نے اپنے برتن چھوڑے ہیں اور ان برتنوں کا رواج ختم کیا ہے اور نئی جدت اور نئے برتن ہماری ٹیبل پر شامل ہوئے ہیں تو ہمیں وہ سچی زندگی کا سچا نظام خود بھول ہی گیا ہے اور ہم سچی راہوں سے بھٹک گئے ہیں۔

اٹلی سے پلٹا تو گھر کے سارے برتن بدل دیئے

وہ انگریز باتیں کیے جارہا تھا اس کے اندر کوئی درد کوئی احساس تھا اور کوئی سچائی تھی میں غور سے اس کی باتیں سن رہا تھا اس نے ایک نوالہ توڑا اور پھر اس نوالے کو غور سے دیکھنے لگا اور کہا کہ میرے پاس اس وقت وہ حساس آلے نہیں جن کے ذریعے میں آپ کو دکھا سکوں کہ اس ایک نوالے میں کتنے بے شمار پلاسٹک کے ایسے ذرات ہیں جو ہمارے جسم میں جا کر بہت ہی خطرناک بیماریاں جنم دیتے ہیں بجائے اس کے کہ اپنے برتن تبدیل کریں ہم دوائیاں اور علاج معالجے کی طرف مائل اور متوجہ ہوتے ہیں اور ہماری زندگی میں دن رات ایک ہی سوچ ہوتی ہے کہ ہمارا سب کچھ خوبصورت ہو' لیکن مصنوعی انداز سے' مصنوعی میک اپ' مصنوعی مشروبات' مصنوعی کھانے' مصنوعی لباس (ہر وہ لباس جو ستی نہ ہو) اور مصنوعی برتن۔ بس یہ سب کچھ ہماری زندگی کا اوڑھنا بچھونا ہے وہ کسی پروفیسر کی طرح مجھے ایک بھرپور لیکچر دے رہا تھا۔ معلوم ہو رہا تھا کہ شاید اس کی بات کوئی سننے کو تیار نہیں اور اس کی بات پر کوئی توجہ نہیں دے رہا۔ میں سن رہا تھا مجھے دراصل اس کی باتیں بہت اچھی اور دردمند محسوس ہو رہی تھیں وہ دراصل فرانسیسی تھا جو کہ بہت اچھی انگلش نہیں بول سکتا تھا لیکن میرے مطابق وہ بہت اچھی انگلش بول رہا تھا کیونکہ میری خود کی انگلش بھی ویسی ہی تھی۔ میں اٹلی میں کرنے تو سیر گیا تھا اور کاروبار بھی' لیکن جب میں وہاں سے لوٹا تو میں نے اپنے گھر کے تمام برتن اور (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

دردی ہربل بام

خصوصی رعایتی پیکیج بڑی ڈبی کم قیمت' کئی ہفتے چلے

پٹھوں کا درد ہو یا کوئی اعصابی درد ہو' بدن کے کسی بھی جوڑ میں درد ہو' فالج' لقوہ' رعشہ' کمر کا درد' پانی میں بھیگنے سے سردی لگ جائے' کسی عضو کا پھڑکنا' پنڈلیوں کا درد' نقرس' لاغری' ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا' موچ آجانا' بجلی کا شاک لگنا' کمر میں ڈسک پرابلم ہو یا کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا' جوڑ جوڑ درد کرتا ہو' بس دردی ہربل بام کا استعمال کریں

قیمت: =/80 روپے

ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHANDESHAWAR

پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

اسی نے برباد کیا! مگر دوستی نہیں توڑنا چاہتا

میں ہر سال اچھے نمبروں سے پاس ہوتا تھا میٹرک میں اے ون گریڈ آیا۔ اس کے بعد میرے کزن نے مجھ سے بہت زیادہ دوستی کرلی۔ ساتھ گھومنا، پھرنا، خریداری کرنا وغیرہ۔ انٹر میں پہلے جیسے نمبر نہیں آئے اور بی ایس سی میں تو فیل ہی ہوگیا۔ اب میری امی اس لڑکے سے شدید نفرت کرتی ہیں وہ مجھے اس سے ملنے نہیں دیتیں۔ مجھے معلوم ہے کہ اس نے نقصان پہنچایا لیکن میں اس سے دوستی ختم کرنا نہیں چاہتا۔ اس نے مجھے بتائے بغیر جاب بھی کرلی ہے، ادھر میں ہوں کہ ہر کام اس سے پوچھ پوچھ کر کرتا ہوں۔ اعتماد تو جیسے ختم ہوگیا ہے۔ (اویس، ملتان)

مشورہ: تفریحی سرگرمیاں بظاہر اچھی معلوم ہوتی ہیں مگر طالب علموں کے لئے اتنی تفریح ٹھیک نہیں کہ وہ امتحان کی تیاری نہ کریں اور فیل ہوجائیں۔ وقتی جذبات کے تحت آپ نے دوستی میں وقت ضائع کیا اب نتیجہ خراب آیا تو ذمہ دار دوسروں کو ٹھہرا رہے ہیں۔ دوسروں کو اگر آپ کو ناکام بنانے کا موقع ملا تو وہ بھی آپ کی وجہ سے ملا۔ اب پہلے کی طرح مسلسل جدوجہد سے تعلیم حاصل کریں اور اپنے مقصد پر اس طرح ڈٹ جائیں کہ کوئی ترقی اور کامیابی کے راستے میں حائل نہ ہوسکے۔ علم کی دولت اعتماد بھی بخشتی ہے۔

دل چاہتا ہے پڑھائی چھوڑ کر گھر چلی جاؤں

پڑھائی کا شوق مجھے اپنے گھر سے دوسروں کے گھر تک لے آیا۔ رشتے کی خالہ کے گھر رہنا پڑ رہا ہے۔ ان کے بچے بہت بدتمیز ہیں۔ خالہ کی خواہش ہے میں ان کو پڑھاؤں۔ اتنے بڑے بڑے ہوگئے اسکول نہیں جاتے۔ ایک آٹھ سال کا ہے دوسرا چھ سال کا۔ خالو کہتے ہیں ابھی چھوٹے ہیں۔ میں تھک کر یونیورسٹی سے آتی ہوں۔ اس وقت کسی کا لحاظ کرنے کا دل نہیں چاہتا۔ میرے گھر سے یونیورسٹی کا دو گھنٹے کا راستہ ہے اس لیے امی نے مجھے یہاں بھیج دیا۔ اب دل چاہتا ہے پڑھائی چھوڑ کر گھر چلی جاؤں۔ پرائیویٹ ایم اے کرلوں گی ایک سال تو گزر گیا اب اور وقت گزارنا مشکل ہے۔ (بہن شفیق، فیصل آباد)

مشورہ: خوش قسمت ہیں آپ کو پڑھائی کا شوق ہے۔ دوسری اچھی بات یہ ہے کہ اس شوق کی تکمیل کے لیے عملی جدوجہد بھی کررہی ہیں۔ اپنے گھر کے آرام کی قربانی دی ہے۔ رکاوٹوں اور مشکلات کو عبور کرکے ہی اس عظیم مقصد کی تکمیل ہوگی۔ اگر صرف ایک سال میں گھبرا گئیں تو تعلیم کس طرح مکمل کریں گی۔ یہاں دوسروں کی عزت اور لحاظ کرکے ہی آسانی حاصل کرسکیں گی۔ خالہ کے بچوں کیلئے مفید بن جائیں ان کو پڑھانے کے لیے وقت نکالیں، ان کے والدین کو سمجھائیں کہ وہ انہیں سکول میں داخل کروادیں۔ پڑھنے میں دشواری ہو تو آپ مدد کردیں گی بہت سے اچھے کام کرنے کے لیے دل کو راضی کرنا پڑتا ہے اور علم دینا تو سب سے اچھا کام ہے۔

افسوس! محلے میں ایک شخص نے خودکشی کرلی!

آج کا دن بہت افسوس میں گزارا۔ ہمارے محلے کے ایک آدمی نے خودکشی کرلی۔ وہ کئی سال سے بیروزگار تھا اس نے پسند کی شادی کی تھی دو بچے بھی ہیں۔ اس کی بیوی غم سے بے ہوش ہوگئی۔ ہم غریب محلے میں رہتے ہیں۔ میرے دماغ پر اس بات نے بہت برا اثر کیا ہے۔ لوگ بیروزگاری سے تنگ آکر خود کو ختم کرلیتے ہیں۔ میں تو ابھی طالبعلم ہوں، فارغ ہوکر کیا کروں گا؟ (ثاقب عتیق، راولپنڈی)

مشورہ: کوئی بڑا خسارہ پہنچے، غیرت کا معاملہ ہو، لاعلاج اور اذیت ناک مرض ہو، انسان خود سے مایوس ہوجائے، اس قدر کہ زندگی اچھی محسوس نہ ہو، تب بھی وہ خود کو ختم کرنے کے بجائے اپنے مسائل سے لڑتا ہے، کوئی راستہ تلاش کرتا ہے کہ یہ مشکلات اور مسائل حل ہوجائیں جبکہ ذہنی طور پر مریض لوگ ان حالات میں صبر کرتے ہوئے آگے بڑھنے کے بجائے خود کو ختم کرڈالتے ہیں۔ خودکشی کا سبب ڈیپریشن ہوتا ہے۔ بیروزگار اور بھی بہت لوگ ہیں مگر اس قدر مایوس نہیں۔ شدید مایوسی بیروزگاری بڑھاتی ہے، زندگی میں کیسی ہی مشکلات آئیں، حوصلہ رکھنا ضروری ہے کیونکہ مشکل وقت بھی گزر جاتا ہے۔ آپ جس شعبے میں تعلیم حاصل کررہے ہیں اس میں پیشہ وارانہ مہارت کے لیے کچھ وقت کسی ادارے میں جاکر تربیت حاصل کیا کریں۔ اس طرح تعلیم کے ساتھ تجربہ ملے گا اور تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد جاب ملنے کے امکانات بڑھ جائیں گے۔

ٹیم جیت جاتی ہے تو افسوس ہوتا ہے!

مجھے کرکٹ کا بے حد شوق ہے۔ سب جانتے ہیں اچھا کھیلتا ہوں اور ہرا کر خوش ہوتے ہیں۔ کھلاڑی ایسے ایسے حربے استعمال کرتے ہیں کہ کسی طرح میں آؤٹ ہوجاؤں۔ ان حرکتوں پر مجھے بہت غصہ آتا ہے کبھی تو آدھے کھیل سے نکل آتا ہوں۔ گھر آکر دوستوں کو فون کرکے میچ کا نتیجہ جاننے کی کوشش سے بھی پریشانی ہوتی ہے۔ میری ٹیم جیت جاتی ہے تو افسوس ہوتا ہے کہ میں خواہ مخواہ واپس آیا۔ (شرجیل عثمان، کراچی)

مشورہ: شوق کا یہ مطلب نہیں کہ انسان اپنی شکست تسلیم نہ کرے۔ کامیابی کا راز حقیقت پسندی میں ہے۔ حقیقت پسند لوگ شکست تسلیم کرنے سے نہیں گھبراتے۔ ہار ماننے کا مطلب ہے آپ اپنی کوتاہیوں کو جان لیں۔ ہار کر جیتنے کی خواہش زیادہ شدت سے ابھرتی ہے۔ کسی ٹیم کے اصول وقوائد کو آپ اچھی طرح جانتے ہوں گے۔ آئندہ ہر صورت میں شروع سے آخر تک سب کے ساتھ رہیں۔ محنت سے اپنے کھیل کو اچھا کرتے رہیں۔ ہارنے کے بعد بھی اطمینان ہو کہ اپنے طور پر آپ نے پوری کوشش کی۔ جیت اور ہار دونوں میں جذبات پر قابو رکھنا ضروری ہوتا ہے۔

غلطی سے نشہ آور مشروب پی لیا مگر۔۔۔!!!

کسی طرح میرے گھر والوں کو معلوم ہوگیا کہ میں نے دوستوں کی ایک پارٹی میں غلطی سے نشہ آور مشروب پی لیا حالانکہ اس روز کوئی گھر پر نہ تھا۔ سب کے سامنے ابو نے مجھ پر غصہ کیا اور کہا کہ اب اگر دوبارہ یہ حرکت کی تو گھر سے نکال دیں گے حالانکہ بڑے بھائی ہیروئن کا نشہ کرچکے ہیں یہ اور بات ہے کہ اب چھوڑ دیا جبکہ یہ مشروب تباہ کن نہیں ہے۔ ہیروئن تو انسان کو موت کے منہ میں لے جاتی ہے۔ میں اپنی غلطی کو بھائی کی غلطی کے سامنے کچھ نہیں سمجھتا۔ (عمران، قصور)

مشورہ: اس بحث میں نہ جائیں کہ کس کی غلطی بڑی ہے۔ بھائی تو اپنی اصلاح کرچکے آپ کو بھی آئندہ نشہ نہیں کرنا چاہئے۔ کوئی بھی ایسی بات جو کسی کے سامنے نہ کہنا چاہیں اور جس کے بارے میں لوگوں کو پتہ چلنے پر ندامت کا احساس ہو وہ بات اکیلے میں بھی نہیں ہونی چاہیے۔ باکردار شخص غلطیوں کو تنہائی میں کرنے سے بھی خود کو روکتا ہے جبکہ نشے کی رغبت رکھنے والے اپنے قول وفعل کو صحیح ثابت کرنے کے لیے دلائل اور بحث زیادہ کرتے ہیں۔ اپنے ذہن میں صرف ایک بات رکھیں کہ نشہ نہیں کرنا۔ والد نے صدمے کے زیر اثر آپ کو نشے سے دور رہنے کی نصیحت کی ہے۔ والدین کو بھی اپنے بچوں پر اعتماد ہوتا ہے۔ بچہ کوئی غلطی کرے تو انہیں دکھ ہوتا ہے۔

شوگر کورس
بے شمار کا آزمودہ!
شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم
آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں
قدرتی خالص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفکیٹ سے پاک
شوگر کا خاتمہ ممکن ہے
قیمت 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

ایک جن نے یہ عمل دیا پڑھا پھر بس!

اگر کوئی شخص کسی قسم کے نشے یا عادت بد میں مبتلا ہے اور چاہتا ہے کہ کسی طرح اس کی یہ عادت چھوٹ جائے اور اسے ان چیزوں سے نفرت اور کراہت محسوس ہونا شروع ہو جائے تو اسے چاہیے کہ روزانہ صرف 7 مرتبہ اسم الٰہی اَلْبَرُّ پڑھ لیا کریں۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سلامت رہیں! آمین۔ میں کچھ عمل قارئین عبقری کی خدمت میں ارسال کر رہی ہوں۔ یہ عمل انتہائی تیر بہدف ہیں اور بہت نایاب کتاب سے ملے ہیں۔ یہ عمل حضرت شیخ ابوالعباس احمد بن علی بونی رحمۃ اللہ علیہ کو ایک جن نے عنایت کیا تھا۔ یہ عمل برص' جذام' پاگل پن' امراض معدہ وجگر کے علاوہ ایسے امراض جو ضدی اور ہٹیلے ہو جاتے ہیں' اس عمل سے شفائے کاملہ نصیب ہوتی ہے۔ **عمل برائے گنڈا:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور درود پاک پڑھ کر شروع کریں۔ پیر کے دن ''گنڈا'' تیار کر کے پیر کے دن ہی پہن لیں۔ **مکمل طریقہ:** نیلے رنگ کے باریک دھاگے سے 21 عدد اپنے قد کے برابر تاریں لینی ہیں' چھوٹی بڑی نہ ہوں۔ پہلے اس دھاگے کو دوہرا پھر چوہرا کر لیں۔ ان پر درج ذیل ترتیب سے آیات پڑھ کر سخت و مضبوط گرہ لگا کر دم کرنا ہے۔ ہر گانٹھ پر درج ذیل سات آیات ایک ایک پڑھ کر گرہ لگانا ہے۔ جو آیت پڑھ کر گرہ لگانی ہیں وہ درج ہے:۔

1۔ سورۂ بقرہ کی آخری چار آیات۔
2۔ سورۂ اعراف کی آیات 54، 55، 56 (پارہ 8)
3۔ سورۂ کہف کی آخری دو آیات۔
4۔ سورۂ صفات کی پہلی 10 آیات
5۔ سورۂ رحمٰن کی 33، 34 آیات
6۔ سورۂ حشر کی آخری 4 آیات۔
7۔ سورۂ جن کی آیات نمبر 3 اور 4۔

قارئین! یہی آیات اگر بارش' چشمے' کنویں کے پانی پر دم کر کے محفوظ کر کے نہار منہ روزانہ 2 گھونٹ پی لیں اور چند قطرے چہرہ پر بھی مل لیا کریں تو درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ حفاظت رہتی ہے۔ اس کے علاوہ انسان ہر قسم کے جادو' مشکل' حادثات' آنے والے مصائب سے ان شاء اللہ حفاظت رہتی ہے۔ پرہیز: گائے' بھینس کا گوشت نہ کھائیں۔ دودھ دونوں کا پی سکتے ہیں۔

شراب' زنا' جوا سے نفرت کیلئے

اگر کوئی شخص کسی قسم کے نشے یا عادت بد میں مبتلا ہے اور چاہتا ہے کہ کسی طرح اس کی یہ عادت چھوٹ جائے اور اسے ان چیزوں سے نفرت اور کراہت محسوس ہونا شروع ہو جائے تو اسے چاہیے کہ روزانہ صرف مرتبہ 7 اسم الٰہی اَلْبَرُّ پڑھ لیا کریں۔ (ہر نماز کے بعد بھی سات مرتبہ پڑھ سکتے ہیں)۔ یہ عمل کسی کی نیت کر کے بھی کر سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ عادت بد اور نشہ سے کراہت اور نفرت پیدا ہو جائے گی۔

ہر قسم کا نشہ' دق' سل کے لیے

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔
یااللہ یارحمن یارحیم دل مارا کن
مستقیم بحق ایاك نعبد وایاك نستعین
یالطیف یانور
یاحق یاھادی یامبین یاصبور بحق یایھاالذین
امنو اصبروا
وصابروا و رابطوا واتقواللہ لعلکم تفلحون ط
یاحمید
ذاالمن علیٰ جمیع خلقہٖ بلطفہٖ یاحلیم یارشید
رب اجعلنی مقیم الصلوٰۃ من ذریتی ربنا و
تقبل دعا الٰھی عقلی مغلوب و نفسی معیوب
وقلبی محجوب ولسانی مقربالذنوب فکیف
حیلتی یاستار العیوب یاغفار الذنوب وصلی
اللہ علی سیدنا محمد والٰہٖ وصحبہ وبارك
وسلم۔ روزانہ ایک بار زعفران کی دھات تیار کر کے پانی میں گھول کر پلانا۔ 21 دن تک۔ ہر قسم کا نشہ چھوٹ جائے گا۔ (سیدہ خالدہ جیلانی' نیو ملتان)

گھر بیٹھے کتب اور ادویات منگوانے کیلئے صرف یہی نمبر
0332-7552382

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

ہر بیماری و پریشانی کا آخری علاج

ایک ایسا مریض جس کے بارے میں ڈاکٹر صاحبان کہتے ہیں کہ اسے بیماری ہے اور عاملین حضرات کہتے ہیں کہ اس پر اثرات ہیں جس سے مریض اور اس کے لواحقین پریشان ہوتے ہیں کہ کس کی بات مانیں۔ ڈاکٹروں کی یا عاملوں کی۔ چنانچہ وہ عمل ملاحظہ ہو۔ پہلے دو رکعت نفل برائے حاجت پھر دو نفل برائے قبولیت' پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پھر 1001 مرتبہ سورۂ کافرون مع بسم اللہ یہ عمل سات دن کریں۔ یوں سات ہزار مرتبہ سورۂ کافرون پڑھی جائیگی۔ یہ شہد' سرسوں کا تیل' پانی اور مریض پر دم کریں' شہد اور پانی ملا کر مریض کو پلائیں اور تیل کی مالش کرائیں' ان شاء اللہ مریض کو بہت جلد افاقہ ہوگا' اس تیل و شہد اور پانی میں سورۂ کافرون کی برکت سے ایسی تاثیر پیدا ہوگی کہ اگر سخت جادو جنات ہو جس سے عامل عاجز آ چکے ہوں یا ایسی بیماری جو لاعلاج ہو یا بیماری کا پتا نہ چلتا ہو یا دوا مؤثر نہ ہو یا کسی بھی صورت میں مریض کو آرام نہ آتا ہو تو ان تمام صورتوں میں یہ عمل کیا جائے تو مریض انشاء اللہ شفاء یاب ہوگا۔

طاقت خاص کا آخری حل

ھوالشافی: موصلی سفید ایک تولہ' تالمکھانہ ایک تولہ' تخم لاجونتی ایک تولہ' تخم خرفہ ایک تولہ' تخم ریحان ایک تولہ' تخم پیاز ایک تولہ' بہمن سرخ ایک تولہ' بہمن سفید ایک تولہ' سنگاڑا خشک دو تولہ' گوند کتیرا ایک تولہ' گوند کیکر ایک تولہ' طباشیر ایک تولہ' پھلی کیکر دو تولہ' مصطگی رومی ایک تولہ' سونف تین تولہ' بوہڑ ڈاڑھی دو تولہ' مصری بارہ تولے۔ لیکر پیس لیں۔ ایک چمچ صبح و شام نیم گرم دودھ کے ہمراہ چالیس دن تک استعمال کریں۔ یہ نسخہ قوت خاص اور طاقت کیلئے آخری ہے۔ (بحوالہ عبقری جلد 9)

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

گھریلو ناچاقیوں' رزق کی تنگی' پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی' جسمانی' نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔

قیمت فی جلد 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری تلبینہ

عورتوں' بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک

عبقری تلبینہ نا صرف مریضوں بلکہ صحت مندوں کیلئے بہت بہترین چیز

ٹینشن' ڈیپریشن' تھکان' جسمانی' کمر' ٹانگوں کا درد' پٹھوں کا کھچاؤ ہر کمزوری کا علاج

بچوں' بڑوں' بوڑھوں اور گھر بھر کے افراد کیلئے غذا' ٹانک بھی' دوا بھی شفاء بھی اور عطا بھی

قیمت 100 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

بچوں کا صفحہ

چڑیا جنگل میں بھٹک گئی

راستے میں اتنے بہت سے پرندوں سے باتیں کرتے کرتے اندھیرا ہونے لگا اور چڑیا اپنے گھر کا راستہ بھول گئی اس نے گھبرا کر ادھر ادھر اڑنا شروع کیا وہ جتنا اڑتی اتنا ہی بھٹکتی جاتی۔ اسے رہ رہ کر اپنے بچوں کا خیال آتا جو بھوکے ہوں گے اور اس کی راہ تک رہے ہوں گے۔

چڑیا کے تین خوبصورت بچے

ایک چھوٹی سی چڑیا کے انڈوں سے تین بچے نکلے دوسرے پرندوں کو وہ بچے زیادہ خوبصورت نہیں لگے لیکن چڑیا کا خیال تھا کہ کسی کے بچے اس کے بچوں سے زیادہ خوبصورت نہیں ہوسکتے۔ چڑیا صبح وشام ان کے لیے کھانے کا سامان لاتی۔ ماں کو آتے دیکھ کر بچے اپنی چونچیں کھول کر کھانا مانگنے لگتے۔ بچوں کا پیٹ بھر جاتا تو چڑیا خود بھی کچھ کھاتی اور پھر پورا کنبہ چین سے سو جاتا۔ ایک شام چڑیا اپنے بچوں کے لیے کھانا ڈھونڈنے نکلی۔ ذرا دور اسے مینا ملی اس نے پوچھا چڑیا کہاں جارہی ہو؟ چڑیا نے بتایا کہ وہ بچوں کے لیے دانہ دنکا ڈھونڈنے جارہی ہے۔ تھوڑی دیر بعد ایک فاختہ ملی اس نے بھی پوچھا چڑیا کہاں جارہی ہو؟ چڑیا نے اسے بھی بتایا کہ وہ بچوں کی غذا لینے جارہی ہے۔ چڑیا اور آگے گئی تو ایک طوطا ملا اس نے بھی وہی بات پوچھی چڑیا نے بھی وہی جواب دیا۔ پھر ایک کوا ملا چڑیا نے اسے بھی بتایا کہ بچے بھوکے ہیں وہ ان کے لیے خوراک لینے جارہی ہے اور آگے ایک مور ملا چڑیا نے اسے بھی بتایا کہ وہ کیوں نکلی ہے۔

اور چڑیا اپنے گھونسلے کا راستہ بھول گئی

راستے میں اتنے بہت سے پرندوں سے باتیں کرتے کرتے اندھیرا ہونے لگا اور چڑیا اپنے گھر کا راستہ بھول گئی اس نے گھبرا کر ادھر ادھر اڑنا شروع کیا وہ جتنا اڑتی اتنا ہی بھٹکتی جاتی۔ اسے رہ رہ کر اپنے بچوں کا خیال آتا جو بھوکے ہوں گے اور اس کی راہ تک رہے ہوں گے۔ اتفاق سے وہی مور ملا جس نے اس سے پوچھا تھا کہ کہاں جارہی ہو چڑیا نے اسے بتایا کہ اپنے گھونسلے کا راستہ بھول گئی ہے۔ مور نے کہا کہ میں تمہیں تمہارے گھر کا راستہ تو نہیں بتا سکتا البتہ تمہیں کوے کے پاس لے جاسکتا ہوں دونوں کوے کے پاس پہنچے چڑیا کی دکھ بھری کہانی سن کر کوے نے کہا میں تمہیں طوطے کے پاس پہنچا سکتا ہوں اب یہ تینوں طوطے کے پاس پہنچے اور اسے بتایا کہ چڑیا اپنے گھر کا راستہ بھول گئی ہے۔ طوطے نے کہا کہ مجھے فاختہ کا ٹھکانہ معلوم ہے چلو اس کے پاس چلیں اب یہ چاروں فاختہ کے پاس پہنچے اس کے اپنے بچے تو پیٹ بھر کر سو چکے تھے اسے چڑیا پر ترس آیا اور وہ فوراً مینا کے پاس چلنے کے لیے تیار ہوگئی۔ اب یہ پانچوں مینا کے پاس پہنچے جو درخت پر بیٹھی گارہی تھی۔

ارے تمہارا گھونسلا تو سامنے درخت پر ہے

چڑیا کی بے چینی دیکھ کر وہ اٹھ بیٹھی اور بولی ارے تمہارا گھونسلا تو اس سامنے والے درخت پر ہے۔ وہ دیکھو اس شاخ پر تمہارے بچے تمہارا انتظار کررہے ہیں۔ یہ دیکھ کر چڑیا خوشی سے کھل اٹھی اور جنگل کے پرندوں کا شکریہ ادا کرتی ہوئی اپنے گھونسلے تک جا پہنچی یہ منظر دیکھ کر مینا گانے لگی ''ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے آتے ہیں جو کام دوسروں کے''۔ پیارے بچو آئیے! آپ بھی آگے بڑھیں اور پریشان حال کی مدد کرکے ان کی دعائیں لیں۔ (کامل حیدر، کچا کھوہ)

مرغی بطخ کے بچے سے شرمندہ کیوں؟

حماد سلطان

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک بطخ دریا کے کنارے رہتی تھی کیونکہ اس کا نر مر چکا تھا۔ وہ بیچاری ہمیشہ بیمار رہتی تھی۔ ایک دن اس کی طبیعت زیادہ خراب ہوگئی تو وہ ڈاکٹر کے پاس گئی۔ ڈاکٹر نے اسے بتایا کہ تمہاری بیماری ایسی ہے کہ تم جلد مرجاؤ گی۔ اسے یہ سن کر صدمہ ہوا کیونکہ اس کے پاس ایک انڈا تھا۔ اسے ڈر لگا کہ اگر میں مرگئی تو اس انڈے کا کیا ہوگا جس کے خول سے جلد ہی بچہ نکلنے والا تھا اور پھر اس بچے کو کون سنبھالے گا۔ لہٰذا وہ اپنے سب دوستوں کے پاس گئی جو جنگل میں رہتے تھے۔

اس نے اپنے دوستوں کو اپنی ساری کہانی سنائی لیکن انہوں نے مدد کرنے سے انکار کردیا۔ بیچاری بطخ نے ان کی کافی منتیں کیں کہ خدا کے لیے تم لوگ مرنے کے بعد میرے بچے کو اپنا سایہ دینا لیکن کسی نے اس کی بات نہ مانی۔

بیچاری بطخ بھی کیا کرتی۔ اس کے ذہن میں خیال آیا کہ کیوں نہ میں اپنے بھائی مرغے کے پاس جاؤں، وہ ضرور میری مدد کرے گا لہٰذا وہ مرغے کے پاس گئی اور اسے سارا قصہ سنایا۔ مرغ بھائی! آپ میرے بچے کے ماموں جیسے ہو پلیز آپ ہی میرے بچے کو اپنا سایہ دینا۔ مرغا بولا! میں تمہارے بچے کو رکھ لیتا لیکن میری بیگم مرغی یہ بات نہیں مانے گی لہٰذا مجھے بہت افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ میں یہ کام نہیں کرسکتا لہٰذا تم مجھے معاف کردینا۔

بطخ ادھر سے مایوس ہوکر اپنے گھر واپس آگئی اور سوچنا شروع کردیا کہ اب کیا کیا جائے۔ اچانک اس کے ذہن میں ایک ترکیب آئی اور اس نے موقع ڈھونڈ کر یہ کام انجام دے دیا اور خود جا کر ایک درخت کے کنارے بیٹھ گئی۔ اس کے بعد بطخ کی طبیعت اور بگڑ گئی اور ایسی بگڑی کہ اس کی موت ہوگئی۔

جب مرغی کے بچے انڈوں سے باہر نکلے تو ان میں ایک بطخ کا بچہ بھی تھا۔ مرغ تو سب جان گیا تھا لیکن اس نے مرغی کو بتانا مناسب نہ سمجھا۔ مرغی نے کافی شور شرابہ کیا اور بولی: میرے بچوں کے ساتھ بطخ کا بچہ نہیں رہے گا۔ مرغ نے اسے کافی سمجھایا لیکن مرغی نے اس کا کہنا نہیں مانا۔ مرغی نے اپنے بچوں کو منع کردیا کہ بطخ کے بچے سے کسی کو بات نہیں کرنی ہے۔ سب نے مرغی کی بات مان لی لیکن دو چوزوں نے اپنی ماں کی بات نہ مانی اور وہ جو خود کھاتے تھے۔ اپنے ساتھ اس بطخ کے بچے کو بھی کھلاتے تھے۔ مرغی کو بطخ کے بچے سے سخت نفرت تھی، وہ اسے دیکھنا بھی پسند نہیں کرتی تھی۔ ایک دن مرغی کے ذہن میں خیال آیا کہ ہم سب مل کر دریا کے کنارے سیر کو جائیں گے۔ ہم سب واپس آجائیں گے اور بطخ کے بچے کو وہیں چھوڑ آئیں گے۔ اس طرح سے جان چھوٹ جائے گی۔ وہ لوگ سیر کو نکلے۔ وہاں پہنچتے ہی ایک چوزہ دریا کے کنارے چلا گیا اور ڈوبنے لگا۔ یہ دیکھ کر مرغی زور زور سے چیخنے چلانے لگی چونکہ بطخ کے بچے کو تیرنا آتا تھا لہٰذا اس نے فوراً دریا میں تیرنا شروع کردیا اور اس چوزے کو نکال کر باہر لے آیا۔ مرغی نے جب یہ دیکھا تو اسے اپنے کیے پر کافی شرمندہ ہوئی اور اس نے بطخ کے بچے سے معافی مانگ کر اسے اپنا بیٹا بنالیا۔ اس طرح وہ سب ہنسی خوشی رہنے لگے۔

نورتن شفاء
بواسیر، الرجی، بڑھا پیٹ، اٹھرا، خون کی خرابی، پھوڑے پھنسی، شوگر کے زخم، رسولی چاہے کینسر کی ہی ہو، دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا ہے اس کے علاوہ بھی لاعلاج بیماریوں کا آزمودہ شافی علاج
قیمت 150 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN - PESHAWAR

جناتی شادی کا انوکھا خوشنما منظر جاگتی آنکھوں سے دیکھا!

گزشتہ ہفتے بندہ ناچیز بمع اہلیہ، چھوٹا بیٹا مغرب کی نماز کے بعد خان پور بگا شیر شمالی مظفر گڑھ سے علاقہ سنانواں تحصیل کوٹ ادو بستی قاضیاں والی کی طرف المعروف بستی چڑھوئے والی والدین کی زیارت کے لیے روانہ ہوئے' میری زبان پر مسلسل دوا نمول خزانہ کا ورد جاری تھا۔ اچانک عشاء کی اذان سے تقریباً 20 منٹ پہلے راستے میں گنے کے کھیت کے اوپر مین سڑک کے بائیں طرف دو کنال زمین پر لاکھوں کی تعداد میں جگنو روشنی پھیلائے ایک کنال سے دوسری کنال میں آجا رہے تھے۔ میں نے اپنی موٹر سائیکل روک لی میری زبان سے سبحان اللہ نکل گیا اسی طرح میں نے کل تین مرتبہ الحمدللہ کہا میرا چھوٹا بیٹا سو گیا تھا میری اہلیہ کو بھی جگنو نظر آئے اس نے بھی سبحان اللہ' الحمدللہ کہا۔ محترم قارئین! اسی دو کنال زمین میں دس فٹ کا کچا راستہ تھا جہاں پر (غالباً میاں بیوی) ایک مرد اور عورت چہل قدمی کر رہے تھے ان دونوں نے قیمتی لباس پہنا ہوا تھا مگر میری بیوی صاحبہ کو صرف جگنو نظر آئے' میاں بیوی کا جوڑا نظر نہیں آیا' روشنی اتنی زیادہ تھی کہ جیسے دن کا سماں ہو میرا دل کر رہا تھا اس نظارے کو کھڑے ہو کر دیکھتا رہوں مگر لمبا سفر، بیوی صاحبہ اور چھوٹا بیٹا ساتھ ہونے کی وجہ سے بمشکل پانچ منٹ بعد اپنی منزل کی طرف روانہ ہو گئے۔ دوسری دن صبح واپسی پر دس فٹ کا کچا راستہ بالکل نہیں تھا البتہ دو کنال کے درمیان چھوٹی سی ایک فٹ کی (پگڈنڈی) تھی جسے سرائیکی میں بنہ کہتے ہیں۔ (ق۔ص' مظفر گڑھ)

کاش! میں اس جن کی بات مان لیتی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنی کہانی لیکر حاضر ہوئی ہوں! میرا نام ہرگز شائع نہ کیا جائے۔ جب میں نے ایف اے کر لیا تو ہماری ایک رشتہ دار ہیں ان پر کوئی چیز (جن) عاشق ہے انہیں کھلی آنکھوں سے دوسری مخلوق نظر آتی ہے۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ مجھے جن نے کہا ہے کہ تم آگے داخلہ مت لینا تمہارے حق میں بہتر نہیں ہے۔ میں نے ان کی باتوں پر یقین نہ کیا اور پاگل پن سمجھتے ہوئے ایڈمیشن لے لیا۔ اس کے بعد میں بہت شدید بیمار ہو گئی میرے سارے ٹیسٹ ٹھیک آئے' کسی دوائی سے فرق نہیں پڑتا' کسی نے کہا اس پر جادو کروا دیا ہے' کسی نے کہا کالج سے اثرات ہو گئے ہیں کسی نے کہا اس پر چیزیں چھوڑی ہوئی ہیں مغرب کی اذانیں ہوتی اور مجھے بہت تیز بخار ہو جاتا' دوائی لینے جاتی تو بخار بالکل ٹھیک ہو جاتا۔ مجھے ایسے لگتا مجھے میری کسی بہن نے نام لیکر آواز دی جب میں پیچھے دیکھتی کوئی بھی نہیں ہوتا پھر بھی میں نے بی اے' بی ایڈ کر لیا اور اس دوران میں اتنی بیمار ہو گئی کہ مجھے اور میرے گھر والوں کو میرے بچنے کی امید نہیں تھی۔ میری امی نے کہا سب رشتہ داروں کو اطلاع دے دو بس!

صحن میں چھاولی چلتی پھرتی نظر آتی ہے

مجھے خواب میں قبرستان، گندا پانی، کیچڑ، گیلی مٹی جیسے سڑک پر لپائی کی ہوئی ہو بہت نظر آتی۔ میں بھاگ رہی ہوتی ہوں میرے دائیں اور بائیں قبرستان ہوتا ہے اور میرے سامنے سے دونوں قبرستان آپس میں مل جاتے ہیں۔ میں خواب میں کسی چیز سے بچنے کیلئے آیت الکرسی یا تیسرا کلمہ پڑھ رہی ہوتی ہوں میری آنکھ کھل جاتی ہے اور میری زبان پر وہی آیت جاری ہوتی ہے۔ اب میں بہت بیمار اور کمزور رہتی ہوں میرا معدہ ٹھیک نہیں رہتا، دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے بایاں ہاتھ سن ہو جاتا ہے سانس پھولتی ہے کبھی بخار اور پٹھے بہت کھچتے ہیں پیٹ میں بائیں طرف بہت گیس رہتی ہے قبض رہتی ہے۔ پرانے کالے علم کے لیے کسی نے روزانہ 75 بار سورۃ کوثر پڑھنے کا بتایا میں نے وہ پڑھنا شروع کی مجھے خواب بھی اچھے آنے لگ اور نیند بھی کچھ دن بہتر رہی۔ میں نے ''عبقری'' رسالہ رشتہ دار سے لیکر پڑھا اور اس میں ایک عمل تھا ''ولسوف یعطیك ربك فترضیٰ'' وہ میں نے پڑھنا شروع کیا چار پانچ دن بعد مجھے صحن میں ایک چھاولی چلتی پھرتی دکھائی دی اسکی ہائٹ زیادہ تھی اور جوتیوں کی آہٹ بھی سنائی دی مجھے لگا بھائی باہر سے آیا لیکن میں نے دیکھا تو کوئی بھی نہیں تھا ایسا دو دن مسلسل ہوا اور رات کو سوتے ہوئے جب میں نے کروٹ بدلی تو لڑکیوں کے بولنے کی آواز سنائی دی' پھر انہوں نے کہا وہ اٹھ گئی ہے' میں نے اٹھ کر دیکھا کوئی بھی نہیں تھا۔ سب سوئے ہوئے تھے اگلی رات بھر وہی آوازیں دو لڑکیوں کے چیخنے کی آواز سنی میں نے اٹھ کر دیکھا کوئی بھی نہیں تھا۔ کاش! میں اس جن کی بات مان لیتی تو آج اتنی مشکلات میں نہ گھری ہوتی۔ (پوشیدہ، لاہور)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ
مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ پڑھیں۔ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہو گی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔ مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

(بقیہ: عبقری حویلی تین دن گزارئیے من پسند روزگار پائیے)

عبقری رسالہ مجھے ہدیہ کیا' میں نے اس کا شکریہ ادا کیا اور گھر کی طرف روانہ ہو گیا۔ گھر آکر اہلیہ کو تمام تفصیل سمجھائی اور عبقری رسالہ دیا' اگلے ہی دن عبقری حویلی احمد پور شرقیہ روانہ ہو گیا۔ عبقری حویلی جب پہنچا تو اس کی تزئین و آرائش اور خوبصورتی دیکھ کر دنگ رہ گیا' وہاں موجود احباب سے عمل کی مکمل تفصیل سمجھی۔ ساری رات سورۃ فاتحہ پڑھتا اور دن کو روزہ رکھتا نیند پوری کرتا اور قرآن پاک کی تلاوت کرتا۔ تین دن روزے رکھ کر آگیا۔ مگر پورا مہینہ گزر گیا میرے حالات نہ بدلے' اگلے ماہ دوست کے اصرار پر پھر گیا' تین دن گزارے' جب واپس جا رہا تھا تو راستے میں ہی ایک جگہ سے نوکری کی آفر آئی' یہ وہ جگہ تھی جہاں میں گزشتہ تین سال سے نوکری کیلئے ہاتھ پاؤں مار رہا تھا' جگہ جگہ سے سفارشیں ڈلوا رہا تھا مگر میرا کام نہیں بن رہا تھا' میں حیران رہ گیا کہ انہوں نے خود میرے ساتھ رابطہ کیا اور اگلے ہی دن میں ڈیوٹی پر تھا۔ میری تمنا کے مطابق تنخواہ طے ہوئی۔ الحمدللہ! میرے گھر سے فاقے' معاشی پریشانیاں' جھگڑے ختم ہو چکے ہیں' عبقری رسالہ ہر ماہ خریدتا بھی ہوں اور حسب توفیق لوگوں کو ہدیہ کر کے انہیں اس کے فضائل بھی سناتا ہوں اور ہاں عبقری حویلی جانا میں نے اب بھی نہیں چھوڑا۔ (قاسم شہزاد رحیم یار خان)

الرجی کھانسی' ناک بہنا یا بند ہونا' جسم میں درد' دماغی بوجھ' سستی کاہلی' بخار' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا' بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا جیسے امراض کا شافی علاج (قیمت: 10 روپے)
جوش جوشاندہ
ابالنے کی تکلیف سے نجات فوری حل
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOORKHANPESHAWAR

قارئین یہ بہت بڑا راز ہے! میری ماں ایک چور ہے!

پوشیدہ گجرات

لاش تھوڑی سی بھاری تھی ہم پیدل چل رہے تھے اور جیسے جیسے قبرستان قریب آتے جارہے تھے جنازہ بھاری ہوتا جارہا تھا اور جب ہم قبرستان کے دروازے پر پہنچے تو جنازہ اتنا بھاری ہوگیا کہ ہمارے کندھے اس کو اٹھانے کے لیے اس وزن کو برداشت نہیں کررہے تھے

پیسہ چوری ماں کرتی، باپ شک دادی پر کرتے

محترم قارئین السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ چند سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں، اس رسالہ نے مجھے مجبور کیا کہ میں قارئین کو اپنا گھریلو سچ بتاؤں۔ اس سچ میں بہت بڑا سبق چھپا ہے۔ لیجئے قارئین غور سے پڑھیے۔ میری ماں کو ابو کے پیسے چوری کرنے کی عادت تھی اور اب تک ہے۔ غریب ہونے کی وجہ سے میرے باپ سے چھپ کر اپنے خاندان والوں کی مدد کرتی تھی۔ اکثر پیسے چرا لیتی تھی۔ میرے والد کبھی بھی اپنے پیسے تالے میں نہیں رکھتے تھے۔ ان کو اپنی بیوی پر بڑا اعتبار تھا لیکن حیران کن طور پر میرے باپ کو اپنی سگی ماں پر ہر وقت شک رہتا تھا کہ وہ پیسہ چوری کرتی ہیں۔ اس بات کا یقین میری ماں نے ہی میرے باپ کو دلایا تھا۔ وہ اپنی بیوی کو دنیا کی سچی ترین عورت تصور کرتے تھے لہٰذا میرا باپ اپنی ماں کو اچھی نگاہ سے نہ دیکھتا تھا۔ سارا کام کاج انہیں سے کرواتا تھا وہ نوکروں کی طرح اپنی ماں سے گھر کا سارا کام کرواتا تھا اور خود اپنی بیوی کے ساتھ وی سی آر پر فلمیں دیکھا کرتا تھا۔ تقریباً چالیس سال تک میری ماں چوریاں کرتی رہی اور اس کا الزام اپنی ساس پر لگاتی رہی۔ یہ سارا پیسہ وہ اپنے بھائی، بہن اور ماں باپ کو دیتی رہی۔ یہاں تک کہ میرے باپ کا اپنا گھر بھی فروخت ہوگیا اور اسکا پیسہ ملا تو اپنی سگی ماں کو چھوڑ کر دوسرے شہر آباد ہوگیا اور جاتے وقت بھی اپنی ماں سے مل کر نہ گیا۔

بے گناہ بوڑھی مخلص ماں پر شک

میری دادی ماں کو سب بی بی جی کہتے تھے ان کے تین بیٹے اور تھے وہ بھی عادت کے اچھے نہ تھے۔ نہ شوہر تھا اور نہ ہی اچھی اولاد تھی۔ میرے ابو نے الماری میں 5 لاکھ روپے رکھے تھے مگر میری ماں نے عادت سے مجبور تین ماہ کے اندر وہ تمام پیسہ اپنے میکے پہنچا دیا۔ ایک دن جب میرے باپ نے الماری کھولی تو وہاں پیسے نہ تھے۔ پوچھنے پر بتایا کہ میری ماں نے تمام پیسے اپنے میکے پہنچا دیئے ہیں۔ اب میرے باپ کو اپنی بیوی کی اصلیت پتہ چلی اب پچھتاوے کے سوا کچھ نہ تھا اب معلوم ہوا کہ میں اپنی بے گناہ ماں پر شک کرتا تھا جبکہ غلطی میری مکار بیوی کی تھی۔

میں آپ کو بہت بڑا راز بتانا چاہتا ہوں

اسی طرح چند دن بعد میرے نانا کا انتقال ہوگیا۔ ایک دن میرے بھائی کا مجھے فون آیا۔ اس نے مجھ سے کہا کہ میں آج آپ سے بہت بڑا راز بتانا چاہتا ہوں۔ میں نے کہا کہ میں تمہارا راز کسی سے بھی نہیں ذکر نہیں کروں گی۔ لہٰذا اس نے بتایا کہ جب ہم نے جنازہ اٹھایا تو ہمارے نانا کی لاش تھوڑی سی بھاری تھی ہم پیدل چل رہے تھے اور جیسے جیسے قبرستان قریب آتا جارہا تھا جنازہ بھاری ہوتا جارہا تھا اور جب ہم قبرستان کے دروازے پر پہنچے تو جنازہ اتنا بھاری ہوگیا کہ ہماری کندھے اس کو اٹھانے کے لیے اس وزن کو برداشت نہیں کررہے تھے اور آپ یقین کریں کہ جب ہم قبر کے پاس پہنچے تو جنازہ اتنا بھاری ہوگیا کہ دل کرتا تھا کہ اپنے کاندھے پر سے اتار کر پھینک دوں۔ اتنا بھاری جنازہ میں نے آج تک نہیں اٹھایا، بہت سے جنازے اٹھائے لیکن ایسا کبھی نہیں اٹھایا۔ وحشت زدہ بھاری وزن صرف اسی جنازے کا تھا اس کی بڑی وجہ میری ماں کی چوریوں کا پیسہ تھا جس پر میرا نانا اور اس کے بیوی بچے پلے بڑھے تھے یہ سب چوری کا مال کھانے کا نتیجہ تھا کہ میت کو کاندھے پر رکھتے ہی اس پر اللہ کی طرف سے عذاب نازل ہوگیا۔

میری تمام خواتین سے گزارش ہے

میری گزارش ہے کہ عورتیں اپنے شوہر سے چوری چھپے اپنے والدین کو پیسے نہ بھیجیں اور نہ ہی کبھی چوری کریں۔ چوری کرتے وقت ہم یہ بھول جاتے ہیں کہ ایک ذات ہمیں دیکھ رہی ہے اور ہر غلط کام کی سزا ہمیں ملے گی۔ ہمارے ہاتھ ہی ہماری چوری کا اعتراف کریں گے۔ میری ماں اپنی چوریوں پر نہ پہلے شرمندہ تھی اور نہ آج شرمندہ ہے اور نہ ہی ہدایت کے راستے پر ہے۔ یہ سب بدنصیبی اس وجہ سے ہے کیونکہ میری ماں نے اپنی نیک ساس کے ساتھ بہت برا سلوک کیا۔ ان سے نوکروں کی طرح کام کروایا اور ان کی زندگی عزت کے ساتھ گزارنی مشکل کردی تھی ان پر بے پناہ ظالم ڈھائے تھے اور میرے باپ سے بھی انہیں ذلیل رسوا کروایا جو اپنی ماں کو ذلیل کرتا ہے اللہ اس کو اس دنیا میں ذلیل کرتا ہے۔

بانس کا جھاڑو خریدا اور پریشانی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے آزمودہ ٹوٹکہ ٹوٹکہ سیکشن کیلئے قارئین! آزمائیے نفع دیں گے۔

موہکوں کے لیے: بانس کا جھاڑو دنیا جو کہ بازار سے عام مل جاتا ہے اس سے مسجد کے صحن کی صفائی کریں اور نیت کریں کہ اے اللہ جیسے ہم نے تیرے پاک گھر کی صفائی کی ایسے تو اپنی رحمت سے ہمارے جسم، چہرے سے ہر چیز (موہکے وغیرہ) کو صاف کردے اور اس جھاڑو کو مسجد میں ہی صفائی وغیرہ کے لیے رکھ دیں۔ چند دن بعد انشاء اللہ موہکے خود بخود ختم ہوجائیں گے۔ جب بھی وقت ملے مسجد کی صفائی ضرور کریں۔ زندگی بھر موہکوں اور پریشانیوں سے نجات ملتی رہے گی۔

بچے کی انگوٹھا چوسنے کی عادت ہٹانے کیلئے

بچے انگوٹھا چوستے ہوں تو سوتی کپڑے کی نئی جراب بازار سے لے لیں بچگانہ سائز کی اور خوبصورت رنگوں والی ہو تو بہتر ہے اسے بچے کے ہاتھ پر (دستانے کی طرح) چڑھا دے وقتاً فوقتاً کچھ دیر کے لیے اتار بھی دیں مسلسل نہیں پہنانی کچھ دن بعد بچے کی عادت چھوٹ جائے گی۔ (مسز رخسانہ کلیم عابد لاہور)

عبقری ٹوٹکہ سیکشن: قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں، عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

مشروب عبقری افزا
باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے
گرمی کی لو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار
نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کے سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ
نوجوانوں اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج
چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب
قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

شوہر اب سگریٹ نہ پیئے گا!	ٹانسلز! چار ٹوٹکے آزمائیے	بچی کی جنات سے حفاظت
بیٹی کی شادی کی وجہ سے پریشان	گھٹنوں کا لعاب ختم	6 بیٹیاں ہیں! بیٹے کی خواہش

قارئین! زیر نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ، تجربہ، کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے، کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

اگست کے جوابات

1۔ شوہر، بھائی، والد یا کوئی عزیز کیسے ہی نشہ میں مبتلا کیوں نہ ہو، بس درج ذیل عمل کریں۔ ہر قسم کے نشہ اور عادت بد سے نجات مل جائے گی۔ آپ کے شوہر تو صرف سگریٹ پیتے ہیں، عمل کیجئے، سگریٹ چھوڑ دینگے۔ صبح سویرے بیدار ہو کر پاک صاف ہو کر فجر کی اذان سے پہلے 19 مرتبہ سورۂ لہب پڑھ کر جس شخص کا تصور کر کے دم کریں گے انشاء اللہ 21 دن میں وہ شخص شراب، زنا، چرس اور عادت بد سے چھٹکارا پائے گا۔

2۔ ان برائیوں کا عادی شخص جب رات گہری نیند سو جائے تو اس کے قریب سرہانے کی طرف کھڑے ہو کر سورۃ المائدہ کی آیت 90 ایک مرتبہ اتنی آواز سے پڑھیں کہ سونے والے کی نیند خراب نہ ہو۔ چالیس روز کے اس عمل سے انشاء اللہ عادت بد سے نجات مل جاتی ہے۔ (شبانہ سلیم، لاہور)

2۔ ٹانسلز کیلئے چار ٹوٹکے آزمائیے، ان شاء اللہ چند دنوں میں ہی فرق محسوس ہوتا ہے۔ (1) نہار منہ اور عصر کے وقت ۲ چمچ شہد گرم پانی میں ملا کر چائے کی طرح پیا جائے۔ (2) مہندی کے پتے ابال کر نمک ملا کر صبح اور شام غرغرے کیے جائیں۔ (3) قسط شیریں 100 گرام، شہد 300 گرام ملا کر رکھیں، صبح اور شام ایک ایک چمچ کھائیں۔ بڑوں کے لیے بڑا چمچ، بچوں کے لیے چائے والا چمچ استعمال کریں۔ (4) املتاس کا گودا 6 گرام + گلاب کے پھول 6 گرام، پانی میں ابال کر دو تین بار غراغرے کرنا بہت مفید ہے۔ (ثاقب مجید، کراچی)

3۔ بہن آپ نے قارئین سے اپنی بچی کے حوالے سے مدد مانگی کہ اس پر جنات کا سایہ ہے۔ آپ شیخ الوظائف کا بتایا لاجواب عمل ''اذان اور افحسبتم کا عمل'' کیجئے۔ عمل یہ ہے کہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان سات سات مرتبہ پڑھ کر بچی کے دونوں کندھوں پر دم کریں۔ گھر کا ہر فرد کرے تو زیادہ بہتر ہے، جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ (رشیدہ بی بی، پشاور)

4۔ آپ کا سر گنجا ہو رہا اور خون کی کمی ہے تو عبقری دواخانہ کا طب نبوی ہیئر آئل اور فٹنس فولاد ٹانک مستقل مزاجی سے استعمال کریں، میرا آزمودہ ہے۔ (راشد شکیل، راولپنڈی)

اکتوبر کے سوالات

1۔ محترم قارئین السلام علیکم! اپنی بیٹی کا مسئلہ لیکر حاضر ہوئی ہوں! بیوہ عورت ہوں، بچی کی عمر گزرتی جا رہی ہے، پندرہ سال سے دھکے کھا رہی ہوں، بیٹی کے رشتہ کی وجہ سے پریشان ہوں، رشتے آتے ہیں، غربت دیکھ کر چلے جاتے ہیں، واپس دوبارہ کوئی نہیں آتا۔ میں بیمار رہتی ہوں، خدا کیلئے مجھے کوئی عمل بتائیں، اگر آج مجھے کچھ ہو جائے تو بچی کہاں جائے گی؟ خدارا مجھے اپنا آزمودہ وظیفہ عطا فرما دیں، رہتی دنیا تک دعائیں دیتی رہوں گی۔ (ایک پریشان ماں)

2۔ قارئین السلام علیکم! میرا بیٹا 28 سال کا ہے، پانچ سال سے بیکار بیٹھا ہوا ہے، کوئی نوکری نہیں کرتا، بہت زیادہ تنگ کرتا ہے، بہنوں سے لڑتا ہے، ادھار لا کر کھاتا رہتا ہے، اس کیلئے کچھ بتائیں۔ ڈھیروں دعائیں دوں گی۔ (ش، راولپنڈی)

3۔ محترم قارئین السلام علیکم! میرے گھٹنوں میں عرصہ تین چار سال سے شدید تکلیف ہے، میرے بڑے لڑکے نے ہڈیوں کے ڈاکٹر کو لے جا کر دکھایا، ڈاکٹر نے ایکسرے لکھ کر دیا، ایکسرے دیکھ کر بتایا کہ آپ کے گھٹنوں میں لعاب ختم ہو چکا ہے، چار ماہ اسی ڈاکٹر سے علاج کروایا مگر کچھ فرق نہ پڑا، بعد میں مزید ایک ڈاکٹر، ایک ہومیو ڈاکٹر، ایک حکیم صاحب سے بھی چند ماہ علاج کروایا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ اب آپ سے گزارش ہے کہ کوئی ایسی دوا یا جڑی بوٹی ہو تو جو میرے گھٹنوں میں لعاب پیدا کرے اور میری تکلیف جائے۔ اس وقت میری پوزیشن یہ ہے کہ نماز بھی کرسی پر بیٹھ کر پڑھتا ہوں، مہربانی فرما کر میرے مرض کا علاج بتائیں۔ (امجد علی، کراچی)

4۔ قارئین السلام علیکم! میری چھ بیٹیاں ہیں، الحمدللہ! معاشی حالات بہت اچھے ہیں، اللہ نے سب کچھ عطا فرمایا ہے۔ مگر میرے گھر والوں کو بیٹے کی بہت شدید خواہش ہے۔ میری قارئین سے گزارش ہے کہ اپنا آزمودہ کوئی عمل، وظیفہ یا نسخہ عنایت فرمائیں۔ (پوشیدہ، ملتان)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: علامہ ابوعون حیدر نقوی

المعروف کمی احمد پوری

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک طویل روایت میں بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پس یہ دیکھو کہ تم دو بھاری چیزوں میں مجھے کیسے باقی رکھتے ہو۔ پس ایک نداء دینے والے نے ندا دی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ دو بھاری چیزیں کیا ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی کتاب جس کا ایک کنارا اللہ کے ہاتھ میں اور دوسرا کنارا تمہارے ہاتھوں میں ہے پس اگر تم اسے مضبوطی سے تھامے رہو تو کبھی بھی گمراہ نہیں ہو گے اور دوسری چیز میری عترت ہے اور بے شک اس لطیف خبیر رب نے مجھے خبر دی ہے کہ یہ دونوں چیزیں کبھی بھی جدا نہیں ہوں گی یہاں تک کہ یہ میرے پاس حوض پر حاضر ہوں گی اور ایسا ان کیلئے میں نے اپنے رب سے مانگا ہے۔ پس تم لوگ ان پر پیش قدمی نہ کرو کہ ہلاک ہو جاؤ اور نہ ہی ان سے پیچھے رہو کہ ہلاک ہو جاؤ اور نہ ان کو سکھاؤ کیونکہ یہ تم سے زیادہ جانتے ہیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہاتھ پکڑ لیا اور فرمایا: پس میں جس کی جان سے بڑھ کر اسے عزیز ہوں تو یہ علی اس کا مولا ہے۔ اے اللہ! جو علیؓ کو اپنا دوست رکھتا ہے تو اسے اپنا دوست رکھ اور جو علیؓ سے عداوت رکھتا ہے تو اس سے عداوت رکھ۔'' (امام طبرانی)

کالی رنگت کو نکھارنے کا بہترین طریقہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں دو عدد ٹوٹکے قارئین عبقری کی نذر کرتی ہوں، یہ میں نے ایک مقامی ڈائجسٹ سے پڑھے، آزمائے انتہائی تیر بہدف ہیں۔

ھوالشافی: ایک چمچ شہد اور ایک چمچ بالائی آپس میں اچھی طرح مکس کریں، اس پیسٹ کو چہرے پر اچھی طرح ملیں، اگر نہانے سے قبل ملیں تو زیادہ بہتر ہوگا کیونکہ نہاتے وقت تمام مسام کھل جاتے ہیں اور شہد مسامات میں جا کر زیادہ بہتر ردعمل دکھائے گا۔ رنگت نکھر جائے گی۔

چھائیوں کیلئے: دہی، شہد اور انڈے کی سفیدی، تینوں کا ایک ایک چمچ لیں اور انہیں اچھی طرح مکس کر کے چہرے پر لگائیں، کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے لگائیں، چھائیاں ختم ہونا شروع ہو جائیں گی۔ (فرحت، لاہور)

نوجوان شفاء!
قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ
کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے
شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند
خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امید کی کرن
قیمت صرف -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

ہم شفاء یاب کیسے ہوئے؟

دکھیاروں کے قلم سے بے ربط تحریریں لیکن لفظ لفظ اجلی کرنیں!

ہر وقت کی بے چینی' بے قراری ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ چند سالوں سے عبقری پڑھ رہی ہوں' اس میں ہر ماہ کے نفل اور وظائف بھی پڑھتی ہوں مگر ادویات کا استعمال صرف ایک ماہ پہلے ہی شروع کیا۔ شادی کے بعد اللہ کریم نے مجھے دو بچوں سے نوازا۔ ان دنوں بلڈ پریشر کی وجہ سے گردوں سے پروٹین ضائع ہو رہی تھی۔ بہت علاج کروایا پر افاقہ نہیں ہوا' میری صحت دن بدن خراب ہوتی جا رہی تھی۔ عبقری رسالہ تو پہلے ہی بہت یقین سے پڑھتی تھی۔ پھر اس میں لکھی گئی ادویات کے متعلق پڑھا اور بذریعہ پارسل منگوالیں۔ یقین کیجئے جب سے عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ادویات ''ٹھنڈی مراد' جوہر شفاء مدینہ اور ہاضم خاص کا استعمال کیا ہے مجھے بہت زیادہ افاقہ ہے' دل کو سکون رہتا ہے' پہلے تو ہر وقت بے چینی' بے قراری تھی سب ختم ہوگئی۔ (ملیحہ طارق کمال، لاہور)

ستر شفائیں صرف آدھی ڈبی کھائی اور کمال ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا مستقل قاری ہوں۔ میری شادی کو آٹھ سال بیت چکے ہیں' آہستہ آہستہ خود میں کمزوری محسوس کر رہا تھا کچھ عرصہ تو ادویات استعمال کر کے وقتی فائدہ حاصل کرتا رہا پھر اسے معمول کا حصہ سمجھ کر ادویات استعمال کرنا ہی چھوڑ دیں۔ ازدواجی زندگی سے بالکل مایوس ہوتا جا رہا تھا۔ عبقری رسالہ میں ''ستر شفائیں'' کے متعلق پڑھا' کچھ معدہ کا مسئلہ بھی تھا' میں نے مقامی ایجنسی سے عبقری دواخانہ کی ''ستر شفائیں'' لی اور اسے اپنے معمول کا حصہ بنالیا۔ ''ستر شفائیں'' ہر وقت میری جیب میں موجود ہوتی ہے' دن میں پانچ سے چھ مرتبہ چنے کے برابر خوراک نسوار کی طرح منہ میں رکھتا ہوں اور اس کا ذائقہ تھوک کے ساتھ نگلتا رہتا ہوں' شروع میں دو تین دن کڑوی محسوس ہوئی مگر بعد میں کڑواہٹ ختم ہوگئی اور اس کا خوشگوار ذائقہ محسوس ہونا شروع ہوگیا۔ ستر شفائیں کے استعمال سے جہاں مجھے کئی فوائد ملے وہیں جس چیز نے مجھے حیران کر دیا کہ یہ چیز مردانہ طاقت کیلئے کمال ہے۔

سو فیصد مطمئن ازدواجی زندگی کا راز: میں ابھی آدھی ڈبی ہی کھائی تھی کہ اس نے اپنے جوہر دکھانا شروع کر دیئے اور مجھے یوں لگنا شروع ہوگیا کہ جیسے میری عمر ابھی 21 سال ہے اور میں نے نئی نئی شادی کی ہے۔ بالکل ویسا ہی جوش' ویسا ہی ولولہ۔ الحمدللہ! میں دوبارہ سو فیصد مطمئن اور خوشگوار ازدواجی زندگی گزار رہا ہوں۔ (ناصر خان، بٹ خیلہ ضلع مالاکنڈ)

کھانا ہضم نہ ہوتا ہو تو میرا آزمودہ علاج کیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہر ماہ عبقری کے رسالہ کے بے تابی سے انتظار رہتا ہے اور اس میں دیئے گئے ٹوٹکے استعمال کرتی ہوں بہت کی فائدہ ہوتا ہے۔ میری دو بیٹیاں ہے اور دونوں آپریشن کے ذریعے ہوئی ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے پتہ میں خرابی پیدا ہوئی' ایمرجنسی میں ہسپتال گئے' ڈاکٹرز نے فوراً آپریشن کا کہا اور پتہ نکال دیا۔ جب سے پتہ نکلا ہے اس وقت سے معدہ میں شدید خرابی پیدا ہوگئی ہے' کھانا بالکل ہضم نہیں ہوتا۔ میں نے بذریعہ خط (جوابی لفافہ کے ساتھ) آپ اپنی تمام کیفیات بتائیں' آپ نے جوابی خط میں مجھے عبقری دواخانہ کا ''اصلاح معدہ وجگر پیکیج'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے فوراً مقامی ایجنسی سے یہ کورس منگوا کر استعمال کرنا شروع کر دیا۔ ابھی تک دو کورس کھا چکی ہوں۔ الحمدللہ! دن بدن صحت یاب ہو رہی ہوں' کھانا ہضم ہونا شروع ہوگیا ہے' بھوک لگتی ہے' صحت بھی بہتر ہوتی جا رہی ہے۔ ابھی دوائی کا استعمال جاری ہے۔ (عائشہ عثمان، اوکاڑہ)

سورائسز کیلئے شیخ الوظائف کا بتایا لاجواب علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! 17 فروری 2017ء بروز جمعۃ المبارک آپ کا دائرہ دین پناہ میں درس تھا ہمیں معلوم تھا آپ درس کے اوقات میں مریض نہیں دیکھتے لیکن اللہ تعالیٰ پر توکل کر کے چل پڑے میں اٹھنے بیٹھنے سے بالکل عاجز تھا میری چارپائی گاڑی میں رکھ کر لے گئے' دوران درس آپ نے ایک وظیفہ بتایا بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ میں اس کا مسلسل ورد کرتا رہا اور مجھے مکمل امید ہوگئی آپ مجھے ضرور دیکھیں گے اور وہی ہوا آپ نے گاڑی میں بیٹھنے سے پہلے پوچھا کہ ''ان کو کونسی بیماری ہے'' گھر والوں نے بتایا کہ سورائسز ہے' چلنے پھرنے سے عاجز ہے' چارپائی پر بے بس لیٹا ہے' آپ نے عبقری دواخانہ کا ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' بہت زیادہ پینے کا فرمایا' شاید آپ نے ساٹھ یا ستر بوتلیں پینے کا فرمایا۔ میں نے تو ابھی بہت کم بوتلیں پی ہیں۔ اس کے ساتھ پین کلر بھی استعمال کرتا رہا تاکہ درد نہ ہو۔ مگر میں آج انتہائی خوشی کے ساتھ لکھ رہا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' پینے کی برکت سے میرا سورائسز بالکل ختم ہو چکا ہے۔ اس دوران میں آپ کے درس بھی سنتا رہتا ہوں اور آپ کی بہت سی کتب بھی منگوا کر پڑھی ہیں اللہ تعالیٰ آپ پر رحمت فرمائے۔ (غلام جیلانی، دائرہ دین پناہ)

آدھی بوتل سے کمر درد بالکل ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ تین سال سے میری والدہ ایک انجکشن کے ری ایکشن کی وجہ سے کمر درد میں مبتلا تھیں۔ منڈی بہاؤالدین سے آئے ہوئے کزن نے آپ کا ''کراماتی تیل'' استعمال کروانے کا کہا اسی دن تیل خرید کر رات کو والدہ کی کمر پر مالش کروائی۔ پہلے دن تو تیل نے والدہ کو کافی تنگ کیا مگر دوسرے دن سے آرام آنا شروع ہوگیا۔ الحمدللہ آدھی بوتل ہونے تک والدہ کو بالکل آرام آگیا ہے حالانکہ اس سے پہلے ایلوپیتھی کا کافی علاج کروایا تھا مگر بے سود۔ اللہ کریم کے کرم اور کراماتی تیل کی وجہ سے اب والدہ کا کمر درد بالکل ختم ہوگیا ہے۔ کراماتی تیل کو استعمال کرنے کے بعد یقین ہو چلا ہے کہ ''یہ وقت عبقری کا ہے'' جزاک اللہ خیرا۔ (طاہر نقاش، راولپنڈی)

اکسیر البدن کامیاب بچپن' لاجواب جوانی بے مثال بڑھاپا

بے رونق جسم' پچکے گال' آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆ کمزور حافظہ' ہوا متحان کا خوف یا دماغی و جسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی

چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال دل و دماغ' اور جگر کی طاقت پائیں

قیمت صرف -/300 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN AFRIDI SHAWAR

عبقری کی ادویات میں چھپے صحت کے خزانے

ظہور احمد، فتح جنگ

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی جتنی پرانی اتنی انمول

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں فتح جنگ میں گزشتہ 3 سال سے عبقری ادویات کی ایجنسی ''مدنی پنسار سٹور'' کے نام سے چلا رہا ہوں۔ الحمدللہ! فتح جنگ میں سب سے پہلے عبقری ادویات میں نے ہی لوگوں تک پہنچائی تھیں۔ الحمدللہ! جو مریض بھی جس مقصد کیلئے عبقری کی دوائی استعمال کرتا ہے وہ آکر اس کی تعریف ضرور کرتا ہے۔ لوگ عبقری رسالہ سے دیکھ کر آکر ادویات لیتے ہیں اور شفاء پاتے ہیں۔ میرا تین سالہ تجربہ ہے کہ آج تک عبقری ادویات سے کسی کوئی کسی قسم کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں ہوا۔ ہر کسی کو شفاء ہی ملی ہے۔ ہاں جس نے دوائی لے جاکر استعمال ہی نہ کی یا دو سے چار دن استعمال کرکے استعمال چھوڑ دیا۔ ان کی بات نہیں کررہا ہے جس نے بھی لکھی گئی ترکیب کے مطابق چند ہفتے دوا کا استعمال کیا اس کو رب کریم نے شفاء سے ضرور نوازا۔ عبقری ادویات کے سو فیصد خالص ہونے کی گواہی لوگ خود آکر مجھے دیتے ہیں۔ میرے پاس تین سالوں میں اتنے تجربات جمع ہوچکے ہیں کہ اگر میں لکھنے بیٹھوں تو شاید رسالہ کے صفحات بھی کم پڑ جائیں مگر میں صرف چند لکھ رہا ہوں تاکہ لاکھوں قارئین کا بھلا اور میرے لیے صدقہ جاریہ ہو۔

صرف ایک ماہ میں مایوس تندرست

قارئین میرے پاس ایک نوجوان آیا' جو بہت زیادہ پریشان تھا' تین ماہ بعد اس کی شادی تھی مگر وہ خود کو اس قابل نہ سمجھ رہا تھا' میں نے اسے عبقری دواخانہ کی اکسیر البدن اور نیو طاقتی ایک ماہ تک لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کروائی۔ ایک ماہ کے بعد وہ میرے پاس انتہائی خوشی کی حالت میں آیا اور مٹھیاں کھولتے ہوئے کہنے لگا میرے ہاتھوں میں جان آگئی ہے' میرے قدم مضبوط ہوگئے ہیں' میرے جسم میں پھرتی اور چستی بھر گئی ہے۔ اب میں بالکل فٹ ہوں۔ آج وہ ایک خوشگوار ازدواجی زندگی گزار رہا ہے۔

دائمی نزلہ زکام کا مریض صحت یاب

ایک شخص میرے پاس آیا اس کو دائمی نزلہ زکام تھا کافی ادویات استعمال کیں لیکن ٹھیک نہیں ہوا۔ میرے پاس آکر اس نے اپنی کیفیت بتائی تو میں نے اسے تسلی دی اور کہا کہ آپ عبقری دواخانہ کا ''شفائے حیرت سیرپ اور بنفشی قہوہ'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کرو۔ چند دن استعمال کرکے چھوڑ نہ دینا' ان شاء اللہ تمہیں فائدہ ہوگا۔ اس شخص نے چند دن ہی مستقل مزاجی سے استعمال کیا تو وہ بالکل صحت مند ہوگا۔

نیند کی کمی کا آزمودہ علاج

ایک مریض آتا تھا مجھے کہتا کہ نیند نہیں آتی بہت زیادہ تھکاوٹ محسوس ہوتی ہے جسم پر ہر وقت بوجھ رہتا ہے اس کو ''سکون افزاء سیرپ'' دیا بہت زیادہ فائدہ ہوا۔

نوجوان لڑکیوں کے پوشیدہ مرض کا حل

میرے پاس اکثر لیکوریا سے پریشان خواتین آتی ہیں' میں نے آج تک جس کو بھی عبقری دواخانہ کی ''لیکوریا شفاء'' استعمال کروائی ہے الحمدللہ! انہیں بھرپور فائدہ ہوا ہے۔ جو ایک بار لے کر جاتی ہیں وہ دوبارہ آکر پھر اسی دوا کا تقاضا کرتی ہیں کہ ہمیں بہت فائدہ ہوا' ہم اتنے سالوں سے ادویات کھا رہی تھیں مگر صرف وقتی فائدہ ہوا تھا مگر اس کے استعمال سے ہمیں شفاء کی امید بھر آئی ہے۔ میں انہیں مکمل شفاء تک اس کے استعمال کا مشورہ دیتا ہوں۔ الحمدللہ اب تک بے شمار لڑکیاں اس نامراد مرض سے شفاء یاب ہوچکی ہیں۔

بستر پر پیشاب نکل جاتا ہو تو یہ دوا آزمائیے

میرے پاس اکثر مریض آتے ہیں کہ ذرا سی وزنی چیز اٹھانے' قہقہہ مار کر ہنسنے' بھاگنے' رات کو سوتے ہوئے اکثر پیشاب نکل جاتا ہے' جس کی وجہ سے بہت شرمندگی ہوتی ہے۔ میں ایسے افراد کو عبقری دواخانہ کی ''بستر پیشاب شفاء'' استعمال کرواتا ہوں۔ الحمدللہ! بستر پر پیشاب نکلنے والی بیماری کا یہ آزمودہ علاج ہے۔ بے شمار اب تک صحت یاب ہوچکے ہیں۔

ان کا رزلٹ تو بے مثال ہے

آنکھوں کے امراض کے لیے ''آنکھ شفاء'' اور کانوں کے امراض کے لیے کان شفاء اور ناک کے مسئلے میں ناک شفاء کا استعمال بہت مفید ہے اور اس کا رزلٹ بے مثال ہے۔

کمر کا دو سال پرانا درد ختم

ایک مریض میرے پاس آیا جس کی کمر میں پچھلے دو سال سے درد تھا' اس نے بہت علاج کروائے مگر افاقہ نہیں ہوا' میں نے اس کو عبقری دواخانہ کا ''کمر درد کورس'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ اس نے مستقل مزاجی سے چند ہفتے دوا استعمال کی۔ الحمدللہ اب وہ بالکل ٹھیک ہے۔

معدہ' جگر اور کینسر تک کا علاج

عبقری دواخانہ کی جوہر شفاء مدینہ' ٹھنڈی مراد' روحانی پھکی مکس کرکے میں نے پیٹ' معدہ' جگر اور کینسر کے مریضوں کو استعمال کروائی۔ الحمدللہ یہ فارمولہ فوری اثر کرتا ہے۔ ٹائیفائیڈ کے بخار کا آخری علاج ہے۔ معدہ و جگر کے مریض کو چند ماہ استعمال کروائیں پھر کمال دیکھئے۔ کینسر کے مریض کو چند ماہ استعمال کروائی' آج وہ صحت یاب ہورہا ہے۔ دن میں پانچ سے سات مرتبہ تازہ پانی کے ہمراہ چھوٹا چمچ چائے والا استعمال کریں۔ نوٹ: یہ تینوں پاؤڈر ہیں لیکر کسی بڑے جار میں مکس کرلیں۔ مکس شدہ پاؤڈر کسی چھوٹی ڈبی میں ڈال کر ہر وقت جیب میں بھی رکھ سکتے ہیں تاکہ سارا دن وقفے وقفے سے استعمال کی جاسکے۔

موٹاپے کی شکار مریضہ آج بالکل فٹ

چند ماہ پہلے میرے پاس ایک مریضہ آئی جس کا وزن بہت زیادہ تھا' انتہائی پریشانی میں بتایا کہ میں نے بہت ادویات اور کورس استعمال کیے مگر میرا موٹاپا کم نہیں ہورہا۔ حالانکہ میں پرہیز بھی کرتی ہوں' ہلکی پھلکی ورزش بھی کرتی ہوں مگر اس کے باوجود چربی چڑھتی جارہی ہے۔ میں نے اسے عبقری دواخانہ کا ''موٹاپا کورس'' چند ماہ پرہیز کے ساتھ استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ قارئین! آج وہ مریضہ بالکل فٹ ہے۔ موٹاپا نام کو نہیں۔

بچوں کے پیچش' الٹی اور بخار میں کمال کی دوا

بچوں کو پیچش' الٹی' بخار ہوجائے تو چلڈرن سیرپ استعمال کروائیں شفاء ملے گی۔ میں گزشتہ تین سال سے لوگوں کو یہ سیرپ استعمال کروا رہا ہوں۔ دانت نکالتے بچوں کو استعمال کروائیں' بچے کو نہ موشن لگیں گے اور نہ ہی وہ کمزور ہوگا۔

ہیپاٹائٹس اے بی سی کا آزمودہ علاج

آج کل بازاری چیزیں اور گرم مصالحے دار چیزوں کی وجہ سے ہر دوسرا شخص کالے اور پیلے یرقان کا مریض بن رہا ہے۔ میں نے بے شمار مریضوں کو عبقری دواخانہ کا تیار کردہ مشہور زمانہ ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' استعمال کروایا۔ الحمدللہ! جس نے بھی چند سیرپ پینے کے بعد اپنا ٹیسٹ کروایا اسے فرق ضرور پڑا۔ (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

خون روک شفاء
حیض اور جسم کے کسی بھی حصہ سے خون روکنے والی
خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار پر لائے جسم کے کسی بھی حصہ میں خون آرہا ہو مثلاً زخمی ہوجانا' پیچش میں خون آرہا ہو' نکسیر کیلئے بھی لاجواب ہے۔
لیکوریا' رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے۔
(قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

بچوں کی رنگت خراب ہورہی ہے! آخر وجہ کیا ہے؟

میری جڑواں بیٹیاں ہیں۔ عمر 13 سال ہے ان کا رنگ پہلے سفید تھا اب عجیب سی رنگت ہوگئی ہے۔ بیٹا ساڑھے گیارہ سال کا ہے اسے دوسال پہلے یرقان ہوگیا تھا۔ تب سے وہ بہت سست رہتا ہے' تھک جاتا ہے۔ ناک پر تل نکل رہے ہیں۔ ناک سے خون بھی آتا ہے۔ بچوں کی وجہ سے سخت پریشان ہوں بتایئے کیا کروں؟ (نازیہ، ساہیوال)

مشورہ: آپ دفتر ماہنامہ عبقری رابطہ کرکے اسسٹنٹ صاحب سے بچیوں کے متعلق مشورہ کریں یا خود صبح 9 بجے سے شام 4 بجے کے درمیان آکر اسسٹنٹ صاحب کو چیک کروائیں۔ اس عمر میں تو رنگ نکھرتا ہے۔ آخر وجہ کیا ہے؟ پیٹ میں کیڑے تو نہیں۔ اسی طرح یرقان کے بعد غذا کا خاص خیال رکھنا پڑتا ہے۔ اس کا اثر رہتا ہے۔ پہلی فرصت میں بچوں پر توجہ دیں۔ دوا کھلایئے۔ بچوں کو بڑھتی ہوئی عمر میں متوازن اور اچھی غذا دینی چاہیے۔ اناج، بیج، سبزی اور پھل روزانہ خوراک میں شامل ہونے چاہئیں۔ شہد قدرت کا انمول تحفہ ہے۔ گردے، جگر کی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ اس کے کھانے سے چہرے کی رنگت نکھر جاتی ہے۔ جسم کی قوت میں اضافہ ہوتا ہے۔ بیماری کے بعد کی کمزوری دور ہوتی ہے۔ چند روز بچوں کو گیہوں کا دلیا دودھ میں پکا کر شہد ڈال کر کھلایئے۔ موسم کے پھل کھلایئے۔ گاجر کا جوس بچوں کو پلایئے اور گاجر کا حلوہ بنا کر کھلایئے۔ ڈرائی فروٹ بھی صحت کے لیے ضروری ہیں۔ پانچ بادام اور چمچ بھر کشمش رات کو دودھ کے ساتھ بچوں کو دیجئے۔ اس سے حافظہ بہتر ہوگا اور صحت بھی۔ اچھی غذا سے بچوں کی بڑھوتری صحیح رہے گی۔ قد، کاٹھ بھی بڑھے گا۔

جسمانی کمزوری اور بھنی ہوئی شکرقندی

میرا چہرہ بے رونق ہے اور جسم بھی دبلا پتلا ہے جس کی وجہ سے میں احساس کمتری کا شکار ہوں۔ دوستوں میں سب سے کمزور ہوں مجھے بتایئے کیا کروں؟ کیسے میری صحت بہتر ہوسکتی ہے۔ (قاری ریحان حیدر، ٹوبہ ٹیک سنگھ)

مشورہ: کچھ لوگ وراثت میں ہی دبلا پن لے کر آتے ہیں۔ اب مجھے معلوم نہیں آپ کے گھر والے جسامت میں کیسے ہیں۔ بزرگ کہتے ہیں کچھ لوگ ایسے ہیں جو کھاتے بکری کی طرح اور سوکھتے ہیں لکڑی کی طرح۔ بہرحال آپ بالکل پریشان نہ ہوں۔ صبح سویرے اٹھنے کی عادت ڈالیے۔ مسجد میں جاکر باجماعت نماز فجر ادا کیجئے اور پھر آدھا گھنٹہ صبح کی سیر کیجئے۔ دو اخروٹ اور پانچ بادام کھائیں۔ پھر جو بھی ناشتا کرتے ہیں وہ کرلیجئے۔ دن میں ایک بار تین کیلوں کا ملک شیک ضرور پئیں۔ آپ نے ایک ماہ روزانہ یہ معمول جاری رکھنا ہے۔ صحت کے لیے کیلا بہت مفید ہے۔ اب سردی کا موسم آرہا ہے۔ بھنی ہوئی شکرقندی بھی جسم کو موٹا کرتی ہے۔ آپ کے چہرے پر رونق آجائے گی۔ رنگ بھی صحیح ہوجائے گا۔ اس عمر میں زیادہ گرم چیزیں نہیں کھانی چاہئیں اور نہ ہی رات کو ٹی وی پر فضول پروگرام دیکھنے چاہئیں۔

دل کی دھڑکن جب بڑھ جائے!

میرے دل کی دھڑکن ہر وقت تیز رہتی ہے۔ سوتے جاگتے، اٹھتے بیٹھے، کھاتے پیتے اور نماز پڑھتے' دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی اور ہاتھ کانپنے لگتے ہیں۔ رات کی نیند بھی ختم ہوتی جارہی ہے۔ سکول میں پڑھاتی ہوں۔ آپ اس بارے میں کچھ مشورہ دیں۔ (فائزہ، راولپنڈی)

مشورہ: دل کی تیز دھڑکن رہنا بڑا مسئلہ ہے۔ پچھلے دنوں میرے سامنے تین چار خواتین کے تھائی رائیڈ غدود کارکردگی کی کمی اور زیادتی کے مسائل آئے۔ یہ غدود گلے میں نرخرے کے نیچے ہوتا ہے۔ یہ جسم کے تمام خلیوں کو توانائی پہنچانے کے عمل کو کنٹرول کرتا ہے۔ ہمارے ملک میں عموماً خواتین اس بیماری کا شکار ہوتی ہیں جبکہ ایک جائزے کے مطابق دنیا کی پندرہ فیصد آبادی اس مرض میں مبتلا ہے۔ اس کی کارکردگی بڑھ جائے یا کم ہوجائے دونوں صورتوں میں صحت کے لیے نقصان دہ ہے۔ خون کا ٹیسٹ کرانے سے پتا چل جاتا ہے۔ آپ پہلی فرصت میں کسی اچھے ڈاکٹر سے دوا لیں۔

کولیسٹرول کم رکھنے کیلئے مشورہ! بکری سے دور رہیے

کولیسٹرول کم رکھنے کے لیے کوئی سادہ اور اچھا سا مشورہ دیں تاکہ میری طبیعت جلد بہتر ہوجائے اور میں چٹ پٹے کھانے دوبارہ کھاسکوں۔ (نوید، لاہور)

مشورہ: زندگی ہے تو کھانے کا بھی مزہ ہے۔ آپ کولیسٹرول کے مریض ہیں۔ آپ کو چاہیے کہ سادہ اور متوازن غذا کو معمول بنالیں۔ بکرے کا بھیجا، سری پائے اور نہاری کھانا چھوڑ دیں' ان میں بہت کولیسٹرول ہوتا ہے۔ دوپہر کے کھانے کیساتھ سلاد کا استعمال ضرور کریں۔ گوشت کم سے کم کھائیں۔ خصوصاً بڑا گوشت، دیسی گھی، مکھن، کریم والا دودھ نہ لیں۔ اگر آپ کو انڈے پسند ہیں تو صرف سفیدی استعمال کریں۔ بیکری کی چیزیں کیک، پیسٹری، بسکٹ برگر' شوارما ہرگز نہ کھائیں۔

ساگ کھایا! اب پراٹھے کھایئے!

سرسوں کے ساگ کے ساتھ باتھو ملتا ہے۔ اس کی جڑیں بھی ساتھ ہوتی ہیں۔ اس کا کوئی فائدہ ہے یا صرف گھاس پھوس ہے؟ (ش، لاہور)

مشورہ: اللہ نے ہر چیز میں کوئی نہ کوئی فائدہ رکھا ہے حتیٰ کہ گھاس پھوس میں بھی۔ مختلف قسم کی گھاس میں بھی اثرات ہیں اور باتھو جسے بتھوا بھی کہتے ہیں اس کے بغیر ساگ اچھا نہیں پکتا۔ اس میں باتھو کی وجہ سے خاص ذائقہ آجاتا ہے۔ اس کا ایک بڑا فائدہ یہ ہے کہ کھانسی بہت پرانی ہو، سینہ میں بلغم جم گیا ہو اور کسی طرح نکلتا نہ ہو تو اسے پکا کر کھانے سے آرام آجاتا ہے۔ ایک چمچ زیتون کا تیل لیں، سفید زیرہ، چھلا ہوا لہسن کٹا ہوا اور ثابت مرچ ڈال کر اس میں باتھو کا ساگ ڈال دیں۔ ہلکی آنچ پر اپنے ہی پانی میں پکنے دیں پھر بھون کر اتار لیں۔ چند روز روٹی کے ساتھ کھالیں، بہت فائدہ ہوگا۔ اسی طرح جب پیٹ میں پانی بھر جائے تو پرانے طبیب کہتے ہیں کہ گیہوں کا دلیہ پکا کر اس میں باتھو کا ساگ ڈال کر کھانے سے فرق پڑتا ہے اور کچھ نہ کھائیں۔ صبح شام یہی دلیہ اور ساگ پیٹ بھر کر کھائیں۔ ورم دور ہوجاتا ہے بلکہ کچھ لوگ تو باتھو کو اچھی طرح کوٹنڈی ڈنڈے سے کوٹ کر پانی نکال کر مختلف عرقیات اور دواؤں کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔ آپ اسے گھاس پھوس نہ جانیے' بڑے کام کی اور صحت بخش غذا ہے۔ اسی طرح باتھو کے پراٹھے بہت لذیذ بنتے ہیں۔ نمک، مرچ، لہسن، سفید زیرہ، ادرک اور ہری مرچ کوٹ کر باتھو کا ساگ باریک کاٹ کر ہلکی آنچ پر بھون لیتے ہیں۔ ٹھنڈا ہونے پر آٹے میں گوندھ کر تندور میں پراٹھے بنائیں یا گھر میں خود بنا کر کھائیں تو آپ کو بہت اچھے لگیں گے۔ اسی طرح میتھی کے پراٹھے بنتے ہیں۔ میتھی کے پتے صاف کرکے کاٹ کر نمک مرچ ملا کر آٹے میں ملا کر روٹی یا پراٹھا بناتے ہیں۔ ان سے فائدہ بھی ہوتا ہے اور صحت بھی بہتر رہتی ہے۔

موذی ترین مرض کا مؤثر ترین علاج۔ صرف چند بوتلیں پئیں اور اپنا ٹیسٹ کروائیں۔ بے شمار صحت پاچکے۔ ہر عمر ہر فرد کیلئے یکساں مفید۔ جگر کو طاقت دے' خون بڑھائے' چہرے پر رونق لائے۔ (بڑی بوتل 320 چھوٹی 120 روپے میں)
ہیپاٹائٹس نجات شربت
سائیڈ ایفیکٹ سے پاک

ZAHOOR KHAN DESHAWAR

پالک کے اندر چھپے فولادی خزانے! آیئے ہم بتاتے ہیں!

سبحان چوہدری، ساہیوال

پالک شوق سے کھائی جاتی تو خواتین اور نوعمروں کے چہرے زرد نہ رہتے۔ اس کے مفید اجزاء چہروں کو گل رنگ بنا چکے ہوتے۔ خون افزائی کی صلاحیت کی وجہ سے پالک فولاد اور حیاتین کے مہنگے شربتوں سے زیادہ مفید اور کارگر ہوتی ہے۔

پالک کے اندر چھپے فولادی خزانے

قدرت نے ہمیں دو نہایت قیمتی سنہرے پھل خوب عطا کیے ہیں، ایک کینو دوسرا آم۔ اسی طرح سبزیوں میں سب سے سستا اور مفید سبز سونا یعنی پالک بھی سال بھر خوب فراہم ہوتی ہے۔ پالک شوق سے کھائی جاتی تو خواتین اور نوعمروں کے چہرے زرد نہ رہتے۔ اس کے مفید اجزاء چہروں کو گل رنگ بنا چکے ہوتے۔ خون افزائی کی صلاحیت کی وجہ سے پالک فولاد اور حیاتین کے مہنگے شربتوں سے زیادہ مفید اور کارگر ہوتی ہے۔ ہاں اس کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ اسے بہت زیادہ بھونا نہ جائے، کیوں کہ اس طرح اس کی تاثیر بھن کر بہت کم ہو جاتی ہے۔ یہ خیال بھی درست نہیں ہے کہ پالک میں ڈھیروں فولاد ہوتا ہے۔ پالک کی خوبی دراصل یہ ہے کہ اس میں فولاد کے علاوہ بھی دوسری بہت اہم خاصیتیں اور غذائی جوہر ہوتے ہیں۔ یہ کہنا غلط ہوگا کہ غذائی اجزا کے اعتبار سے کوئی اور سبزی اس کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ اپنے بیرونی گہرے رنگ کے علاوہ پالک کے نرم و نازک پتوں میں بڑے اہم مانع تکسید اجزاء، مثلاً حیاتین الف (وٹامن اے)، حیاتین ج (وٹامن سی)، حیاتین ھ (وٹامن ای)، حیاتین ک (وٹامن کے)، حیاتین ب۔1 اور ب 2 (وٹامن بی۔1 اور وٹامن بی 2) کے علاوہ پوٹاشیم، کیلشیم، جست (زنک) اور فولاد چھپے ہوتے ہیں۔

امراض قلب اور فالج سے بچائے

پالک پر جاری تحقیق سے یہ بھی پتا چلا ہے کہ اس میں فولک ایسڈ (حیاتین ب 9 (وٹامن بی 9) بھی ہوتا ہے۔ فولک ایسڈ سے فائدہ حاصل کرنے کے لیے بہتر یہ ہے کہ پالک کو ابالنے کے بجائے بھاپ پر گلا کر کھایا جائے۔ پالک کو چار منٹ تک ابالنے اور بھوننے سے اس میں موجود فولیٹ کی مقدار آدھی ہو جاتی ہے۔ تحقیق نے ثابت کیا ہے کہ اپنے دیگر صحت بخش اجزاء کے علاوہ پالک میں کوئی درجن بھر نباتی غذائیت بخش اجزا بھی خوب ہوتے ہیں۔ صحت و توانائی کی تعمیر کے سلسلے میں یہ اجزاء خاص مقام رکھتے ہیں، مثلاً ان کی ایک بہت اہم خاصیت یہ ہے کہ یہ اجزا سرطان کا مقابلہ کرتے ہیں۔ امراض قلب کا اہم سبب ہوموسسٹین قرار دیئے جاتے ہیں۔ غذا میں ان کی کثرت فالج کا سبب بھی بن سکتی ہیں۔ پالک میں موجود فولیٹ ہوموسسٹین کی مضرتوں کو اعتدال پر رکھتا ہے۔

پالک چھاتی کے سرطان سے بچائے

پالک کے استعمال سے خواتین چھاتی کے سرطان کے خطرے سے بھی محفوظ رہ سکتی ہیں، اسی طرح پالک میں موجود کیروٹینائڈز سے پروسٹیٹ یا مثانے کے غدود کے سرطان کا خطرہ بھی کم کیا جاسکتا ہے۔ پالک کا کیروٹینائیڈ کا یہ جوہر نیوزین تھین (NEOXANTHIN) کہلاتا ہے۔ اگر آپ گنٹھیا کے مریض ہیں تو آپ یہ جان کر یقیناً خوش ہوں گے کہ پالک میں موجود ورم دور کرنے کی خاصیت اس کے استعمال سے آپ کو ورم و درد سے نجات دلاسکتی ہے۔ پالک میں موجود مانع تکسید اجزا جسم میں فری ریڈیکلز جیسے مضر اجزا کو قابو میں کر کے آپ کو قلب اور شریانوں کی تکالیف سے بھی محفوظ رکھ سکتی ہے۔ پردہ چشم میں بگاڑ کی وجہ سے نظر گر رہی ہو تو اس کا علاج بھی پالک سے بخوبی کیا جاسکتا ہے۔ پالک بینائی کی محافظ ہوتی ہے۔ گرتی یا کمزور ہوتی نظر کو سنبھالا دینے کے علاوہ پالک موتیا بند سے بھی محفوظ رکھتی ہے۔

صحت و توانائی اور امراض سے تحفظ

پالک کی ان خوبیوں سے بھرپور استفادے کے لیے تازہ پالک صرف پانی سے اچھی طرح دھونے کے بعد اس کے پتے کچے کھانے چاہئیں۔ یہ سلاد کی طرح بھی کھائی جاسکتی ہے۔ اس کے ساتھ دوسری سبزیاں ٹماٹر، پیاز، گاجر، کھیرا وغیرہ بھی شامل کرسکتے ہیں۔ پلیٹ میں پالک کے ہرے بھرے پتوں کو پھیلا کر ان پر دوسری رنگ برنگی سبزیاں سجایئے اور انہیں خوب چبا کر کھایئے اور صحت و توانائی اور امراض سے تحفظ کا سامان کیجئے۔ پالک پکانا ہی ہے تو اسے بس معمولی حرارت، تھوڑی دیر اُلٹ پلٹ کر ذرا سا نرم کیجئے اور رغبت اور شوق سے نوش جان کر لیجئے۔

اسم اعظم کا روحانی دم

حلق پر لگی بندش فوراً ٹوٹ گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ میں نے اسم اعظم کا روحانی دم کروایا۔ مگر مجھے آداب کا علم نہ تھا جس کی وجہ سے دوران دم میں نے ہاتھ ملانے کی کوشش کی، مجھے کسی ساتھی نے زور سے دھکا دیا، جس سے مجھ کو سخت شرمندگی کا سامنا کرنا پڑا۔ مگر گھر آکر مجھے پتہ چلا کہ میری حلق میں لگائی گئی سالہا سال پرانی بندش ٹوٹ چکی ہے۔ اس کے بعد میرے مزاج میں بہت زیادہ فرق آگیا۔ میں نے آپ کی، علامہ لاہوتی پراسراری کی نسلوں کیلئے عزت مانگنا شروع کردی۔ اس کے بعد جب بھی حلق میں تکلیف ہو یا بندش ہو تو میں اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھتا ہوں اور پھر تکلیف کم ہوجاتی ہے۔ (ج لاہور)

دس سال پرانی بیماری ختم

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر میں عبقری بہت شوق اور توجہ سے پڑھا جاتا ہے۔ ہمیں کافی فیض حاصل کرنے کا موقع ملتا ہے۔ میں خود تقریباً دس سال پہلے بیمار ہوگئی تھی، اسم اعظم کا روحانی دم چار مرتبہ کروانے سے الحمدللہ میں 90 فیصد ٹھیک ہوچکی ہوں۔ ان شاء اللہ جو تکلیف رہ گئی ہے وہ آئندہ دم سے ختم ہوجائیگی۔ (پوشیدہ، لاہور)

27 اکتوبر 2019 بروز اتوار صبح 6 بجے تسبیح خانہ میں شفائیہ دعا اور اس کے بعد اسم اعظم کا روحانی دم نماز فجر سے دو گھنٹے بعد تک تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔ اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب، درس، مراقبہ اور پوری دنیا میں مختلف شعبوں کی خدمت کرنے والوں کا مذاکرہ تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں، اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی، بیماری، گھریلو الجھن، کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

اسم اعظم کا روحانی دم کروایا، فائدہ ہوا۔ ضرور لکھیے! لاکھوں کا فائدہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ

معذور شفاء ٹانک
ہر قسم کی معذوری۔ فالج۔ لقوہ۔ دماغی کمزوری۔ ڈیپریشن۔ مرگی۔ بچوں کا سوکھا پن یا پیدائشی معذوری ان تمام امراض کیلئے صرف چند ماہ استعمال کریں۔ (قیمت 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN AWAR

سوا کلو چاول نہر میں بہائے! 15 دن میں شادی	دو اجزاء پیس کر کھائیں، جوڑوں کا درد ہمیشہ کیلئے ختم	خارش اور سر کی خشکی کیلئے لاجواب ٹوٹکے
ادرک نہیں بدبودار زہر کھا رہے ہیں!	مسکرائیے نہیں! ہوشیار رہیے!	کڑی پتہ غذائیت بھی افادیت بھی

قارئین! آپ بھی بجل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی، جسمانی نسخہ، ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں، اپنے معمولی سے تجربے کو کبھی بیکار نہ سمجھئے، یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں، نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

کڑی پتہ غذائیت بھی افادیت بھی

کڑی پتہ کھانوں میں استعمال ہونے والا چھوٹا سا پتہ ہے جو اپنے خوش گوار ذائقے سے نہ صرف کھانے کی لذت دوبالا کرتا ہے بلکہ کھانوں کو مخصوص خوشبو سے مہکانے کا کام بھی دیتا ہے۔ نیز اس کے استعمال کے بے شمار فوائد بھی ہیں۔ عموماً دال اور شوربے والے سالن میں یہ دھوکر ڈال کے پکایا جاتا ہے یا پھر مختلف ڈشز کو بگھار لگانے شوربے والے سالن میں استعمال کیا جاتا ہے یا مختلف ڈشز کو پکاتے وقت بھی اس کو زیرے اور لہسن کے ساتھ شامل کرلیا جاتا ہے۔ یہ خاصے بڑے پودے کی صورت میں پایا جاتا ہے تو کہیں چھوٹے چھوٹے پودوں کی شکل میں پایا جاتا ہے اکثر لوگ اسے گملوں میں بھی لگا لیتے ہیں ویسے گملوں کے بجائے یہ زمین میں بہت جلد پھیلتا پھولتا ہے اور خاص بات یہ کہ اگر اسکا پودا زیادہ بڑا ہو تو اس کے آس پاس اسکے کئی چھوٹے پودے بھی اُگ آتے ہیں۔ موسم گرما میں کڑی پتے کا استعمال زیادہ مضر ہے۔ بلڈ پریشر کے مریضوں کے لیے خاص طور پر اسکا استعمال بہت سود مند ہے۔ کم لوگ اس بات سے واقف ہوں گے کہ بلڈ پریشر ہائی ہونے کی صورت میں کڑی پتے کی چٹنی سے نہ صرف بلڈ پریشر کم ہو جاتا ہے بلکہ مسلسل استعمال سے بلڈ پریشر پر مکمل کنٹرول بھی رکھا جاسکتا ہے۔ اسکی چٹنی بہت آسانی سے بنا کر فریج میں بھی رکھی جاسکتی ہے آپ کی سہولت کے لیے ذیل میں چٹنی کی ترکیب بھی پیش کی جاتی ہے۔

کڑی پتہ کی چٹنی بنانے کی ترتیب: کڑی پتہ ایک گڈی (درمیانی)، ہرا دھنیا آدھی گڈی، ہری مرچ 2 عدد نمک تھوڑا سا تیل (پکانے کے لیے) زیرہ تھوڑا سا۔ **ترکیب:** تمام اشیاء کو بلینڈر میں ڈال کر اچھی طرح بلینڈ کرلیں پھر کسی برتن میں نکال کر اوپر سے تھوڑے تیل میں زیرہ اور کڑی پتے (چار عدد) ڈال کر کڑکڑا اس اور چٹنی پر بگھار لگا دیں خوش ذائقہ اور مفید چٹنی تیار ہے۔ استعمال کرلیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ **کڑی پتہ کی چٹنی بنانے کا سامان:** (۱) کڑی پتہ ایک گڈی (درمیانی)، (۲) املی کا پیسٹ دو کھانے کے چمچ، (۳) لہسن چار جوئے، (۴) ہرا دھنیا آدھی گڈی، (۵) ہری مرچ 2 عدد، (۶) نمک حسب ذائقہ، (۷) زیرہ تھوڑا سا، (۸) تیل پکانے کے لیے حسب ضرورت۔ (نزہت جبین، کراچی)

آپ ادرک نہیں بدبودار زہر کھا رہے ہیں!

آپ سبزی منڈی یا بازار تشریف لے جائیں دو قسم کی ادرک ملے گی ایک چھوٹی اور میلی دوسری موٹی، پھولی ہوئی نہایت سفید و چمکدار۔ آج کل تمام شہروں میں ٹینک بنائے گئے ہیں جن میں ہلکا تیزاب ڈال کر ایک کیمیکل ملایا جاتا ہے جس میں چھوٹی اور میلی ادرک چوبیس گھنٹے بھگوئی جاتی ہے۔ اس کا وزن دوگنا ہوجاتا ہے اور چمکدار و سفید ادرک بن کر خریدار کا دل لبھانے لگتی ہے۔ مزدور لوگ ہاتھوں پر پلاسٹک کے تھیلے اور پاؤں میں موزے پہن کر اسے نکالتے ہیں پھر بھی ان کے ہاتھ پاؤں خراب ہوجاتے ہیں۔ یہ ادرک بظاہر چمکدار، پھولی ہوئی مگر اتنی زہریلی بن جاتی ہے کہ معدہ و جگر کا آہستہ آہستہ خاتمہ کرکے موجب کینسر بنتی ہے جب سفید رنگ کا کیمیکل ملاتے ہیں کہ وہاں کھڑا ہونا مشکل ہو جاتا ہے۔ مزدوروں کو دمہ چھینکیں اور سانس کے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ یہ کام رات کے اندھیرے میں کیا جاتا ہے اور مزدور دوہری مزدوری لیے بغیر کام نہیں کرتے۔ تمام قارئین کی خدمت میں التماس ہے کہ جب بھی ادرک خریدیں وہی میلی اور چھوٹے دانے والی ادرک استعمال کریں عام طور پر سپر سٹوروں پر پھولی ہوئی اور چمکدار ادرک مہنگے داموں فروخت ہو رہی ہے، لوگ اپنے لیے اور اپنی اولاد کے لیے زہر کا سامان خرید رہے ہوتے ہیں خدا کے لیے اپنے اوپر اور بال بچوں پر رحم کھائیں۔ اس سے خود بچیں اور دوسرے مسلمان بھائیوں کو بچائیں۔

مسکرائیے نہیں! ہوشیار رہیے!

قارئین کرام! یقین جانیے یہ سچا واقعہ کچھ عرصہ پہلے شہر کراچی میں پیش آیا، شاید بہت سے قارئین جانتے بھی ہوں مگر میں یہاں ان بے شمار قارئین کیلئے لکھ رہا ہوں جو نہیں جانتے ہوں گے۔ شام کے وقت مسافروں کو چھوڑ کر ڈرائیور خالی ہائی ایکس گھر لیجا رہا تھا کہ راستے میں ایک سفید ریش بزرگ نے گاڑی رکوانے کے لیے ہاتھ کھڑا کیا۔ ڈرائیور نے بزرگ سمجھ کر ازراہِ شفقت اسے بٹھالیا اور پوچھا بابا جی آپ نے کہاں اترنا ہے؟ بابا جی فرمانے لگے میں اللہ تعالیٰ کا بھیجا ہوا فرشتہ عزرائیل ہوں اور مجھے اسی ہائی ایکس میں تمہاری روح قبض کرنے کا حکم ملا ہے۔ یاد رہے کہ یہ بابا جی کسی گینگ کے سردار تھے۔ ڈرائیور نے بڑی منت سماجت کی مگر بابا جی نہ مانے۔ کہنے لگے موت کا وقت اٹل ہے اس میں آگے پیچھے کی گنجائش کہاں؟ اتنے میں اسی گینگ کی دو جوان لڑکیوں نے لفٹ مانگی۔ ڈرائیور پہلے ہی پریشان تھا اس نے انہیں بھی بٹھالیا۔ لڑکیاں پچھلی سیٹ پر بیٹھ گئیں۔ بابا جی نے کچھ پڑھنا شروع کیا لڑکیاں کہنے لگیں: ہمیں آواز سنائی دے رہی ہے مگر کوئی چیز نظر نہیں آرہی۔ یہ کوئی پراسرار چیز ہے۔ اتنے میں عزرائیل بابا جی لپکے اور ڈرائیور کی گردن کو بھینچا۔ وہ وہیں اسے مارنا چاہتے تھے کہ ڈرائیور نے دروازہ کھولا چھلانگ لگائی اور بھاگ گیا۔ بابا جی نے ہائی ایکس سنبھالی اور لے جانے میں کامیاب ہوگئے۔ (غ۔ق، جھنگ)

خارش اور سر کی خشکی کیلئے لاجواب ٹوٹکے

حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور آپ کی آنے والی تمام نسلوں کو شاد و آباد رکھے (آمین)۔ میرے تجربات و مشاہدات قارئین عبقری کے نام۔

سر کی خشکی کے لیے: سر میں خشکی سکری ہو تو 2 چمچ دہی میں (درمیانی) املی کا پیسٹ دو کھانے کے چمچ، لہسن چار جوئے، ہرا دھنیا آدھی گڈی، ہری مرچ 2 عدد نمک تھوڑا سا تیل (پکانے کے لیے) زیرہ تھوڑا سا۔ **ترکیب:** تمام اشیاء کو بلینڈر میں ڈال کر اچھی طرح بلینڈ کرلیں پھر کسی برتن میں نکال کر اوپر سے تھوڑے تیل میں زیرہ اور کڑی پتے (چار عدد) ڈال کر کڑکڑاس اور چٹنی پر بگھار لگا دیں خوش ذائقہ اور مفید چٹنی تیار ہے۔ استعمال کرلیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ **کڑی پتہ کی چٹنی بنانے کا سامان:** (۱) کڑی پتہ ایک گڈی (درمیانی)، (۲) املی کا پیسٹ دو کھانے کے چمچ، (۳) لہسن چار جوئے، (۴) ہرا دھنیا آدھی گڈی، (۵) ہری مرچ 2 عدد، (۶) نمک حسب ذائقہ، (۷) زیرہ تھوڑا سا، (۸) تیل پکانے کے لیے حسب ضرورت۔ (نزہت جبین، کراچی)

خاتون شفاء حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج
جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کے امراض کا آزمودہ علاج
چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں
ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں
حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن
شادی کے بعد جسم موٹا ہو رہا ہو تو خاتون شفاء استعمال کریں
داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج
صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

ایک چمچ براؤن شکر ملا کر پندرہ منٹ پر سر پر لگائیں۔ ایک ہی بار میں واضح فرق دیکھیں۔ ورنہ دو بار لگالیں۔

خارش کے لیے: میں نے عبقری میں خارش کا علاج پڑھا اس کو آزمایا مجھے ایک ہی دن میں آرام آ گیا۔ علاج یہ ہے کافور کی 2 ٹکیاں لے کر پیس لیں اور ایک چھٹانک سرسوں کا تیل شیشی میں ڈال کر مکس کر کے 2 دن دھوپ میں رکھیں۔ پھر اس تیل کو خارش والی جگہ پر لگائیں۔

سورۂ قریش سے فیض: سخت سے سخت دل شخص کا دل نرم کرنا ہو تو زبان تالوں کے ساتھ لگا کر تین بار سورۂ قریش پڑھنے سے مجھے وہ فوائد حاصل ہوئے ہیں کہ بیان سے باہر ہیں مکمل یقین کے ساتھ ہر عمل کامیاب ہوتا ہے۔ (مسز فرید کاشف، لاہور)

اپنی خوشی کی خاطر دوسروں کے لیے تکلیف کا سبب نہ بنیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ دنوں اپنے علاقہ کے ایک مطب پر بیٹھا تھا' حکیم صاحب کے ساتھ پرانی سلام دعا ہے اس لیے اکثر ان کے پاس جا کر بیٹھ جاتا ہوں' گزشتہ دنوں عجیب واقعہ ہوا' میں مطب پر بیٹھا کہ ایک صاحب آئے حکیم صاحب نے آنے والے صاحب کا اٹھ کر استقبال کیا بندہ نے بھی حکیم صاحب کی تائید کرتے ہوئے ان صاحب کا استقبال کیا' معلوم ہوا کہ وہ صاحب حکیم صاحب کے دیرینہ جگری دوست ہیں۔ حکیم صاحب نے کہا آپ آج بہت عرصہ بعد ہمارے دواخانہ پر تشریف لائے ہیں؟ انہوں نے کہا حکیم صاحب میں کافی دنوں سے سخت پریشان ہوں' اتنا کہہ کر اس صاحب نے رونا شروع کر دیا' ان کے چہرے پر سخت پریشانی کے آثار واضح طور پر نظر آ رہے تھے۔ حکیم صاحب نے دوست کو حوصلہ دیا اور کہا: بھائی روئیں مت آپ مایوس نہ ہوں میرے دوست آپ تو بڑے باہمت انسان ہو۔ اللہ تعالیٰ نے تمام مومنین کو مصیبت اور پریشانی کے وقت نماز پڑھنے اور صبر کرنے کا حکم دیا ہے آپ اپنا مسئلہ بیان کریں اللہ بہتری کرے گا۔ انہوں نے کہا: حکیم صاحب پورا ایک ماہ ہو گیا ہے' میری مکمل فیملی ایک انہونی بیماری میں مبتلا ہو گئی ہے' ہم سب کی نیند اڑ گئی ہے غضب تو یہ ہوا ہے میری ایک بیٹی میٹرک کی طالبہ ہے وہ اپنا ذہنی توازن کھو بیٹھی ہیں۔ حکیم صاحب نے کہا: ایسا کیا ہو گیا ہے خیر تو ہے پوری فیملی نے کیا ایسا کچھ کھا لیا ہے جس سے نیند اڑ گئی ہے۔ اس نے کہا: حکیم صاحب ہمارے قریبی ہمسائے کے بڑے بیٹے کی شادی تھی ان لوگوں نے شادی سے دس دن پہلے ہی ساری ساری رات اونچی آواز سے گانے لگائے رکھے، ڈھول باجے کے ساتھ ساتھ ڈانس ہوتا رہا' منچلوں نے شور شرابا کیے رکھا، لڑکے وقفہ وقفہ سے بارود کے پٹاخے بجاتے رہے، ہمسایوں کی ان بری حرکات کی وجہ سے میری پوری فیملی کو شدید ذہنی کوفت ہوئی۔ ہم کانوں میں انگلیاں دے کر بیٹھتے۔ ساری رات عذاب میں گزرتی' شور کی وجہ سے سر درد' بے خوابی کے مریض بن گئے۔ بیٹی ان دس دنوں کی وجہ سے الگ بیمار ہے۔ اگر ان سے کچھ کہتے تو وہ لڑنے کو آتے کہ ہماری خوشیاں کیوں خراب کر رہے ہو؟ چند دن کی تو بات ہے۔ کچھ نہیں ہوتا۔ محترم قارئین! اس شخص کی گفتگو سن کر میں ماضی میں چلا گیا کچھ عرصہ پہلے میرے ایک دوست کے بیٹے کی شادی تھی بارات بس پر جا رہی تھی بس اندر اور چھت پر لوگوں کے ہجوم سے بھری ہوئی تھی پٹاخے بجانے والا سامان وافر مقدار میں بس میں پہلے سے طے شدہ پروگرام کے مطابق لڑکی والوں کے گاؤں جا کر پٹاخے بجانے کی خاطر رکھ دیا گیا۔ جب بس کچھ دیر بعد فراٹے بھرتی ہوئی آبادی سے باہر سنسان جگہ پر پہنچی بس میں موجود کسی بندہ نے سگریٹ پینے کے بعد بجی ہوئی سگریٹ لاعلمی میں پٹاخے بجانے والے سامان پر پھینک دی چند سیکنڈ بعد ایک زوردار دھماکہ ہوا پوری بس کو آگ لگ گئی بس قلابازیاں کھاتی ہوئی سڑک سے نیچے گہری کھائی میں جا گری قیامت صغریٰ برپا تھی چھوٹے چھوٹے بچوں، عورتوں، مردوں کی چیخ و پکار نے آسمان سر پر اٹھا لیا متعدد لوگ جل کر راکھ ہو گئے جو زندہ بچے وہ بھی شدید زخمی ہو گئے۔ محترم قارئین! پاکستان میں ہم اکثر ایسے واقعات اخباروں میں پڑھتے اور لوگوں سے سنتے ہیں اس کی وجہ صرف اور صرف دین سے دوری، اللہ رب العزت کے احکامات کا سرعام مذاق اڑانا اور حضور اکرم ﷺ کے طریقوں پر عمل نہ کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ایسی تمام خرافات سے بچائے اور صراط مستقیم پر چلائے آمین۔ (حکیم محمد صادق، مظفر گڑھ)

دو اجزاء پیس کر کھائیں' جوڑوں کا درد ہمیشہ کیلئے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بہت سے جاننے والوں کو جوڑوں کی میں شدید تکلیف تھی' تین چار کو تو میں نے خود دیکھا کہ ان کو ڈاکٹرز نے جواب دے دیا تھا کہ آپ کو تمام عمر پین کلر کھانا ہوگی نہیں تو اپنے گھٹنے تبدیل کروالیں اس کے علاوہ آپ کا کوئی علاج نہیں۔ میرے پاس جوڑوں کی تکلیف سے نجات کیلئے ایک نسخہ ہے جو میں نے ایسے افراد کو دیا۔ الحمدللہ! جس نے بھی یہ نسخہ دو سے تین ماہ مستقل مزاجی سے استعمال کیا آج وہ جوڑوں کے ہر قسم کے درد سے نجات پا چکا ہے۔ نسخہ یہ ہے:۔ **ھوالشافی:** ایک پاؤ گوند کیکر، ایک چھٹانک گوند کتیرا، ان کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے ایک چھوٹی چمچ گھی کی ڈال کے ہلانا ہے اس کے بعد اس کو کوٹ لیں' چھان کر بوتل میں بند کر لیں۔ دوپہر اور رات کے کھانے کے بعد ایک کپ نیم گرم دودھ میں ایک چمچ ڈال کے پی لیں۔ میں نے یہ دوائی بہت سے لوگوں کو بنا کر دی جن کا سب کو بہت زیادہ فائدہ ہوا۔ ایک مریضہ جو میری جاننے والی تھی انہوں نے بہت سے ہسپتالوں سے علاج کروایا اور انہیں مشینوں میں بھی رکھا گیا لیکن جوڑوں کا درد ٹھیک نہ ہوا۔ میں نے ان کو یہ دوائی بنا کر دی۔ تین ماہ مسلسل اس نے استعمال کرنے کے بعد وہ بالکل ٹھیک ہوئی۔

سوا کلو چاول نہر میں بہائے! 15 دن میں شادی

میری ایک جاننے والی خاتون کے دو بیٹوں کی منگنی ٹوٹ گئی انہیں شادی کر کے فوراً امریکہ جانا تھا۔ میں نے عبقری کا یہ وظیفہ بتایا۔ سوا کلو چاول لیں' اس میں سے ایک مٹھی چاول نکال کر (سستا ٹوٹا) اس کے ہر دانے پر اللہ الصمد پڑھیں' یہ چاول دوبارہ چاولوں میں ملا دیں اور نہر (یا صاف پانی جہاں مچھلیاں ہوں گندے پانی میں ہرگز نہ بہائیں) میں بہا دیں۔ چالیس دن مسلسل یہ عمل کرنا ہے۔ انہوں نے ایسا ہی کیا صرف چند دن کے بعد ہی ان کے بیٹوں کی بہترین جگہ منگنی ہوئی اور پندرہ دن کے بعد شادی کر کے وہ امریکہ چلے گئے۔ اس کے بعد انہوں نے چالیس دن عمل تک بلاناغہ عمل مکمل کیا۔ عبقری کو جھولیاں اٹھا کر دعائیں دیتی ہیں۔ (والدہ احمد شاہ' فیصل آباد)

کوئی مشکل ہو حل ہو جاتی ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ سے ایک عمل یا حفیظ یا سلام ملا' جو کہ گھر سے نکلتے وقت صرف گیارہ مرتبہ پڑھنا ہے۔ میں مقامی کمپنی میں جاب کرتی ہوں' روزانہ کوئی نہ کوئی مسئلہ کھڑا ہو جاتا تھا' مگر جب سے گھر سے یا حفیظ یا سلام گیارہ بار پڑھ کر نکلتی ہوں اور اس کے علاوہ آفس میں بھی کھلا پڑھتی رہتی ہوں' کوئی بھی مشکل آئے وہ فوراً حل ہو جاتی ہے' بہت سکون محسوس ہوتا ہے' ایسے لگتا ہے کسی حفاظتی حصار میں آ گئی ہوں' گندی نظروں سے بچ گئی ہوں۔ الحمدللہ! (ف، لاہور)

الرجی' چھینکیں' دائمی نزلہ' ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)
ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتیٰ کہ الرجی
دائمی نزلہ' الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس سفید اور گرتے بال' دماغ کمزور' حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا
قیمت صرف 600/- روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN DESHAWAR

جوڑوں کا درد بلڈ پریشر معدہ کا بھاری پن اس چٹنی سے ختم

ام کامران شاہ قصور

کیلشیم دانتوں اور ہڈیوں کی حفاظت اور مضبوطی کے لیے ایک لازمی چیز ہے اور فولاد جو خون کے سرخ ذرات (کریات دمویہ) کا ایک اہم حصہ ہے۔ یہ دونوں لہسن میں پائے جاتے ہیں۔ اسی طرح حیاتین ج بھی اس میں ۱۳ ملی گرام موجود ہے جو ہڈیوں کی افزائش کیلئے ضروری ہے۔

لہسن! زمانہ قدیم سے سالن کا اہم جزو

کائنات عالم میں صحت کو ایک کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ آرائش و زیبائش، عیش و آرام، راحت و سکون اور صحت و تندرستی انسانی زندگی میں بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔ طبی کتب کی اوراق گردانی سے معلوم ہوتا ہے کہ زمانہ قدیم ہی سے اسے ہر سالن کا ایک لازمی جز قرار دیا گیا۔ جوڑوں کا درد، ہائی بلڈ پریشر، معدہ کا بھاری پن اور ہضم کے لیے لہسن کی چٹنی بنا کر غذا کے ساتھ کھانا ہر دور کے معالجین تجویز کرتے آئے ہیں۔ ہائی بلڈ پریشر میں شریانوں کی سختی کو کم کرنے کے لیے اور ان میں منجمد کولیسٹرول کو تحلیل کرنے کے لیے حسب ذیل طریقہ سے تھوم کی چٹنی بنا کر کھانے سے کھانا جلد ہضم ہو جاتا ہے اور مندرجہ بالا امراض میں مفید بھی ہے۔ پانچ تریاں تھوم کی چھیل کر انکو پیس لیا جائے اور اس میں بہت کم مقدار میں سبز مرچ ملا کر کھانے کے ساتھ کھانا مفید ہے۔

جدید تحقیق سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ

جدید تحقیقات سے یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ صحت تندرستی کے لیے جسم میں مختلف معدنی نمکیات جیسے کیلشیم، میگنیشیم، سوڈیم، پوٹاشیم، فاسفورس، فولاد، کلورین، آیوڈین، کوبالٹ، تانبا، جست، مینگنیز اور فلورین کا مقررہ مقدار میں موجود ہونا ضروری ہے۔ انکی اعتدال سے کمی سے مختلف امراض لاحق ہو جاتے ہیں۔ ان اجزاء میں سے بیشتر اجزاء لہسن میں پائے جاتے ہیں۔ کیلشیم دانتوں اور ہڈیوں کی حفاظت اور مضبوطی کے لیے ایک لازمی چیز ہے اور فولاد جو خون کے سرخ ذرات (کریات دمویہ) کا ایک اہم حصہ ہے۔ یہ دونوں لہسن میں پائے جاتے ہیں۔

اچھی غذا اچھی دوا! بہترین صحت

اسی طرح حیاتین ج بھی اس میں 13 ملی گرام موجود ہے جو ہڈیوں کی افزائش کیلئے ضروری ہے۔ سلفر ایک مشہور معروف دفع تعفن اور مانع عفونت معدنی چیز ہے۔ جو لہسن میں سلفائیڈ کی شکل میں پائی جاتی ہیں۔ لہسن ایک مفید اور موثر دوا ہی نہیں بلکہ ایک اچھی اور صحت بخش غذا بھی ہے۔ اس لیے اس کو دوائے غذائی کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اس کو ہر سالن، چٹنی اور اچار وغیرہ میں اسی لئے ملاتے ہیں کہ اس سے کھانا جلد ہضم ہو کر نفخ پیدا نہیں ہوتا۔ بلغمی اور سوداوی مزاج افراد کے لیے یہ تریاق کی حیثیت رکھتا ہے۔ اکثر امراض میں گھریلو علاج کے طور پر مستعمل ہے۔ خناق، کالی کھانسی، سل، فالج، لقوہ، رعشہ، خدر، صرع، عرق النساء اور ضعف اشتہا میں دیگر ادویہ کے ساتھ بطور بدرقہ اور غذا بہت ہی مفید اور سودمند ہے۔ حتیٰ کہ حمی معویہ، خناق اور کالی کھانسی کا یہ بہترین علاج بھی۔

درد سر اتنا شدید کہ خودکشی کو دل چاہے

درد سر کی ایک قسم ایسی بھی ہے جو نہایت خوفناک ہے ایسے درد میں مریض بچوں کی طرح چیختا، چلاتا اور روتا رہتا ہے شدت درد سے مریض زمین پر لیٹتا اور سر کو دیوار سے ٹکرانے کی کوشش کرتا ہے۔ درد لحہ بہ لحہ اور وقفہ وقفہ بعد دورہ کی صورت میں شدت اختیار کرتا جاتا ہے۔ اس کا حملہ قریباً تین تین گھنٹہ تک جاری رہتا ہے اور یومیہ دو تین دورے آتے ہیں۔ سر کے تمام دردوں سے خوفناک یہ درد عموماً ایک سمت میں ہوتا ہے۔ تجویف بصری کے گرد اس کا مرکز ہوتا ہے جس بنا پر آنکھوں اور ناک کے نتھنوں سے پانی بھی بہتا رہتا ہے۔ بکثرت پانی بہہ جانے کے سبب بعض اوقات کمزوری اور درد میں کمی بھی واقع ہو جاتی ہے۔ مہینوں تک یہ درد جاری رہنے کے بعد کئی ماہ غائب رہ کر دوبارہ پھر آدمکتا ہے۔ مریض درد کی شدت کی بنا پر خودکشی کرنا چاہتا ہے جبکہ کچھ مریض اپنی بینائی بھی ضائع کر بیٹھتے ہیں۔ یہ بات شاید ناقابل قیاس ہو کہ بہت سے مریض اگرچہ مخدرات اور منشیات کے باوجود اس سے چھٹکارا نہیں حاصل کر سکتے۔ جسم کی شدت اور باقاعدہ ورزش سے یہ درد خود بخود ختم ہو جاتا ہے اور مادۂ درد تحلیل ہو جاتا ہے۔

بیوی ناراض ہوتی ہے مگر تسبیح خانہ نہیں چھوڑ سکتا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ تین چار سال سے مسلسل عبقری اور تسبیح خانہ سے وابستہ ہوں' آپ کا ہر درس' روحانی کلاس' حلقہ کشف المحجوب میں حاضری دے کر فیض یاب ہوتا ہوں۔ میں درس میں آپ کے انتہائی دائیں جانب بیٹھتا ہوں' یہ میری پسندیدہ جگہ ہے کیونکہ یہاں سے درس سننا اور آپ کو دیکھنا' بڑا دلکش اور روح پرور ہوتا ہے۔ پہلے دو تین سال میں نے کسی بھی یہ پتہ نہ چلنے دیا کہ میں ہر جمعرات کو کہاں جاتا ہوں حتیٰ کہ اپنی اہلیہ کو بھی نہیں بتایا کیونکہ ہمارے گھریا خاندان میں بھی ایسی جگہوں پر جانے والوں کو اچھا نہیں سمجھا جاتا' میں نے اپنی بیوی کو آپ کے درس بھی سنوائے' مگر اس پر کوئی اثر نہیں ہوا۔ وہ شروع سے ہی میرے گھر دیر سے آنے پر خفاء رہتی ہے اور خاص طور پر ہر جمعرات وہ مجھ سے ناراض ہوتی ہے اور صلح ہونے میں دو تین دن لگ جاتے ہیں' مگر میں تسبیح خانہ نہیں چھوڑ سکتا' میں صرف اتنا ہی سوچ لوں کہ جمعرات کو تسبیح خانہ نہیں جانا تو میرا دل غم میں ڈوب جاتا ہے۔ تسبیح خانہ میں آنے کے بعد میری زندگی بدل گئی ہے' پہلے جو نفرت اور انتقام کی کیفیات رہتی تھیں اب صبر شکر اور اللہ تعالیٰ کے احسانات کے بوجھ تلے دبے ہوئے نہایت عاجزی اور مسکینی کے ساتھ تبدیل ہو گئی ہیں۔ بہت رکاوٹوں اور بیوی کے مسلسل دباؤ کے باوجود میں بڑی استقامت کے ساتھ آپ کے درسے وابستہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا احسان ہے۔ تسبیح خانہ میں جڑنے سے پہلے خیبر پختونخوا میں ایک اللہ والے سے روحانی تعلق ہے' آپ کا در بھی مجھے اس جگہ روحانی تعلق کی وجہ سے ہی ملا ہے۔ میں نے اللہ تعالیٰ سے مانگا کہ خیبر پختونخوا تو میں سال کے بعد ہی جا سکتا ہوں' اے اللہ! تو مجھے کوئی ایسا اللہ والے کا در عطا کر دے جو لاہور کے اندر ہی ہو اور میں ان سے مسلسل رابطہ میں رہ سکوں' آپ یقین کیجئے اس دعا میں میرے گمان میں لاہور کی جو لوکیشن آئی تھی عبقری عین اسی جگہ واقع ہے۔ دفتر سے واپسی ہر روز آپ کا کوئی نہ کوئی درس کانوں میں ہینڈ فری لگا کر موبائل سے سنتا ہوں' دل کے لطائف بڑھ رہے ہیں' رونے کی کیفیات' عشق رسول ﷺ اور اللہ اور اس کے دوستوں اولیاء اللہ سے لگاؤ بڑھ رہا ہے۔ میں بہت مسرور ہوں لیکن اکثر ان کیفیات سے پریشان بھی ہو جاتا ہوں' دل میں خواہش یہ ہے کہ تسبیح خانہ میں وقت گزاروں۔ (امیر خان' شاہدرہ)

طب اسلامی کے پاکیزہ اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا
معدہ کا السر (کورس)
معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج
بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں
معدہ کے تمام امراض کا علاج
معدہ کو صحت مند اور ہشاش بشاش بنائیے
معدہ میں درد ہو' معدہ کا کینسر ہو' تیزابیت ہو یا الپنڈی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں
(قیمت صرف -/400 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

آپ کے بیٹے نے کیا کھایا؟ اب اسے ایڈز نہیں ہے!

والدہ محمد عثمان، ملتان

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ عبقری بہت شوق سے پڑھتے ہیں' اللہ تعالیٰ اس رسالہ کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے' ہم مستقل قاری ہیں' ہمارا مسئلہ یہ تھا کہ میں نے اپنے بیٹے کی تقریباً تین سال پہلے منگنی کی تھی اس کے بعد اس کے کپڑے کٹنے شروع ہو گئے اور وہ بیمار رہنے لگ گیا اور کبھی کبھی بہت زیادہ رات کو خواب میں ڈر جاتا' پھر اسے بخار ہونا شروع ہو گیا' دو تین دن تک رہتا پھر ٹھیک ہو جاتا' جو چیز اسے تنگ کرتی وہ چیز اسے نظر بھی آتی تھی' اسی اثناء میں ہم نے اپنے پرانے گھر کو گرا کر اسے نیا تعمیر کرنا شروع کیا' جیسے ہی ہم نے پرانے گھر کی بنیادیں گرائیں نیچے سے تعویذ نکلنا شروع ہو گئے اور ہم نے انہیں ٹھنڈا کر دیا' برآمدہ میں نیا پلر بنوایا رشتہ داروں نے کہا یہ اچھا نہیں لگ رہا' ہم نے اسے گرایا تو اس کے نیچے سے تعویذ نکلے' ہم بہت زیادہ پریشان ہوئے' میرا ایک بیٹا اور چار بیٹیاں ہیں' ماشاء اللہ سب اپنے گھروں میں خوش ہیں' اب بیٹے کی شادی کرنی تھی تو میری ایک بیٹی کے گلے کا آپریشن ہوا تو میرے بیٹے نے کہا کہ میں خون دیتا ہوں۔

آپ کے اکلوتے بیٹے کو ایڈز ہے!

جب اس کے خون کا ٹیسٹ لیا گیا تو لیبارٹری والوں نے کہا کہ آپ اس بچے کے مزید ٹیسٹ کروائیں' ہم نے فوراً مزید ٹیسٹ کروائے تو ڈاکٹروں نے ہمیں جو خبر سنائی وہ بجلی بن کر پورے خاندان پر گری' ڈاکٹرز نے ہمیں کمرے میں بلا کر کہا کہ آپ کے بیٹے کو ایڈز ہے!۔

میرا تو خون ہی خشک ہو گیا' آپ خود سوچیں کہ ایک ہی بیٹا ہو اور ڈاکٹر اس کو اتنی بڑی بیماری کا بتا دیں جس کا علاج ہی نہ ہو۔ خیر اس کا بھی علاج شروع ہوا' مگر نجانے ہمیں یقین تھا کہ یہ بیماری عبقری وظائف سے ہی ٹھیک ہو گی۔ ہم نے عبقری کے بہت زیادہ وظائف پڑھے ساتھ ڈاکٹرز کی ادویات بھی کھائیں۔ جو وظیفہ ہم سب گھر والوں نے لاکھوں کی تعداد میں پڑھا وہ تھا یابدیع العجائب بالخیر یابدیع 12 ہزار مرتبہ 12 دن روزانہ پڑھائی کی۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ 12 دن پڑھائی کرنے کے بعد جو رپورٹ ہم نے کروائی وہ کچھ نارمل آئی۔ پھر مزید بارہ دن ہم نے یہی عمل کیا تو دوبارہ جو رپورٹ کروائی وہ بالکل صحیح اور نارمل آئی۔ ڈاکٹرز بہت خوش اور حیران ہیں۔ مگر انہوں نے کہا کہ جو دوائی آپ کھا رہے ہیں وہ ساری عمر کھاتے رہیں مگر ہم نے انہیں بتایا کہ یہ صرف دوا نہیں اس وظیفے کا بھی کمال ہے۔ ہم آپ کے بہت شکر گزار ہیں۔

کھانسی' نزلہ زکام اور گلے کی خراش ختم! انوکھا قہوہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے عبقری رسالہ بہت پسند ہے' میں اسے باقاعدگی سے پڑھنے لگی ہوں۔ کچھ سال پہلے میرا بھائی عبقری رسالہ پڑھنے کیلئے لایا تھا۔ میں نے توجہ نہیں کی' مگر پھر بھائی جنوری 2016ء میں دوبارہ عبقری رسالہ لایا تو پھر دوبارہ میں نے خود منگوانا شروع کر دیا۔ اب میں اس کی مستقل خریدار ہوں' اس میں دیئے گئے ٹوٹکے' وظائف اور دیگر چیزوں کو میں بہت شوق اور دلچسپی سے پڑھتی ہوں۔ مجھے اس کے تمام سلسلے بہت پسند ہیں۔ ہمیں عبقری سے پڑھ کر ہر طرح کی دینی' دنیاوی اور طبی معلومات حاصل ہوتی ہیں اور ہم اس سے بہت فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اس کا اجر آپ کو اللہ پاک دونوں جہاں میں ضرور دے گا۔ میں کچھ آزمودہ ٹوٹکے لیکر حاضر ہوئی ہوں تاکہ اس سے مخلوق خدا کو فائدہ ہو۔ ٹوٹکہ نمبر 1: اگر کسی کے موشن نہ رک رہے ہوں تو چائے کی پتی ایک چائے کا چمچ اور چینی مکس کر کے چبا کر کھالیں اور اوپر سے پانی پی لیں' دو تین مرتبہ کھانے سے موشن رک جاتے ہیں۔ ٹوٹکہ نمبر 2: یہ بھی موشن کیلئے آزمودہ ہے' ایک کیلا کھا کر اوپر سے ایک کپ چائے جب ٹھنڈی ہو جائے تو پی لیں۔ اس سے بھی بہت فائدہ ہوتا ہے۔ ٹوٹکہ نمبر 3: ایک ٹکڑا ادرک' دو یا تین لونگ' دو یا تین الائچی اور دار چینی' دو کپ پیالی پانی میں جوش دے کر اتنا ابالیں کہ پانی ایک کپ رہ جائے۔ ابال آنے کے بعد رنگ لانے کیلئے ایک چٹکی پتی چائے کا ڈال کر جوش دے کر اتار لیں اور حسب ضرورت چینی یا شہد ڈال کر پینے سے بخار' کھانسی' نزلہ وزکام اور گلے کی خراش میں بہت فائدہ مند ہے۔ دن میں تین سے چار مرتبہ پینا ہے جب تک آرام نہ آئے۔ بہت آزمودہ ہے۔ (سیما عالم' کراچی)

تہبند پہننا کیوں ضروری؟

حلقہ کشف المحجوب

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب بقا حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

آج کے حلقہ کشف المحجوب میں ہم چوتھا باب اور پہلی فصل پڑھ رہے ہیں۔ اور اسکا جو پہلا عنوان ہے وہ ہے کہ "مرقع پہننے کا بیان"۔ سادہ لباس، سارے انبیاء کرام علیہم السلام کی سنت اور سارے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سنت اور سارے اولیاء کرام رحمہم اللہ کی سنت ہے۔ میں نے آج دھوتی اور کُرتہ پہنا ہوا ہے۔ میں نے ایک بندے سے پوچھا مجھے ایسے پہلے کب دیکھا تھا؟ کہا گیارہ سال پہلے؟ اتباع سنت میں یہ چیزیں پہننا، ہمارے اکابرین کی روایت ہے۔

مدینے والے ﷺ کو خوش کرنے کیلئے

آقا کریم ﷺ نے دھوتی پہنی۔ اُن کو خوش کرنے کے لیے دھوتی پہن لینا مدینے والے ﷺ کی اتباع اور ان کی محبت کے لئے ضروری ہے۔ ایک عجیب بات، جن لوگوں نے بھی رسول اللہ ﷺ کی خواب میں یا حالتِ بیداری میں زیارت کی، ان لوگوں نے آپ ﷺ کو دھوتی میں دیکھا۔ حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کی زیارت کی، دھوتی میں دیکھا۔ حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کی زیارت کی، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ ان سب کو دھوتی میں دیکھا۔ رسول اللہ ﷺ نے کبھی شلوار نہیں پہنی۔ پینٹ کا تو سوچا تک نہیں ہوگا۔ عبا پہننی نہیں پسند فرمایا۔ آپ ﷺ نے ساری عمر تہبند پہنا ہے جس کو ہمارے زمانے میں دھوتی کہتے ہیں، یہ سنت ہے اور اس کو کبھی کبھی اتباع سنت میں پہن لینا بھی سنت کا حصہ ہے۔

اللہ والوں نے بھی صوف پہنا: حضرت ابراہیم بن ادھم رحمۃ اللہ علیہ بہت بڑے بادشاہ لیکن فقر کے بعد اتباع سنت میں یہ لباس پہنتے تھے اور خواجہ عبید اللہ احرار رحمۃ اللہ علیہ اتنے بڑے بادشاہ کہ ان کا تخت بھی سونے کا اور گھوڑے کے نعل بھی سونے کے اور ہر چیز سونے کی، کبھی کبھی پیوند لگا لباس، سادہ لباس پہنتے تھے۔ تو کسی نے پوچھا، شیخ ایسا کیوں؟ فرمایا وہ چیزیں جائز ہیں۔ (باقی صفحہ نمبر 56 پر)

ناک شفاء
دائمی نزلہ' الرجی' چھینکیں' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے
نزلہ کی وجہ سے دماغی کمزوری
بال سفید ہونا۔ نیند کا نہ آنا
مینی تپدیلی کی وجہ شدید الرجی کا ہونا
قیمت -/100 روپے
الرجی سے پیدا بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOORKHANPESHAWAR

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 118

جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اسرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

میں دراصل ایک جن ہوں!

قدرت کا نظام دیکھیں ایک بار میں بازار جا رہا تھا گھر کے لیے کچھ سبزی اور دیگر سامان لینا تھا' راستے میں ایک خوش پوش شخص مجھے ملے اور کہنے لگے کیا حال ہے؟ خیریت ہے' اجنبی تھے' میں نے ہاں میں جواب دیا۔ لیکن مجھے حیرت ہوئی کہ یہ کون ہے؟ میں تو انہیں نہیں جانتا' انہیں میری حیرت کا احساس ہوگیا اور وہ کہنے لگے آپ پریشان نہ ہوں میں دراصل ایک جن ہوں' بہت عرصہ سے مختلف جنات کے ہاں آپ کا تذکرہ سنا تھا اور میں ایک سوداگر ہوں اور تجارت کے سلسلے میں یہاں آیا ہوا تھا' اچانک آپ پر نظر پڑی' تو میں نے آپ کی خیریت دریافت کرنے کیلئے آپ سے حال احوال لیا۔ ہم ایک طرف ہوگئے اور بازار کی سیڑھیوں پر بیٹھ گئے' میں نے پوچھا آپ کہاں کے ہیں؟ کہنے لگے: میں چین کا رہنے والا ہوں اور چین کی اس سرحد میں جو کہ ایک ایسے ملک کے ساتھ لگتی ہے جہاں دیو اور پریوں اور جنات کا بہت بڑا راج ہے۔ میں تجارت کے سلسلے میں مختلف جگہوں پر آتا جاتا رہتا ہوں کیونکہ ملکوں کی سرحد انسانوں کے لیے ہے' جنات کے لیے نہیں۔ ہم ہر جگہ آجا سکتے ہیں۔ میں نے پوچھا آپ کیا تجارت کرتے ہیں؟

مال بردار جنات اور سواریاں

کہنے لگا: میں شیشے کے برتن اور چینی کے سیٹ' کپڑا' خوشبو' اگربتی اور ریشم کی تجارت کرتا ہوں اور بعض اوقات میوہ جات اور مصالحہ جات میں لے جاتا ہوں۔ میں نے پوچھا کہ وہ آپ یہ تمام چیزیں ہواؤں اور فضاؤں میں لے جاتے ہیں کہنے لگا: نہیں یہ تمام چیزیں ہم ایسے ہی لے جاتے ہیں جیسے انسان سامان لے جاتے ہیں' ہمارے پاس ہوائی نظام بھی ہے ہم بعض چیزیں لے جاتے ہیں لیکن وہ ہمارے لیے بہت مہنگا پڑتا ہے اور وہ نظام بہت ہی زیادہ ہماری پہنچ سے دور ہوجاتا ہے۔ ہمارے ہاں بعض ایسے بڑے بڑے سامان اٹھانے کے لیے جنات ہوتے ہیں جن کے ساتھ بڑی سواریاں ہوتی ہیں اور چار جنات مل کر وہ سواریاں اٹھاتے اور اڑاتے ہیں ان میں ہم ٹنوں سامان رکھتے ہیں لیکن سامان بھیجنے کا یہ طریقہ بہت مہنگا ہوتا ہے اور اس کے اخراجات بہت زیادہ ہوتے ہیں کیونکہ میرا تجربہ یہ ہے کہ جو انسانوں کے ذریعے سامان آتا اور جاتا ہے ایک تو وہ سستا ہوتا ہے دوسرا محفوظ ہوتا ہے کیونکہ انسانوں میں چوریاں کم اور شریر جنات میں چوریاں زیادہ ہوتی ہیں۔

شریر جنات کا ہماری زندگی میں عمل دخل

جو جنات شریف نیک اور متقی ہیں وہ تو اس طرف خیال اور گمان ہی نہیں کرتے کہ چوری کرنی ہے لیکن نیک جنات ہمارے ہاں بہت کم ہیں اور شریر جنات بہت زیادہ ہیں اور شریر جنات ہماری زندگی میں اور بہت دخل اندازی کرتے ہیں اور اس کی وجہ سے سارا معاشرہ متاثر ہوتا ہے۔ ہمارے ایسے ایسے واقعات ہیں کہ لوگ اپنی چیزیں رکھتے ہیں اور جنات چوری کرکے لے جاتے ہیں اور جنات مسلسل ان چیزوں کو ہم سے دور کردیتے ہیں' جنات کی چوریوں میں عورتوں کا سامان زیورات' رقم' مال' سونا' چاندی گھر کے برتن' گھر میں کھانے پینے کا سامان اور راشن یہ تمام چیزیں جنات کی چوریوں میں شامل ہے اور جنات یہ سامان چوری کرکے بہت مطمئن ہوتے ہیں اور ان کے پاس ایسا نظام ہے کہ وہ کسی کو نظر نہیں آتے اور نہ چوری کرتے ہوئے نظر آتے ہیں حتیٰ ان کے پاس ایسے طلسمات ہوتے ہیں کہ چوری کا سامان ہماری آنکھوں کے سامنے سے جنات چرا کر لے جا رہے ہمیں نظر نہیں آتا جبکہ وہ چیز چوری ہو رہی ہوتی ہے۔

میں لفظ برکت کا مذاق اڑاتا تھا مگر اب۔۔۔!!!

وہ جن مزید کہنے لگا کہ مسلمانوں کے ہاں جو برکت کا نظام ہے یہ دراصل جنات کی چوریاں روکنے کے لیے ایک بہت طاقتور تالا ہے اور جنات برکت کے اس نظام میں ہمیشہ ناکام ہوتے ہیں۔ کیونکہ برکت سے مراد فرشتوں کی حفاظت اور پہرے ہوتے ہیں اور اللہ پاک کا خاص نظام ہے جو کہ جنات کے ساتھ متوجہ ہوتا ہے۔ چوریاں روک دیتا ہے۔ وہ جن کہنے لگا: میں اس سے پہلے مسلمان نہیں تھا ابھی کچھ سال پہلے میں مسلمان ہوا ہوں' میرے خاندان کے بہت سے جنات ابھی بھی غیر مسلم ہیں اس سے پہلے برکت کا احساس نہیں تھا' مسلمانوں سے سنتا تھا اور لفظ برکت کا مذاق اڑاتا مجھے علم ہی نہیں تھا کہ یہ برکت ہے کیا۔ پھر جب میں مسلمان ہوا اور مجھے برکت ملی اور میں نے برکت کو حاصل کیا تو پھر یہ احساس بڑھتا چلا گیا کہ برکت ایک نعمت ہے اور برکت ایک تحفہ ہے اور میں اس برکت کا ہمیشہ متلاشی رہا۔ اسلام نے برکت کے جتنے بھی الفاظ یعنی دعائیں اور تدابیر اور انداز بتائے ہیں وہ سب میں نے آزما کر دیکھ لیے میں آپ کو ایک چھوٹی سی چیز بتاتا ہوں جو بہت چھوٹی ہے۔

برتن ڈھانپ کر رکھنے سے جن بے بس

سنت ہے کہ رات کو برتن ڈھانپ کر یا اوندھے رکھے جائیں اور کوئی بھی چیز کسی برتن میں کھانے پینے کی رکھی جائے اسے ڈھانپ کر رکھا جائے۔ حیران کن بات ہے کہ جن چیزوں پر اعمال کیے ہوئے ہوں' دعائیں پڑھی ہوئی ہوں یا جو چیزیں ڈھانپ کر رکھی ہوئی ہوں' ان تک ہم جنات کی پہنچ نہیں ہوتی اور وہ جنات کبھی بھی ان چیزوں کی طرف نہیں پہنچ پاتے جن چیزوں کی انہیں طلب ہوتی ہے حالانکہ ڈھانپ کر رکھنے سے کچھ بھی نہیں ہوتا لیکن واقعی ڈھانپ کر رکھنے سے ایک طاقتور نظام ہے جو کہ متوجہ ہوجاتا ہے اور اس طاقتور نظام سے ہم جنات اس تک نہیں پہنچ پاتے اور یہ ایک حقیقت ہے۔

گوشت کا ڈھیر دیکھا اور کھانا شروع

ایک دفعہ کی بات ہے ایک گھر میں بہت سارا گوشت پڑا تھا' بڑے جانور کا گوشت تھا' سخت سردی تھی انہوں نے چھت پر برتن میں گوشت پھیلا کر رکھ دیا کہ خراب نہ ہو۔ میں گزر رہا تھا کہ مجھے گوشت نظر آیا تو میں بہت خوش ہوا اور گوشت کھانا شروع ہوگیا نا معلوم انہیں کیا محسوس ہوا کہ خیال آیا کہ ہم نے گوشت ڈھانپ کر نہیں رکھا۔ ایک بندہ سیڑھی چڑھ کر چھت پر آیا' اس نے گوشت کے اوپر ڈھانپنے کی نیت سے لکڑیاں رکھ دیں اور چلا گیا۔ وہ جن مجھے کہنے لگا جو بازار میں ملا تھا اور جن سے یہ ساری باتیں کر رہا ہوں۔ یقین جانیے! یہ لکڑیاں رکھنی تھیں اور ڈھانپنے کی نیت سے یہ سب کیا تھا۔ میں ایک دم بے طاقت ہوگیا' میں ہاتھ بڑھانا چاہتا ہوں' بڑھا نہیں سکتا۔ آگے بڑھنا چاہتا ہو بڑھ نہیں سکتا۔ یک دم میرے

تمام بدن کیلئے شاہی ٹانک جسمانی دردوں سے آزاد زندگی
جسم میں انقلابی قوت پیدا کرنے والا نوابی نسخہ زرغوانی نقرائی
ایسی نعمت جو وجود کے بال بال کو روحانی اور جسمانی شفاء بخشے لاغر انسان کو بھی قابل فخر صحت مند انسان بنا دیتی ہے
فالج، رعشہ، لقوہ کا یقینی علاج شوگر کے مریض مایوس کیوں؟
بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب کیلئے یکساں مفید شاہی ٹانک
بادشاہ، نواب، روسا، اور امراء کیلئے خاص طور پر بنایا نسخہ اب آپ کیلئے بھی
قوت خاص کیلئے حیرت انگیز طور پر موثر قیمت صرف 2200 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOORKHANPESHAWAR

اندر اور پل میں سارے احساسات ختم ہوگئے اور میری ساری کیفیات مردہ ہوگئیں میں جن تھا لیکن بے بس تھا' میں طاقتور تھا لیکن میری طاقتیں چھین لیں گئیں۔ میرا ہاتھ اس گوشت کی طرف بڑھ نہیں سکتا تھا حتیٰ کہ ایک پردہ آ گیا جیسے انسانوں اور جنات کے درمیان ایک پردہ ہوتا ہے اسی طرح میرے آگے سامنے ایک پردہ آ گیا۔ اب میں گوشت کو دیکھ ہی نہیں سکتا تھا حالانکہ اس سے پہلے میں گوشت دیکھ بھی رہا تھا اور کھا بھی رہا تھا' وہ گوشت کہاں گیا تھا۔ میرے سامنے لیکن ڈھانپنے کی نیت سے میں وہ گوشت نہیں دیکھ سکتا تھا۔

جناتی شرارت! ہماری چیزیں زہر آلود ہیں!!

ایک خطرناک بات اور بتائی کہا جو چیز جنات اور شیاطین کھاتے ہیں (جنات اور شیاطین ایک ہی چیز ہے) وہ چیز زہر آلودہ ہوجاتی ہے جسے موجودہ سائنس کہتی ہے کہ اس میں وائرس' بیکٹیریا شامل ہوگئے ہیں' ایسی زہریلی ہوجاتی ہے جو بھی انسان وہ کھانا پینا استعمال کرتا ہے وہ طرح طرح کی بیماریاں' دکھوں' تکالیف' ناجائز غصہ' شہوت' ہروقت تناؤ' کھچاؤ' یعنی ٹینشن' ڈیپریشن میں مبتلا ہوجاتا ہے اور اس طرح پریشان رہتا ہے اور زندگی میں ایسے بے چین رہتا ہے کہ اس کی زندگی میں سکھ' سکون' چین اور راحت باقی نہیں رہتی۔ وہ کھانا دراصل ہمارا جوٹھا ہوتا ہے اور ہمارے اس جوٹھے پن میں زہر ہوتا ہے اور وہ زہر مسلسل ملا ہوا ہوتا ہے یہی زہر ہے جو پھر ہم انسانوں میں گھولتے ہیں اور انسانوں میں یہی زہر بیماری' دکھوں' تکالیف' مایوسی اور افسردگی کی شکل میں ہم پیدا کرتے ہیں۔ میں حیران ہوا۔ میرے حضور ﷺ کی ہماری نظر میں چھوٹی سی سنت مبارک ہے جبکہ وہ بہت بڑی سنت ہے لیکن ہم اس کی طرف توجہ نہیں کرتے اور ایک جن خود اپنی زندگی کے تجربات ومشاہدات بتا رہا کہ جو ایسا کرتے ہیں اور ایسا کرنے سے ہم اس کھانے اور پینے سے دور ہوجاتے ہیں یعنی ہم اس کھانے اور پینے میں اپنی شرارت شامل نہیں کرسکتے۔

ازدواجی تعلقات میں غفلت اور جناتی وار

اس جن نے ایک اور بات بتائی کہ کہنے لگے اسی طرح جب میاں بیوی ملتے ہیں اگر وہ شیطان سے پناہ نہ مانگے تعوذ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم نہ پڑھے تو ہم اس میں شامل ہوتے ہیں اور اس لذت میں ہم بھی حصہ پاتے ہیں' پھر وہ جو نطفہ ٹھہرتا ہے اور اس سے جو اولاد ہوتی ہے وہ اولاد بعض اوقات اندھی' لولی' لنگڑی' اپاہج' ناکارہ' بے کار' کند ذہن اور بعض اوقات یہ نہیں ہوتی تو باغی' بدزبان' بدکردار' بداطوار اور بداخلاق ہوتی ہے جو کہ والدین کے لیے مسلسل پریشانی' دکھ اور مشکلات کا ذریعہ بنتی ہے اور والدین اس کی وجہ سے بہت پریشان ہوتے ہیں' حالانکہ وہ ایک لمحہ کی غفلت ہوتی ہے' اسی لمحے میں شیطانی جناتی عمل دخل نہیں ہونا چاہیے تھا اور صرف تعوذ پڑھنا تھا اور اس کی نہ پڑھنے کی وجہ سے نظام سارے کا سارا پریشان کن اور متاثر ہوجاتا ہے اور اس نظام میں وہ خیر باقی نہیں رہتی جس خیر کی نسلوں سے ہم توقع رکھتے ہیں اور جس خیر کی وجہ سے نسلیں پلتی ہیں' بڑھتی ہیں اور پنپتی ہیں اور والدین اپنے بڑھاپے کا ساتھی بناتے

> **اب مجھے دکھ ہوتا ہے ایک ایک فرد کو جانتا ہوں جو میرا ڈسا ہوا ہے یا کھانے پینے کا زہر یعنی جوٹھے سے یا پھر میاں بیوی کے ازدواجی معاملات میں دخل اندازی کرنے سے اور زندگی اسی طرح گزرتی چلی جاتی ہے**

اور سمجھتے ہیں۔ صرف ایک تھوڑی سی خطا اور غلطی کی وجہ سے وہ خیر ہم سے جدا ہوجاتی ہے۔

میں روتا ہوں! کئی گھرانے برباد کرچکا ہوں!!

کہنے لگے: میں خود اب بیٹھ کر روتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتا ہوں' استغفار کرتا ہوں' میں کئی میاں بیوی کی ازدواجی معاملات میں شامل ہوا' کئی گھرانے میں نے برباد کیے کیونکہ ہم جنات کی عمریں بڑی ہوتی ہیں' ہمارے سامنے نسلیں پیدا ہوتی ہیں' پلتی پھر ساٹھ ستر یا اسی سال کی عمر پا کر اس دنیا سے رخصت ہوجاتی ہیں۔ ہمیں ان کے آغاز کا بھی پتہ ہے اور ان کے انجام کا بھی اور جنات ان کا انجام دیکھ کر خوش ہوتے ہیں لیکن اب چونکہ میرے دل میں ایمان داخل ہوچکا ہے اب مجھے دکھ ہوتا ہے ایک ایک فرد کو جانتا ہوں جو میرا ڈسا ہوا ہے یا کھانے پینے کا زہر یعنی جوٹھے سے یا پھر میاں بیوی کے ازدواجی معاملات میں دخل اندازی کرنے سے اور زندگی اسی طرح گزرتی چلی جاتی ہے حتیٰ کہ نسلیں گزر جاتی ہیں اور جنات نسلوں کو دیکھ کر خوش ہوتے ہیں کہ ہم نسلوں کو برباد کرچکے ہیں اور نسلوں کو ویران کرچکے ہیں اور شریر جنات کو راحت ملتی ہے۔

چھوٹی سنتیں اپنانے سے بڑی پریشانیاں ختم!!

میں اس جن کی باتیں سن رہا تھا اور جن کے ہر لفظ کے اندر سچائی حقیقت محسوس ہو رہی تھی اور ایک احساس بڑھتا چلا جا رہا تھا کہ ہم چھوٹی چھوٹی سنتوں کا خیال کیوں نہیں کرتے۔ مجھے تو جنات نے سچ پوچھیں جو حقائق اور حقیقتیں بتائیں ہیں میں صرف انہیں جاننا اور سمجھنا شروع کردوں یا صرف آپ کو بتانا شروع کردوں آپ کے اندر اور باہر ایسا دکھ شامل ہو اور آپ کے اس طرح رونگٹے کھڑے ہوں کہ آپ گمان نہ کرسکیں' سوچ نہ سکیں کہ سو فیصد ایسی حقیقت ہو بھی سکتی ہے۔ کیا واقعی زندگی میں ایسے جنات ہیں جو ہمارے کھانے کو زہریلا کرتے ہیں جوٹھے کے نام پر اور ہمیں نظر نہیں آتے؟ بادشاہوں کے ہاں اکثر زہریلے کھانے کے واقعات تاریخ میں سنتے چلے آئے ہیں لیکن ہمیں کیوں احساس نہیں کہ ہمارے اس کھانے جس پر اللہ تعالیٰ کا نام نہیں پڑھا جاتا ہر اس کھانے کو جس کو ڈھانپ کر یا اللہ کا نام لے کر نہیں رکھتے وہ زہریلا ہے' جوٹھا ہے اور آلودہ ہے اور پھر میاں بیوی کے ازدواجی معاملات میں ہم کیوں غافل ہوجاتے ہیں؟

یہ سب کچھ ہمارا قصور ہے!

ہمارے اندر اور طبیعت میں غفلت کیوں بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ یہ سب کچھ ہمارا قصور۔ بے توجہی کو بڑھاتے بڑھاتے ہم اتنے بے توجہ ہوگئے ہیں کہ ہمارے اندر حالات مسلسل بڑھتے اور گھٹتے چلے گئے اور ہم مسائل اور پریشانیوں میں مبتلا ہوتے چلے گئے جبکہ ان چھوٹی چیزوں پر اگر تھوڑی سی توجہ کرلیں تو زندگی میں سکون آجائے۔ میں اس جن سے بہت چیزیں پوچھ رہا تھا میں نے صرف دو ہی بتائی ہیں اس جن نے مجھے جتنی چیزیں پہنچائی ہیں میں کوشش کروں گا آپ تک امانت سمجھ کر پہنچاؤں۔ ہمیں آج کے بعد سوچنا ہوگا کہ ایک ایک سنت میں کیا طاقت کیا ہے۔ (جاری ہے)

حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل

اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 53 پر دیا گیا کوپن پُر کرکے بھجوادیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے۔

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہو رہی ان کی پریشانی ہوئی ختم

برص پھلبہری کورس

برص' خارش' چنبل' ایگزیما' کوڑھ' جزام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج

قیمت 500 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

سات جمعہ کا عمل! اپنے گھر کا خواب اب خواب نہ رہے گا!

فاقے ختم' دولت' عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں ''ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا'' شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

خود کا ذاتی گھر ایک خواب تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ وظیفہ میں نے خود تو نہیں کیا مگر سہیلی کی بہن نے مجھے بتایا کہ کسی نے میری بہن کو یہ وظیفہ بتایا اور میری بہن نے کیا تو اللہ تعالیٰ نے سال کے اندر اندر غیب سے مدد کی اور آج اپنے گھر میں ہے' کہاں میری بہن کا خود کا ذاتی گھر ایک خواب تھا' معمولی سا ذریعہ معاش تھا' روکھی سوکھی کھا رہے تھے' انتہائی سفید پوش' ضروریات زندگی بمشکل پوری کر پاتے۔ پھر کسی نے یہ وظیفہ دیا۔ میری بہن نے یقین سے کیا تو جہاں معاشی حالات بہتر ہوئے وہیں رب کریم نے ایک سال کے اندر اندر گھر سے نواز دیا۔ بس کسی نے اتنا کہا کہ تھا وظیفہ یقین سے پڑھو' ان شاء اللہ مراد ضرور پوری ہوگی' اور اللہ تعالیٰ نے غیب سے سال کے اندر اندر گھر دے دیا' یہ وظیفہ ہر مقصد کے لیے کیا جا سکتا ہے' مگر ناجائز کام کیلئے ہرگز نہ کریں' ورنہ اپنی تباہی کا وہ خود ذمہ دار ہوگا۔

عمل دھیان سے سمجھ لیجئے

عمل یہ ہے:۔ سات جائے نماز جمعہ والے دن بچھائی ہیں' یعنی سات جائے نماز لے کر الگ الگ کمرے میں یا صحن میں بچھا لیں۔ جمعہ کی نماز کے بعد پہلی جائے نماز پر جا کر دو رکعت نفل پڑھیں' سلام پھیرنے کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف' ایک مرتبہ سورۂ یٰسین اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور جائے نماز تہہ کر کے رکھ دیں۔ پھر اسی وقت دوسرے جائے نماز پر دو رکعت نفل پڑھیں' سلام پھیرنے کے بعد گیارہ مرتبہ اول و آخر درود شریف اور ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر جائے نماز تہہ کر کے رکھ دیں۔ پھر تیسری جائے نماز پر دو رکعت نفل پڑھیں' سلام پھیرنے کے بعد گیارہ مرتبہ اول و آخر درود شریف اور ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھیں اور جائے نماز تہہ کر کے رکھ دیں۔ پھر اسی وقت چوتھی جائے نماز پر بھی اسی طرح ترتیب سے عمل کریں۔ ہر جائے نماز پر دو نفل پڑھیں' سلام پھیرنے کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھیں۔ جب ساتویں جائے نماز پر سورۂ یٰسین ایک مرتبہ پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ لیں تو نہایت عاجزی سے اپنے مقصد کیلئے دعا مانگیں۔ یہ وظیفہ سات جمعہ تک کرنا ہے' مرد حضرات جمعہ کی نماز مسجد میں پڑھ کر گھر میں آ کر عمل کر سکتے ہیں۔ خواتین گھر میں جمعہ کی نماز جب ہو جائے تب عمل کریں۔ اگر سات جمعہ میں کام نہ ہو تو مزید سات جمعہ کریں۔

آج وہ خوشحال ہے!

میری بہن نے ایک سال تک مسلسل ہر جمعہ یہ عمل کیا۔ الحمدللہ! اللہ کریم نے اسے اپنا عطا فرما دیا جو کہ کسی کے فہم و خیال میں بھی نہ تھا کہ یہ بھی کبھی اپنے گھر کی مالک ہوگی کیونکہ اس کے معاشی حالات انتہائی بُرے تھے۔ مگر آج وہ خوشحال ہے۔ اس آسان سے عمل سے واقعی حاجات پوری ہوتیں ہیں بس چند دن کر کے تھک نہ جائیے گا اپنے مقصد کا تصور کرتے ہوئے یقین اعظم رکھتے ہوئے یہ عمل کیجئے پھر دیکھئے کیسے بگڑی سنورتی ہے۔ اور کیسے رکے ہوئے کام ہوتے ہیں۔ ان شاء اللہ۔ (پوشیدہ' سکھر)

(بقیہ: ساس اور بیوی کی لڑائی میں گھاس کی طرح پستے شوہر)

اسے اپنا کردار اس طرح نبھانا چاہیے کہ گویا وہ بھی ان میں سے ایک ہی ہے اور ان سے اتنی ہی انسیت رکھتی ہے جتنی کہ گھر کے دیگر افراد میں ہے۔ ایک دوسرے کو برداشت کرنے کے ساتھ ہی سراہنے کا عمل ایسا جادو ہے جو رشتوں کے قیام میں معجزاتی تبدیلی لا سکتا ہے اور ساس کے ساتھ بہو کے تعلقات مثالی ہو سکتے ہیں۔ اگر سسرالی اپنے ان عمل اور ردعمل کے اظہار کے حوالے سے حق کا استعمال کرتے رہیں اور ان کی من مانیاں واضح رہیں تو آگے چل کر بہت سارے دلوں میں درد کی ٹیسیں اٹھنے لگتی ہیں۔ کسی ساس، بہو یا بھابھی کی ایسے الفاظ میں تعریف کرنے میں کیا حرج ہے کہ وہ بہت سگھڑ اور امور خانہ داری میں ماہر ہیں اور یہ بتانے میں کیا قباحت ہے کہ آپ کو ان سے کچھ سیکھا کرا چھا لگے گا۔ بہو اگر طاہری بناتے ہوئے ایک مرتبہ آلو زیادہ ڈال دے اور شکایت کرنے پر اگلی مرتبہ آلو تلاش کرنا پڑیں تو اس سے بچنے کے لیے کیا بہتر یہ نہیں ہے کہ کسی سے تناسب پوچھ لیا جائے مگر مسئلہ تو یہ ہے کہ کسی سے پوچھنے کو اپنی ہتک سمجھا جاتا ہے۔ کسی تقریب میں جانے سے قبل اگر نندیں اپنی بھابھی کو کوئی خاص ڈریس پہننے کا مشورہ دیں جو کہ محفل میں ان کی شان میں اضافہ کر دے تو ان کی یہ فرمائش پوری کرنے میں کوئی حرج ہے؟ گھر میں پکائی جانے والی کسی ڈش کے اچھے ذائقے کا اظہار کرنے پر آپ کا کوئی خرچہ نہیں ہوگا مگر محض ایک تعریفی جملہ دل جیت لے گا۔ دن بھر میں آپ کو ایسے سینکڑوں مواقع میسر آتے ہیں جب چند تعریفی یا توصیفی کلمات ماحول کو خوشگوار بنا سکتے ہیں۔

جیل سے خلاصی اس کتابچہ کی وجہ سے ممکن!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ چار ماہ سے جیل میں قید تھا' لاکھ کوشش کے باوجود بھی میری ضمانت نہ ہو رہی تھی' ایک دن جیل میں نماز جمعہ ادا کی تو ایک قیدی نے بتایا کہ ایک شخص تمام قیدیوں کیلئے یہ کتابچہ دے کر گیا ہے اور کہا ہے کہ سب میں بانٹ دیں۔ ایک کتابچہ میرے بھی حصہ میں آیا۔ میں نے نماز جمعہ کے بعد اپنی بیرک میں جا کر پڑھنا شروع کر دیا۔ اس میں مختلف چھوٹے چھوٹے وظائف لکھے ہوئے تھے۔ اس میں ایک وظیفہ ختم لَا یُنْصَرُوْنَ جو کہ سارا دن کھلا پڑھنا ہے۔ میں سارا دن فارغ تو ہوتا ہی تھا' میں نے سارا دن یہی وظیفہ پڑھنا شروع کر دیا' صرف پندرہ دن کے اندر اندر میری ضمانت ہوگئی جو کہ گزشتہ چار ماہ سے مسلسل کوشش کے باوجود بھی نہ ہو رہی تھی۔ میں آج بھی جھولیاں اٹھا اٹھا کر اس شخص کو دعائیں دیتا ہوں جس نے جیل میں یہ کتابچہ تقسیم کیا ہے۔ اس کے علاوہ اس کتابچہ میں آپ کا نام اور ایڈریس لکھا ہوا تھا' جس کتابچہ میں 30 وظائف میں سے صرف ایک وظیفہ نے میری یہ مشکل حل کر دی۔ جس شخص نے یہ کتابچہ بانٹا ہوگا اس کی رب کریم نے کتنے مشکلات آسان کر دی ہوں گی۔ (قاسم' بہاولپور)

صرف 7 مرتبہ یارحمٰن پڑھا! بے اولادی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے عبقری پبلی کیشنز کا ایک کتابچہ ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' لیا۔ میری شادی کو پانچ سال ہو چکے تھے' مگر اب تک بے اولاد تھی' میں نے اس میں موجود یارحمٰن کا وظیفہ کرنا شروع کر دیا' جو کہ ہر نماز کے بعد صرف 7 مرتبہ پڑھنا تھا' ساتھ میں نے یہ نیت بھی کر لی کہ میں ہر ماہ ایک ہزار یہ کتابچہ مختلف جگہوں پر تقسیم کیا کروں گی' الحمدللہ! چار ماہ کے اندر اندر میرا کام ہو گیا' الحمدللہ! اب میں امید سے ہوں۔ (پوشیدہ' لاہور)

قارئین! بلا رنگ و نسل دکھی انسانیت کی خدمت ہمارا عزم ہے۔ آپ بھی اس روشنی کو دوسروں تک پہنچائیے! یہ کتابچہ خود بھی پڑھیے اور دکھی عوام تک بھی زیادہ سے زیادہ پہنچائیں۔ جیلوں' ہسپتالوں' کچہریوں میں موجود پریشان لوگوں تک پہنچا کر داد رسی کا ذریعہ بنیں!



(قیمت فی کتابچہ 20 روپے' تقسیم کیلئے خاص رعایت صرف 10 روپے میں حاصل کیجئے)

صرف عشق اور محبت کرنے والے پڑھیں

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً کتابیں، (سلیبس اور نصابی نہ ہوں) برتن، نقش و نگار شدہ پرانے دروازے، کھڑکیاں، شیڈ، اسلحہ (اسلحہ جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو) لکڑی، تانبے، کانسی، چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو' الیکٹرونکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلیں وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کی نیت سے تسبیح خانے میں بحفاظت با امان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز بڑی ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔ آپ کا بہت شکریہ! (ادارہ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN DESHWAR

کونسی ورزش مفید اور کتنی دیر کرنی چاہیے!

احمد خاں خلیل، کراچی

بچپن اور نوخیز لڑکوں کی عمر میں تو ورزش اور کھیل لازمی ہیں۔ اسی عمر میں کسرتی جسم کی بناوٹ بنتی ہے۔ اس عمر میں اٹھنے، بیٹھنے، چلنے کا انداز بنتا ہے۔ بلوغت میں اور خاص طور پر ادھیڑ عمل میں جو لوگ ورزش نہیں کرتے وہ موٹے ہوجاتے ہیں اور پھر انہیں بدہضمی اور قبض کی تکلیفیں شروع ہوتی ہیں

کون سی ورزش مفید اور کتنی دیر کرنی چاہیے

بیٹھ کر کام کرنے والے ہر عمر کے آدمی کے لیے صحت قائم کرنے کے لیے ورزش کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ ورزش شروع کرنے سے پہلے معالج سے یہ مشورہ بہتر ہوگا کہ جسم کے تمام حصوں کے لیے کون سی ورزش مفید رہے گی اور یہ ورزش کتنی دیر کرنی چاہیے۔ ورزش سے عضلات مضبوط ہوتے ہیں، ان کی کارکردگی بڑھ جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ورزش کرنے والے کو محنت کا کام کرنے سے اتنی تکان نہیں ہوتی جتنی کہ عام آدمی کو ہوتی ہے۔

صحیح گردش خون! اچھی صحت کی ضمانت

ورزش سے سب سے پہلے تو قلب کو فائدہ پہنچتا ہے۔ دل جب زیادہ خون پمپ کرتا ہے تو پورے بدن میں خون پہنچتا ہے۔ مثال کے طور پر آرام کرنے والے آدمی کا قلب ایک منٹ میں 5 لیٹر خون پمپ کرتا ہے۔ اگر آدمی ۱۲ کلومیٹر (ساڑھے سات میل) فی گھنٹہ کے حساب سے دوڑ لگائے تو قلب 25 لیٹر خون پمپ کرتا ہے۔ دل کی اس کارکردگی کو اس طرح بھی بتایا جاسکتا ہے کہ ہر بار سکڑتے وقت وہ 150 ملی لیٹر خون کو خارج کرتا ہے اور اگر آرام کی حالت میں ہو تو وہ صرف 70 ملی لیٹر خون خارج کرتا ہے۔

صحیح گردش خون ہی اچھی صحت کی ضامن ہے۔ ورزش کی وجہ سے کھوپڑی سے لے کر پاؤں کی انگلیوں کے سروں تک سرخ خون دوڑ جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ۱۲ کلومیٹر فی گھنٹہ کی دوڑ سے آپ کا جسم بارہ گنا آکسیجن زیادہ لیتا ہے آکسیجن ہی خون کو صاف کرتی ہے۔ اس کی وجہ سے نظام ہضم اور جگر کا فعل بہتر ہوجاتا ہے اور اس نظام کی بہتری کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ غذا صحیح طور پر ہضم ہوتی ہے۔ جب بدن میں خون کی گردش تیز ہوتی ہے تو اس سے اعصاب کے نظام کی کارکردگی اور قوت بھی بڑھتی ہے اور نظام حس وغیرہ کی کارکردگی بڑھ جاتی ہے۔ گردش خون میں اضافے اور عضلات کی حرکت کے علاوہ اس سے جذباتی فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں۔ ورزش کے بعد آدمی ذہنی طور پر مطمئن ہوجاتا ہے۔ فکر وغم کم ہوجاتا ہے اور رات کو جب وہ سوتا ہے تو اس کو خوب نیند آتی ہے۔

اگر آپ ورزش نہیں کرتے تو ذرا سوچیے!

اگر آپ ہر وقت بیٹھے رہتے یا آرام کرتے ہیں اور ورزش نہیں کرتے تو اس سے تمام جسم ڈھیلا ہوجاتا ہے۔ اگر بچوں کو لیا جائے تو ورزش سے ان کا قد کاٹھ بڑھتا ہے، کھڑے ہونے اور چلنے کا انداز صحیح ہوتا ہے۔ جو بچے ورزش نہیں کرتے ان کا جسم اچھی طرح نشوونما نہیں پاتا۔ ورزش نہ کرنے والے بچوں کے کندھے آگے کو جھک جاتے ہیں، ریڑھ کی ہڈی میں خم آسکتا ہے۔ ورزش نہ کرنے سے وہ کم آکسیجن لیتے ہیں اور ان کے پھیپھڑے مضبوط نہیں ہوتے، اس لیے ان کا قد اور جسم صحیح طور پر بڑھتا بھی نہیں۔ ایسے بچوں کی بھوک کم ہوجاتی ہے۔ جلد ڈھیلی ہوجاتی ہے۔

بچپن سے لڑکپن! ورزش بہت ضروری

بچپن اور نوخیز لڑکوں کی عمر میں تو ورزش اور کھیل لازمی ہیں۔ اسی عمر میں کسرتی جسم کی بناوٹ بنتی ہے۔ اس عمر میں اٹھنے، بیٹھنے، چلنے کا انداز بنتا ہے۔ بلوغت میں اور خاص طور پر ادھیڑ عمل میں جو لوگ ورزش نہیں کرتے وہ موٹے ہوجاتے ہیں اور پھر انہیں بدہضمی اور قبض کی تکلیفیں شروع ہوتی ہیں پھر طرح طرح کے امراض پیدا ہوتے ہیں۔ سب سے بڑا مرض کاہلی، ڈھیلاپن اور برداشت کی کمی ے۔ ورزش کا میدان بہت وسیع ہے۔ کرکٹ، ہاکی، فٹ بال، بیس بال، ٹینس، اسکوائش وغیرہ کھیل موجود ہیں۔ بچوں اور نوجوانوں کے لیے ان کھیلوں کی بہت اہمیت ہے۔ ٹیم کے طور پر کھیلنے میں تعاون اور لیڈر شپ کی تربیت بھی ملتی ہے۔ دوسرے درجے پر مختلف فاصلے کی دوڑیں، ہائی جمپ، لانگ جمپ، گولا پھینکنا، وغیرہ کھیل ہیں۔

حالات اور ضرورت کے مطابق ورزش ضرور کیجیے

تیسرے درجے پر وزن اٹھانا، باڈی بلڈنگ، کشتی وغیرہ ہے۔ چوتھے درجے پر جاگنگ، پیدل چلنا، اور سائیکلنگ ہے۔ پانچویں درجے پر گھر کے اندر ٹریڈ مل (Treadmill) ورزش کی سائیکل اور دوسرا کسرتی سامان ہے۔ بالغوں کو اور ادھیڑ عمر والوں کو اپنے حالات اور ضروریات کے مطابق اپنے لیے ورزش پسند کرلینی چاہیے۔ اور باقاعدہ کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ زیادہ فائدہ اس وقت ہوگا جب آپ اپنی ورزش سے لطف اندوز بھی ہوں۔ جن لوگوں کو کوئی تکلیف ہوتی ہے انہیں معالج کے مشورے سے ورزش کرنی چاہیے تاکہ زیادہ تکان نہ ہو۔

فرنیچر کو دیمک لگی یا بیوی ناراض ہوئی! حل لیجیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس میں موجود بے شمار ٹوٹکے آزمائے اور بہت مفید پائے۔ میرے پاس بھی کچھ بالکل اپنے آزمودہ تجربات ہیں جو قارئین عبقری کی نذر کرتی ہوں:۔ میرے پاس دیمک کے لیے ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ جہاں دیمک ہو یا فرنیچر کو کیڑا لگ جائے تو ٹیکہ لگانے والی سرنج میں تارپین کا تیل لے کر سوراخوں میں سرنج سے یہ تیل ڈال دیں، دیمک ہمیشہ کیلئے ختم ہوجائے گی۔

نمک ملے پانی سے نہانے کے فوائد

دوسرا ٹوٹکہ: یہ ٹوٹکہ نمک ملے پانی سے نہانے کا ہے۔ جب بھی نہانے کیلئے غسل خانہ میں جائیں تو بالٹی یا ٹب میں ایک بڑا چمچ نمک ڈال دیں، کبھی بھی آپ کو جلدی بیماری نہیں ہوگی، اگر جوئیں ہوئیں تو کچھ عرصہ میں ختم ہوجائیں گی۔ ساون بھادوں میں بھی خارش نہ ہوگی۔ نہا کر روزانہ کنگھی کریں، اس پانی سے نہانے سے بال بھی جلد خشک ہوجاتے ہیں۔ زندگی کا معمول بنالیں، ہمیشہ جلدی امراض سے بے پرواہ رہیں گے۔

میاں بیوی کا جھگڑا ختم! جی ہاں بالکل ختم

میاں بیوی کی آپس میں ناراضگی دور کرنے کیلئے صرف 21 مرتبہ یَاوَدُوْدُ پڑھیں۔ آپ کو منانا بھی نہ پڑے گا کہ صلح ہوجائے گی۔ ہاں ایک بات ضرور یاد رکھیے گا جب بھی 21 مرتبہ یَاوَدُوْدُ پڑھیں اول وآخر تین مرتبہ درود شریف پڑھنا ہرگز نہ بھولیں۔ (خ، راولپنڈی)

بے پناہ امراض گھیر لیں تو صرف (شوگر والے حضرات استعمال نہ کریں)
ٹھنڈی مراد
شفاء کا انوکھا فرحت بخش ٹھنڈا خزانہ ہے

ہاتھ پاؤں میں جلن، سر چکرانا، منہ کی خشکی، آنکھوں کے سامنے اندھیرا، جگر و مثانے کی گرمی، یورک ایسڈ، قبض، ہائی بلڈ پریشر، زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض کیلئے آخری حل
عورتوں مردوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید ہر موسم میں بہترین

جسم ٹوٹے، دل گھبرائے یا پتھری ستائے
صرف ٹھنڈی مراد سے چین پائیں
قیمت -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت): حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" پڑھنے کے قابل ہے۔

مسجد کیلئے چندہ مانگا! تاجر نے ہاتھ پر تھوک دیا

محلہ کی مسجد کی تعمیر و مرمت کا کام شروع ہوا تو مطلوبہ رقم اکٹھی ہونے میں دیر ہوگئی' کمیٹی انتظامیہ نے امام صاحب سے کہا کہ محلہ کی اس ٹکڑ والا بندہ ہے تو بڑا تاجر' مگر اپنے فسق و فجور میں انتہا کو پہنچا ہوا ہے۔ اگر آپ میں ہمت ہے تو اس سے بات کرلیں۔ امام صاحب نے حامی بھرلی اور ایک دن شام کو جاکر اس کا دروازہ کھٹکھٹایا، چند لمحے بعد تاجر صاحب اندر سے نمودار ہوئے' امام صاحب نے اپنے آنے کی وجہ بتائی تو صاحب سٹپٹا گئے اور بولے کہ ایک تو تمہارے سپیکروں کے ہروقت چلنے سے سکون برباد ہے اوپر سے تم ادھر تک آپہنچے ہو اور دوسرے محلے دار مرگئے ہیں جو مجھ سے چندہ لینے کی ضرورت آن پہنچی۔ امام صاحب نے کہا: صاحب اللہ کا دیا ہوا موقع ہے' آپ کیلئے' آپ کے دستِ تعاون کی ضرورت ہے' میں خالی ہاتھ نہیں جانا چاہتا' اللہ تعالیٰ آپ کے مال و جان میں برکت دے گا۔ تاجر نے امام صاحب سے کہا لاؤ اپنا ہاتھ میں تمہیں چندہ دوں؟ امام صاحب نے جیسے ہی ہاتھ بڑھایا' اس تاجر نے امام کے ہاتھ پر تھوک دیا' امام صاحب نے بسم اللہ پڑھ کر یہ تھوک والا ہاتھ اپنے سینے پر مل لیا اور دوسرا ہاتھ تاجر کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا: "یہ امداد تو میرے لیے ہوگئی' اب اس ہاتھ پر اللہ کیلئے امداد کیجئے"

آپ کے پروجیکٹ کیلئے کتنے پیسے درکار ہیں؟

اس تاجر کو یہ بات نہ جانے کہاں جاکر لگی کہ فوراً منہ سے استغفر اللہ استغفر اللہ کہنا شروع کردیا۔ کچھ لمحات کے بعد شرمندہ اور دھیمے سے لہجے میں بولا، کتنے پیسے درکار ہیں؟ امام صاحب نے کہا: آپ تین لاکھ روپے دے دیں۔ تاجر نے کہا: میں نے پوچھا ہے آپ کے پروجیکٹ کیلئے کتنے پیسے درکار ہیں؟ امام صاحب نے کہا: ہمیں مکمل طور پر مرمت کیلئے آٹھ لاکھ روپے درکار ہیں' تاجر صاحب اندر جاکر ایک چیک بنا کر لائے اور امام صاحب کو دیتے ہوئے کہا: آج سے اس مسجد کا جو بھی خرچہ ہو' مجھ سے لیجئے گا۔

متکبر اور فاسق بھی ہدایت پاسکتا ہے

انسان کے دل میں اگر دوسرے خصوصاً اپنے مدعو کیلئے خیر خواہی' ہمدردی اور اپنائیت کا جذبہ موجود ہو تو وہ ایک شفیق طبیب کی طرح اپنے مریض کیلئے فکرمندی شفقت و رحمت سے مریض کے مزاج اور اس کے حال کا لحاظ کرتے ہوئے اپنے مدعو کیلئے حکمت و موعظت کا طریقہ اختیار کرتا ہے اور یہ دردمندی اور جذبہ خیر خواہی اسے ہمیشہ ہر طرح کے طنز و طعن بلکہ دارین کے کسی ادنیٰ نقصان سے بچا کر اس کو ہر خیر سے مالا مال کرانے کیلئے بے تاب کرتی ہے اس لیے بات کرنے والا اگر دردمند اور خیر خواہ ہو تو اللہ تعالیٰ اسے بات کرنے کا انداز' سلیقہ اور تمیز عطا فرماتے ہیں اور اس کی بات میں مٹھاس عطا فرماتے ہیں۔ جس سے بڑے سے بڑا متکبر اور فاسق شخص بھی ہدایت پاسکتا ہے اور ہمارے کتنے ہی بے تکے اور طنزیہ جملوں سے لوگ نماز و قرآن اور دین سے دور بھاگتے ہیں۔

ہر مسلمان خوبیوں کی کان ہے!

حضرت جی مولانا انعام الحسن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ بڑے حضرت جی مولانا الیاس رحمۃ اللہ علیہ کے وقت میں جب ہمیں گشت میں بھیجا جاتا تو اور نصیحتوں کے ساتھ ساتھ یہ بھی کہا جاتا کہ دیکھو! تم مسلمانوں سے ملنے جارہے ہو! تو نیت کرلو کہ ہم مسلمان کے گھر نیکی اور خوبی حاصل کرنے جارہے ہیں! اس لیے کہ ہر مسلمان خوبیوں کی کان ہے! اب تم نے اس نیت سے اس کے گھر کا دروازہ کھٹکھٹایا تو دراصل تم فقیر و بھکاری ٹھہرے۔

وہ اب عذاب الٰہی سے محفوظ رہا

اب اس نے کہا جاؤ مجھے کچھ نہیں سننا ہے! تو چونکہ تم خیر کی تلاش میں اس کے گھر بھکاری بن کر گئے ہو تو گھر والے کو اختیار ہے کہ تمہیں کچھ خیرات دے' یا دھتکار دے! تمہاری اس نیت کی وجہ سے وہ عذاب الٰہی سے محفوظ رہا! اگر خدانخواستہ اگر تم داعی بن کر جاتے اور وہ شخص داعی کے ساتھ بدسلوکی کرتا' تو ہلاک ہوجاتا! اور اس کی ہلاکت کا سبب تم ہوئے! اس لیے کہ وہ غریب اپنے بال بچوں میں عافیت کے ساتھ بیٹھا تھا! تم داعیوں کی دعوت کے انکار کی وجہ سے وہ مفت میں مارا گیا! اس لیے داعی بن کر نہ جاؤ! بھکاری بن کر جاؤ۔

ایک نئی بیماری "خوف"

اس ایٹمی دور میں انسان ایک نئی بیماری "خوف" کا شکار ہے جو مختلف پہلوؤں پر اثر انداز ہے۔ مان لیا کہ آپ بظاہر نڈر اور بہادر ہیں لیکن اس کے باوجود آپ کے دماغ کے کسی گوشے میں خوف ضرور موجود ہے اور بسا اوقات یہ آپ پر حاوی ہوجاتا ہے۔ اس کے نتیجہ میں آپ پر فکر و تردد کی ایک ناقابل بیان کیفیت طاری ہوجاتی ہے اور آپ پریشانی اور مایوسی محسوس کرتے ہیں۔

بڑھاپے کا خوف: ملک میں چونکہ روزگار کی حالت تسلی بخش نہیں' اس لیے بہت سے لوگ اس فکر میں مبتلا رہتے ہیں کہ جب وہ بوڑھے ہوجائیں گے تو ان کا کیا ہوگا۔ جوانی یا ادھیڑ عمر میں تو انسان روزی کمانے کے قابل ہوتا ہے لیکن ساٹھ سال بلکہ پچاس سال کی عمر میں ہی قویٰ کمزور ہونے شروع ہوجاتے ہیں اور کام کرنے کی ہمت نہیں رہتی۔

بیماری کا خوف: ایک اور خوف جو آج کل زوروں "سے" بیماری کا خوف ہے۔ عوام صحت کے عام اصولوں پر توجہ دیتی ہے۔ ذرا تکلیف ہوئی کہ جا پہنچے ڈاکٹر کے پاس۔ ادھر ڈاکٹر صاحب نے فی الواقع بیماری کی تصدیق کردی اور اپنے پیسے کھرے کرلیے۔ یہ صحیح ہے کہ بسا اوقات بیماری' جو ایک غیر قدرتی عمل ہے' جسم کے کمزور حصہ پر حاوی آجاتی ہے اور مرض کا علاج ضروری ہے لیکن مناسب تشخیص کے بعد محض اس وہم میں مبتلا رہنا کہ میں بیمار ہوں اور اسی فکر میں دن رات گھلتے رہنا حماقت نہیں تو اور کیا ہے اور پھر بعض اوقات انسان کے دل میں ہی خیال آتا ہے کہ مان لیا وہ فی الحال بیمار نہیں' لیکن مستقبل میں بیمار ہونے کا قوی امکان ہے' یعنی قبل از مرگ واویلا۔ ایسے انسان معمولی سی تکلیف پر انجکشن لگواتے اور ولایت سے آئی ہوئی گولیاں کھاتے رہتے ہیں۔

ایک خوف جسے فرحت بخش اور خوشگوار قرار دیا جاسکتا ہے' وہ اس خداوند کریم سے خوف ہے جسے دانائی کا آغاز قرار دیا گیا ہے اس خوف کے نتیجہ میں انسان زندگی سے تعلق رکھنے والے دوسرے خدشوں کی پروا نہیں کرتا۔ لیکن بدقسمتی سے اس جائز خوف کو نظر انداز کیا جارہا ہے اور ہر قسم کے دوسرے خدشے' جن کا اوپر ذکر کیا گیا ہے' ترقی پارہے ہیں۔ (ص 70)

وساوس' ٹینشن اور جذبات ہیجان میں مبتلا "جذبات اور خیالات کے روگ نبوی طریقے اور جدید سائنس" کتاب کا مطالعہ ضرور کریں

نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج
بستر پیشاب شفاء
اچانک پیشاب کا نکل جانا سب کے سامنے شرمندہ کردیتا ہے
بار بار پیشاب یا بستر پر پیشاب کا نکل جانا بہت بڑا مسئلہ! مگر اب نہیں!
قیمت 120 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN SHAMAD

عالیہ شہباز، لاہور

ساس اور بیوی کی لڑائی میں گھاس کی طرح پستے شوہر

گھر میں موجود ماں جو کہ شادی سے قبل بیٹے کی توجہ اور محبت کی تن تنہا مالک ہوتی ہے، بہو کو ایک چیلنج سمجھنے لگتی ہے جس نے اس سے بیٹے کا پیار چھین لیا ہے جبکہ بیوی کو اس بات کا یقین ہوتا ہے کہ گھر میں آتے ہی شوہر کی تمام تر محبت اور توجہ کا حق اسے حاصل ہو گیا ہے

بے جا الزامات، بدزبانی، پرانی بات

بے جا الزامات اور بدزبانی اب ایک پرانی بات ہو چکی ہے جس میں ساس اور بہو مصروف کار نظر آتی ہیں لیکن حقیقت کی نگاہ سے دیکھا جائے تو اس کا کوئی فائدہ، مقصد یا عام زندگی میں کردار نہیں ہے، سوائے اس کے کہ گھروں کا ماحول مکدر ہوتا رہے۔ حیران کن امر یہ ہے کہ اس تمام تر مسلسل مشق کے خاتمے پر فریقین خود ایک دوسرے کی باتوں پر ہنس رہے ہوتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ سسرالی اور بہو حالات کی بہتری میں ایک دوسرے کا ساتھ دیں اور ایڈجسٹ ہونے کی کوشش کریں اور وہ ایسا کریں گے تو گھر کے ہر فرد کیلئے زندگی ایک حسین چیز بن جائے گی۔ الزامات کے جواب میں الزامات اور ساس بہو کے مابین نوک جھونک برسہا برس پرانی بات سہی لیکن یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ ایسے معاملات میں لوگوں کی عقل کہاں رخصت ہو جاتی ہے کہ وہ بعض چیزوں کو جانتے ہوئے بھی سمجھنا نہیں چاہتے اور ایسے پہلوؤں پر ضد اور ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کیوں کرتے ہیں جن کو بڑی آسانی سے باہمی طور پر حل کیا جا سکتا ہے۔

بیوی پر غیر ضروری خرچے

کسی جگہ یہ شکایت منہ کھولے کھڑی ہوتی ہے کہ لڑکا اپنی تنخواہ کا بڑا حصہ ماں کے حوالے کیوں کر دیتا ہے اور کہیں یہ مسئلہ الجھن پیدا کرتا ہے کہ بیوی پر غیر ضروری خرچے کیوں کئے جا رہے ہیں؟ کہیں یہ گلہ سامنے آتا ہے کہ دفتر سے آنے پر لڑکا کئی گھنٹے ماں کے پاس گزار دیتا ہے تو کہیں یہ بات برداشت نہیں ہوتی کہ وہ بیوی کے ساتھ کمرے میں کیوں گھسا رہتا ہے؟ گھریلو کاموں کی تقسیم اور بعض دوسرے مسئلے بھی گھروں کو میدان جنگ بنائے رکھتے ہیں حالانکہ فریقین انہیں سمجھداری کے ساتھ باہمی طور پر مل کر حل کر سکتے ہیں اور جگ ہنسائی سے بچا جا سکتا ہے کیونکہ ایسی صورتحال میں کسی کا کچھ نہیں جاتا صرف گھرانے کی نیک نامی داؤ پر لگ جاتی ہے اور لوگ باتیں بناتے ہیں۔ جب ان معاملات کو سلجھا کر پرسکون زندگی گزاری جا سکتی ہے تو پھر یہ آسان راستہ کیوں اختیار نہیں کیا جاتا؟ اگر لوگ ایک دوسرے کی ضرورتوں کو سمجھنے لگیں اور خواہشات کا احترام کریں اور ایک دوسرے کو سراہتے رہیں تو ہم آہنگی پیدا ہونا کوئی کٹھن کام نہیں ہے اور یہ وصف تعلقات کے حوالے سے معجزہ ثابت ہو سکتا ہے لیکن انا اور نام نہاد حکمرانی کا شوق اس کی راہ میں رکاوٹ بنا رہتا ہے۔

شوہر کی محبت کی تن تنہا مالک

شادی کے بعد بننے والے رشتوں کے مابین دراڑ کو سمجھنا بھی بہت ضروری ہے بلکہ اہم بھی کیونکہ اس کی جڑیں بڑی گہری ہیں جن کی نفسیات کو سمجھے بغیر کسی قسم کی تبدیل ممکن نہیں ہے۔ گھر میں موجود ماں جو کہ شادی سے قبل بیٹے کی توجہ اور محبت کی تن تنہا مالک ہوتی ہے، بہو کو ایک چیلنج سمجھنے لگتی ہے جس نے اس سے بیٹے کا پیار چھین لیا ہے جبکہ بیوی کو اس بات کا یقین ہوتا ہے کہ گھر میں آتے ہی شوہر کی تمام تر محبت اور توجہ کا حق اسے حاصل ہو گیا ہے اور وہ تن تنہا اس کی مالک ہے جس پر کوئی اپنا حق نہیں جما سکتا ہے۔ دو عورتوں کے مابین حقوق کی اس جنگ میں ایک شخص مسلسل پستا رہتا ہے جو ایک بیٹا ہی نہیں ایک شوہر بھی ہے اور یہی وجہ ہے کہ تعلقات میں کشیدگی اور ماحول میں کھچاؤ بڑھتا چلا جاتا ہے۔ گھر کے دیگر افراد دو اہم فریقین میں بٹ جاتے ہیں اور کچھ ماں کی جبکہ کچھ بہو کی حمایت میں پیش پیش رہتے ہیں جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ پورا خاندان ایک دوسرے کے مدمقابل آ جاتا ہے۔ اس مسئلے کو حل کرنے میں سب سے زیادہ مددگار دو مختلف نوعیت کی محبتوں کو سمجھنا ہوتا ہے۔

بیٹے کی ماں سے محبت جبلی ہے!

بیٹے کی ماں سے محبت جبلی ہے جس کی نہ تو ٹریننگ ہوتی ہے اور نہ ہی یہ بات سکھانا پڑتی ہے۔ یہ محبت پیدائش کے ساتھ ہی شروع ہوتی ہے اور پرورش کے دوران ذہنی، جسمانی اور نفسیاتی طور پر بڑی قربت سے ساتھ ساتھ چلتی رہتی ہے۔ اس کے برعکس شوہر کا پیار اپنی بیوی سے ایک ضرورت کے تحت جنم لیتا ہے اور دونوں طرز کی محبتوں کا اثر بالکل واضح ہوتا ہے جنہیں ایک دوسرے پر فوقیت کو کھرچ کر پھینکا جا سکتا ہے۔ اگر ماں اور بیوی دونوں ہی اس حقیقت کو تسلیم کر لیں تو اپنے اپنے طور پر اور اپنی اپنی جگہ اطمینان اور سکون کے ساتھ زندگی گزار سکتی ہیں۔

رشتوں کی صحت مندانہ تعمیر

اس سارے معاملے کو کسی اور طرح سے دیکھنا بھی ضروری ہے اور سمجھنا بھی۔ جب شادی بیاہ کی تقریبات کا گلیمر دم توڑ دیتا ہے تو پھر ایک بالکل نئی دنیا سامنے آتی ہے جس میں نوبیاہتا کو قدم رکھنا پڑتا ہے۔ روزمرہ کے کاموں کا جھنجھٹ، تقاریب کا انداز جس میں اسے اپنا کردار ادا کرنا ہوتا ہے اس سے کچھ تقاضے کرتے ہیں، کچھ توقعات وابستہ کی جاتی ہیں، کچھ ڈیمانڈز ہوتی ہیں یہاں تک کہ گھر میں پکائے جانے والے کھانوں اور انہیں پیش کرنے کا انداز تبدیل ہو جاتا ہے اور بہت کچھ مختلف دکھائی دینے لگتا ہے۔ لڑکی کو ایک نئے گھر اور مختلف ماحول میں ایڈجسٹ ہونے کے لیے کچھ وقت درکار ہوتا ہے جس کے لیے ابتداء میں ''کچھ دو اور کچھ لو'' کا طریقہ کار بھی اپنانا پڑتا ہے جس کے ذریعہ رشتوں کی صحت مندانہ تعمیر ممکن ہو جاتی ہے۔

نوبیاہتا دلہن کا فرض

لڑکی کا فرض یہ ہوتا ہے کہ وہ کھلے ذہن کے ساتھ پوری دلچسپی کا مظاہرہ کرے اور خود کو ماحول میں ڈھالنے کی ضرورت کو محسوس کرے اور ساتھ ہی اپنے حسن و سلوک سے گھر کے افراد کا دل جیت لے تو تمام چیزیں اپنی جگہ پر آ جائیں گی۔ اگر وہ اپنی انا کے ہاتھوں مجبور ہو کر ضد پر اڑی رہی، محض اپنی خوشیوں کو اولیت دیتی رہی اور غیر دوستانہ رویہ اختیار کئے رکھا تو پھر یہ کسی بڑی تباہی کے اجزائے ترکیبی ہیں اور معاملات میں بگاڑ یقینی ہے جس کے لیے ایک جملہ ہی کافی ہے مگر سدھارنے کو مذاکرات کا طویل سلسلہ بھی کافی نہیں ہوتا کیونکہ بات سے بات نکلتی بلکہ بڑھتی چلی جاتی ہے۔ عزت کریں اور احترام پائیں: یہ بڑی افسوسناک سی صورتحال ہے کہ چھوٹی چھوٹی سی یہ باتیں گھر کا شیرازہ بکھر دیتی ہیں اور ان کے اثرات گہر ہوتے چلے جاتے ہیں لیکن یہ صرف بہو کا رویہ ہوتا ہے جو کہ سسرال کے لوگوں کو احساس اور فخر سے محروم کر دیتا ہے۔ اپنے آپ کو برتر ثابت کر کے شادی کے بعد کوئی لڑکی نئے گھر میں لوگوں کے دل نہیں جیت سکتی ہے بلکہ وہ دوسروں کی عزت کرک ے ہی اپنے لئے احترام کی فضا قائم کرے تو یہ بہتر ہے۔ (باقی صفحہ نمبر)

پتھری ڈائیلاسز کورس
یوریا یورک ایسڈ اور کریٹینن بڑھ گئی ہو تو یہ کورس اعتماد سے استعمال کریں۔
پراسٹیٹ یعنی غدود بڑھ جائیں اور آپریشن کے بغیر چارہ نہ ہو تو پھر ''پتھری ڈائیلاسز کورس'' کا کمال دیکھیں۔
قیمت: 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ (دوا برائے پندرہ یوم)
مسئلہ پرانی پتھری کا ہو یا آپریشن کے بعد بار بار پتھری بن جاتی ہو اعتماد سے استعمال کریں۔
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

جو خواہش لکھیں! ایک سال کے اندر پوری	مہمان آجائیں! کھانا جلدی بنے لذیذ بنے اور کم بھی نہ ہو	یہ ٹوٹکہ آزمایا! اب ابو امی کی بات مانتے ہیں	حج و عمرہ کی خواہش! خط لکھ کر مکہ روانہ کر دیں!
بال لمبے کرنے کے مفید ٹوٹکے	استغفار اور رزق کے وعدے	کینسر سے نجات کیلئے ٹوٹکہ	دشمن کا وار الٹا! میرا آزمودہ ذکر

کینسر سے نجات کے لیے ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک چھوٹے سے گاؤں سے تعلق رکھتی ہوں' ہمارے گاؤں میں آپ کا رسالہ بہت پسند کیا جاتا ہے' آج اپنے بڑوں سے سنے اور دیکھے آزمودہ تجربات قارئین عبقری کے ساتھ شیئر کرنا چاہتی ہوں۔

ہمارے بڑے کہتے ہیں کہ کسی بھی قسم کا کینسر ہو صبح شام تلسی دانہ کا قہوہ بنا کر پئیں' اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دو یا تین ماہ پابندی سے قہوہ پینے سے بیماری میں بہت کمی آئے گی۔

حج یا عمرہ پر جانے کی خواہش پوری

اگر کسی کو حج یا عمرہ پر جانی کی خواہش ہو تو عمرہ پر جانے والے کو ایک رقعہ لکھ کر دیں کہ یہ حطیم پر رکھنا تو اس کی ضرور حاجت پوری ہوگی یہ ٹوٹکہ میرا آزمایا ہوا ہے۔

صرف لکھتی ہوں اور خواہش پوری ہو جاتی ہے

جو بندہ عمرہ یا حج پر جائے کعبہ کے غلاف پر جو خواہش لکھے گا وہ ایک سال کے اندر ضرور پوری ہوگی یہ میں نے ہمیشہ لکھی ہے کہ میں آئندہ سال بھی عمرہ کروں اور میں سال بعد ضرور جاتی ہوں مجھے پتہ بھی نہیں چلتا اور خدا کی طرف سے مجھے بلاوا آجاتا ہے اور اللہ کریم پیسوں کا بھی بندوبست فرما دیتے ہیں۔ (افسانہ، گاؤں تا جگ)

ایک میسج نے زندگی سنوار دی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو' آپ کے گھر والوں کو آپ کے خاندان والوں کو تسبیح خانہ کے لوگوں کو آپ کے مخلصین اور آپ سے وابستہ تمام لوگوں کو ہمیشہ سلامت رکھے اور انہیں عافیت والی زندگی عطا فرمائے۔ آمین۔ میں نے اپنے موبائل پر فالو عبقری کا میسج لگایا ہے۔ گزشتہ ماہ ادارہ عبقری کی طرف سے ایک میسج مجھے موصول ہوا جس میں نماز کی پابندی کیلئے سورۃ الکافرون کو 21 مرتبہ پڑھنا تھا' مجھے اس عمل کو شروع کیے ابھی دس دن ہوئے ہیں کہ میری ابھی تک صرف ایک نماز فجر قضا ہوئی ہے۔ حالانکہ پہلے میں باقاعدگی سے نماز نہیں پڑھتا تھا۔ اس وظیفہ کی برکت سے الحمدللہ میں مستقل مزاجی سے نماز پڑھ رہا ہوں۔

ڈیپریشن سے نجات کا عمل

اس ہفتے فالو عبقری کی طرف سے آنے والا عمل میں نے آزمایا جو کہ ڈیپریشن سے نجات کیلئے تھا۔ وظیفہ یوں تھا کہ ہر گھنٹے کے بعد وضو کرنا ہے اس عمل سے مجھے بہت زیادہ فرق پڑا میں آپ کا بہت شکر گزار ہوں آپ کے بتائے عمل کی وجہ سے میری زندگی میں بہت زیادہ تبدیلی آئی ہے۔

میں کبھی بھی تسبیح خانہ نہیں آیا لیکن ایک دن فجر کی نماز کے بعد عبقری پڑھتے پڑھتے سو گیا خواب میں دیکھتا ہوں کہ تسبیح خانہ میں گھوم رہا ہوں اور وہاں موجود آپ کے مخلصین سے باتیں کر رہا ہو۔ میری اللہ سے دعا ہے کہ آپ کو اور آپ کی آنے والی نسلوں کو صحت، عافیت، برکت، سلامتی، خوشیاں رزق عطا کرے۔ آمین (عبدالخالق، پنڈی گھیپ)

بال لمبے کرنے کے مفید ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری ہر لحاظ سے ایک زبردست رسالہ ہے' میرے پاس الفاظ نہیں کہ میں اس کی تعریف کر سکوں اس کی ترقی کیلئے دعا گو ہوں۔

بال لمبے کرنے کے ٹوٹکے: میرے پاس بال لمبے کرنے کے مفید اور آزمودہ ٹوٹکے ہیں جو میں عبقری کی نذر کر رہی ہوں:۔ (1) بیری کے پتے لیکر ان کو مٹی کے کونڈے یا ہاون دستہ میں ڈال کر کوٹ لیں اور ہلکا پانی ڈال کر چٹنی سی بنا لیں پھر کسی باریک کپڑے میں ڈال کر نچوڑ لیں اس سے جو پانی نکلے اس سے بالوں میں مالش کر لیں اور دو گھنٹے بعد سر دھو لیں بال بہت خوب صورت ہو جائیں گے۔

(2) آملہ، ہرڑ، سکاکائی ہم وزن لیں اور رات کو پانی میں بھگو دیں صبح اسی پانی میں پکا لیں' پکاتے وقت لوہے کا چھوٹا سا ٹکڑا اس میں رکھ دیں حسب ضرورت پانی رہ جائے تو اتار لیں ٹھنڈا ہونے پر بالوں میں تیل کی طرح لگا لیں اور ایک گھنٹہ لگا رہنے دیں بعد میں بغیر شیمپو کے سر دھو لیں۔ بال بہت سیاہ اور لمبے ہو جائیں گے یہ میرا خاندانی نسخہ ہے جب بھی استعمال کیا بہت مفید پایا۔ (پوشیدہ، سیالکوٹ)

میرے آزمودہ راز قارئین کے نام

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! پچھلے دو سال سے عبقری زیر مطالعہ ہے اتنا شاندار رسالہ ہے کہ آپ تعریف کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو آسانیاں نصیب فرمائے جس طرح آپ اس رسالہ کے ذریعے قارئین میں آسانیاں تقسیم کر رہے ہیں۔ میرے آزمودہ راز قارئین کے نام

دانت' ڈاڑھ کی درد کیلئے

دانت' ڈاڑھ میں درد ہو تو حضرت اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ کے نام کے دو نفل مان لیں کہ اللہ کے فضل سے میرے درد میں آرام آجائے تو میں یہ پڑھوں گا۔ میرے دانت میں شدید درد تھا میں نے نفل مان لیے یقین کریں مجھے دوبارہ درد نہیں ہوا۔ جب آپ کو آرام آجائے تو پورے صدق دل اور خلوص سے نفل پڑھنے ہیں کہ ان کا ثواب حضرت خواجہ اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ کو پہنچے۔

کھانا جلدی تیار کرنے کے لیے

اگر اچانک زیادہ مہمان آجائیں کھانا جلدی اور زیادہ بنانا ہو تو سات مرتبہ اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر سورۃ الفاتحہ سات مرتبہ پڑھیں کھانا بنانے کے دوران دیگچوں پر پھونک ماریں اس نیت کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ تیری مخلوق کیلئے کھانا ہے' یہ اچھا بنے۔ یقین کیجئے میں نے اکثر یہ کیا ہے کھانا جلد بن جاتا ہے اور لذیذ بھی بہت ہوتا ہے اور خاص بات کہ کم نہیں ہوتا چاہے جتنے بھی مہمان ہو۔

بال لمبے کرنے کے لیے

لمبے بال کرنے اور بالوں کی اچھی گروتھ کیلئے جب چاند کی

جوانی گولیاں
سمجھدار والدین نسلوں کو ضرور استعمال کروائیں
جب جوانی بے لگام ہو جائے اور اپنے پرائے کی پہچان ختم ہو جائے خواہشات اور چاہتیں اپنا رخ موڑ لیں تو مندرجہ ذیل علامات شروع ہو جاتی ہیں۔ چہرے پر دانے' داغ دھبے۔ خواتین کا مسلسل ناپاکی کی حالت میں رہنا۔ جنسی جذبات اور خیالات کا سوار رہنا۔ غصہ' چڑچڑا پن۔ ڈیپریشن' ٹینشن۔ لیکوریا۔ احتلام۔ مادہ تولید کا پتلا ہو جانا۔ ایسی تمام حالتوں میں "جوانی گولیاں" استعمال کریں۔ قیمت صرف 150 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

پہلی تاریخ ہو تو تھوڑا سا بالوں کو تراش لیں ہر ماہ چاند کی صرف پہلی تاریخ کو ان شاء اللہ بال زیادہ بڑھتے ہیں۔ (رضوانہ شکیل راؤ، لودھراں)

آئیں! یہ والا استغفار پڑھیں! پرسکون ہو جائیں

استغفار اور رزق کے وعدے: اللہ رب العزت قرآن میں فرما رہے ہیں کہ دلوں کا سکون میری یاد میں ہے۔ انسان اس دنیا میں اشرف المخلوقات ہے۔ انسان اس دنیا میں رہ کر اپنے نفس کے پیچھے لگ کر اور شیطان کے وسوسوں میں آکر بہت گناہ کر بیٹھتا ہے جس میں صغیرہ اور کبیرہ دونوں گناہ ہیں۔ دونوں گناہ ہر انسان سے سرزرد ہوتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ فرما رہے ہیں کہ جو مجھ سے ڈرتا ہے میں اس کے لیے ایک راہ بنا دیتا ہوں اور اس کو ایسی جگہ سے رزق دیتا ہوں جہاں سے اس کا گمان نہیں ہوتا اور حدیث کا مفہوم ہے آقا کریم ﷺ نے فرمایا: استغفار کی کثرت کرو جو شخص استغفار کی کثرت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے سارے گناہ معاف فرما دیتے ہیں اور اس کو ایسی جگہ سے رزق دیتے ہیں جہاں سے اس کا گمان نہیں یہ تو آپ نے قرآن اور حدیث کی بات سن لی اب آپ دیکھیں کہ استغفار سے رزق کے وعدے ہیں لیکن استغفار سے گناہ بھی معاف ہوتے ہیں۔ چاہے وہ گناہ پہاڑ کے برابر کیوں نہ ہوں' انسان پر جتنی بھی مصیبتیں آرہی ہیں' چاہے وہ رزق کی کمی کی صورت میں ہو۔ گھر میں لڑائی جھگڑے کی صورت میں ہو یا مشکلات بیماریوں اور خاص لاعلاج بیماریوں کی صورت میں ہوں' اس کیلئے سب سے ضروری چیز استغفار ہے' استغفار سے ہماری پریشانی دور ہو جائے گی اللہ کی رحمت بھی ہو جائے گی اور جب اللہ کے ہم دوست بن جائینگے اسی کے اچھے بندے بن جائیں گے تو ہم پر اس کی خاص رحمتیں نازل ہوں گی۔ ہر روز صبح و شام کم از کم ایک تسبیح استغفار پڑھیں کوئی سا بھی پڑھ سکتے ہیں لیکن اس استغفار میں بہت زیادہ برکت اور رحمت چھپی ہے۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔ 101 دفعہ صبح و شام پڑھیں اور دعا کے ذریعے اللہ سے اپنے سارے مسائل حل کروائیں۔ (حاجی محمد رفیق، قصور)

عبقری سے وظائف آزمانے کے بعد بچوں کا داخلہ جہاں چاہیں کروائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دو رکعت نفل صلوٰۃ حاجت پڑھ کر اوّل و آخر تین مرتبہ درود ابراہیمی، تین مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھنی ہے اور کسی سے بات کیے بغیر اللہ پاک سے دعا مانگنی ہے۔ میں نے یہ وظیفہ اپنے بچوں کے داخلے کیلئے کیا تھا اور الحمدللہ داخلہ ہو گیا۔

مسائل' جادو اور کاروباری نقصان! دشمن کا وار الٹا

ہمارے گھر میں بہت مسائل تھے' جادو کا مسئلہ، کاروبار میں نقصان، والد توجہ نہیں دیتے تھے ہم حکیم صاحب کے پاس آئے تو انہوں نے ہمیں سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ رَّبٌّ رَّحِیْمٌ سوا لاکھ کرنے کیلئے دیا۔ اس وظیفے کی برکت سے مسائل و مشکلات کے بادل چھٹ گئے۔ والد صاحب کا دین کی طرف رجوع ہو گیا۔ گھر میں سکون اور برکت آگئی۔ دشمنوں کا وار الٹا پڑ گیا۔

پیپرز کے نمبر بہت اچھے اور مسائل حل

میرا پڑھائی کا مسئلہ تھا اور بھی کچھ مسائل تھے میں نے یہ عمل چار پانچ مہینے کیا۔ میرے پیپرز میں بہت اچھے نمبر آئے اور باقی مسائل بھی حل ہو گئے۔ اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف، گیارہ دفعہ الحمدللہ شریف، گیارہ بار آیۃ الکرسی، گیارہ بار آیت کریمہ اور گیارہ بار سورۂ الناس اور فلق ہر نماز کے بعد پڑھنا ہے۔

سورۃ الکوثر سے شاپنگ آسان

جب بازار میں رش ہوتا ہے ہم مسلسل سورۃ الکوثر پڑھتے ہیں سارا رش ختم ہو جاتا ہے اور پرسکون طریقے سے شاپنگ مکمل کر کے گھر آجاتے ہیں۔ گھر میں کھانے پر ''سورۂ کوثر'' کا دم کر دیتے ہیں بہت برکت ہوتی ہے۔ اسم اعظم کی دم شدہ برکت والی تھیلی پر صبح و شام 129 مرتبہ سورۂ کوثر پڑھتے ہیں۔ برکت والی تھیلی ہمیشہ بھری رہتی ہے خالی نہیں ہوتی۔ اسم اعظم کی دم شدہ تھیلی دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے منگوائی تھی۔

نیند میں بڑبڑانے کی عادت 3 گھونٹ سے ختم

میرے بھائی کو نیند میں بڑبڑانے کی عادت تھی امی نے وضو کے بعد تین گھونٹ پانی بھائی کی نیت کر کے خود پیئے اور چوتھا گھونٹ اسے پلایا اس کی عادت ختم ہو گئی۔ اب وہ پرسکون سوتا ہے۔ وضو کرنے کے بعد تین گھونٹ پانی پینا ہے۔ پہلے گھونٹ پر اللہ معافی۔ دوسرے گھونٹ پر اللہ شافی اور تیسرے گھونٹ پر اللہ کافی پڑھنا ہے۔

یہ ٹوٹکہ آزمایا! اب ابو امی کی بات مانتے ہیں

میرے والد جب امی کی بات نہیں مانتے امی وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پیتی ہیں۔ والد مان جاتے ہیں اب وہ ٹی وی دیکھنے کی بجائے رات کو عبقری پڑھتے ہیں درس میں آنے کی برکت سے ہمارے گھر سے گانے ختم ہو گئے انشاء اللہ ٹی وی بھی بند ہو جائے گا۔ (ا۔ب۔ج، لاہور)

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو اطلاع دیں' شکر گزار رہوں گا۔ چونکہ اس سے پہلے مختلف ادارے میری کتب شائع کرتے تھے اب اکثر کتب عبقری ادارہ شائع کر رہا' مختلف اداروں نے بہت سے حوالے چھوڑ دیئے' یاد رکھیں! کتاب اگر حوالہ کے ساتھ ہو تو تحقیق' اور تالیف اگر حوالہ کے بغیر ہو تو سرقہ اور چوری شمار ہوتی ہے' اس لیے اب پھر سے میں اپنی کتب کی غلطیاں خود نکال کر شائع کر رہا ہوں تاکہ میری اور کتب کی اصلاح ہوتی رہے۔

کتاب نمبر 58: وٹامنز جسمانی صحت کے لیے کیوں ضروری ہیں؟:

دن بدن بڑھتا وٹامنز کے کیپسولز اور سیرپ کے استعمال نے مجھے مجبور کیا کہ میں مخلوق خدا کو بتاؤں کہ جو کچھ حقیقی غذاؤں میں ہے وہ کسی اور چیز میں ممکن نہیں کیونکہ جدید تحقیق نے بار بار اس بات کو عام کیا ہے لہٰذا میں نے اس تالیف میں لوگوں کی توجہ تازہ سبزیوں پھلوں اور جڑی بوٹیوں کی طرف دلائی۔ جو تندرستی' صحت اور تازگی تازہ پھلوں اور سبزیوں میں ہے وہ بند کیپسولز میں نہیں۔ ہاں وقت ضرورت ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق وٹامنز سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ اس کتاب کو سب سے پہلے خزینہ علم و ادب اردو بازار لاہور نے شائع کیا۔ اس کتاب کی تالیف میں جن محترم شخصیات' کتب اور میگزینز سے استفادہ حاصل کیا ان کے نام درج ہیں:۔ فتح علی خان۔ حکیم محمد حسن قرشی۔ بشریٰ خالد۔ حکیم سید محمد ادریس۔ پروفیسر محمد یونس۔ ڈاکٹر خالد محمود جنجوعہ۔ مبشر علی خان۔ صبا ارشاد۔ ڈاکٹر شیخ محمد اقبال قاسم بیلہ۔ ڈاکٹر منور غوری۔ ڈاکٹر صہیب بٹ۔ محمد گلستان۔ رابعہ کامران۔ نائلہ احمد۔ سید ظفر علی شاہ نقوی۔ احسن رشید۔ سائرہ رفیق۔ ہمدرد صحت۔ قومی صحت۔ اردو ڈائجسٹ۔ اسرار حکمت۔ رہنمائے صحت۔ ضیاء الحکمت۔ نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں' میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

عرق شوگر شفاء
شوگر کی وجہ سے دل کی کمزوری' پٹھوں کا کھچاؤ' سستی' رہنا' دماغی کمزوری' یادداشت کی کمی' نگاہ کی کمزوری' خاص طاقت اور قوت کی زبردست کمی' ڈپریشن' ٹینشن' بیزاری' بے قراری ہو تو ''عرق شوگر شفاء'' جسم میں روح اور اندھیرے میں چودھویں کے چاند کی مانند ہے۔ ہزاروں نے آزمایا' ''عرق شوگر شفاء'' چند بوتل پینے سے شوگر مکمل کنٹرول ہو جاتی ہے۔ (قیمت -/350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

عامل میرے کام میں ہاتھ نہ ڈالتے موتی مسجد سے شفاء ملی

اے موتی مسجد کے پاک جنات! کیا میں آپ کو محسوس کرسکتا ہوں، دیکھ سکتا ہوں اور آپ میرے لیے اللہ سے دعا کرو کہ مجھے نیک بنادے۔ اچانک ٹھنڈی سی ہوا کا جھونکا آیا اور جہاں پر میں بیٹھا تھا، میں چاروں طرف گھومنے لگا، میرا جسم کانپنے لگا

جو علاج کرتا خود پھنس جاتا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک فیملی میں جنات اور جادو کا مسئلہ تھا، بے حد امیر خاندان ہے جب حضرت سے ملاقات کا ٹائم مل رہا تھا تو میں نے انہیں ایس ایم ایس کیا کہ ٹائم مل رہا ہے اگر آپ لینا چاہو تو لے لو۔ جنات کی کارستانی ایس ایم ایس اس بہن تک نہیں پہنچا۔ اس نے دفتر ماہنامہ عبقری فون کیا جو بہت ہمدردی سے سنا گیا۔ حضرت صاحب کے اسسٹنٹ نے انہیں کچھ پڑھنے کے لیے بتایا اگلے فون پر وہ بتا رہی تھی کہ وہ بیماری سے اٹھ کھڑی ہوئی اور گھر جس میں جنات چلتے پھرتے نظر آتے تھے، اس سے بھی افاقہ ہے۔ مجھے پر بھی جادو تھا جو پرانا ہوچکا تھا اگر کوئی اللہ کا بندہ علاج کی کوشش کرتا تو وہ خود پھنس جاتا آخر ایک اللہ کی بندی نے مجھے موتی مسجد جانے کا کہا۔ نومبر 2012ء میں میں اور والدہ وہاں گئے۔ پہلے دن ہی بوجھ سا اترا اور فائدہ ہوا پھر میں نے جانا نہیں چھوڑا، میں جاب کرتی تھی، ہمارا شہر لاہور سے دو گھنٹے کی مسافت پر ہے۔ جب سکول سے چھٹیاں ہوتیں میں موتی مسجد میں ضرور جاتی، اپنی بہنوں کے ساتھ ہر دفعہ فائدہ ہوتا۔ ہمارا مسئلہ سخت تھا بیٹھے بیٹھے ہماری شکلیں بگڑ جاتی تھیں، خیر ہم موتی مسجد جاتے رہے، جب موقع ملتا جتنی بار نوافل پڑھنے کا موقع ملتا ہم لوگ پڑھتے۔

اتنے بڑے عامل کچھ نہ کرسکے ہم کیا کریں؟

اللہ پاک نے سبب بنایا حضرت سے ملنے کا ٹوکن مل گیا، وہ اپریل 2013 تھا ہم نے جانا نہیں چھوڑا ایک دن نفل پڑھتے ہوئے بہت رونا آیا اکثر آتا تھا۔ اونگھ آئی میں نے دیکھا کہ سفید کپڑوں اور سیاہ داڑھیوں والے دو یا تین بندے ہیں جو کہہ رہے ہیں ان کے چہرے دھندلے تھے، قد کاٹھ عام انسانوں جتنا جب اتنے بڑے بڑے عامل آپ کا مسئلہ حل نہیں کرسکے، ہم کیسے کرسکتے ہیں؟ میری آنکھ کھلی، دل دکھا پر میں نوافل پڑھنے کے لیے پھر کھڑی ہوگئی۔ اسی دن یا کچھ دن بعد مجھے اسی وظیفہ کی فوٹو کاپی وہاں الماری میں ملی جو ہمیں بعد میں حضرت نے بتایا، ہم نے پورے یقین اور توجہ کے ساتھ پڑھا اور ساتھ موتی مسجد جاکر نوافل ادا کرنے نہ چھوڑے۔ جس سے ہمارا مسئلہ سو فیصد حل ہوچکا گیا۔

اکیڈمی میں سب حیران اس کے اتنے نمبر کیسے آگئے؟:

میں نے بی اے فارسی آپشنل کی تیاری بالکل بھی نہیں کی تھی۔ پنجاب یونیورسٹی سے بی اے کرنے والے بخوبی جانتے ہوں گے کہ ہمارا طلبہ کا سارا ٹائم انگلش لے جاتی ہے پھر میں پرائیویٹ طالبہ تھی غرضیکہ فارسی کا پیپر جس دن سیکنڈ ٹائم یعنی دن 2 بجے سے تھا، میں نے اس دن دس گیارہ بجے سے کتاب دیکھی معنی وغیرہ پڑھے پرچہ دیا میرے اس پیپر میں 100 میں سے 81 نمبر ہیں، میں نے صرف 90 نمبر کا پرچہ حل کیا تھا۔ اکیڈمی میں سب حیران تھے سارا سال ٹیسٹ دینے والوں کے نمبر 50,46 تھے لیکن میں نے امتحان سے کچھ عرصہ پہلے بعد نماز فجر اوّل و آخر گیارہ بار درود پاک کے ساتھ یَاعَلِیْم 211 بار باقاعدگی سے پڑھا تھا اور پرچے والے دن کثرت سے پڑھا۔ (راحیلہ، گوجرانوالہ)

موتی مسجد کے جنات نے پکڑ کر گھما دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! موتی مسجد کا سب سے پہلے تسبیح خانہ سے حوالہ سنا تو میرا دل چاہا کہ وہاں جاکر نماز پڑھنی چاہیے پھر میں گھر سے نکلا تو سارے راستے درود پاک کا ورد کرتا گیا۔ کچھ دیر بعد موتی مسجد پہنچ گیا اور وضو کرکے ظہر کی نماز باجماعت ادا کی، جماعت میں گنتی کے چند افراد تھے۔ جماعت کے بعد میں نے اپنی نماز مکمل کی۔ اس کے بعد میں نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے، آنکھیں بند کرکے تصور باندھا کہ خانہ کعبہ کے پرنالے کے نیچے بیٹھا ہوں اور میں یااللہ کا ورد کثرت سے کررہا تھا اور اس کے ساتھ یارحمن اغثنی کا ورد کرتا رہا اور میری کیفیت بدلنا شروع ہوگئی پھر میں اپنے گناہوں کی توبہ کرنے لگا۔ ساتھ ہی میرے منہ سے نکل گیا: اے موتی مسجد کے پاک جنات! کیا میں آپ کو محسوس کرسکتا ہوں، دیکھ سکتا ہوں اور آپ میرے لیے اللہ سے دعا کرو کہ مجھے نیک بنادے۔ اچانک ٹھنڈی سی ہوا کا جھونکا آیا اور جہاں پر میں بیٹھا تھا، میں چاروں طرف گھومنے لگا، میرا جسم کانپنے لگا اور میں زور زور سے اللہ اللہ کرنے لگا۔ کافی دیر تک میری چیخ و پکار اور اللہ اللہ کی آوازیں نکلتی رہیں اور جیسے ہی میں دعا ختم کرکے بیٹھا تو مجھے ایسے محسوس ہوا کہ کوئی میرے پاس سے گزر کر اگلی صف میں آکر بیٹھ گیا اور مجھے دیکھ کر مسکرا رہا ہے۔

میرا جسم بالکل ہلکا اور پرسکون ہوگیا

اس کے بعد میں نے وہاں کولر سے پانی پیا اور مسجد سے باہر آگیا اس وقت میرا جسم بالکل ہلکا ہوگیا تھا اور کافی سکون محسوس ہوا نیز یہی کیفیت میری ایک دفعہ نوچندی جمعرات میں ذکر کرتے ہوئے ہوئی اور میری چیخ و پکار میرے ابو اور امی بھی سن رہے تھے جو اس وقت مسجد میں موجود تھے۔ اس وقت رو رو کر میری قمیص بھیگ گئی تھی۔ (پوشیدہ، لاہور)

پانچ ہزار کا نوٹ جلایا! طبیعت ٹھیک ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک اکیڈمی چلاتا ہوں، ایک بچی کے والد کے ساتھ بچی کے رزلٹ کے حوالے سے کچھ بحث ہوئی، مجھے کسی نے بتایا یہ عامل ہیں اور تعویذ وغیرہ کرتے ہیں، میں نے بات ہوا میں اڑا دی اور اپنے کام میں مگن ہوگیا، اگلا مہینہ شروع ہوا، بچی کا والد خود آیا اور بچی کا نام لیکر کہا کہ یہ فیس رکھ لیں، ایک ٹیچر نے فیس پکڑلی، جب میں آیا تو پانچ ہزار کا نوٹ مجھے تھماتے ہوئے ٹیچر نے بتایا فلاں بچی کا والد فیس دے گیا۔ میں نے لیکر رکھ لیے۔ جیسے ہی وہ پانچ ہزار کا نوٹ میری جیب میں آیا، میری طبیعت خراب ہونا شروع ہوگئی، جس ٹیچر نے پیسے پکڑے اس کی طبیعت خراب ہوگئی، میں گھر آیا، میری بہن کی طبیعت خراب ہوگئی، مجھے ایسے گھٹن محسوس ہورہی تھی جیسے کوئی میرا گلا دبا رہا ہے۔ اچانک مجھے خیال آیا کہ کہیں اس عامل نے پانچ ہزار پر جادو کرکے مجھے نہ تھما دیئے ہوں؟ نجانے مجھے کیا سوجھی میں اٹھا اور پانچ ہزار کے نوٹ کو آگ میں جلا دیا۔ یقین کیجئے اس نوٹ کی بدبو پورے گھر میں پھیل گئی جیسے بلی یا کتے کے پیشاب کی بدبو ہوتی ہے، میں نے فوراً دفتر ماہنامہ عبقری سے لائی ہوئی اسم اعظم کی اگربتی جلائی تو پھر ذرا بدبو کم ہوئی۔ میری طبیعت اور بہن کی طبیعت نوٹ جلانے کے فوراً بعد بالکل ٹھیک ہوگئی جیسے کچھ ہوا ہی نہ تھا۔ اللہ کریم ہم سب کو شریر لوگوں سے محفوظ رکھے۔ (جمشید، لاہور)

بنفشی قہوہ
دائمی ریشہ، بلغم، کیرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج
درد شقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کریں
گلے کی خراش نسیان منہ میں چھالے پڑنا آنتوں کے امراض
بالوں کا قبل از وقت سفید ہوجانا
قیمت 120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

بھولی یادیں سنہرے دن انوکھی باتیں

مائیں ہر کام بسم اللہ سے شروع کرتیں باوجود ان پڑھ ناخواندہ ہونے کے دینی دنیاوی علم و شعور سے مالا مال تھیں۔ صحت بیماری موسمی حالات کے پیش نظر کیا کھانا اور پینا اور پرہیز انہیں معلوم تھا' قصے کہانیاں' لوریاں' قرآن کا ناظرہ پڑھنا' بزرگوں کے ایصال ثواب' ان کی تاریخ پیدائش سب یاد تھیں۔

50 سال پہلے کا امن و سکون اور خوشگوار دور

آج سے تقریباً 50 سال پہلے امن و امان سکون کا کیا خوشگوار ملنسار زمانہ تھا آج جیسی ترقی، بربادی، بے سکونی، لوٹ مار نہ تھی۔ سیدھے سادے انسان تھے' کچے سادہ اور چھوٹے چھوٹے رہائشی مکانات بغیر بجلی' پانی' سیوریج اور جدید سہولیات کے تھے۔ بھائی چارہ' دوستی بالکل ایک کنبہ رشتہ دار ہی لگتے تھے' خوشی غمی میں یہ بناوٹ' لگاؤ' چھپاؤ' دھوکہ دہی نہ تھی۔ شادی بیاہ غمی میں ایک دوسرے سے برتن و دیگر ضروریات باہمی سے گزارہ کر لیتے تھے۔ ٹینٹ سروس کیٹرنگ نہ تھی۔ بچہ کی پیدائش پر حسب استطاعت خوشی کا اظہار گڑ، بتاشے، ریوڑیاں، پھلیاں، مکھانے اور مٹھائی لڈو بانٹ کر کیا جاتا۔ ہر عورت خالہ ماسی اور ہر بندہ کو چچا کہتے بلکہ سمجھتے اور اس کے حکم کی تعمیل فرض سمجھ کر کی جاتی' کسی قسم کی چوں چراں حکم عدولی نافرمانی کا تصور بھی نہ تھا۔ عورتیں مردوں کا نام بوجہ شرم' عزت و احترام نہ لیتیں بلکہ منے کے ابا' گڈو (بیٹی) کے ابا کے نام سے پکارتیں۔ ہمارے ماں باپ بزرگوں اور ہمارے ہوتے ہوئے احتراماً ایک چارپائی پر نہ بیٹھتے' میل جول اٹھنے بیٹھنے میں بات چیت میں ادب و احترام ملحوظ خاطر رکھا جاتا۔

ناخواندہ علم و شعور سے مالا مال مائیں

اٹھارہ بیس برس کی عمر میں بھی نوجوان لڑکے لڑکیاں بھولے بھالے رہتے' صحت مند نوجوان ہوتے تھے' رنگ سرخ و سپید ہوتے' پاکیزہ خیالات ہوتے۔ مائیں ہر کام بسم اللہ سے شروع کرتیں باوجود ان پڑھ ناخواندہ ہونے کے دینی دنیاوی علم و شعور سے مالا مال تھیں۔ صحت بیماری موسمی حالات کے پیش نظر کیا کھانا اور پینا اور پرہیز انہیں معلوم تھا' قصے کہانیاں' لوریاں' قرآن کا ناظرہ پڑھنا' بزرگوں کے ایصال ثواب' ان کی تاریخ پیدائش سب یاد تھیں۔ اسلامی تہوار بھی سب معلوم تھے کہ اس مہینے کونسا اسلامی تہوار آتا ہے۔ فرقے، مسالک معلوم نہ تھے بھائی چارہ' ایک دوسرے کے دکھ سکھ سانجھے بلکہ ایک ہی خاندان برادری کے لوگ معلوم ہوتے تھے۔

یہ "جھونگا" کیا ہوتا تھا؟ جان لیجئے

ایک روپیہ میں سولہ آنے' آٹھ دونیاں' چار چونیاں' دو اٹھنیاں' آنے میں چار پیسے وہ بھی موری والے' آنہ میں چھ پائیاں دو ٹکے دھیلے اور دمڑی کے سکے ہوتے۔ سستا دور تھا دکان سے چیز لانے پر دکاندار بچہ کو "جھونگا" بھی دیتا جو قمیض کا پلو پھیلا کر لیا جاتا۔ وہ سنہری دور تھا جب پاکستانی ایک روپیہ اور سعودی چار ریال برابر ہوتے۔ پٹرول لیٹر کی بجائے چار لیٹر میں بکتا' ضروریات زندگی سستی اور وافر مقدار میں با آسانی مل جاتیں۔ دودھ چار آٹھ آنے کلو ملتا۔ گھی دو روپے دو روپیہ میں سیر' ڈالڈا گھی سے پرہیز کیا جاتا لوگ دیسی گھی' دیسی بڑے بکرے کا گوشت اور غریب غرباء اونٹ گائے کا گوشت کھا لیتے' ہر طرف چین ہی چین اور سکون تھا۔ لڑائی جھگڑا پہلے تو ہوتا ہی نہیں تھا اگر کبھی ہو بھی گیا تو بڑے بوڑھے بزرگ معاملہ رفع دفع کر دیتے۔ بڑوں کا احترام اور چھوٹے فرمانبردار ہوتے۔

ایک دوسرے کی عزت و آبرو اپنی سمجھتے

ایک آنے کی ماچس جو مشرقی پاکستان (بنگلہ دیش) سے آتی تھی اس قدر احتیاط سے استعمال کرتے گوٹے کی آگ سلگتی رکھتے جس سے دیگر پڑوسی بھی مستفید ہوتے ایک دوسرے سے بھائی چارہ تھا۔ عورتوں اور نوجوان لڑکیاں چرخہ' کروشیا' سلائی کڑھائی' گھر کے کام کاج میں مصروف رہتیں۔ ایک دوسرے کے بچوں کو اپنا بچہ سمجھا جاتا' ایک دوسرے کی عزت و آبرو کو اپنی آبرو سمجھتے۔ 1965ء کی جنگ میں کوئی لڑکی اغواء نہ ہوئی' نہ زیادتی، چوری ڈاکہ ہوا بلکہ جیلوں کے قیدی باوجود آزاد ہونے کے واپس جیل آ گئے۔ شرافت کا دور تھا' سادگی و بھائی چارہ تھا۔ ایک دوسرے کا احساس' کھانے' پینے' ملنے جلنے میں تھا کسی کو محسوس ہی نہ ہوتا کہ میری کیا رشتہ داری ہے ان سے۔

ایکسیڈنٹ کیا ہوتا ہے؟ کبھی سنا ہی نہ تھا

بسیں شاذ و نادر تھیں' ڈیزل سے چلتی تھیں لکڑی کی باڈی ہوتی۔ لاری بس میں شیشوں کی طرف پیٹھ کر کے بیٹھتے درمیان میں سامان وغیرہ رکھا جاتا' درمیان میں ایک پھٹا عورتوں کیلئے ہوتا امراء کیلئے اپر کلاس ہوتی' بس ڈرائیور کے سائیڈ اور پیچھے کی جانب ہوتی۔ بس کو پہلے سٹارٹ کرنے کیلئے کلیز ہینڈل گھماتا انجن کے نیچے آگ جلاتے' جب گاڑی کا انجن سٹارٹ ہو جاتا تو بھاگ کر اپنی سیٹوں پر بیٹھ جاتے۔ گاڑی کی سپیڈ حد رفتار 40,30 میل گھنٹہ ہوتی سڑک ریل گاڑی کی طرح درمیان میں اینٹوں والی اور ٹائروں کی جگہ پر لک یا ڈامر تارکول کی ہوتی۔ ہارن ربڑ کا ہوتا جو بوقت ضرورت ڈرائیور بجاتا۔ ایک لاری گاڑی دوسرے آنے والی لاری گاڑی کو کراس کرتے ہوئے کھڑی ہو جاتی بات چیت کے بعد ڈرائیور گاڑی آگے بڑھا لیتے کبھی کبھی کوئی گاڑی لاری الٹ جاتی وہ بھی موڑ کاٹتے ہوئے' ایکسیڈنٹ کا کبھی سنا بھی نہ تھا۔

فوتگی ایک گھر میں ہوتی' سوگوار تمام محلہ ہوتا

محلہ میں فوت ہونے پر تمام محلہ سوگوار ہوتا' فوتگی والے گھر کھانا نہ پکتا تھا' دوسرے لوگ بھائی چارہ میں کھانا بھیجتے۔ شادی بیاہ پر ایک دوسرے کے برتنوں میں بارات کو کھانا کھلایا جاتا' کوئی اضافی خرچ وغیرہ نہ ہوتا' سامان جہیز وغیرہ فرنیچر کراکری کپڑے اس قدر نہ ہوتے' سکون ہی سکون اور خوشیاں ہوتیں اور دولہا دلہن اپنی زندگی با آسانی شروع کر دیتے۔ بزرگوں کی دعائیں' محبتیں' ہوتیں۔ مشکلات میں مشورے ایک دوسرے کو سمجھا دینا ہر کوئی اپنا فرض سمجھتا۔ طلاق شاذ و نادر ہی ہوتی کیونکہ آزادی میل ملاپ محبت ہوتی سب لوگ ایک دوسرے کو جانتے اور ملنے جلنے والے ہوتے تھے۔ ہر کوئی ایک دوسرے کی عزت کرتا۔ سکول صرف اور صرف سرکاری ہوتے تھے' بچوں کا لباس (یونیفارم) شلوار قمیص ہوتی جس کے بٹن کبھی نہ ہوتے بلکہ گدام ہوتے۔ بستہ' پاجامہ گھٹنوں سے پھٹ جانے پر مائیں خود سلائی کر دیتیں۔ کل سرمایہ علم ایک سلیٹ پتھر کی' ایک قاعدہ اور تختی دوات قلم ہوتا۔ جوتے جو گر بھی نہ تھے اکثر پاؤں سے ننگے سکول آتے' امیر غریب ٹاٹ پر بیٹھتے' مزید سہولت ملتی تو بنچ لکڑی کے ہوتے۔ اساتذہ کی عزت اس قدر کی جاتی کہ اسے عزت اور مال وافر مقدار میں مل جاتے ایک اعلیٰ مقام ہوتا شاگرد استاد کی تعظیم ماں باپ سے بھی بڑھ کر کرتا۔ (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

عبقری اسٹیکر اپنی گاڑیوں پر ضرور لگائیں

عبقری کی ویب سائٹ کا سٹیکر اپنی موٹر سائیکل اور گاڑیوں پر لگا کر دکھی انسانیت کو پریشانیوں کے حل اور دکھوں کے مداوے کی طرف متوجہ کریں۔ نوٹ: گاڑی کیلئے ایسے سٹیکر جو رات کے اندھیرے میں لائٹ پڑنے پر چمکے گا' لائف ٹائم گارنٹی بارش سردی گرمی سے خراب نہ ہونے والا۔ گاڑی کی زینت اور خوبصورتی کو بڑھانے والا۔ اپنی گاڑیوں اور موٹر سائیکل پر ضرور لگائیں۔ (قیمت: سٹیکر گاڑی: 200 روپے' موٹر سائیکل: 10 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اوراد و ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

عبقری ادویات آزمانے کے بعد سچے کھرے نتائج لاکھوں قارئین کے نام

بیٹی کے معدے میں بہت پرابلم تھی تھوڑی سی پیپسی بھی پیتی تو معدہ خراب ہوجاتا لیکن آج وہ جو مرضی کھاپی لے اب معدے میں کسی قسم کی کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔

ہاضم خاص سے بیٹی کا ہاضمہ ٹھیک ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری دواخانہ کی پھکی ''ہاضم خاص'' کمال کی چیز ہے۔ میری بیٹی کے معدے میں بہت پرابلم تھی' تھوڑی سی پیپسی بھی پیتی تو معدہ خراب ہوجاتا لیکن آج وہ جو مرضی کھاپی لے اب معدے میں کسی قسم کی کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔ ہمارے گاؤں سے خالہ آئیں' ان کو معدہ میں درد تھا' ان کو کھلائی تو فوراً آرام آگیا۔ گاؤں جاکر انہوں نے ہم نے مزید ڈبیاں منگوائیں بلکہ اب تو ''ہاضم خاص'' پورے گاؤں میں مشہور ہوچکی ہے۔ جس کو بھی پیٹ کا مسئلہ ہوتا ہے میری خالہ سے پھکی لینے پہنچ جاتا ہے۔ اس عید پر پھوپھی جان آئیں' کہنے لگی: رمضان گزرا ہے' مگر مجھے محسوس ہوتا ہے کہ معدہ میں کوئی چیز پھنسی ہوئی ہے' ہروقت بے چینی' کھٹے ڈکار آتے رہتے ہیں' کچھ بھی صحیح طرح ہضم نہیں ہوتا۔ بس پھر ہم نے ان کے سامنے بھی ''ہاضم خاص'' کی ڈبی رکھی اور ساتھ پانی کا گلاس دیا' انہوں نے ایک چمچ چائے والا نکال کر کھایا اور کچھ دیر بعد کہنے لگیں: واہ! کیا کمال کی پھکی ہے' میں تو بالکل ہلکی پھلکی ہوگئی ہوں۔ الحمدللہ اب وہ بالکل ٹھیک ہیں۔ (نور، اسلام آباد)

پیٹ کے امراض ختم' سکون کی نیند بحال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری دواخانہ کی اسم اعظم کی دم شدہ ''روحانی پھکی'' کے بہت سے فوائد سامنے آرہے ہیں۔ ہمارے ایک دوست ہیں وہ کہتے ہیں کہ میری اہلیہ کو جو بھی تکلیف ہو وہ عبقری دواخانہ کی ''روحانی پھکی'' کھاتی ہے' اللہ تعالیٰ اسے شفاء عنایت فرماتے ہیں۔ خواہ بخار ہو' نزلہ زکام ہو' گلہ خراب ہو' پیٹ میں درد ہو یا کوئی اور بیماری ہو اسم اعظم کی دم شدہ ''روحانی پھکی'' زبردست شفائی اثرات رکھتی ہے۔

دو سال پرانے پتلے دست ٹھیک ہوگئے

ایک صاحب نے بتایا کہ دو سال سے مجھے دست کی تکلیف ہے اور میں دو سال سے لاہور کے ہسپتالوں کے چکر لگاتا رہا ہو لیکن وہاں ڈاکٹروں سے میرے پتلے دست نہ ختم ہوسکے۔ دسمبر میں میلسی درس میں شریک ہوا وہاں باہر سٹال لگا ہوا تھا' میں نے صرف 30 روپے کی اسم اعظم کی روحانی پھکی لی' حیران کن طور پر ابھی آدھی ڈبی بھی نہ ہوئی تھی کہ میرے پتلے دست بالکل ختم ہوگئے۔

ڈیپریشن کے شکار! سکون کا سیرپ پی لیں

سکون افزاء سیرپ کمال کی چیز ہے۔ ایک صاحب ڈیپریشن کا شکار تھے۔ بندہ کے پاس آئے کہنے لگے ملتان سے پروفیسر ڈاکٹر کی دوا لے رہا ہو' بندہ نے انہیں عبقری دواخانہ کا ''سکون افزاء سیرپ'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا کچھ دنوں بعد دوبارہ آئے تو حیران تھے۔ کہنے لگے کہ ڈاکٹر کی ادویات کھانے سے رات کو نیند آجاتی تھی لیکن صبح کو اٹھتا تو سر بھاری ہوتا اور سارا دن نیند کے اثرات رہتے غنودگی سی رہتی۔ ''سکون افزاء سیرپ'' استعمال کررہا ہوں تو رات کو نیند بھی پہلے سے بہت پرسکون آتی ہے اور صبح کو اٹھتا ہوں تو کوئی غنودگی وغیرہ اور سر کا بھاری پن بالکل نہیں ہوتا۔ (امتیاز احمد، میلسی)

چند ہفتوں میں وزن 85 سے 81 کلو ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے معدہ کا مسئلہ تھا' اس کے ساتھ کمزوری بہت زیادہ اور رات بھر نیند نہ آتی' بہت زیادہ بے چینی رہتی' ہروقت گھبراہٹ محسوس ہوتی۔ میں نے دفتر ماہنامہ عبقری کے ایڈریس پر اپنی تمام کیفیات بذریعہ خط (جوابی لفافہ ہمراہ) آپ تک پہنچائیں۔ آپ نے جوابی خط میں مجھے عبقری دواخانہ کی ''اکسیرالبدن'' ''ستر شفائیں'' ''جوہر شفاء مدینہ'' اور ''سکون افزاء سیرپ'' استعمال کرنے کیلئے لکھا۔ میں نے یہ تمام ادویات عبقری دواخانہ سے منگوائیں۔ ان ادویات کے استعمال سے مجھے بہت فائدہ ہورہا ہے' کمزوری ختم ہورہی ہے' معدہ کے امراض ستر فیصد ٹھیک ہوگئے ہیں' سب سے بڑھ کر یہ کہ میرا وزن کم ہونا شروع ہوگیا ہے اور چند ہفتوں میں ہی وزن 85 کلو سے 81 کلو تک آگیا ہے۔ بے شمار ادویات استعمال کیں تھیں مگر اب پرسکون ہوں۔ (کنول، راولپنڈی)

ستر شفائیں، اکسیرالبدن سے دورے پڑنا بند

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرض یہ ہے کہ میں نے آپ کو تین مہینے پہلے اپنی بیماری کے بارے میں خط لکھا تھا کہ میری عمر 24 سال ہے اور مجھے دورے پڑتے ہیں۔ کوئی علاج بتائیں کہ مجھے دورے نہ پڑیں میں بہت زیادہ پریشان ہوں اور میری مہنگی گولیوں اور کیپسولز سے جان چھوٹ جائے۔ جوابی لفافہ میں آپ نے مجھے عبقری دواخانہ کی ''اکسیرالبدن اور ستر شفائیں'' استعمال کرنے کو کہا اور سورۃ المومنون کی آخری چار آیات اور اذان سات سات مرتبہ پڑھ کر دائیں بائیں کندھوں پر دم کرنے کیلئے کہا۔ میں آپ کے بتائے ہوئے طریقہ پر پورا عمل کررہی ہوں جس سے میں اب ہی بہتر محسوس کررہی ہوں۔ الحمدللہ! (دختر اقبال، اٹک)

عبقری ادویات کی شفاء یابی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں اور عبقری کی ادویات شفائے حیرت سیرپ، جوہر شفاء مدینہ، بنفشی قہوہ اور اکسیرالبدن اب ہمارے گھر کا حصہ بن چکی ہیں ان سب ادویات کے استعمال سے بہت شفا ملی ہے۔ (نداذوالفقار، میرپور)

عرق شوگر شفاء سے شوگر کنٹرول

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھا جاتا ہے۔ عبقری کی ادویات بہت زیادہ فائدہ مند ہیں۔ میری والدہ کی شوگر کنٹرول ہی نہ ہوتی تھی' صبح وشام گولی کھانا پڑتی' میں نے انہیں عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''عرق شوگر شفاء'' سیرپ لاکر دیا۔ الحمدللہ جب سے والدہ نے یہ سیرپ پینا شروع کیا ہے ان کا شوگر لیول بالکل نارمل ہے اور وہ دن بدن صحت یاب ہورہی ہیں۔ (مطیع الرحمن، لاہور)

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی
جتنی پرانی اتنی انمول

پوشیدہ کورس
ایام کی کمی وزیادتی' بوجھ پڑنا' کمر میں درد' کولہے میں درد اور کھچاؤ' اندرونی ورم حتیٰ کہ پرانی سے پرانی لیکوریا کا یقینی طور پر خاتمہ
نہ ف دس دن کی دوائی سے حیرت انگیز رزلٹ کے آپ خود حیران و پریشان
خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہا سال تحقیق کے بعد کامیاب علاج
مایوس اور غیر مطمئن خواتین جن کا ہر جگہ سے اعتبار اٹھ چکا ضرور استعمال کریں
600 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

ڈیپریشن کے مریضوں کیلئے لاجواب شفائی پیکیج

عبقری ادویات آزمانے کے بعد سچے کھرے نتائج لاکھوں قارئین کے نام۔ دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی جتنی پرانی اتنی انمول

میں نے عبقری دواخانہ کا ''کراماتی تیل'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کیا حیران کن طور پر میرا درد بالکل ختم ہوگیا۔ اب اٹھنے بیٹھنے میں بالکل بھی تکلیف نہیں ہوتی۔ میں انتہائی خوشی کے عالم میں دوسروں کو بتاتی ہوں کہ جہاں مہنگی مہنگی ادویات' کریمیں' لوشن ناکام ہوگئے وہاں صرف 200 روپے کے کراماتی تیل نے کمال کر دیا۔

ڈیپریشن کے مریضوں کیلئے لاجواب پیکیج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے آپ کو خط کے ذریعے بتایا تھا کہ والدہ کو نیند نہیں آتی اور بہت زیادہ ڈیپریشن ہے' گزشتہ بارہ سال سے وہ نیند کی گولیاں کھا کر سوتی تھیں۔ آپ نے ان کو جوابی خط میں عبقری دواخانہ کا ''ڈیپریشن پیکیج'' تجویز کیا تھا۔ میں والدہ کو گزشتہ تین ماہ سے ''ڈیپریشن پیکیج'' استعمال کروا رہی ہوں' والدہ تقریباً 50% ٹھیک ہوچکی ہیں۔ الحمدللہ! بارہ سال سے استعمال ہونے والی نیند کی گولیاں چھوٹ چکی ہیں اب بغیر گولی کے پرسکون نیند سوتی ہیں اور صبح بالکل فریش اٹھتی ہیں۔ والدہ وظائف بھی کرتی ہیں اور درس بھی سنتی ہیں۔ اب حیران کن طور پر بعض اوقات درس سنتے سنتے ہی سو جاتی ہیں کافی بہتر محسوس کرتی ہیں۔ درس سن کر نئی نئی راہیں سوچ کی کھلتی ہیں بس کیا لکھوں تعریف اور شکریہ کیلئے الفاظ ہی نہیں مل رہے۔ (دختر راجہ اللہ دتہ، گجرات)

جوڑوں کا درد ختم کرنے کا کراماتی نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک سال سے آپ کے درس سن رہی ہوں۔ چار ماہ پہلے میں نے تسبیح خانہ آکر اسم اعظم کا روحانی دم بھی کروایا تھا۔ مجھے جوڑوں کا درد تھا۔ گھٹنوں میں تو شدید درد رہتا تھا۔ میں نے عبقری دواخانہ کا ''کراماتی تیل'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کیا حیران کن طور پر میرا درد بالکل ختم ہوگیا۔ اب اٹھنے بیٹھنے میں بالکل بھی تکلیف نہیں ہوتی۔ میں انتہائی خوشی کے عالم میں دوسروں کو بتاتی ہوں کہ جہاں مہنگی مہنگی ادویات' کریمیں' لوشن ناکام ہوگئے وہاں صرف 200 روپے کے کراماتی تیل نے کمال کر دیا۔ (تسمیہ، لاہور)

ٹائیفائڈ بخار ختم! آیئے جادوئی علاج بتاتی ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کافی عرصہ سے ٹائیفائڈ بخار میں مبتلا تھی۔ بے شمار ڈاکٹرز سے انگریزی ادویات لیں پر کوئی فرق نہ پڑتا' بخار دن کو اُتر جاتا اور رات کو چڑھ جاتا۔ گھر والے کافی پریشان تھے میری صحت بھی دن بدن خراب ہوتی جارہی تھی۔ میری ایک جاننے والی نے عبقری رسالہ میرے ہاتھ میں تھما دیا اور کہا تم کو بھی ان شاء اللہ اسی لاجواب رسالہ سے فیض ملے گا۔ میں نے پورا رسالہ پڑھا اور اس میں دی گئی دوائی ''جوہر شفاء مدینہ'' منگوائی اور عبقری رسالہ میں لکھے گئے طریقے کے مطابق ''روحانی غسل'' بھی دن میں دو سے تین مرتبہ کیا۔ الحمدللہ! چند دنوں کے اندر اندر میری ٹائیفائیڈ بخار سے جان چھوٹ گئی اور میں مکمل صحت یاب ہوگئی۔ (آمنہ عثمان، کراچی)

طب نبوی ہیئر آئل کے استعمال سے بال گرنا بند

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پچھلے ایک سال سے آپ کا رسالہ عبقری پڑھ رہا ہوں جس کی وجہ سے میرے علم میں بہت اضافہ ہوا ہے اور میرے کافی زیادہ مسائل صرف اس رسالہ کی وجہ سے حل ہوئے ہیں۔ میرا ایک مسئلہ یہ تھا کہ میرے بال بہت زیادہ گرتے تھے لیکن جب سے میں نے عبقری دواخانہ کا تیارہ کردہ ''طب نبوی ہیئر آئل'' استعمال کرنا شروع کیا ہے' میرے بال گرنے بند ہوگئے ہیں۔ (کنعان، بنوری ٹاؤن کراچی)

بک سٹال پر اچانک گیا' دیکھا اور زندگی بدل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بک سٹال پر عبقری پڑا ہوا دیکھا دل نے کشش محسوس کی اور خرید لیا اور پورا پڑھا بس وہ دن اور آج کا دن ہر ماہ عبقری کا انتظار ہوتا ہے۔ عبقری دواخانہ کی ادویات بھی بہت ہی فائدہ مند ہیں۔ میں اب تک درج ذیل ادویات استعمال کر چکا ہوں۔ ''ستر شفائیں'' ''کان شفاء'' ''طب نبوی ہیئر آئل'' ''موٹاپا کورس'' ''ہاضم خاص'' اور ''فشاری'' خود بھی استعمال کی اور اپنے رشتہ داروں کو بھی بطور تحفہ پیش کیں۔ سو فیصد رزلٹ ملا۔ ہر کوئی تعریف ہی کرتا پایا گیا ہے۔ (محمد سرور، فیصل آباد)

معدہ کی اصلاح اور جگر کی بیماری ختم!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے گزشتہ ماہ آپ کو ایک خط (ہمراہ جوابی لفافہ) میں نے اپنی بیماری کے متعلق تفصیل سے لکھا تھا جس کے جواب میں آپ نے مجھے عبقری دواخانہ کا پیکیج ''اصلاح معدہ وجگر پیکیج'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ اس کے ساتھ وظیفہ دو انمول خزانہ پڑھنے کی اجازت دی۔ میں نے دونوں چیزیں فوراً منگوا کر عملدرآمد شروع کیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میری بیماری بھی دور ہوگئی ہے اور میں خود کو روحانی طور پر بہت پرسکون اور مطمئن محسوس کر رہا ہوں۔ (علی احمد، کراچی)

ہر طرف میری بیوی کا راج تھا! مگر اب برتن دھوتا ہوں تو وہ مشکور ہوتی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری سے جو سب سے کامیاب وظیفہ میں نے پایا (ویسے تو سارے ہی لاجواب ہیں' بس ہمارے پڑھنے میں کمی ہے) وہ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا ﴿الفرقان ۷۴﴾ میں یہ دعا ہر وقت کھلی پڑھتا ہوں' آپ یقین کریں پہلے میرے گھر میں میری حیثیت ایک نوکر سے بھی کم تھی' ہر طرف میری بیوی کا راج تھا' میں گریجوایٹ ہوں مگر وہ میٹرک۔ اس کے باوجود وہ ہر شعبے میں مجھ پر چھا چکی تھی' میری صحت دن بدن کمزور ہو رہی تھی اور جیسا آپ فرماتے ہیں: ''اللہ چارپائی سے لگا دینے والی بیوی سے بچائے'' اس دعا کے پڑھنے کے بعد میں اپنے آپ کو مرد محسوس کرنے لگا ہوں' اب گھر کے برتن بھی دھوتا ہوں تو وہ میری مشکور ہوتی ہے۔ پہلے گھر کے کام کرنے کے باوجود خوش نہ ہوتی تھی' پہلے دن رات صرف لڑائی ہوتی تھی' کئی کئی دن ہم بولتے نہیں تھے اب ایسے ہوگیا ہے جیسے ابھی ابھی شادی ہوئی ہے یہ سب اسی دعا سے ہوا ہے' میں نے خود اپنی آنکھوں سے ساری کایا پلٹتے دیکھی ہے۔ اب وہ خود ماشاء اللہ عبقری رسالہ کی قاریہ ہے۔ (اُشاہدرہ)

چہرے کا حسن دوبالا کرے' داغ' دھبے چھائیوں سے ہمیشہ کیلئے نجات دلائے۔ سالہا سال کے تجربات کا نچوڑ
انوکھے بے ضرر اجزاء اعتماد میں بہت آگے
قدرت کا انمول تحفہ
طب نبوی حسن و جمال کریم
طرح طرح کی کاسمیٹکس اور کیمیکل بھرے لوشن استعمال کرنے والے مرد وخواتین کیلئے لاجواب تحفہ
قیمت صرف 300 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

روحانی منزل میں جنات کی عبادات کے انوکھے انکشاف

روحانی منزل سے زندگی کا چین پانے والے

روحانی منزل مری میں وہ پراسرار عجائبات اور حقائق جو اچانک افشاں ہوئے اور مخلوقات کی امانت ان تک پہنچائی جارہی ہے۔

ایڈریس روحانی منزل: مری پی سی بھوربن کے ساتھ مین روڈ پر روحانی منزل ہے۔

جب روحانی منزل کے تجربات و مشاہدات جب ماہنامہ عبقری میں شائع ہونا شروع ہوئے' بے شمار مشکلات' گھریلو الجھنوں' جادو جنات' کاروباری بندش کے ستائے ہوؤں نے ''روحانی منزل مری'' کا رخ کیا اور جب انہوں نے وہاں جاکر یافتاح کا وظیفہ اور صلوٰۃ التسبیح پڑھی اور رب سے مانگا تو انہیں کیا کچھ کیسے ملا؟ انہی کی زبانی پڑھیں۔

اونگھ آئی اور پانچ کلو کھجور کا پیکٹ مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بیمار اور بڑی پریشان حال تھی' بس ماہنامہ عبقری میں روحانی منزل کا پڑھا تو دل کیا کہ یقین ہے ''روحانی منزل'' جاکے صحت بھی ملے گی سکون بھی ملے گا ان شاء اللہ۔ میرے شوہر امام مسجد ہیں۔ میری دو بہنوں کا بھی آنے کا پروگرام بن گیا' ڈرتی ڈرتی یہاں پہنچیں' لنگر کا انتظام بھی ابھی نہیں تھا اس وجہ سے ہم پریشان تھیں ہم رات کو 11:30 پہنچیں' روحانی منزل میں موجود اللہ والوں نے پوچھا کہ کھانا کھایا ہوا ہے یا نہیں؟ ہم نے کہا ہم منگوا لیتے ہیں لیکن انہوں نے کہا ہم آپ کو لنگر دیں گے' ہم بڑے خوش ہوئے' ہم بڑی پریشان تھیں' نامعلوم کھانے کا کتنا خرچہ آئے گا کیونکہ سنا ہوا ہے کہ مری میں ہوٹل بہت مہنگے ہیں' ہم تو پہلے ہی ادھار پکڑ کر بڑی مشکل سے انتظام کرکے یہاں تک پہنچیں تھیں۔

پہلا تجربہ: ہم کو جمعہ سے لیکر سوموار تک کھانا بھی ملا' فروٹ بھی ملا۔ **دوسرا تجربہ:** شب جمعہ میں صلوٰۃ تسبیح پڑھ کر سوگئی' سفر کی تھکن بھی تھی' لیٹ گئی بڑی پریشان تھی ہم صرف تین عورتیں تھیں۔ میں ڈرتے ڈرتے سوگئی' میری آنکھ لگی مجھے محسوس ہوا کہ مجھے زور سے کسی نے دبایا ہے کہ یَافَتَّاحُ پڑھو' میں نے اٹھ کر پڑھنا شروع کردیا۔ دوسرے دن صلوٰۃ تسبیح پڑھ کر جائے نماز کے اوپر اونگھ آگئی' پھر مجھے محسوس ہوا کہ کسی نے مجھے پانچ کلو والا کھجور کا ایک پیکٹ دیا۔ دونوں بہنوں کو بھی ایک ایک پیکٹ دیا' پھر ساتھ فروٹ بھی دیا پھر میری آنکھ کھلی مجھے بڑا سکون اور خوشی ہوئی کہ ہماری حاضری قبول ہوئی ہے۔ ہم نے بڑے اچھے طریقے سے عبادت کی ہے بڑا سکون ملا ہے۔ میں نے اللہ کے خصوصی فضل وکرم سے روزانہ دو سے تین مرتبہ صلوٰۃ تسبیح بھی پڑھی ہے اور اللہ کے کرم سے سوا لاکھ یَافَتَّاحُ مکمل کیا ہے۔ (زوجہ محمد سجاد، تلہ گنگ)

کاش! روحانی منزل میں خادمہ بن جاؤں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری میں روحانی منزل کے کرشمات پڑھے' دل میں تڑپ اٹھی کہ میں بھی روحانی منزل جاؤں' میں بھی وہاں یافتاح اور صلوٰۃ التسبیح پڑھوں اور اپنے مسائل حل کرواؤں۔ یہی سب کچھ سوچ کر میں نے راہ سفر باندھا اور روحانی منزل پہنچ گئی۔

''روحانی منزل'' میں سکون ہی سکون ہے' عبادت کرنے میں بہت لذت، سکون واطمینان ہے یہاں انسان دنیا بھول جاتا ہے یہاں آکے اپنے اللہ تعالیٰ پر اور بہت کامل یقین ہوگیا ہے مجھے ایسا لگتا ہے گھر جاکر مجھے بہت اچھی خبر ملے گی' میرے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ میں یہاں کی خادمہ بن جاؤں' میں نے یہاں 6 دفعہ صلوٰۃ التسبیح اور 77 ہزار دفعہ یَافَتَّاحُ پڑھا۔ (شائستہ گل، تلہ گنگ)

اچانک روحانی منزل پہنچا! 7 مقاصد پورے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیوی کو میری چھوٹی بھابھی نے آج سے دس سال قبل عبقری رسالہ دیا تھا اور پھر کراماتی تیل بھی دیا جس کو مفید پایا۔ بعد میں وقتاً فوقتاً عبقری کی دوائیں استعمال کیں اور مفید پائیں۔[

نیز ماہنامہ عبقری میں آنے والے ٹوٹکوں اور وظائف سے بھی بہت کچھ پایا۔ گزشتہ نومبر لاہور موتی مسجد جانے کا ارادہ تھا مگر ناسازی طبیعت کی وجہ سے ہم دونوں میاں بیوی نہ جاسکے۔ بھوربن روحانی منزل کا پڑھا تھا' وہاں بھی پروگرام نہ بن سکا۔ مگر 20 جولائی 2019ء کو سیر کیلئے دوستوں کے ساتھ آیا تو اچانک روحانی منزل پر نظر پڑی' بس پھر یہاں ٹکنے کا ارادہ بن گیا۔ بیوی سے فون پر بات ہوئی۔ دوست تو 22 کو چلے گئے اور میں بیوی کے اصرار پر یہاں رک گیا حالانکہ میں اسی دن 23 جولائی کو بیمار بھی ہوگیا مگر سات مقاصد کے حصول کیلئے ایک لاکھ 25 ہزار دفعہ یَافَتَّاحُ کا ورد 8 دنوں میں مکمل کرلیا اور ایمان ویقین کے ساتھ یہ نیت و ارادہ لے کر جارہا ہوں کہ ان شاء اللہ مجھے میرے ساتھ مقاصد میں کامیابی میرا اللہ تعالیٰ اپنے پیارے حبیب ﷺ اور اپنے دوستوں اولیاء اللہ کے توسل سے دے گا بلکہ دے چکا ہے جن کو ہی ان شاء اللہ جلد پالوں گا روحانی منزل کا ماحول اور طریقہ بے حد پسند آیا۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جزائے خیر دے جنہوں نے بے حد تعاون اور خدمت کی۔ (محمد اجمل، کوہاٹ شہر)

گھر میں سکون' لڑائی جھگڑے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے میں تسبیح خانہ سے جڑا ہوں' میرے مسائل کم ہونا شروع ہوگئے ہیں اور گھر میں سکون آرہا ہے۔ لڑائی جھگڑے کم ہوگئے ہیں۔ روحانی منزل میں آکر بہت ہی سکون ملتا ہے۔ (محمد اعظم، فیصل آباد)

وضاحت: صلوٰۃ التسبیح ہر وقت' دن رات' صبح وشام پڑھ سکتے ہیں' صرف مکروہ اوقات کے علاوہ۔ یہ انفرادی نماز ہے۔

''روحانی منزل مری کے سچے مشاہدات''

گزشتہ اقساط پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

روحانی منزل میں کرنے والے اعمال

روحانی منزل میں اپنے مقصد' پریشانی' جادو جنات' گھریلو الجھنوں' کاروباری بندشوں' نوکری' بے اولادی' اولاد کی بے راہ روی یا اس کے علاوہ جو بھی پریشانی' مشکل ہو اس کا سخت تصور کرتے ہوئے سارا دن وضو بے وضو (خواتین ہر حالت میں) سوا لاکھ کی تعداد میں یَافَتَّاحُ پڑھیں۔ ایک سوا لاکھ، تین سوا لاکھ' پانچ، سات گیارہ جتنے بھی سوا لاکھ پڑھیں۔ اس کے علاوہ صلوٰۃ التسبیح پڑھیں۔ روحانی منزل میں آپ ایک دن، 3 دن، 5 دن، 7 دن، 11 دن، 21 دن، 41 دن یا 70 دن تک قیام کرکے درج بالا اعمال کریں۔ ان شاء اللہ آپ کا ہر مقصد' ہر مراد پوری ہوگی۔

آپ نے روحانی منزل میں اعمال کیے اور فیض پایا تو اس کے مشاہدات وتجربات ضرور لکھیں۔

عبقری صفحات حاضر ہیں!

آگ شفاء جلے ہوئے کیلئے بہترین مرہم
خدانخواستہ کسی وجہ سے بھی جل جائیں مثلاً (آگ سے، ابلتا ہوا پانی گرجائے، گرم دودھ، کرنٹ لگنے سے جل جائیں' گرم استری لگنے سے' کھانا پکاتے ہوئے ہاتھ جل جائے یا بچہ انجانے میں کسی گرم چیز میں ہاتھ ڈال دے' موٹر سائیکل کا گرم سلنسر لگ جائے' فیکٹری میں کام کرتے ہوئے کسی وجہ سے جسم کا کوئی حصہ جل جائے۔) گھبرائیں نہیں' آگ شفاء استعمال کریں (قیمت 80 روپے)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

(بقیہ: پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک)

فرمایا: دیکھو یہ شخص آیا تھا اس نے مجھ سے مانگا تھا میں اسے دے دیا' پھر اس سے پوچھا تھا تو اس نے ایسا جواب دیا تھا جو تمہیں ناگوار گزرا۔ میں نے اسے گھر بلوایا اور زیادہ دیا تو یہ خوش ہو گیا۔ کیوں بھئی اعرابی یہی بات ہے؟ اس نے کہا: جی! یارسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو ہمارے اہل وعیال اور قبیلے کی طرف سے بہترین بدلہ عنایت فرمائے آپ ﷺ نے مجھ سے بہت اچھا سلوک کیا۔ جزاک اللہ۔ اس وقت آپ ﷺ نے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے فرمایا کہ میری اور اس اعرابی کی مثال سنو۔ جیسے ایک شخص کی اونٹنی بھاگ گئی اس کے پکڑنے کو دوڑے لیکن وہ ان سے بدک کر اور بھاگنے لگی۔ آخر اونٹنی والے نے کہا لوگو! تم ایک طرف ہٹ جاؤ مجھے اور میری اونٹنی کو چھوڑ دو' اس کی خوصلت سے میں واقف ہوں اور یہ میری ہی ہے۔ چنانچہ اس نے نرمی سے اسے بلانا شروع کیا زمین سے گھاس پھونس توڑ کر اپنی مٹھی میں لیکر اسے دکھایا اور اپنی طرف بلایا تو وہ آ گئی۔ اس نے اس کی نکیل (پیزوان) تھام لی اور پالان' کجاوہ ڈال دیا۔ سنو! اس کے پہلی دفعہ بگڑنے پر اگر میں بھی تمہارا ساتھ دیتا تو یہ جہنمی بن جاتا۔ (تفسیر ابن کثیر ج ۲ صفحہ ۴۱۷)

(بقیہ: دلیہ اور دہی کا ناشتہ! اتنے فوائد کہ ماہرین تک حیران!)

حالیہ سائنسی تجربوں میں بھی یہ بات دوہرائی جا چکی ہیں کہ ان میں مانع تکسید (Antioxidants) اجزاء شامل ہوتے ہیں، تاہم ماہرین غذائیت کا کہنا ہے کہ ناشتے میں صرف چائے یا کافی لینا صحت کے لیے مفید نہیں ہے۔ ہمارے خوشحال طبقوں میں جو ناشتہ کیا جاتا ہے وہ عموماً توس، مکھن، مربے، ڈبوں میں بند دلیہ اور پھلوں کے شکر آمیز رس پر مبنی ہوتے ہیں۔ متوسط طبقے میں حلوہ پوری، پراٹھا، انڈہ اور چائے وغیرہ نہایت عام ہیں۔ لیکن اس طرح کا ناشتہ کرنے سے ہوتا یہ ہے کہ ہم ضرورت سے زیادہ چکنائی کو اپنے معدے میں انڈیل لیتے ہیں۔ یہ طریقہ مناسب نہیں ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ ناشتہ ایسی چیزوں سے کیا جائے جن کی غذائیت سارا دن آپ کا ساتھ دے۔ جبکہ اس قسم کے ناشتے سے خون میں شکر کی مقدار فوراً بڑھ جاتی ہے جبکہ معدے پر بھی اس کا برا اثر پڑتا ہے۔ ماہرین غذا تجویز کرتے ہیں کہ پراٹھے کی جگہ کم چکنائی اور روٹی، انڈہ، قدرے سبزی، دہی یا دودھ اور تھوڑی مقدار میں پھل کھانا نہایت مناسب ہے۔ یہ متوازن ناشتے کی ضرورت کو بھی پورا کرتا ہے اور معدے کو بھی بیجا بوجھ سے بچاتا ہے۔ مغرب کی دوڑ بھاگ والی زندگی میں سکون سے اپنے گھر میں ناشتہ کرنے کا رجحان ہی بدل گیا ہے۔ لوگوں کی اکثریت گھر کی کچن ٹیبل پر ناشتہ کرنے کے بجائے اپنے کام کے مقامات پر ناشتہ کرنے کو ترجیح دینے لگے ہیں۔ جس افراتفری میں یہ ناشتہ کرتے ہیں اس سے نہ صرف ان کا معدہ متاثر ہوتا ہے بلکہ جسم کو درکار توانائی بھی پوری نہیں ہو پاتی ہے۔ ماہرین امراض کا کہنا ہے کہ کھانے کو جلد بازی میں نہ کھایا جائے اور نوالوں کو آہستہ آہستہ اور خوب چبا کر نگلا جائے ورنہ دوسری صورت میں معدے پر اس کا خراب اثر پڑتا ہے۔ لہٰذا یہ بات کسی وضاحت کی محتاج نہیں کہ اس طرح جلد بازی میں گھر سے بھوکے نکل کر آنے اور پھر کام کے مقامات پر ناشتہ کرنے والے افراد کس طرح خود امراض کو کھلے عام دعوت دے رہے ہیں۔ نہ صرف امریکا بلکہ خود پاکستان میں بھی یہی رجحان پھیلتا جا رہا ہے۔

(بقیہ: پتھر کا سبق)

اس کے بعد وہ ایک اسکالرشپ پر اعلیٰ تعلیم کیلئے بیرونی ملک میں گیا اور وہاں سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔ یہ کوئی انوکھا واقعہ نہیں جو صرف ایک گاؤں میں پیش آیا ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ ہر جگہ ایسے ''پتھر'' موجود ہیں جو آدمی کو زندگی کا سبق دے رہے ہیں جو ناکامیوں میں سے کامیاب بن کر نکلنے کا اشارہ دیتے ہیں اگر آدمی کے اندر نصیحت لینے کا مزاج ہو تو وہ اپنے قریب ہی ایسا ایک ''پتھر'' پائے گا جو خاموش زبان میں اس کو وہی پیغام دے رہا ہو جو مذکورہ نوجوان کو اپنے پتھر سے ملا تھا۔

(بقیہ: زچگی کے بعد' کیا غذا کھائیں اور کیا احتیاط کریں!)

ہوتا ہے لیکن پانی جیسے دست جن میں خون بھی ہو، توجہ اور علاج کے محتاج ہوتے ہیں۔ ☆ بچے کو پیدائش کے پہلے ہفتے میں دق ودسل (بی سی جی) اور پولیو کی خوراک دے دینی چاہیے۔

(بقیہ: موسم سرما کا فیشن اور ہماری ثقافت! خواتین یہ گُر سیکھ لیں!)

لیے بہترین ہیں۔ آج کل آگے سے نوکیلے جوتے اور کوٹ شوز زیادہ پسند کیے جا رہے ہیں۔ بلیک اور براؤن کے ساتھ ساتھ بے بی کلر کے جوتوں کے مختلف ڈیزائنز اب فیشن کا حصہ بن چکے ہیں۔ ان سردیوں میں اگر آپ نے نیلا اور سفید جوتا پہنا تو آپ کے پاؤں فیشن کے عین مطابق ڈھل جائیں گے۔ فیشن کے ماہرین کے مطابق آنے والے سال کے لیے نیلے رنگ کے جوتے سب سے زیادہ فیشن میں رہیں گے۔ سردیوں میں ٹراؤزرز کے ساتھ یہ رنگ اور بھی زیادہ بھلا محسوس ہوتا ہے تاہم شلوار قمیص پہننے والی خواتین ان کا استعمال اپنے لباس کو مدنظر رکھ کر ہی کریں تو زیادہ بہتر ہوگا۔ (صائمہ سعید' لاہور)

(بقیہ: پرانے برتنوں سے پرانی بیماریوں کا علاج)

تمام چیزوں کو بدل دیا۔ دیسی برتنوں میں کھانا صحت وتندرستی کی دلیل: مجھے زمانے کی بہت باتیں سننا پڑیں' معاشرے کو بہت شور شرابے میں جانا پڑا۔ مجھے ایک سے بڑھ کر دوسرا اور دوسرے سے بڑھ کر تیسرا آدمی سائنس دان معلوم ہوتا تھا جو مجھے اس فطری زندگی کی طرف آنے میں رکاوٹ بن رہا تھا۔ میں حیران تھا میں الٹی لینے کیا گیا تھا اور لے کیا آیا وہ فطری زندگی جس کو مجھے پاکستان میں ڈھونڈنا تھا مجھے بغیر ڈھونڈے الٹی میں مل گئی۔ قارئین! دیسی برتن ان میں کھانا پینا ہماری نسلوں کے لیے صحت وتندرستی کی واضح دلیل ہے۔ آج بھی ہماری نسلیں ترس رہی ہیں انہیں وہ دیسی برتن تانبے اور پیتل کے جن کو قلعی کیا ہوا ہو کیونکہ قلعی ایک دھات ہے اور اس کا اندر جانا بھی صحت کیلئے نہایت مفید ہے ہماری طب میں قلعی ایک خاص انداز سے راکھ بنائی جاتی ہے جو کہ سو فیصد بے ضرر ہو جاتی ہے اور ایسی لاعلاج بیماری میں دی جاتی ہے جہاں بڑے بڑے علاج ناکام ہوتے ہیں اور قلعی شدہ برتن جب انسان کھاتا اور پیتا ہے تو یہ قلعی جسم کے اندر جاتی ہے۔ آیئے! فطرت کی طرف لوٹ آئیں اور فطری زندگی کی طرف متوجہ ہوں اور فطری زندگی کو پھر سے آواز دیں کیونکہ فطرت ہی ہماری حقیقت ہے اور فطرت ہی ہماری سچائی ہے اور فطرت سے ہم انسانی زندگی کی طرف واپس آسکتے ہیں۔ اپنی نسلوں کو لاعلاج بیماریوں سے بچائیں دیسی علاج' دیسی برتن اور دیسی چیزوں اپنے اردگرد اکٹھی کریں۔ صحت بچ جائے گی' فطرت پلٹ آئے گی اور نسلیں لاعلاج بیماریوں سے محفوظ رہیں گی۔

(بقیہ: نوکری میں ترقی اور بیماری سے نجات کیلئے درود تاج پڑھیے!)

ہیں اور اس وقت بھی انھوں نے یہی درود پڑھا تھا۔ (محمد ارشد، دندہ شاہ بلاول)

طریقہ عمل: اگر کسی شخص کو سانپ، بچھو یا اور کسی مہلک جانور نے کاٹ لیا ہو تو وہ شخص یا جو بھی اس کے قریب میں موجود ہو تو اُسے چاہیے کہ جس جگہ کاٹا ہو وہاں درود پاک کو پڑھتے ہوئے ہاتھ پھیرتا جائے اور جب ایک مرتبہ ختم ہو جائے تو ہاتھ جھاڑ دے اس طرح دو تین مرتبہ یہ عمل کرے۔ اللہ کے فضل وکرم سے تھوڑی ہی دیر میں شفاء یاب ہوگا۔ (مولانا خلیل احمد صاحب، فاضل جامعہ امدادیہ فیصل آباد)

بندر راستے کھلوانے کا آزمودہ عمل

قارئین میں جب بھی گھر سے نکلنے کی دعا بسم اللہ توکلت علی اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھتا ہوں' کبھی ایکسیڈنٹ یا کسی قسم کا نقصان نہیں ہوا۔ اس کے علاوہ جب بھی کسی وجہ سے مشکل میں پھنس جاتا ہوں اور نکلنے کے سارے راستے بند ہو جاتے ہیں تو سورۃ الم نشرح پڑھتا ہوں' سارے راستے کھل جاتے ہیں۔ (ارسلان شہباز' لاہور)

(بقیہ: عبقری کی ادویات میں چھپے صحت کے خزانے)

ہیاناٹئس اے میں تو دو سے تین بوتلوں میں ہی شفاء مل جاتی ہے۔ جو بھی مشروب عبقری لے گیا اسی کا دیوانہ ہو گیا۔ جنہیں گرمی میں تھکاوٹ کا احساس زیادہ ہو' کمزوری محسوس ہوتی ہو انہیں مشروب عبقری پینے کا مشورہ دیتا ہوں' جو بھی مشروب عبقری لے گیا وہ پھر ہمیشہ کیلئے اسی کا دیوانہ ہو گیا۔ فالج کا مریض صحت یاب: ایک خاتون میرے پاس آئیں اور اپنے خاوند کے لیے معجون شفاء یابی لے کر گئی اس کے خاوند کو فالج ہوا تھا جس سے انہیں بہت زیادہ فائدہ ہوا۔ چہرہ شفاء کا کمال: بہت ساری بہنیں میرے پاس آتیں ہیں جن کے چہرے پر داغ دھبے اور بال آجاتے ہیں میں انہیں صرف عبقری دواخانہ کی ''چہرہ شفاء'' استعمال کرنے کا مشورہ دیتا ہوں' اس دوا سے ہر کسی کو فائدہ ہی ہوا ہے۔

(بقیہ: بھولی یادیں سنہرے دن' انوکھی باتیں)

ماں باپ بچہ کو عرش سے فرش پر لاتے استاد اسے دوبارہ عرش پر پہنچاتے اور ساس سسر اپنی بیٹی دیکر زندگی گزارنے میں اس کی مدد کرتے ہیں۔ قلفیاں گول گپے چنے وغیرہ آنے نکلے میں با آسانی مل جاتے کل خرچہ دو پیسہ ٹکہ یا زیادہ سے زیادہ ایک آنہ ہوتا۔ بچہ کے بال مائیں خود تراش دیتیں جیسے بکریوں کے سیڑھیوں والے بال ہوتے ہیں۔ سرمہ آنکھوں سے بہہ رہا ہوتا اور تیل وہ بھی سرسوں کا کانوں کی لوؤں تک ٹپک بلکہ بہہ رہا ہوتا۔ اب تو استاد کا نام ہی ہے رٹہ ہے رات دن پڑھائی اور اس قدر عزت کرتے ان کے گھریلو کام کاج میں ان کا ہاتھ بٹاتے' بچوں کو کھلاتے مرچیں کوٹ کر دیتے جنگل سے لکڑیاں لا کر دیتے۔ لیکن شاباش ہے ان اساتذہ اکرام کو کلاس روم میں کسی سے کوئی لحاظ نرمی نہ کرتے سب سے پہلے سبق وکام وغیرہ دیکھتے اور پوچھتے تھے ٹیوشن خلاصہ گائیڈ کا نام تک میں معلوم نہ تھا اور نہ ہی ان کی ضرورت محسوس ہوگی۔ کیا مخلص محنتی بے لوث انسان تھے اب تو اساتذہ کی وہ عزت وتکریم کہاں۔ ان کا پڑھانا سب آج بھی یاد ہے دعائیں شامل حال ہیں اللہ تعالیٰ ان پر اپنا فضل وکرم اور مغفرت کرے آمین۔ ریل گاڑیاں وقت کی پابندی بھی کالے دھوئیں والے انجن (تیل کوئلہ پانی سے چلنے والے) تھے حیدرآباد سے فیصل آباد کا اس وقت کرایہ 20 روپے تھا۔ والد صاحب اس زمانہ میں دو نئے نئے سو والے نوٹ والدہ صاحبہ کو دیتے اس وقت سو کا نوٹ ہر کسی کے پاس نہ تھا جبکہ اس قدر سکے موجود تھے اب تو مہنگائی ہی مہنگائی ہے لوگ نہ جانے کس طرح اپنے بچوں اور گھر کو سنبھالتے اور چلاتے ہیں۔ بچے نارمل پیدا ہوتے اب تو آپریشن کے ذریعے ہوتے ہیں جس میں 35 سے 30 ہزار کا خرچہ معمول بات ہے۔ دیسی مرغی سال میں کبھی کبھی عید، شادی، منگنی کسی خاص عزیز کے آنے میں ذبح کی جاتی انڈہ فروخت نہ ہوتا تھا بلکہ ادھار ہوتا کہ ہمارے مہمان آنے پر ہمیں دے دینا۔ اب تو موجیں ہی موجیں ہیں صبح برائلر شام برائلر اس کی خوراک اس قدر گرم اور تیز ہے کہ یہ مرغی خود چل بھی نہیں سکتی کھانے والے کا کیا حال ہوگا اللہ جانے؟ بیماریاں جن کا ڈاکٹر کو بھی پتہ نہیں ہوتا ہو رہی ہیں۔ وجہ صرف ایک برائلر گوشت دوسرا فریج کا ٹھنڈا پانی۔ وہ مٹی کے گھڑے کہاں ہیں؟ قلعی والے برتن اب ختم ہو گئے جس کی وجہ سے خارش دیگر بیماریاں لوگوں کو لاحق ہو گئی ہیں۔ کوئی وقت تھا جب کوے مہمان کی آمد کی اطلاع دیتے اور لوگ ان کو چوریاں کھلاتے خوش ہوتے۔ مہمان کو ہفتہ ہفتہ رکھا جاتا ان کی جوتیاں اور برقعہ چھپا دیا جاتا اصرار کیا جاتا کہ مزید اور دن رہیں۔ مہمان کو بچوں سمیت لاری اڈہ چھوڑ کر جاتے' لاری چلنے تک کھڑے رہتے' لاری چلنے پر روتے ہوئے اشکبار آنکھوں سے گھر لوٹتے۔ کیا سنہرا وقت تھا' چڑیوں کی چہچہانے کی آوازیں درختوں کی ٹھنڈک موسموں کا اعتدال اللہ تعالیٰ کی خاص مہربانی وفضل کرم تھا۔ اخراجات کم پریشانیاں کم اور لوگوں کی محبتیں ایک نعمت سے کم نہ تھیں۔ لوگ فراغت کیلئے شہر سے باہر جاتے پیدل چلتے یا بڑی حد سائیکل وہ بھی کسی کسی کے پاس۔

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد دور کیوں؟
معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ
اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ ''کمر درد جوڑوں کا درد کورس'' آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی' طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت/800 روپے)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOORKHANDESHAMAR

جب میں مر جاؤں تو یہ ساری دولت تمہاری

اپنے ملک واپس آنے کے لیے روانہ ہوا گھر پہنچا جو پتا چلا کہ گھر پر تالا لگا ہوا تھا' وہ سمجھا کہ ماں باپ کسی سے ملنے کہیں گئے ہوں گے مگر پوچھنے پر پتا چلا کہ اس کے والدین چند مہینے پہلے فوت ہو چکے ہیں اب کیا تھا تالا توڑ کر گھر میں داخل ہوا ہر طرف اداسی تھی، پچھتاوا تھا۔

پیسے کمانے کی دھن نے ماں باپ چھین لیے

ہمارے محلے میں ایک عورت رہتی تھی جس کا ایک ہی بیٹا تھا۔ دونوں میاں بیوی نے بہت عزت کے دن گزارے مگر بہت غربت میں گزارے۔ اپنے بیٹے کو بہت مشکلات سے پڑھایا اور پھر نوکری کے لیے ملک سے باہر بھیجا۔ سب سے پہلے اس نے پیسے جمع کر کے 20 مرلے کا گھر خریدا اور پھر ماں باپ سے ملنے آیا اور 15 دن بعد دوبارہ واپس چلا گیا پھر پیسے کمانے کی دھن میں ایسا لگ گیا کہ ماں باپ کو پانچ سال تک ملنے نہ گیا اور نہ ہی کوئی خط لکھا اور نہ ہی فون کیا۔ چھٹے سال اس کا ارادہ بنا کہ اب وہ اپنے ماں باپ کے پاس ہی رہے گا اور ان کی خدمت کرے گا۔ شادی کرے گا اور اپنے ماں باپ کی خدمت کروائے گا لہٰذا وہ اپنے ملک واپس آنے کے لیے روانہ ہوا گھر پہنچا تو پتا چلا کہ گھر پر تالا لگا ہوا تھا' وہ سمجھا کہ ماں باپ کسی سے ملنے کہیں گئے ہوں گے مگر پوچھنے پر پتا چلا کہ اس کے والدین چند مہینے پہلے فوت ہو چکے ہیں اب کیا تھا تالا توڑ کر گھر میں داخل ہوا ہر طرف اداسی تھی، پچھتاوا تھا۔ ماں باپ کی رکھی ہوئی چیزوں کو دیکھ دیکھ کر روتا تھا۔

اب کہانی کا دوسرا رخ بھی پڑھیے!

اب اس کہانی کا دوسرا رخ بھی پڑھیے! اسی شہر کے ایک علاقہ میں ایک بڑھیا بیچاری خاندان سے ٹھکرائی ہوئی' بھیک مانگنے پر مجبور ہوگئی' ہر وقت روتی' سسکتی' کھانے کے لقمے کو ترستی رہتی۔ اچھے خاصے رشتہ داروں نے منہ موڑ لیا بلکہ اس پر طنزیہ ہنستے' باتیں کرتے۔ مگر اس نے سب برداشت کیا اور کسی کی بات کا جواب تک نہ دیا۔ سب کو رب کریم پر چھوڑا اور فاقوں کے ہاتھوں مجبور ہو کر بھیک مانگنا شروع کر دی۔ اب یہی بڑھیا اس لڑکے کے دروازے پر پہنچی اور صدا لگائی ''کوئی ہے جو اس فقیرنی کو کھانا کھلائے'' اتنے میں یہ لڑکا جو کہ گھر میں بیٹھا پچھتا اور رو رہا تھا' اس کے دل میں نجانے کیا خیال آیا اور وہ دوڑتا ہوا باہر آیا' فقیرنی کو غور سے دیکھا' اس کو بالکل اپنی ماں کی طرح لگی' اس نے اس بڑھیا کو ادب سے گھر میں بلایا' بٹھایا بہترین کھانا کھلایا' اور اسے اچھی خاصی رقم بھی دی' اس بڑھیا نے لڑکے کی داستان سنی تو اس کی آنکھوں میں بھی آنسو بھر آئے' دونوں نے کافی دیر دکھ بانٹے اور پھر اچانک وہ لڑکا بولا کیا تو میری ماں بنے گی؟ بڑھیا نے کچھ دیر سوچنے کے بعد کہا ہاں مگر ایک شرط ہے کہ تو مجھے اور میری بہن کے بیٹے کو حج کروائے گا۔ اس نے کہا کہ ہاں کرواؤں گا۔

غریب بچوں کی شادیاں

بڑھیا نے کہا: میں تھوڑے دن بعد آؤں گی' لہٰذا یہ لڑکا دس دن تک انتظار کرتا رہا لیکن وہ بڑھیا نہ آئی' اس لڑکے نے واپس بیرون ملک جانے کا فیصلہ کر لیا' ٹکٹ بھی بک کروالی اسی مایوس کے عالم میں ایک دن بیٹھا تھا کہ دروازے پر پھر سے صدا آئی کوئی ہے جو اس فقیرنی کو کھانا کھلائے؟ اس لڑکے نے فوراً دروازہ کھولا اور اس کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ اس لڑکے نے فقیرنی کو اپنی ماں بنا لیا اور اس کو بہترین کپڑے دیئے اور حج کروایا اور اس نے اپنی ساری دولت اپنی فقیرنی ماں کے نام کر دی اور کہا کہ آج سے تو میری ماں ہے۔ میں بیرون ملک جا رہا ہوں اور جب میں مر جاؤں تو یہ ساری دولت تمہاری ہوگی۔ فقیرنی جب حج سے واپس آئی تو پتا چلا کہ اس کا بیٹا تو ملک سے باہر ہارٹ اٹیک ہونے کی وجہ سے مر چکا ہے۔ اس ماں نے گھر کی اوپر نیچے کی منزلیں کرائے پر دے دیں اور حاصل ہونے والے پیسے سے غریب لڑکیوں کی شادی کروانا شروع کر دی۔ آج وہ رشتہ دار جو فقیرنی کو ذلیل کرتے تھے اسے اپنے اوپر بوجھ سمجھتے تھے' دولت کی لالچ میں اس کے پاس آئے' اس نے تمام رشتہ داروں کو اللہ کیلئے معاف کر دیا اور اللہ تعالیٰ سے تعلق جوڑ لیا۔ گھر کا جتنا بھی کرایہ آتا ہے اس سے غریب لڑکیوں کا جہیز اکٹھا کرتی ہے اور کئی لڑکیوں کی شادیاں کروا چکی ہے۔ لاکھوں روپے کرایہ آتا ہے اور یہ عورت وہ پیسہ بہت ہی کم اپنے اوپر خرچ کرتی ہے اور باقی سارا پیسہ مخلوق خدا کی خدمت کے لیے استعمال کرتی ہے۔ پڑوسی بھی اس کی بہت عزت کرتے ہیں اور اس عورت کی مدد کرتے ہیں اور غریب بچیوں کی شادیاں کروانے میں اس عورت کا ساتھ دیتے ہیں۔ اللہ ان کو اس نیک کام کا اچھا بدلہ دے اور ان کی بخشش کرے۔ آمین۔

سکول پرنسپل نے عبقری اور تسبیح خانہ سے کیا پایا؟ (ج۔لاہور)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر کی فیکٹری بند ہوگئی' میرے شوہر سمیت بہت سے لوگ بے روزگار ہو گئے۔ بہت پریشان تھے' ہم نے اپنے گھر میں سکول شروع کر دیا' تسبیح خانہ سے ملا ایک عمل' ایک تسبیح لَمْ یُنْصَرُوْنَ کی پڑھنا شروع کر دی' الحمدللہ! اللہ تعالیٰ نے اتنی برکت عطا فرمائی کہ گھر کا گزارہ اسی سکول سے ہونا شروع ہوگیا' ہم حیران تھے اتنے کم عرصہ میں اللہ تعالیٰ نے اتنی برکت عطا فرما دی۔ چند ماہ پہلے ایک عجب پریشانی شروع ہوئی' ایک بچہ ہمارے پاس ٹیوشن آتا تھا اس کے گھر سے شکایت آئی کہ ہمارے بچے سے آپ کے سکول میں کوئی غلط حرکت کرتا ہے' ہمیں سمجھ نہ آئی' نہ ہی کوئی سراغ ملا' پھر دوبارہ شکایت آئی' کافی لوگوں کو بتایا گیا' سکول کو بدنام کیا گیا انہوں نے پھر اپنے بچے کو سکول سے ہٹا لیا۔ میں انتہائی پریشان کہ اس طرح تو لوگ اپنی بچیوں اور بچوں کو سکول سے اٹھا لیں گے۔ میں جتنی دیر سکول میں فارغ ہوتی سورۂ قریش پڑھ پڑھ کر سکول میں دم کرتی رہتی۔ میں حیران رہ گئی چند ہفتوں بعد ہی صورتحال کنٹرول ہوگئی۔ اب لوگ ہم پر مکمل بھروسہ کرتے ہوئے اپنی جوان بچیوں کو بھی ہمارے پاس پڑھنے بھیجتے ہیں اور خود کہتے ہیں کہ ہم نے فلاں جگہ سے اپنی بچی کو ہٹا کر آپ پر بھروسہ ہونے کی بنا پر آپ کے پاس بھیجا ہے۔ جب ایسی بات سنتی ہوں تو آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں۔ یہ سب تسبیح خانہ سے ملے فیض کی برکات ہیں۔ الحمدللہ! عبقری رسالہ خود بھی پڑھتے ہیں' بچیوں بچوں اور ان کے والدین کو بھی اس کی برکات کے بارے میں بتاتے ہیں' عبقری رسالہ سے ملے اعمال اور تسبیح خانہ سے ملے اعمال سکول کے بچوں کو بتاتے ہیں' مسنون دعائیں اور ان کی برکات کے بارے میں سمجھاتے ہیں۔ ہم سکول میں ہر جمعرات شیخ الوظائف کے بتائے وظائف پر مذاکرہ کرتے ہیں اور بچوں' بچیوں سے مسنون دعاؤں کے فوائد سنتے ہیں۔ الحمدللہ! بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ عبقری کے توسط سے دیگر سکولز اور اکیڈمی مالکان سے گزارش ہے کہ آپ بھی ہفتے میں کم از کم ایک گھنٹہ بچوں کو اعمال اور مسنون دعائیں سکھائیں۔ انہیں عبقری کے بارے میں بتائیں' ماہنامہ عبقری ہر گھر تک پہنچائیں۔ یہ آپ اور آپ کی نسلوں کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔

گردے فیل شفاء
گردہ کے مریضوں کیلئے شفاء کا سچا پیغام
کمزور گردے کو صحت مند کرے۔ یوریا' یورک ایسڈ' کریٹینن' پوٹاشیم کی مقدار درست کرے۔ ڈائیلائسز سے نجات دلائے۔ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں (قیمت 150 روپے)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN DESHWALI

انوکھا فائدہ: جو شخص اخیر شب میں ۹۹ مرتبہ باوضو اسم اَلْحَکَمُ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل کو انشاء اللہ تعالیٰ محل اسرار وانوار بنا دیں گے۔

عبقری 160

ڈبلے پن کے شوق میں سرزد ہونے والی سنگین غلطیاں

بظاہر ڈائٹنگ کرنے والوں کو یہ سب کچھ ٹھیک لگتا ہے اور وہ اپنی اس کامیابی پر خوشی منا رہے ہوتے ہیں کہ انہوں نے بہت کم عرصہ میں اپنے وزن کو نمایاں طور پر کم کرلیا ہے لیکن اس کی وجہ سے اکثر متلی، چکر اور تھکن جیسے عوارض لاحق رہتے ہیں اور بعض حالات میں بیہوشی بھی طاری ہوجاتی ہے۔

ان گنت سلمنگ سنٹرز کا جنون

موٹاپا یقینی طور پر کوئی اچھی چیز نہیں ہے جس کی وجہ سے ظاہری شخصیت بُری طرح متاثر ہوتی ہے، خصوصاً خواتین پر تو فربہی ذرا بھی اچھی نہیں لگتی ہے اور اچھی بھلی شکل وصورت بھی محض بھدے خدوخال تلے دب کر رہ جاتی ہے۔ دور حاضر میں موٹاپے سے نجات کے لیے جدید ترین طریقہ کار اپنائے جارہے ہیں اور ان گنت سلمنگ سنٹرز اس کی زندہ مثال ہیں مگر یہ بات واضح طور پر محسوس کی جاتی رہی ہے کہ اکثر خواتین دبلے پن کے شوق میں اپنا وزن تو کم کرلیتی ہیں مگر ان پر اسمارٹنس کے بجائے ''لاغری'' واضح ہوجاتی ہے جس کی وجہ بہت ساری چیزوں سے گریز اور پرہیز ہوتا ہے لیکن یہ بات ہر ایک کو اپنے ذہن میں رکھنا چاہیے کہ انسانی جسم کو جو غذائیت درکار ہوتی ہے اس کی فراہمی ازحد ضروری ہے۔

چکنائی سے مکمل پرہیز! عقلمندی ہرگز نہیں

دبلے پن کے شوق میں اپنی غذا سے چکنائی کو مکمل طور پر خارج کردینا کسی طرح بھی عقلمندی نہیں ہے کیونکہ جسم کو چکنائی کم یا مخصوص مقدار میں بہرحال درکار ہوتی ہے۔ روغنی غذاؤں پر چکنائی پر مشتمل اشیاء کے استعمال کا تناسب یقیناً کم ہونا چاہیے لیکن مکمل پرہیز کے سبب کئی طرح کے نقصانات کا خطرہ لاحق رہتا ہے کیونکہ اگر جسم میں چکنائی کا داخلہ بالکل ہی بند کردیا جائے گا تو وہ ضروری حیاتین جذب نہیں کرسکے گا۔ پرہیزی غذا کے حراروں میں سے 20 سے 30 فیصدی حرارے روغنی غذا سے ملیں تو بہتر ہے۔ ایک امریکی ماہر غذا کے مطابق ڈائٹنگ کے دوران کم ازکم 20 فیصد حرارے چکنائی پر مشتمل غذاؤں سے ملنا ضروری ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ یومیہ غذا میں چکنائی کی مقدار 34 سے لے کر 44 گرام تک ہونا چاہیے۔ اگر جسم کو اس سے کم مقدار میں چکنائی ملے گی تو ہوسکتا ہے کہ آپ جلد کی خشکی کا شکار ہوجائیں یا آپ کو بال جھڑنے کی شکایت لاحق ہوجائے جبکہ حیض کی بندش جیسے مسائل کا سامنا بھی کرنا پڑسکتا ہے۔

دودھ کا ترک کردینا انتہائی غلط اقدام

ڈائٹنگ کرنے والوں کی اکثریت لاعلمی کی وجہ سے ابھی تک بہت ساری چیزوں سے پرہیز کرتی ہے البتہ گوشت کا استعمال بدستور جاری رکھا جاتا ہے جو کہ انسانی جسم کیلئے متوازن اور درست نہیں ہوتا ہے نیز اسے محفوظ بھی نہیں سمجھا جاسکتا ہے۔ بہت سے لوگ اس امر سے ناواقف ہوں گے کہ گوشت کھانے سے انہیں چکر، بدبودار سانس، متلی اور گردوں کے افعال میں خرابی جیسی تکالیف بھی لاحق ہوسکتی ہیں۔ ایک ممتاز معالج کا کہنا ہے کہ ''صرف گوشت استعمال کرنے والے خود کو حیاتین اور معدنی نمکیات سے بھی محروم کردیتے ہیں'' گوشت کے علاوہ دودھ اور اس سے تیار کردہ اشیاء کا استعمال یکسر ترک کردینا بھی انتہائی غلط اقدام ہے اور مغربی معالجین کی اکثریت اس بات پر متفق ہے کہ ڈائٹنگ کے دوران محض سلاد پر گزارہ کرنا غلط بلکہ نامناسب ہوتا ہے کیونکہ گوشت اور دودھ سے مکمل پرہیز کرنے والے غیر ارادی طور پر بہت بڑی مقدار میں اہم غذائی اجزاء سے محروم ہو جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر ان کے جسم میں پروٹین کے علاوہ کیلشیم، فولاد اور جست کی کمی واقع ہوجاتی ہے نیز حیاتین بی 12 کی قلت کا سامنا بھی رہتا ہے اگر آپ کو گوشت پسند نہیں اور سبزیاں خوراک کا اہم حصہ ہیں تو ایسے افراد کیلئے لازمی ہے کہ وہ حیوانی پروٹین کے بجائے اپنی غذا میں دالیں، دودھ دہی، پھلیاں، گندم، چاول، مٹر، مونگ پھلی اور کیلشیم سے بھرے سنگتروں کا اضافہ کرلیں۔ کینو کا رس استعمال کریں۔

آئس کریم سے پرہیز بہت بڑی غلطی

یاد رکھیں کہ اگر کوئی صرف سبزیوں پر صحت مندی کا دعویٰ کرسکتا ہے تو وہ غلطی پر ہے کیونکہ یہ انسان نہیں بلکہ خرگوش ہے جسے اللہ تعالیٰ نے صرف سبزیاں کھانے کے قابل بنایا ہے۔ ڈائٹنگ کرنے والے اپنی غذاؤں سے دودھ کو خارج کرنے کے ساتھ ہی دہی، پنیر اور آئس کریم سے بھی سخت پرہیز کرنے لگتے ہیں جو کہ بہت بڑی غلطی ہے۔ خواتین کے لیے خاص طور پر ضروری ہے کہ وہ یومیہ ایک ہزار ملی گرام کیلشیم کی مقدار کے حصول کی خاطر بغیر بالائی کا دودھ اور دہی ضرور استعمال کریں ورنہ ان کی ہڈیاں کمزور ہوجائیں گی اور بڑھاپے میں ہڈیوں کی بوسیدگی کا مرض نہیں بری طرح جکڑ لے گا۔ ڈاکٹروں کے مطابق آٹھ اونس دودھ میں 90 حرارے ہوتے ہیں جبکہ بالائی کے بغیر ایک پیالی دہی سے 100 حرارے حاصل ہوسکتے ہیں اور یومیہ ایک پیالی دہی کے علاوہ ایک گلاس دودھ کا استعمال کیا جاتا رہے تو کیلشیم کی یومیہ درکار دو تہائی ضرورت پوری ہوجاتی ہے جبکہ دیگر مقدار دوسری اشیاء پوری کردیتے ہیں یوں جسم دبلا تو رہتا ہے مگر اس پر نقاہت اور لاغری کے اثرات نمایاں نہیں ہوتے ہیں جس کا شکار ڈائٹنگ کرنے والے بیشتر افراد کو ہونا پڑتا ہے جو دبلے تو ہوجاتے ہیں مگر ان میں فعالیت کی کمی واضح ہوتی ہے اور وہ کسی کام کو انجام دیتے ہوئے جلد تھک جانے کے علاوہ نقاہت محسوس کرنے لگتے ہیں۔

غذائیت میں کمی آپ کو نقصان تو نہیں پہنچا رہی

جسمانی اعتبار سے سرگرم رہنے والے مرد اور خواتین کو چاہیے کہ وہ کم حراروں پر مشتمل ایک یا دو اشیاء پر گزر اوقات کو عادت نہ بنائیں کیونکہ یہ انداز اختیار کرنا خطرناک بھی ثابت ہوسکتا ہے۔ ایک معروف معالج کے مطابق ایسا کرنے سے جسم کا نظام استحالہ یعنی میٹابولزم کسی حد تک سست پڑجاتا ہے جس کی وجہ صرف یہ ہے کہ وہ کم حراروں کی وجہ سے جسم کو توانائی بچانے میں سرگرم ہوجاتا ہے تو دوسری جانب مسلسل فاقہ کشی کے باعث اس میں جمع شدہ چربی اور عضلات کو ٹھکانے لگانے پر مجبور ہوتا ہے۔ بظاہر ڈائٹنگ کرنے والوں کو یہ سب کچھ ٹھیک لگتا ہے اور وہ اپنی اس کامیابی پر خوشی منا رہے ہوتے ہیں کہ انہوں نے بہت کم عرصہ میں اپنے وزن کو نمایاں طور پر کم کرلیا ہے لیکن اس کی وجہ سے اکثر متلی، چکر اور تھکن جیسے عوارض لاحق رہتے ہیں اور بعض حالات میں بیہوشی بھی طاری ہوجاتی ہے۔ وزن میں کمی کے لیے غذا میں تبدیلیاں لازمی امر ہے مگر اس بات کا جائزہ لیتے ہوئے کہ کہیں غذائیت کی کمی آپ کو نقصان تو نہیں پہنچا رہی ہے۔ اس دوران ورزش کی اہمیت کو بھی مدنظر رکھیں کیونکہ اس کے بغیر بھی فربہی سے نجات ممکن نہیں ہے۔ ورزش سے عضلات متحرک ہوکر فاضل چربی کو بخوبی ٹھکانے لگاتے ہیں اور کمزور بھی نہیں پڑتے۔ پیدل چلنا اور اس اعتبار سے ایک بہترین ورزش ہوتی ہے جبکہ محض چہل قدمی بھی اچھے اثرات مرتب کرتی ہے۔ یاد رکھیں کہ ڈائٹنگ کا مقصد دبلا ہونا ہے لاغر ہونا نہیں حراروں کی مقدار میں کمی ضرور کریں مگر جسم کو ضروری غذائی اجزا سے محروم نہ ہونے دیں۔

9 اجزاء پر مشتمل
مغل اعظم شاہی
معالج آٹا

نسلیں رہیں تندرست، ذہین
صحت منداور خوبصورت

شوگر۔ کولیسٹرول۔ موٹاپا۔ ہائی بلڈ پریشر۔ یورک ایسڈ۔ امراض قلب۔ پیٹ کا بڑھنا۔ قبض۔ جوڑوں کا درد۔ اعصابی کمزوری وکمزوری اور دیگر بیماریوں سے بچاؤ کیلئے ہمیشہ استعمال میں رکھیں۔

قیمت 400 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

گھٹنوں کے درد میں مبتلا 30 روپے میں شفا پالیں!

عبقری ادویات آزمانے کے بعد سچے کھرے نتائج لاکھوں قارئین کے نام۔ دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی جتنی پرانی اتنی انمول

معدہ و گردے کی تکالیف دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کافی عرصہ سے معدہ اور گردے کی تکالیف میں مبتلا تھا' گردے میں پتھری تھی جس کے لیے انگریزی ادویات کافی استعمال کیں' پر کوئی فرق نہ پڑا درد تھا جو بڑھتا جا رہا تھا۔ میں نے دفتر ماہنامہ عبقری میں بذریعہ خط اپنی تمام کیفیت سے آپ کو آگاہ کیا۔ آپ نے جوابی لفافہ میں درج ذیل ادویات استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے اٹک میں موجود عبقری ایجنسی ہولڈر سے تمام ادویات لیں جو میں استعمال کر رہا ہوں۔ الحمدللہ! ان ادویات کے استعمال سے میں دن بدن صحت یاب ہو رہا ہوں۔ میری گردے کی تکلیف ستر فیصد کم ہو گئی ہے۔ ابھی دوائی کا استعمال جاری ہے۔ آپ نے مجھے جو ادویات کھانے کا مشورہ دیا تھا وہ درج ذیل ہیں:۔ جوہر شفاء مدینہ، ستر شفائیں اور پتھری دائیلائسز کورس۔ (محمد شعیب عابد، اٹک)

اکسیر البدن کا جواب نہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کی ادویات بہت مؤثر ہیں جس چیز کے لیے بھی استعمال کیں بہت فائدہ ہوا خصوصاً ''اکسیر البدن'' کا تو جواب نہیں اور آپ کا عبقری رسالہ تو ہم جیسوں کے لیے تحفے سے کم نہیں ہے۔ اللہ آپ کو جزا دے اور بہت ترقی دے۔ (آمنہ ملک، کراچی)

صرف دو خوراکوں سے ٹانگوں کا درد ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اس سال میری ساس سسر عمرہ کر کے آئے' ان کی ٹانگوں میں بہت درد تھا جو کہ کافی ادویات کے استعمال سے نہیں جا رہا تھا پھر میں نے انہیں عبقری دواخانہ کی ''جوہر شفائے مدینہ'' استعمال کروائی جو میں ہر وقت اپنے پاس لازماً رکھتا ہوں۔ کوئی بھی مسئلہ ہو' میں یہی دوا استعمال کرتا ہوں۔ الحمدللہ اس نے مجھے کبھی مایوس نہیں کیا۔ میں نے اگلے دن اپنے ساس سسر سے پوچھا کہ بتائیں دوا نے اثر کیا کہ نہیں؟ انہوں نے خود بتایا کہ صرف دو خوراکیں استعمال کیں اور ٹانگوں کا درد ٹھیک ہو گیا۔ (ندیم احمد، بہاولپور)

گھٹنوں کے درد میں مبتلا 30 روپے میں شفاء پالیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے گھٹنوں میں اکثر درد رہتا تھا جس کی وجہ سے چلنے پھرنے میں تکلیف ہوتی تھی اور درد کی شدت اس دن بڑھ جاتی جب میں گھر کے کپڑے دھوتی تھی۔ مجھے میری ہمسائی نے عبقری دواخانہ کی اسم اعظم کی دم شدہ ''روحانی پھکی'' کے متعلق بتایا اور اس کے خوب فوائد سنائے۔ میں نے ڈرتے ڈرتے اس کی قیمت پوچھی تو قیمت سن کر پہلے تو میری ہنسی نکل گئی کہ صرف 30 روپے کی پھکی اور اتنے زیادہ فوائد۔ تو میری ہمسائی نے بتایا کہ شیخ الوظائف اس پھکی پر اسم اعظم کا خاص دم فرماتے ہیں' اس وجہ سے اس میں شفائی اثرات بہت زیادہ ہیں۔ تم صرف ایک مرتبہ منگوا کر استعمال کر لو جہاں اتنی مہنگی ادویات استعمال کی ہیں وہاں صرف 30 روپے بھی خرچ کر کے دیکھ لو۔ میں نے اپنے شوہر کو بھیج کر ''روحانی پھکی'' منگوائی۔ صرف چند دن ہی استعمال کی تو میری حیرانگی کی کوئی انتہا نہ رہی' نہ میرے گھٹنوں میں درد' نہ بازو میں تکلیف' میں بالکل فریش ہو گئی۔ مزید خوشی کی بات یہ ہوئی کہ وزن بھی کم ہونا شروع ہو گیا۔ جب میرے شوہر نے اس کے اتنے فوائد ایک ساتھ دیکھے تو انہوں نے بھی استعمال کرنا شروع کر دی۔ ان کو بھی اس سے خاطر خواہ فائدہ ملا۔ اب تو میرے شوہر کے دفتر میں کسی کو کوئی مسئلہ ہو' میرے شوہر گھر میں پڑی روحانی پھکی لے جاتے ہیں اور اپنے کولیگز کو اس کے فضائل سناتے ہیں۔ اُن کو بھی اس سے بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ (مسز ریحان، لاہور)

شدید بخار' کمزور گردے! مگر اب بہتر ہوں!!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بھائی کو چار پانچ ماہ پہلے شدید بخار ہوا۔ ٹیسٹ کروانے پر معلوم ہوا کہ اس کے دونوں گردے بہت کمزور ہو گئے ہیں۔ میں نے عبقری دواخانہ کی شہرہ آفاق دوائی ''گردے فیل شفاء'' اور ''اصلاح معدہ و جگر پیکیج'' اپنے بھائی کو چند ہفتے استعمال کروائی۔ الحمدللہ! ان دو ادویات کی بدولت میرے بھائی کی طبیعت بہت بہتر ہے۔ میں عبقری ادویات کے نتائج سے مطمئن ہوں۔ میری قارئین سے یہی گزارش ہے کہ صرف دو یا چار دن کے استعمال کے بعد چھوڑ ہرگز نہ دیجئے گا۔ عبقری کی ادویات واقعی سو فیصد خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ ہیں' ہمیں شروع میں یہی محسوس ہوتا ہے کہ یہ اثر نہیں کر رہی مگر یہ اندر اپنا کام کر رہی ہوتی ہیں اس کا اثر ہمیں چند دن یا ہفتوں کے بعد محسوس ہوتا ہے جو کہ مستقل ہوتا ہے وقتی نہیں ہوتا۔ میں استعمال کر چکا ہوں اور اپنا مشاہدہ بتانے کیلئے قلم اٹھایا ہے۔ (قاری محمد صدیق، ہتھیچی)

اور میں بھی ٹھیک ہو گئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ پانچ سال سے بواسیر جیسے بھیانک مرض کی شکار تھی' بے شمار ادویات استعمال کیں مگر صرف وقتی فائدہ ہوا۔ خوش قسمتی سے آپ سے ملاقات کا ٹوکن ملا۔ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی' اپنا مسئلہ لکھ کر دیا۔ آپ نے مجھے عبقری دواخانہ کا ''بواسیر کورس'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے ابھی چار کورس ہی استعمال کیے تھے کہ میں بالکل ٹھیک ہو گئی۔ الحمدللہ! آج میں بالکل صحت یاب ہوں۔ (س۔ع۔گ، لاہور)

میرا ہیپاٹائٹس بالکل ختم! اب میں ٹھیک ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج سے 9 ماہ پہلے میری طبیعت بہت زیادہ خراب رہنا شروع ہو گئی' مجھے ہر وقت چکر آتے رہتے تھے' میں چیک اپ کروایا' ڈاکٹرز کی تشخیص کی تو پتہ چلا کہ مجھے تو کافی عرصہ سے ہیپاٹائٹس ہے۔ میں نے کچھ عرصہ ڈاکٹری علاج کیا مجھے فائدہ نہ ہوا۔ میں نے کسی کے بتانے پر عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' استعمال کرنا شروع کر دیا۔ چند ہفتوں میں میں 12 بوتلیں پی گیا۔ میری صحت دن بدن بہتر ہو رہی تھی' رنگت کالی ہوتی جا رہی تھی جو کہ دوبارہ سے اپنی اصل حالت میں آنا شروع ہو گئی' آنکھوں کے نیچے بہت گہرے حلقے پڑ گئے وہ بھی ختم ہونا شروع ہو گئے' میں بالکل تازہ ہو گیا۔ دوبارہ ٹیسٹ کروائے تو ڈاکٹرز نے کہا کہ تم اب بالکل ٹھیک ہو۔ (خادم حسین، گجرات)

چھلکا اسپغول
معدے کو صاف رکھے۔ بلڈ پریشر کا لیول برقرار رکھنے میں مدد دے۔ کولیسٹرول کم اور دل صحت مند۔ قبض سے دور۔ نظام ہضم کو تندرست رکھے۔ پیچش۔ مروڑ میں فائدہ بخش۔ گھر میں رکھنے کی چیز۔
قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN DE SHAWAR

صرف ایک مرتبہ مالش کی اور درد ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری پنڈلیوں میں بہت تکلیف تھی کھڑا نہیں ہوا جارہا تھا ہسپتال گئے ابھی دوائی نہیں کھائی تھی' بہن نے کراماتی تیل سے مالش کی اس سے میری طبیعت ٹھیک ہوگئی۔ پھر ایسی ٹھیک ہوئی کہ ہسپتال سے لائی مہنگی دوائی کھانے کی ضرورت ہی پیش نہیں آئی۔ بھائی کی گردن میں درد تھا' میں نے اس کے ہاتھ میں کراماتی تیل تھما دیا۔ صرف ایک دفعہ کراماتی تیل کی مالش کی' وہ بالکل ٹھیک ہوگیا۔ ہمارے گھر میں عبقری دواخانہ کے ''آنکھ شفاء'' ڈراپر پڑے ہیں۔ گھر میں کسی کو بھی آنکھ کا کوئی ہلکا پھلکا مسئلہ ہو' آنکھ میں جلن' دھندلا نظر آئے' آنکھ میں لالی آجائے' وبائی امراض ہوں ہم صرف ''آنکھ شفاء'' ڈراپر استعمال کرتے ہیں۔ آنکھیں بالکل ٹھیک ہوجاتی ہیں۔ (ا۔ج، لاہور)

پیٹ درد' کھانسی اور گیس کیلئے لاجواب ادویات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر کے اوپر اثرات تھے ان کا کام باوجود محنت کے نہیں چلتا تھا۔ میں نے اذان سوا لاکھ دفعہ پڑھنی شروع کی۔ اس وظیفے کی برکت سے میرے شوہر پر موجود اثرات ختم ہوگئے' کام چل پڑا اور گھر کی نااتفاقیاں ختم ہوگئیں اور پیار محبت قائم ہوگیا۔

جوہر شفاء مدینہ اور ٹھنڈی مراد کا فائدہ: عبقری دواخانہ کی ادویات ''جوہر شفاء مدینہ'' اور ''ٹھنڈی مراد'' میں نے پیٹ کے درد، کھانسی اور گیس کیلئے استعمال کیں' بہت زیادہ فائدہ ہوا۔ (والدہ ندیم، لاہور)

دانتوں کے مسائل کا آزمودہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بچوں کے دانت بچپن سے ہی خراب تھے' ہر وقت مسوڑھوں کی سوجن' جلن اور خون آتا۔ اس کے علاوہ اگر گوشت وغیرہ کھالیتے تو ساری رات ڈاڑھ میں درد رہتا۔ عبقری رسالہ گزشتہ چند سالوں سے ہمارے گھر آرہا ہے' میں نے اس میں سے دیکھ کر عبقری دواخانہ سے ''سچا منجن'' منگوایا اور خود بھی اور بچوں نے بھی صبح وشام اس کا استعمال شروع کردیا۔ الحمدللہ! چند دنوں کے اندر اندر مسوڑھوں کی سوجن ختم ہوگئی۔ ریشہ' جلن اور درد میں نمایاں کمی محسوس ہوئی۔ الحمدللہ! دانتوں کی صحت واپس لوٹ رہی ہے۔ (رخسانہ رفیق، لاہور)

معجون مراد اور قوتی کھانے کا معمولی فائدہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری گزشتہ کئی ماہ سے پڑھ رہا ہوں' لاجواب میگزین ہے۔ اس میں موجود وظائف بھی آزما رہا ہوں۔ عبقری کی ادویات بھی آزما ہوں مگر پہلے دو وظائف آزمائے وہ پڑھ لیں۔

نظر بہتر ہورہی: میری ایک ساتھی سے ملاقات ہوئی' جو جوتے سلائی کرتے ہیں' میں نے محسوس کیا کہ ان کی نظر بہت زیادہ کمزور ہوگئی ہے' میں نے اس کو سارا باوضو سورۃ الم نشرح پڑھنے کی تلقین کی۔ اس ساتھی نے پڑھنا شروع کردی' ابھی پتہ چلا کہ اس کی نظر بہت بہتر ہوگئی ہے۔

قرض میں ڈوبی دکان اور یا وہاب کا وظیفہ

میرا کاروبار بالکل ختم ہوچکا تھا' دکان قرض میں ڈوبی ہوئی تھی' میں نے عبقری رسالہ میں سے دیکھ کر یَا وَھَّابُ کا ورد سارا دن کھلا کرنا شروع کردیا۔ چند ہفتوں کے اندر ہی دکان کے اندر برکت اور سیل بڑھ گئی' قرض تو اب بھی ہے مگر اسے اتارنے کی سبیل نظر آنا شروع ہوگئی ہے۔

معجون مراد اور قوتی کھانے کا معمولی فائدہ: میں نے عبقری رسالہ میں سے دیکھ کر عبقری دواخانہ کی ''معجون مراد اور قوتی'' دوائی لی' اور اس کا استعمال شروع کردیا۔ اس کا سب سے معمولی فائدہ مجھے یہ ہوا کہ پہلے میں ہفتوں کیا بعض اوقات تو مہینے گزر جاتے حقوق زوجیت ادا نہ کرتا اور نہ ہی میری کیفیات ایسی بنتی کہ میں یہ حقوق ادا کرسکوں۔ مگر جب سے یہ ادویات کھانا شروع کی ہیں۔ بس اتنا لکھنا چاہتا ہوں کہ اب دل ہی نہیں بھرتا۔ مجھے لگتا ہے کہ میری عمر دوبارہ سے 21 سال ہوگئی ہے۔ سب سے بڑھ کر اس دوا کا مجھے کوئی سائیڈ ایفیکٹ محسوس نہیں ہوا۔ بالکل دیسی اجزاء سے تیار کردہ ادویات ہیں اگر میں دو تین دن نہ بھی کھاؤں توصحت وتندرستی ویسی ہی رہتی ہے۔ (ش۔ح، اسلام آباد)

بندش ختم! کاروبار بہترین چل رہا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے میاں کا چلتا کاروبار بند ہوگیا' جس کی وجہ سے بہت زیادہ پریشانی کا سامنا کرنا پڑا' دن بدن زوال کی طرف بڑھ رہے تھے کہ کسی نے بتایا کہ آپ کے کاروبار پر بندش ہے۔ ہم نے دفتر ماہنامہ عبقری رابطہ کیا جہاں اسسٹنٹ صاحب نے سوا لاکھ مرتبہ سورۂ کوثر پڑھنے کا کہا۔ میں نے کاروباری بندش ختم کرنے کی نیت کرتے ہوئے سوا لاکھ مرتبہ سورۂ کوثر چند دنوں میں مکمل کی۔ الحمدللہ میرے میاں کے کاروبار پر لگی بندش ختم ہوگئی اور دوبارہ سے کاروبار چلنا شروع ہوگیا۔ الحمدللہ! میرے سورۂ کوثر کے ساڑھے پانچ سوا لاکھ ہوچکے ہیں اس کی برکت سے بچوں کا پڑھائی میں بھی دل لگ رہا ہے گھر میں امن اور سکون ہے۔ (اہلیہ ندیم، لاہور)

رات کو کوئی گلا دباتا تھا اور گھریلو پریشانیاں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ چند ماہ سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ الحمدللہ! اس کی برکت سے گھر میں سکون آگیا ہے۔ اس میں موجود وظائف نے میری زندگی میں سکون بھر دیا۔ میری طبیعت میں گھبراہٹ، بے چینی اور اداسی تھی اور ایسے لگتا تھا کہ رات کو کوئی گلے کو دباتا ہے' جیسے جیسے رات ہوتی میری پریشانی میں اضافہ ہوجاتا' جیسے ہی سونے کیلئے لیٹی یا غنودگی میں جاتی تو فوراً کوئی چیز میرے سینے پر بیٹھ جاتی اور گلا دبا دیتی۔ میں نے درج ذیل وظیفہ سارا دن کھلا پڑا۔ اس کے پڑھنے سے میری تمام کیفیات ختم ہوگئیں۔ گھریلو پریشانیاں حل ہورہی ہیں۔ کاروباری مسائل ختم ہورہے ہیں۔ رزق میں برکت آرہی۔ وظیفہ یہ ہے:۔ ''اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ مَلِیْکٌنْ مُقْتَدِرٌ مَاتَشَآءُ مِنْ اَمْرٍ یَکُوْن'' (شبینہ، لاہور)

گھر میں ایک کروڑ بھی آجائے تو مٹی ہوجائے گا

محترم قارئین السلام علیکم! سفلی کالے جادو سے کسی نے میرے گھر کو الٹا کیا ہوا تھا' میں شیخ الوظائف کے پاس آئی انہوں نے فرمایا: ساڑھے آٹھ سال سے آپ کے گھر پر جادو ہوا ہے اور مزید فرمایا: آپ کے گھر اگر ایک کروڑ بھی آگئے تو مٹی ہوجائیں گے۔ انہوں نے مجھے اذان سوا لاکھ مرتبہ پڑھنے کو فرمایا۔ میں نے اذان سوا لاکھ دفعہ پڑھنا شروع کی۔ اذان پڑھنے سے جادو کے اثرات ختم ہوگئے رزق آنا شروع ہوگیا۔ میرے میاں پر اثرات بد تھے' وہ مسجد کی طرف بالکل بھی نہیں جاتے تھے۔ اب ماشاءاللہ نماز کے پابند ہوگئے ہیں' بچے اس وظیفے کی برکت سے کامیاب ہونا شروع ہوگئے ہیں۔ گھر میں ایک نحوست تھی جو اس لاجواب وظیفہ کی برکت سے ختم ہوگئی۔ گھر سے بے چینی' اداسی' لڑائی جھگڑے ختم ہوگئے۔ (والدہ حارث، لاہور)

تریاق

پیٹ کے کیڑوں کا مؤثر ترین علاج

الحمدللہ! یہ دوا بے شمار مریضوں پر سالہا سال سے آزمودہ ہے۔ اس کا چند دنوں کا استعمال پیٹ سے کیڑوں کا مکمل صفایا کرتا ہے اور غذا کو جزو بدن بناتا ہے۔ (قیمت 120 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

پچکے ہوئے گال ابھارنے کیلئے شاندار ٹوٹکہ

مدیحہ جہانگیر، لاہور

اونی ملبوسات دھوتے وقت پانی میں ایک چائے کے چمچ کے برابر زیتون کا تیل ملالیں اس سے وہ حیرت انگیز طور پر نرم و گرم محسوس ہوں گے۔ اس کے علاوہ اونی کپڑوں پر پھٹکڑی خوب باریک پیس کر چھڑک دینے سے کپڑے برساتی ہوا اور کیڑوں سے محفوظ رہتے ہیں۔

زندگی میں سکون آگیا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو سدا خوش رکھے آمین۔ حکیم صاحب! میں گزشتہ ایک سال سے آپ کا درس سننے تسبیح خانہ میں آتی ہوں' میری ڈیڑھ سال پہلے شادی ہوئی لیکن حقوق زوجیت ادا نہ کر سکنے کی وجہ سے لڑکے نے ایک ماہ بعد ہی طلاق دے دی' جب طلاق ہوئی تو میں زندگی سے مایوس ہوگئی' پھر میری والدہ زبردستی مجھے تسبیح خانہ درس سنوانے کیلئے لے آئیں' بہت زیادہ سکون ملا' اب میں آپ کا درس سننے باقاعدگی سے تسبیح خانہ آتی ہوں اور ہر مہینے روحانی دم بھی کرواتی ہوں' میں نے پچھلے خط میں اپنے بارے میں بتایا تھا' آپ نے مجھے وظائف بھی دیئے جو باقاعدگی سے پڑھتی ہوں۔ میری طبیعت میں حد درجہ چڑچڑا پن تھا اب کافی بہتر ہوگئی ہوں۔ زندگی میں سکون آگیا ہے۔ میرے پاس کچھ آزمودہ ٹوٹکے ہیں جو میں قارئین عبقری کیلئے خاص طور پر لکھ رہی ہوں۔ یقیناً قارئین اس سے بھرپور استفادہ کریں گے۔

کمبل کو محفوظ رکھنے کیلئے

کمبل کو دھوئیں پھر ایک بالٹی پانی میں ایک چائے کا چمچ 'بورک پاؤڈر' ڈالیں اور اس میں کمبل بھگودیں اور بغیر نچوڑے دھوپ میں پھیلا دیں' سوکھنے کے بعد اسے پلاسٹک میں لپیٹ کر رکھ دیں اگلے سال کمبل نئے جیسے نکلیں گے۔

کالے اور لمبے بالوں کیلئے

کالے اور لمبے بال کیلئے پاؤ بھر ناریل کے تیل میں مٹی بھر مہندی کے پتے ڈال کر ابال لیں اور روزانہ سر پر لگائیں اس سے بال خوب بڑھیں گے اور لمبے بھی ہوجائیں گے۔

اچار کو محفوظ رکھنے کیلئے: اگر اچار کو محفوظ رکھنا ہے تو اسے نہ گیلے چمچ سے ہلائیں اور نہ ہی اسے نکالنے کے لیے پلاسٹک یا اسٹیل کا چمچہ استعمال کریں۔

پچکے ہوئے رخسار ابھارنے کیلئے

ایک چھٹانک خالص چنبیلی کا تیل لیں اور ایک تولہ لیموں کا رس ملا کر رکھ لیں اور روزانہ چہرے پر مالش کریں اس سے پچکے ہوئے رخسار ابھر آئیں گے اور اس کے علاوہ چہرے کے داغ بھی دور ہوں گے۔

جسم میں چربی کیلئے: ادرک کا پانی پینے سے جسم میں چربی نہیں بنتی اور موٹاپا دور ہوتا ہے۔

دانت چمکدار بنانے کیلئے: نمک اور شہد سے دانت صاف کریں دانت چمک اٹھیں گے۔

دانتوں کا کھٹا پن دور کرنے کیلئے

دانت کھٹے ہوجائیں تو بادام کھائیں کھٹا پن دور ہوگا۔

سر کے بال گرنا بند: پیاز کا رس شہد میں ملا کر لگانے سے سر کے بال گرنے کم ہوتے ہیں۔

پرانے زیورات کو چمکانے کیلئے

پرانے سونے کے زیورات کو چمکانے کیلئے گرم پانی میں تھوڑا سا ڈٹرجنٹ پاؤڈر اور ہلدی ڈال دیں اور پندرہ منٹ کے بعد ان سونے کے زیورات کو ٹھنڈے پانی سے دھولیں۔

